# THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222689
UNIVERSAL
LIBRARY

# میٹریکیولیشن کا نصاب اردو

جو

مجلس نصاب اُردو، جامعۂ عثمانیہ کی ہدایت کے مطابق

مولوی عبدالحق صاحب بی - اے (علیگ)

آنریری سکریٹری انجمن ترقی اردو

نے مرتب کیا

سنہ ۱۹۳۱ ع

انجمن اُردو پریس - اُردو باغ - اورنگ آباد (دکن) میں چھپا

طبع سوم

قیمت فی جلد ۲ روپیہ

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | مضمون | مضمون نگار | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | **مضامین** | | |
| ۱ | امید کی خوشی | سرسید احمد خاں مرحوم | ۱ |
| ۲ | جسمانی ریاضت | مولانا نذیر احمد دہلوی مرحوم | ۱۰ |
| ۳ | طرز کلام | مولانا محمد عبدالحلیم 'شرر' لکھنوی مرحوم | ۱۷ |
| ۴ | بے غرض محسن | منشی پریم چند | ۲۳ |
| ۵ | دنیا کی کل علم سے چلتی ہے یا عمل سے؟ | مولانا الطاف حسین 'حالی' مرحوم | ۳۸ |
| ۶ | اورنگ زیب کی چڑھائی دکن پر | شمس العلما مولوی محمد حسین 'آزاد' دہلوی مرحوم | ۴۵ |
| ۷ | عبدالرحیم خاں خانخاناں کی فیاضی اور دریا دلی | " " " | ۴۹ |
| ۸ | اچھی کتاب کا مطالعہ | مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے 'علیگ' | ۶۱ |
| ۹ | عرب شہید کا گھر | خواجہ حسن نظامی صاحب | ۷۱ |

| نمبر شمار | مضمون | مضمون نگار | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | ایک ہندوستانی ڈپٹی کلکٹر کی ملاقات انگریز کلکٹر سے | شمس العلما مولانا نذیر احمد مرحوم | ۷۵ |
| ۱۱ | سر سید کی طرز تحریر | مولانا الطاف حسین 'حالی' مرحوم | ۸۴ |
| ۱۲ | علما کی صحبت | جناب مولوی غلام یزدانی صاحب ایم - اے ' ناظم محکمۂ آثار قدیمہ حیدر آباد (دکن) | ۹۳ |
| | | | ۱۱۲ |
| ۱۳ | سائنس اور شاعری | خواجہ غلام الحسنین صاحب | ۱۰۶ |
| ۱۴ | ایران کی بہار نوروز | شمس العلما مولوی محمد حسین 'آزاد' مرحوم | ۱۱۲ |
| ۱۵ | ارس طی دس | ماخوذ از مشاہیر یونان و روما مترجمۂ مولوی سید ہاشمی صاحب | ۱۱۸ |
| ۱۶ | مروجہ تعلیم | شمس العلما مولانا نذیر احمد دہلوی مرحوم | ۱۳۱ |
| ۱۷ | راجہ مان سنگھ | منشی نواب رائے | ۱۴۰ |
| ۱۸ | تجارت کا اثر اخلاق پر | سید محمود مرحوم | ۱۵۳ |
| ۱۹ | تعصب | سر سید احمد خاں مرحوم | ۱۶۰ |
| ۲۰ | الفاظ جن سے زبان کا کام چلتا ہے کیوں کر پیدا ہوئے | شمس العلما مولوی محمد حسین 'آزاد' | ۱۶۵ |

| نمبر شمار | مضمون | مضمون نگار | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | **خطوط** | | |
| ۲۱ | "خواجہ الطاف حسین صاحب 'حالی' کے نام" | سر سید احمد خاں مرحوم | ۱۷۸ |
| ۲۲ | نامۂ غالب | مرزا اسد اللہ 'غالب' | ۱۸۰ |
| ۲۳ | جواب مجروح | سید مہدی 'مجروح' | ۱۸۱ |
| ۲۴ | نامۂ غالب | مرزا اسد اللہ 'غالب' | ۱۸۴ |
| ۲۵ | جواب مجروح | سید مہدی 'مجروح' | ۱۸۵ |
| ۲۶ | نامۂ غالب | مرزا اسد اللہ 'غالب' | ۱۸۶ |
| ۲۷ | جواب مجروح | میر مہدی 'مجروح' | ۱۸۸ |
| ۲۸ | نامۂ مجروح | " " | ۱۹۰ |
| ۲۹ | جواب غالب | مرزا اسد اللہ 'غالب' | ۱۹۱ |
| ۳۰ | بنام مولوی منشی حبیب اللہ خاں 'ذکا' تخلص | " " | ۱۹۳ |
| ۳۱ | بنام مرزا حاتم علی صاحب 'مہر' | " " | ۲۹۵ |
| ۳۲ | مولانا حالی کا خط (مولوی عبد الحق صاحب بی اے (علیگ) آنریری سکریٹری انجمن ترقی اردو کے نام) | مولانا الطاف حسین 'حالی' | ۱۹۷ |

| نمبر شمار | مضمون | مضمون نگار | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| ۳۳ | مولانا شبلی کا خط (ایم مہدی حسن صاحب کے نام) | مولانا شبلی مرحوم | ۲۰۰ |
| | **نظم** | | |
| ۱ | انتخاب از مسدس حالی | مولانا الطاف حسین، حالی | |
| | (۱) اہل یورپ کی ہمدردی | " " | ۲۰۲ |
| | (۲) تعصب | " " | ۲۰۳ |
| | (۳) شرفا کی اولاد | " " | ۲۰۴ |
| | (۴) محنت پسندی | " " | ۲۰۷ |
| | (۵) شرافت محنت | " " | ۲۰۸ |
| | (۶) غمخواری بنی نوع انسان | " " | ۲۱۰ |
| | (۷) استقلال | " " | |
| ۲ | | | |
| ۳ | چپ کی داد | " " | ۲۱۳ |
| ۴ | ننگ خدمت | " " | ۲۱۴ |
| | | " " | ۲۲۱ |
| ۵ | حالی کی شاعری | " " | ۲۳۵ |
| ۶ | مٹی کا دیا | " " | ۲۳۸ |
| ۷ | مرثیۂ عارف | مرزا اسداللہ، غالب | ۲۳۸ |
| ۸ | غزل | " " | ۲۳۹ |
| ۹ | قصیدہ آم کی تعریف | " " | ۲۴۰ |
| ۱۰ | نیا شوالہ | " " | ۲۴۲ |
| ۱۱ | نوحۂ ہندوستان | ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب، اقبال | ۲۴۴ |
| | | " " | ۲۴۵ |

| نمبر شمار | مضمون | مضمون نگار | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | ایک پرندے کی فریاد | ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب 'اقبال' | ۲۴۷ |
| ۱۳ | کنج عزلت | " " | ۲۴۹ |
| ۱۴ | جگنو | " " | ۲۵۱ |
| ۱۵ | غزل | پنڈت برج نرائن چکبست | ۲۵۲ |
| ۱۶ | غزل | " " | ۲۵۳ |
| ۱۷ | رامائن کا ایک سین | " " | ۲۵۴ |
| ۱۸ | گور غریباں | مولوی علی حیدر صاحب طباطبائی | ۲۶۰ |
| ۱۹ | مناجات | میر ببر علی 'انیس' | ۲۶۷ |
| ۲۰ | گھوڑا | " " | ۲۶۹ |
| ۲۱ | گرمی کی شدت | " " | ۲۷۰ |
| ۲۲ | غزل | بہادر شاہ 'ظفر' | ۲۷۱ |
| ۲۳ | غزل | " " | ۲۷۲ |
| ۲۴ | غزل | انشاءاللہ خاں 'انشا' | ۲۷۳ |
| ۲۵ | بھٹکی ہوئی نیکی | شبیر حسن خاں صاحب 'جوش' | ۲۷۳ |
| ۲۶ | ہوس | " " | ۲۷۶ |
| ۲۷ | ندی کا راگ | مولوی ظفر علیخاں صاحب | ۲۷۹ |
| ۲۸ | بارش | " " | ۲۸۱ |

| نمبر شمار | مضمون | مضمون نگار | صفحه |
|---|---|---|---|
| ۲۹ | پیٹ کی ماری ستی شاعرہ روپا متی | مولوی محمد عظمت الله خاں صاحب | ۲۸۲ |
| ۳۰ | بلبل اسیر | احمد علی صاحب شوق قدوائی مرحوم | ۲۸۶ |
| ۳۱ | پھول کی فریاد | " " | ۲۸۸ |
| ۳۲ | ماتم بلبل | ایک مسلمان خاتون کے قلم سے | ۲۸۹ |
| ۳۳ | بلبل کا ذوق آزادی | مولوی غلام بھیک صاحب نیرنگ | ۲۹۱ |
| ۳۴ | بلبل کی فریاد | منشی تلوک چند محروم | ۲۹۳ |
| ۳۵ | کالی ناگن | مولوی سید هاشمی صاحب | ۲۹۵ |
| ۳۶ | جوگی | جناب خوشی محمد خاں صاحب 'ناظر' | ۲۹۶ |
| ۳۷ | مروجه شاعری | مولوی محمد اسمعیل صاحب | ۳۰۰ |

# اُمید کی خوشی

( سر سید احمد خاں مرحوم )

[سرسید احمد خاں مرحوم جدید ہندوستان کے بہت بڑے اور نامور لوگوں میں سے ہوے ہیں - انہوں نے اپنی قوم میں تعلیمی، تہذیبی، ادبی اور مذہبی اصلاحیں کیں اور مسلمانوں میں بیداری کی روح پیدا کی - ان کی سب سے بڑی یادگار علی گڈہ کالج ہے، جو اب مسلم یونیورسٹی کے درجے کو پہنچ گیا ہے -

اردو زبان پر بھی ان کا بڑا احسان ہے - سنجیدہ مضامین کو صاف اور ستھری زبان میں لکھنا سب سے پہلے انھوں نے شروع کیا اور دوسروں نے تقلید کی -

اگرچہ ابتدا میں ان کے جدید خیالات اور نئی نئی اصلاحوں کی وجہ سے مسلمانوں نے سخت مخالفت کی، مگر آخر میں وہ ان کی صداقت، خلوص اور بے نفسی کے قائل ہو گئے -

ولادت سنہ ۱۸۱۷ ع میں دھلی میں ہوئی -

وفات سنہ ۱۸۹۸ ع میں علی گڈہ میں - ]

اے آسمان پر دھورے بادلوں میں بجلی کی طرح چمکنے والی دھنک ! اے آسماں کے تارو تمھاری خوش نما چمک ! اے بلند پہاڑوں کی آسماں سے باتیں کرنے والی چوٹیو ! اے پہاڑ کے عالی شان درختو ! اے اونچے اونچے ٹیلوں کے دل کش بیل بوٹو ! تم بہ نسبت ہمارے پاس کے

درختوں اور سر سبز کھیتیوں اور لہراتی ہوئی نہروں کے کیوں زیادہ خوش نما معلوم ہوتے ہو اس لئیے کہ ہم سے بہت دور ہو - اس دوری ہی نے تم کو یہ خوبصورتی بخشی ہے اس دوری ہی سے تمھارا نیلا رنگ ہماری آنکھ کو بھایا ہے تو ہماری زندگی میں بھی جو چیز دور ہے وہی ہم کو زیادہ خوش کرنے والی ہے —

وہ چیز کیا ہے ؟ کیا عقل ہے جس کو سب ' سب سے اعلیٰ سمجھتے ہیں ؟ کیا وہ ہم کو آیندہ کی خوشی کا یقین دلاسکتی ہے ؟ ہرگز نہیں ' اس کا میدان تو نہایت تنگ ہے - بڑی دوڑ دھوپ کرے تو نیچر تک اس کی رسائی ہے جو سب کے سامنے ہے —

او نورانی چہرے والے یقین کی اکلوتی خوبصورت بیٹی 'اُمید یہ خدائی روشنی تیرے ہی ساتھ ہے ' تو ہی ہماری مصیبت کے وقتوں میں ہم کو تسلی دیتی ہے - تو ہی ہمارے آڑے وقتوں میں ہماری مدد کرتی ہے - تیری ہی بدولت نہایت دور دراز خوشیاں ہم کو نہایت ہی پاس نظر آتی ہیں - تیرے ہی سہارے سے زندگی کی مشکل گھاٹیاں ہم طے کرتے ہیں - تیرے ہی سبب سے ہمارے خوابیدہ خیال جاگتے ہیں - تیری ہی برکت سے خوشی کے لئے نام آوری ' نام آوری کے لئے بہادری ' بہادری کے لئے فیاضی ' فیاضی کے لئے محبت ' محبت کے لئے نیکی ' تیار ہے - انسان کی تمام خوبیاں اور ساری نیکیاں تیری ہی تابع اور تیری ہی فرماں بردار ہیں —

وہ پہلا گنہگار انسان جب شیطان کے چنگل میں پھنسا اور تمام نیکیوں نے اس کو چھوڑا اور تمام بدیوں نے اس کو گھیرا تو صرف توھی اس کے ساتھہ رھی، توھی نے اپنے نا امید کو نا اُمید ھونے نہیں دیا، توھی نے اس موت میں پھنسے دل کو مرنے نہیں دیا؛ توھی نے اُس کو اس ذلت سے نکالا اور پھر اُس کو اُسی اعلی درجے پر پہنچایا جہاں کہ فرشتوں نے اُس کو سجدہ کیا تھا —

اُس نیک نبی کو جس نے سیکڑوں برس اپنی قوم کے ھاتھہ سے مصیبت اُٹھائی اور مارپیٹ سہی، تیراھی خوبصورت چہرہ تسلی دینے والا تھا - وہ پہلا نا خدا جب کہ طوفان کی موجوں میں بہا جاتا تھا اور بجز مایوسی کے اور کچھہ نظر نہ آتا تھا تو توھی اس طوفان میں اس کی کشتی کھینے والی اور اس کا بیڑا پار لگانے والی تھی - تیرے ھی نام سے (جودی) پہاڑ کی مبارک چوٹی کو عزت ھے - زیتون کی ھری ٹہنی کو جو وفادار کبوتر کی چونچ میں وصل کے پیغام کی طرح پہنچی جو کچھہ برکت ھے تیری ھی بدولت ھے —

اے آسمانوں کی روشنی اور اے نا اُمید دلوں کی تسلی اُمید! تیرے ھی شاداب اور سر سبز باغ سے ھر ایک محنت کا پھل ملتا ھے - تیرے ھی پاس ھر درد کی دوا ھے - تجھی سے ھر ایک رنج میں آسودگی ھے، عقل کے ویران جنگلوں میں بھٹکتے بھٹکتے تھکا ھوا مسافر تیرے ھی گھنے باغ کے سر سبز درختوں کے سایہ کو ڈھونڈتا ھے -

وہاں کی ٹھنڈی ہوا ' خوش الحان جانوروں کے راگ ' بہتی نہروں کی لہریں اُس کے دل کو راحت دیتی ہیں ; اس کے مرے ہوئے خیالات کو پھر زندہ کرتی ہیں ' تمام فکریں دل سے دور ہوتی ہیں اور دور دراز زمانے کی خیالی خوشیاں سب آ موجود ہوتی ہیں —

دیکھو ' نادان بے بس بچہ گہوارے میں سوتا ہے ' اس کی مصیبت زدہ ماں اپنے دھندے میں لگی ہوئی ہے اور اس گہوارے کی ڈوری بھی ہلاتی جاتی ہے - ہاتھ کام میں اور دل بچے میں ہے اور زبان سے اس کو یوں لوری دیتی ہے - سو رہ میرے بچے سو رہ - اے اپنے باپ کی مورت اور میرے دل کی ٹھنڈک سو رہ - اے میرے دل کی کونپل سو رہ - بڑھ اور پھول پھول - تجھ پر کبھی خزاں نہ آنے پاوے - تیری ٹہنی میں کوئی خار کبھی نہ پھوٹے - کوئی کٹھن گھڑی تجھ پر نہ آوے - کوئی مصیبت جو تیرے ماں باپ نے بھگتی تو نہ دیکھے - سو رہ میرے بچے سو رہ میری انکھوں کے نور اور میرے دل کے سرور ' میرے بچے سو رہ - تیرا مکھڑا چاند سے بھی زیادہ روشن ہوگا - تیری خصلت تیرے باپ سے بھی اچھی ہوگی - تیری شہرت ' تیری لیاقت ' تیری محبت جو تو ہم سے کرے گا آخرکار ہمارے دل کو تسلی دیں گی - تیری ہنسی ہمارے اندھیرے گھر کا اجالا ہوگی ' تیری پیاری پیاری باتیں ہمارے غم کو دور کریں گی ' تیری آواز ہمارے لئے خوش آیند راگنیاں ہوں گی - سو رہ میرے بچے سو رہ - اے ہماری امیدوں کے پودے

سورہ - بولو ' جب اس دنیا میں ہم تم سے جدا ہو جاویں گے
تو تم کیا کرو گے - تم ہماری بے جان لاش کے پاس کھڑے
ہو گے - تم پوچھو گے اور ہم کچھہ نہ بولیں گے - تم روؤ گے
اور ہم کچھہ رحم نہ کریں گے - اے میرے پیارے رونے والے!
تم ہمارے ڈھیر پر آکر ہماری روح کو خوش کرو گے -
آہ ہم نہ ہوں گے اور تم ہماری یادگاری میں آنسو بہاوگے -
اپنی ماں کا محبت بھرا چہرا ' اپنے باپ کی نورانی صورت
یاد کرو گے - آہ ہم کو یہی رنج ہے کہ اس وقت ہماری
محبت یاد کرکر تم رنجیدہ ہو گے - سورہ میرے بچے سورہ
سورہ میرے بالے سورہ —

یہ امید کی خوشیاں ماں کو اس وقت تھیں ' جب کہ
بچہ غوغاں بھی نہیں کر سکتا تھا مگر جب وہ ذرا بڑا
ہوا اور معصوم ہنسی سے اپنی ماں کے دل کو شاد کرنے
لگا اور اماں اماں کہنا سیکھا اس کی پیاری آواز ادھورے
لفظوں میں اُس کی ماں کے کان میں پہنچنے لگی '
آنسوؤں سے اپنی ماں کی آتش محبت کو بھڑکانے کے
قابل ہوا - پھر مکتب سے اُس کو سروکار پڑا ' رات کو اپنی
ماں کے سامنے دن کا پڑھا ہوا سبق غمزدہ دل سے سنانے
لگا اور جب کہ وہ تاروں کی چھاؤں میں اُٹھہ کر ہاتھہ
منہ دھو کر اپنے ماں باپ کے ساتھہ صبح کی نماز میں
کھڑا ہونے لگا اور اپنے بے گناہ دل ' بے گناہ زبان سے ' بے ریا
خیال سے ' خدا کا نام پکارنے لگا تو امید کی خوشیاں اور
کس قدر زیادہ ہوگئیں - اُس کے ماں باپ اس معصوم سہلے

سے سچی ھمدردی دیکھہ کر کیسے خوش ھوتے ھیں۔ او ھماری پیاری اُمید تو ھی ھے جو پہلے سے لحد تک ھمارے ساتھہ رھتی ھے۔ —

دیکھو! وہ بڈھا آنکھوں سے اندھا اپنے گھر میں بیٹھا روتا ھے۔ اُس کا پیارا بیٹا بھیڑوں کے ریوڑ میں سے غائب ھوگیا ھے۔ وہ اُس کو ڈھونڈتا ھے پر وہ نہیں ملتا۔ مایوس ھے پر امید نہیں ٹوٹتی۔ لہو بھرا دانتوں پیٹتا، کرتا دیکھتا ھے پر ملنے سے نا امید نہیں۔ فاقوں سے خشک ھے، غم سے زار نزار ھے، روتے روتے آنکھیں سفید ھوگئی ھیں، کوئی خوشی اُس کے ساتھہ نہیں ھے، مگر صرف ایک امید ھے جس نے اس کو وصل کی امید میں زندہ اور اس خیال میں خوش رکھا ھے۔

دیکھہ وہ بے گناہ قیدی اندھیرے کنویں میں، سات تہ خانوں میں بند ھے۔ اس کا سورج کا سا چمکنے والا چہرہ زرد ھے۔ بے یار و دیار غیر قوم غیر مذھب کے لوگوں کے ھاتھہ میں قید ھے۔ بڈھے باپ کا غم اُس کی روح کو صدمہ پہنچاتا ھے۔ عزیز بھائی کی جدائی اُس کے دل کو غمگین رکھتی ھے۔ قید خانے کی مصیبت، اُس کی تنہائی، اُس گھر کا اندھیرا اور اُس پر اپنی بے گناھی کا خیال اس کو نہایت ھی رنجیدہ رکھتا۔ اُس وقت کوئی اُس کا ساتھی نہیں ھے۔ مگر اے ھمیشہ زندہ رھنے والی اُمید! تجھی میں اُس کی خوشی ھے۔

وہ دلاور سپاھی لڑائی کے میدان میں کھڑا ھے۔ کوئچ

پر کوچ کرتے کرتے تھک گیا ہے - ہزاروں خطرے در پیش ہیں مگر سب میں تقویت تجھی سے ہے - لڑائی کے میدان میں جب کہ بہادروں کی صفیں چپ چاپ کھڑی ہوتی ہیں اور لڑائی کا میدان ایک سن سان کا عالم ہوتا ہے، دلوں میں عجیب قسم کی خوف ملی ہوئی جرات ہوتی ہے - اور جب کہ لڑائی کا وقت آتا ہے اور لڑائی کے بگل کی آواز بہادر سپاہی کے کان میں پہنچتی ہے اور وہ آنکھ اُٹھا کر نہایت بہادری سے بالکل بے خوف ہوکر لڑائی کے میدان کو دیکھتا ہے؛ اور جب کہ بجلی سی چمکنے والی تلواریں اور سنگینیں اُس کی نظر کے سامنے ہوتی ہیں اور بادل کی سی کڑکنے والی اور آتشیں پہاڑ کی سی آگ برسانے والی توپوں کی آواز سنتا ہے؛ اور جب کہ اپنے ساتھی کو خون میں لتھڑا ہوا زمیں پر پڑا ہوا دیکھتا ہے، تو اے بہادروں کی قوت بازو اور اے بہادروں کی ماں! تیرے ہی سبب سے فتح مندی کا خیال ان کے دلوں کو تقویت دیتا ہے - اُن کا کان نقارے میں سے تیرے ہی نغمہ کی آواز سنتا ہے —

وہ قومی بھلائی کا پیاسا اپنی قوم کی بھلائی کی فکر کرتا ہے، دن رات اپنے دل کو جلاتا ہے، ہر وقت بھلائی کی تدبیریں ڈھونڈتا ہے، اُن کی تلاش میں دور دراز کا سفر اختیار کرتا ہے، یگانوں بیگانوں سے ملتا ہے، ہر ایک کی بول چال میں اپنا مطلب ڈھونڈتا ہے، مشکل کے وقت ایک بڑی مایوسی سے مدد مانگتا ہے، جن کی بھلائی چاہتا ہے

اُنھیں کو دشمن پاتا ھے - شہری وحشی بتاتے ھیں؛ دوست آشنا دیوانہ کہتے ھیں؛ عالم فاضل کفر کے فتووں کا ڈر دکھاتے ھیں؛ بھائی بند، عزیز اقارب سمجھاتے ھیں اور پھر یہ شعر پڑھ کر چپ ھو رھتے ھیں :

وہ بھلا کس کی بات مانے ھیں
بھائی سید تو کچھہ دیوانے ھیں

ساتھی ساتھہ دیتے ھیں مگر ھاں ھاں کر کر، محنت اور دل سوزی سے دور رہ کر بہت سی ھمدردی کرتے ھیں پر کوتھی کٹھلے الگ کر کر - دل ھر وقت بے قرار ھے، کسی کو اپنا سا نہیں پاتا، کسی پر دل نہیں ٹھیرتا، مگر اے بے قرار دلوں کی راحت اور اے شکستہ خاطروں کی تقویت! تو ھی ھر دم ھمارے ساتھہ ھے، تو ھی ھمارے دل کی تسلی ھے، تو ھی ھماری کٹھن منزلوں کی ساتھی ھے، تیری ھی تقویت سے ھم اپنی منزل مقصود تک پہنچیں گے، تیرے ھی سبب سے گوھر مراد کو پاویں گے - او ھمارے دل کی عزیز اور ھمارے پیارے مہدی کی پیاری "اُمید" تو ھمیشہ ھمارے دل کی تسلی رہ -

اے ھمیشہ زندہ رھنے والی اُمید! جب کہ زندگانی کا چراغ ٹمٹماتا ھے اور دنیاوی حیات کا آفتاب لب بام ھوتا ھے، ھاتھہ پاؤں میں گرمی نہیں رھتی، رنگ فق ھوجاتا ھے، منہ پر مردنی چھائی ھے، ھوا ھوا میں، پانی پانی میں، متی متی میں، ملنے کو ھوتی ھے تو تیرے ھی سہارے سے وہ کٹھن گھڑی آسان ھوتی ھے -

اُس وقت اس زرد چہرے اور آہستہ ھلتے ہوے ہونٹوں اور بے خیال بند ہوی ہوی آنکھوں اور غفلت کے دریا میں ڈوبتے ہوے دل کو تیری یادگاری ہوتی ھے ' تیرا نورانی چہرہ دکھائی دیتا ھے ' تیری صدا کان میں آتی ھے - اور ایک نئی روح ' تازہ خوشی حاصل ہوتی ھے اور ایک نئی لازوال زندگی کی جس میں ایک ہمیشہ رہنے والی خوشی ہوگی ' اُمید ہوتی ھے —

یہ تکلیف کا وقت تیرے سبب سے ہمارے لئے موسم بہار کی آمد آمد کا زمانہ ہو جاتا ھے - اس لازوال آنے والی خوشی کی اُمید تمام دنیاوی رنجوں اور جسمانی تکلیفوں کو بھلا دیتی ھے اور غم کی شام کو خوشی کی صبح سے بدل دیتی ھے ' گو کہ موت ہر دم جتاتی ھے کہ مرنا بہت خوفناک چیز ھے —

او ہماری آنکھوں سے چھپی ہوئی دوسری دنیا جس میں ہم کو ہمیشہ رہنا ھے ' جہاں سورج کی کرن اور زمانے کی لہر بھی نہیں پہنچی ' تیری راہ تین چیزوں سے طے ہوتی ھے : ایمان کے توشے اور اُمید کے ہادی اور موت کی سواری سے - مگر اُن سب میں جس کو سب سے زیادہ قوت ھے وہ ایمان کی خوبصورت بیٹی ھے ' جس کا پیارا نام " اُمید " ھے —

لوگ کہتے ہیں کہ بے یقینوں کو موت کی کٹھن گھڑی میں کچھ اُمید نہیں ہوتی ' مگر میں دیکھتا ہوں کہ تیری بادشاہت وہاں بھی ھے - قیامت پر یقین نہ کرنے

والا سمجھتا ھے کہ تمام زندگی کی تکلیفوں کا اب خاتمہ ھے اور پھر کسی تکالیف کے ھونے کی توقع نہیں ھے - وہ اپنے اس بےتکلف آنے والے زمانے کی اُمید میں نہایت ھی بردباری سے اور رنجوں کے زمانے کے اخیر ھونے کی خوشی میں نہایت بشاشت سے یہ شعر پڑھتا ھوا جان دیتا ھے : —

بقدر ھر سکوں راحت بود، بنگر تفاوت را
دویدن، رفتن، استادن، نشستن، خفتن ومردن

---

# جسمانی ریاضت

از

(مولانا نذیر احمد دھلوی مرحوم)

[ مولانا اردو کے بہت بڑے ادیب گزرے ھیں - الفاظ، محاورات اور امثال کا بڑی بے تکلفی سے استعمال کرتے ھیں — اُن کی زبان میں آمد اور روانی اور زور پایا جاتا ھے - اُن کی کتابیں جو اکثر اخلاقی اور مذھبی ھیں، بہت مقبول ھوئی ھیں - قرآن شریف کا بہت بامحاورہ اور اچھا ترجمہ کیا ھے - مراۃ لعروس، توبتہ النصوح، فسانۂ مبتلا وغیرہ اُن کی مشہور کتابیں ھیں - وہ بڑے زبردست مقرر بھی تھے - یہ اپنی ذاتی لیاقت اور محنت سے دنیا میں بڑھے اور اعلیٰ مدارج پر پہنچے - حیدرآباد میں بھی بہت بڑے عہدے پر تھے —

مولانا ضلع بجنور میں، ۲۳ جمادی الاول سنہ ۱۲۵۲ھ

( ۶ - دسمبر سنه ۱۸۳۶ ع ) کو پیدا هوے اور ۳ مئی سنه ۱۹۱۲ ع کو وفات پائی ] —

اگر جسم سے بالکل کام نه لیا جائے تو جس طرح گھوڑا تھان پر بندھے بندھے موٹرے نکال لاتا، بادی میں بھر جاتا، دانه گھاس اچھی طرح هضم نهیں کرسکتا، تھوڑی دور چلنے سے هانپنے لگتا، کوس دو کوس دوڑانا چاهو تو دوڑ نهیں سکتا، یهی حال آدمی کا هے که اگر وہ اپنے هاتھه پاؤں سے کام نهیں لیتا تو اگر اور کوئی بیماری اس کو نه بھی ستاے یه کیا تھوڑی بیماری هے که وہ اپاهج هو جاتا هے - اسی آرام طلبی کے نتیجے هیں که هماری عمروں کے اوسط گھٹتے اور هماری نسلیں کم زور هوتی چلی جاتی هیں - خیر کابل کے پٹھانوں اور گوروں کے ساتھه تو هم هندوستانی گرتئیں کیا مقابلے کریں گے اپنے هی ملک کے دیہاتی کبھی شہر میں آ نکلتے هیں تو اُن کو دیکھه کر عقل حیران هوجاتی هے که الهی یه بھی آدمی هیں جن کی کاٹھیاں لوهے کی اور هاتھه پاؤں پتھر کے هیں - معلوم هے که ساگ بھوجی اور جوار باجرے کی روٹی کے سوا اور کچھه میسر نهیں آتا - مگر یه آنکھوں دیکھی بات هے که ایک دیہاتی کہ سو سوا سو من کی چو بلدی گاڑی هانکے لئے چلا جارها تھا، شہر کی بھیڑ دیکھه کر بیل بدکے، گاڑی کا ایک پهیه نالی میں جا رها - بیلوں نے بہتیرا زور مارا، پهیه جگه سے نه کھسکا، گاڑی بان نے اُتر کر کہنی کا سہارا لگا کر بات کی بات میں گاڑی کو

ایسا دھکا دیا کہ بیچ سڑک میں - نہ دیہا تیوں کا پانی نہ شہر یوں کا ماءاللحم، نہ ان کا چھینٹا اور نہ ہمارے بادام پستے - بے شک شہر اور دیہات کی آب وھوا میں بہت بڑا فرق ہے - مگر دیہاتیوں کی توانائی اور ان کا تانتا پن ہے محنت کی وجہ سے - شہر کی ایک تو کثرت آبادی کی وجہ سے آب وھوا خراب ، اس پر محنت مشقت ندارد ، جس کو دیکھو بدن پر بوٹی نہیں اور ہوتی ہو تو کہاں سے ہو، بے چارے کو کبھی کھل کر بھوک نہیں لگتی اور مارے ہو کے کچھہ بے اشتہا کھا لیتا ہے تو هضم نہیں ہوتا - اور جو ہم میں پہلوان کہلاتے ہیں سینہ ابھرا ہوا ہے، قبضے چڑھے ہیں، دیکھنے کو موٹے تازے داؤ پینچ بڑی خرب رواں ، مگر اصلی بل بوتا ان میں بڑی نہیں اس پر ایک حکایت یاد ائی ہے کہ جن دنوں قلعہ آباد تھا تو سلاطین کو سوائے اوقات گزاری کے اور کوئی کام نہ تھا - نکمے بیٹھے بیٹھے ان کو ایسے ہی مشغلے سوجھتے تھے کہ ستار بجا رہے ہیں یا بٹیریں لڑا رہے ہیں یا شطرنج کھیل رہے ہیں یا اس کی دھن ہے کہ کوئی ایسی قسم کا کھانا پکوائیے کہ کوئی پہچان نہ سکے - چنانچہ ایک صاحب عالم کو پہلوانوں کی کشتی دیکھنے کا بہت شوق تھا، بہت سے پہلوانوں کے راتب بند ہے تھے اور انہوں نے ایسی ایسی جوڑیں تیار کیں تھیں کہ رجواڑوں میں جا جا کر کشتیاں مارتے تھے - ایک مصاحب کو یہ سوجھی کہ ان دنوں ولایتی میوہ فروش آئے ہوے ہیں ، کسی ولایتی کو ایک

پہلوان سے لڑوایا جائے - صاحب عالم اس ایجاد کو سن کر پھڑک گئے اور فرمایا: "بھائی واللہ تخت کی قسم ہے کیا بات پیدا کی ہے، معمولی کشتیاں دیکھتے دیکھتے جی اُکتا گیا، ولایتی کی کشتی میں مزہ تو خوب آئے گا - دیکھیں وہ پیچ کا کیا توڑ کرتا ہے - داروغہ جی دیدا ان کو ایک دوشالہ، اور بھائی تم ہی اس کشتی کا اہتمام بھی کرنا اور میں حضور میں بھی عرض کروں گا سر فراز فرمائیں گے" -
مصاحب :- "پیر مرشد، سر فراز فرمانا کیسا، بہت محظوظ ہوں گے اور خانہ زاد نے جو جو کچھہ عرض کیا ہے حرف حرف اس کی تصدیق ہوجاے گی - سرکار کو تو معلوم ہے کہ جناب عالیہ کے آب خاصہ کی خدمت غلام کی خالہ جان کو ہے، وہ کل بھی کہتی تھیں کہ جناب بیگم صاحبہ بیٹھی تاش کھیل رہی تھیں، دیکھتے کیا ہیں کہ حضور والا تشریف لئے چلے آرہے ہیں - جناب عالیہ کے ساتھہ تخلیہ ہوا تو خالہ جان نے اپنے کانوں حضور کو سرکار کا نام لے کر فرماتے سنا کہ ساری ادائیں اورنگ زیب کی سی ہیں- سپاہیانہ مزاج واقع ہوا ہے اور شوق بھی ہیں تو اس قسم کے کہ اگر موقع ملا تو یہ لڑکا انگریزوں سے ملک آبائی اُگلوا کر رہے گا" -

اتنا کہنا تھا کہ صاحب عالم نے بڑے دنگل کی تیاری کا حکم دیا اور مصاحبوں کی بن آئی - نہیں معلوم ظالموں نے کیا تدبیریں کیں کہ ایک اکھڑ وحشی ولایتی کو کچھہ دے کر شاہی پہلوان کے ساتھہ لڑنے کو راضی کر لیا -

ولایتی کو هم نے بھی دیکھا تھا' سچ تو یہ هے که مارے دهشت کے نظر نہیں ٹھیرتی تھی - آدمی کاهے کو تھا' ایک دیو کا دیو تھا - بالوں کی لٹیں کندھوں تک لٹکتی هوئیں' میلے کثیف کپڑے' چار چار پانچ پانچ گز سے مست دنبے کی سی بو ایسی سخت که ناک نه دی جاے' پیٹھه پر هینگ کا مشکیزہ' ادھر جوتیوں سے ادھر مشکیزے سے چپڑ چپڑ کی آواز چلی آے' خونخوار آنکھیں' ڈراؤنی صورت - لوگ جو اُس کو بہلا پھسلا کر لاے تھے اس کے گردا گرد ایسے معلوم هوں جیسے بڑے آدمی کے آگے بچے۔ اور یہاں اکھاڑے میں پہلوان پڑے جھوم رهے تھے' کوئی ڈنڈ پیل رها هے اور کوئی تین سوا تین من کی جوڑی کے رومالی هاتھه اس خوبصورتی اور صفائی سے هلا رها هے که سارے تماشائیوں کی ٹکٹکی اس پر بندھی هے - کوئی لیزم کی کثرت کر رها هے' کوئی بنیٹی کے کرتب دکھا رها هے - اتنے میں غل هوا که وہ پٹھان آیا - جو اس کو لاکر اکھاڑے پاس کھڑا کیا' اس کے پھیلاؤ کو دیکھه کر پہلوانوں کا رنگ فق هوا۔ اب کسی کی همت نہیں پڑتی که موت کے منه میں جاے اور ولایتی هے که زمین میں آلتی پالتی مارے هینگ کے مشکیزے کا گاؤ تکیه بناے نظر حیرت و تعجب سے سب کو بیٹھا دیکھه رها هے' اور ان پہلوانوں کو سمجھتا هے که نٹوں کا تماشا کر رهے هیں - اکھاڑے کا استاد اگرچه تھا تو عمر سے اترا هوا مگر اس کا بدن ایسا مرتب تھا اور اس کو ایسے ایسے داؤں گھات یاد تھے که یکایک

کوئی اُس سے لڑنے کی ھامی نہیں بھرتا تھا۔ مگر وہ خوب جانتا تھا :-

فربہی چیزے دگر آماس چیزے دگرست

اُس نے چپکے سے صاحب عالم کے پاس جاکر عرض کیا کہ آج تک آپ کے اکھاڑے نے کسی سے نیچا نہیں دیکھا اور استاد کی برکت سے ھمارے یہاں کے پٹھے بھی اپنے وقت کے رستم و اسفندیار ھیں لیکن سرکار راجرس کے چاقو کو قصائی کے بغدے سے بھڑاتے ھیں' ساری عمر ھم نے سرکار کا نمک کھایا' حکم کی تعمیل میں مجال عذر نہیں' پچھڑیں گے تو نہیں مگر اُس کے ھاڑ تو ملاحظہ کیجئے کہ کلائی دونوں ھاتھوں میں سمانی مشکل ھے۔ سرکار کو جان ھی لینی منظور ھے تو بسم‌اللہ س کا دبوچا ھوا ادمی پھٹکا بھی تو نہیں کھانے کا اونٹ کی پکڑ کو س کی پکڑ سے کیا نسبت۔ صاحب عالم سمجھے تو سہی مگر سارے میں غل مچوا چکے تھے' کس طرح کشتی کو ملتوی کردیتے۔ بارے لوگوں نے ولایتی سے کہا کہ آغا ان لوگوں میں سے جس کے ساتھ تمھارا جی چاھے کشتی لڑو۔

( آغا ) :- ھم سب کے ساتھ لڑے گا۔

اب تو پہلوانوں کے دم میں دم آیا کہ خیر ایک کی دوا دو۔ استاد اور شاگرد سارے کا سارا اکھاڑا اکیلے کو لپٹ پڑا۔ جو جو داؤں پیچ یاد تھے سبھی نے چلائے۔ آغا ھیں کہ قطب از جا نجنبد' لوھے کی لاٹ کی طرح کھڑے ھوے کھڑے ھیں۔ ان لوگوں نے نادانی یہ کی کہ آغا سے گتھ گئے' اُس نے

موقع پاکر ایک کو تو اس بغل میں دابا اور دوسرے کو دوسری بغل میں، اس نے تو اپنے نزدیک آهسته هی دبایا! تھا مگر ان میں کا ایک تو آج تک کوب لئے پھرتا هے اور دوسرا مدتوں خون تھوکتا رها، اب سنا اچھا تو هوگیا هے مگر جاڑے کے دنوں میں مارے پسلیوں کے درد کے بیچارے سے سانس نہیں لیا جاتا - خیر بڑی آدم میں یه ولایتی پٹھان تو اور هی نسل کے هیں، اور ان کی سی بات حاصل کرنی تو مشکل بلکه محال هے مگر اس کی عقلی دلائل موجود هیں که اگر هم اپنے طرز تمدن میں صفائی کے قاعدوں کي پوری پوری رعایت کریں اور اجسمانی ریاضت کی عادت ڈالیں تو آئندہ کی نسلیں بہت بہتر هوسکتی هیں - یه سچ هے که هم لوگ گرم ملک کے رهنے والے ٹهیرے - هم کو خدا نے محنت کے لئے پیدا نہیں کیا اور نه هم سے محنت شاقه کا تحمل هوسکتا هے، لیکن اگر شاقه محنت نه هو تو جس قدر برداشت کی جاسکتی هے، وه بھی سو دوا کی ایک دوا هے اور پھر نه هلدی لگے نه پھٹکری -

*)*(*

# طرز کلام

از

(مولانا محمد عبدالحلیم "شرر" لکھنوی مرحوم)

[مولانا شرر اردو کے مشہور انشا پرداز، ناول نویس اور مورخ ہیں۔ جدید طرز کے ناولوں کا چرچا انہیں کی ذات سے ہوا۔ ان کے ناول زیادہ تر تاریخی ہیں جن کے مطالعہ سے اردو داں طبقے میں تاریخ کا بھی ذوق پیدا ہوا۔ دلگداز ان کا مشہور ماہانہ رسالہ ہے، جو اب تک جاری ہے۔ ان کے مضامین اور تصانیف بہت کثرت سے ہیں ملک العزیز ورجنا، فردوس بریں، ایام عرب، تاریخ سندھ وغیرہ ان کی مشہور کتابیں ہیں۔ ان کے مضامین آٹھ جلدوں میں الگ چھپے ہیں مولانا نے اردو زبان کی بہت خدمت کی ہے۔

ولادت ۱۲ - جنوری سنہ ۱۸۶۰ ع وفات ۲۴ - دسمبر سنہ ۱۹۲۶ ع]

آداب معاشرت میں ایک اہم چیز انداز گفتگو اور طرز کلام ہے۔ دنیا میں ہر شخص کو شایستگی اور ادبی قابلیت کا پہلا اندازہ اس کے الفاظ اور اس کے انداز گفتگو سے ہوتا ہے۔ دنیا کی ہر اقبال مند قوم سب سے

پہلے اپنی زبان کی اصلاح کرتی اور اسے ترقی دیتی ھے۔

تہذیب و شایستگی کا تقاضا یہ ھے کہ زبان پر مکروہ و فحش الفاظ نہ آئیں ' جو الفاظ و خیالات مخاطب کو ناگوار گزریں اس کے سامنے زبان سے نہ نکلیں۔ اور کبھی اگر ناگوار مضامین کے ظاسر کرنے کی ضرورت بھی پیش آے تو وہ ایسے الفاظ اور ایسے عنوان سے ادا کئے جائیں کہ مخاطب کو گراں نہ گزریں اور اگر گراں گزریں تو ان کی گرانی میں ایک گونہ گوارائی اور لطف پیدا ھوجاے ۔ اس بارۂ خاص میں اھل زبان لکھنؤ اور یہاں کے شایستہ لوگوں کو جو کمال حاصل ھے ھندوستان کے اور کسی شہر والوں میں نہ نظر آے گا۔ اگرچہ موجودہ تعلیم و تہذیب نے ایک حد تک یہ خوبی ھر جگہہ انداز گفتگو میں پیدا کردی ھے مگر انگریزی اثر سے معری کر کے دیکھئے تو بالذات یہ شایستگی و شستگیٔ زبان اھل لکھنؤ ھی کا حصہ نظر اے گی

شایستگیٔ زبان میں سب سے پہلی چیز یہ ھے کہ مخاطب کو کن ضمائر سے یاد کیا جاے اور سب زبانوں میں مخاطب کے لئے دو ضمیریں ھیں ' ایک واحد کی اور ایک جمع کی۔ اور معزز مخاطب کے لئے واحد کی جگہہ ھر زبان میں تعظیماً جمع کی ضمیر استعمال کی جاتی ھے۔ فارسی میں واحد مخاطب کی ضمیر "تو" ھے اور جمع کی "شما" ۔ عربی میں واحد کی "ک" اور "انت" اور جمع کی "کم" اور "انتم" انگریزی میں واحد کی "داؤ" اور جمع کی "یو" ۔ اور ان سب زبانوں میں معزز مخاطب کو اگرچہ ایک ھی ھو بغرض تعظیم

جمع کی ضمیر سے مخاطب کرتے ہیں - چنانچہ فارسی میں " شما " سے ، عربی میں " کم " اور " انتم " سے اور انگریزی میں " یو " کے لفظ سے معزز شخص مخاطب کیا جاتا ہے - برخلاف ان سب زبانوں کے اردو میں مخاطب کے لئے واحد کی تو ایک ہی ضمیر " تو " ہے مگر جمع کی دو ضمیریں ہیں " تم " اور " آپ " اور اِن تینوں ضمیروں کے لئے مخاطب کا درجہ اور مرتبہ مقرر ہے - ایک بہت ادنیٰ شخص کو " تو " کہیں گے - ادنیٰ درجے کے لوگوں میں جو ذرا امتیاز رکھتا ہو اسے اور اپنے خردوں کو " تم " کہیں گے - اور جو ہم رتبہ معزز و تعلیم یافتہ شریف ہو ، اُسے " آپ " کہیں گے - اگرچہ معزز درجے کے لوگ بے تکلفی میں اپنے اقران و امثال اور اپنے ہم سنو کو بھی " تم " کہنے لگتے ہیں مگر جن لوگوں سے بے تکلفی نہ ہو ان کو " تم " کہنا اردو میں اخلاقی و ادبی جرم ہے —

اردو زبان میں اور خاص لکھنؤ والوں میں مخاطب کے اتنے ہی درجے نہیں بلکہ اِن سے بڑھ کے بہت سے الفاظ ہیں جن کا شرفا و معززین کے مقابلے میں استعمال کرنا لازمی ہے - جناب ، جناب والا ، جناب عالی ، حضرت ، حضرت والا ، حضور ، حضور والا ، حضور عالی ، قبلہ ، قبلہ و کعبہ ، سرکار اور اِسی قسم کے چند اور الفاظ اردو میں معزز مخاطب کی نسبت حسب درجہ استعمال کئے جاتے ہیں ، جو لکھنو والوں کی زبانوں پر چڑھے ہوے ہوں اور اُن کا صحیح استعمال جس قدر اہل لکھنو جانتے ہیں اور کسی دوسرے شہر کے لوگ نہیں جانتے -

ہمارا دعویٰ ہے کہ اتنے تعظیمی الفاظ خطاب دنیا کی کسی زبان میں نہیں ہیں - ہندوستان میں وہ زمانہ گزر گیا جب اُردو یہاں کی تمام زبانوں کی ادب آموز تھی اور اب اُردو کی شاگردی سے آزاد ہو کے سب زبانیں کوس لمن الملکی بجارہی ہیں - بنگالی ' پنجابی ' گجراتی ' سندھی ' مرھٹی ' کنڑی ' تلنگی وغیرہ سب کو اپنی ادبی ترقی و فصاحت کا دعویٰ ہے ; مگر ہم مذکورہ ہندوستانی زبانوں کو اور اُن کے ساتھ ساری دنیا کی مشہور زبانوں فارسی ' عربی ' انگریزی اور فرانسیسی کو بھی چیلنج دیتے ہیں کہ اگر اُن کو اُردو سے زیادہ ادبی وسعت وفصاحت کا دعویٰ ہے تو مخاطب کے لئے اپنی اتنوں میں اتنے الفاظ نکال دیں جتنے اُردو میں موجود ہیں - سچ یہ ہے کہ باوجود اپنی کم عمری اور اپنے محدود رقبۂ تصرف کے اُردو چند ہی روز میں شایستگی ' لطافت ' ادب اور مناسبات علم مجلس کے اعتبار سے اس درجۂ کمال کو پہنچ گئی تھی جو دنیا کی کسی زبان کو نہیں حاصل ہے - اصل حقیقت یہ ہے کہ اُردو کسی ملک ' کسی صوبے کسی گروہ ' کسی مذہب کی زبان نہ تھی ' بلکہ یہ وہ زبان تھی جو شاہی دربار سے شروع ہو کے ہندوستان کے ہر شہر میں مہذب و شایستہ لوگوں ' نکھری صحبت والوں ' صاحبان علم وفضل ' شاعروں اور ادب و اخلاق کے شیداؤں کی زبان پر جاری ہوگئی تھی - لہذا اِس کی بنیاد تہذیب و شایستگی کے ہاتھوں سے پڑی اور آخر

تک نکھرے مذاق والوں اور شیدایان سخن کے ساتھ مخصوص رھی - اسی کا نتیجہ ھے کہ اردو بولنے والوں کی مجارتی (کثرت) کسی صوبے میں نہیں مگر یاد رکھنا چاھئے کہ ھر جگھہ کے مہذب و شایستہ لوگ اس کے بولنے والے ھیں - یہ پیدا اسی لئے ھوئی تھی کہ ھندوستان میں ایک اعلیٰ درجہ کی اور ساری دنیا سے زیادہ شایستہ سوسائٹی پیدا کر دے - مگر بد نصیبی سے انگریزی دور میں جب مغربی معاشرت و ادب نے جگھہ پکڑ لی تو ھندوستانیوں کے باھمی اور قدیم فطری تعصبات نے یہ رنگ دکھایا کہ مسلمان اس پر ناز کرنے لگے کہ ھماری زبان ھے اور ھندوؤں نے یہ خیال کر کے اس زبان میں ھم مسلمانوں کا مقابلہ نہ کر سکیں گے ' اسے مسلمانوں ھی کے سر مارا اور دامن جھٹک کے علیحدہ ھو گئے - اس سے اُردو کو نقصان پہنچا اور روز بروز زیادہ نقصان پہنچے گا ' مگر باوجود اس کے اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جو رسیلاپن اور ادبی خوبیاں اس میں ھیں نہ نئی پیدا کی ھوئی ھندی زبان میں ھیں اور نہ ھندوستان کی کسی اور زبان میں - انگریز ھوں یا عرب ' افغانی ھوں یا ایرانی ' جب اُردو بولتے ھیں تو مخاطب کے لئے سوا " تم " کے اور کوئی لفظ اُن کے خیال میں نہیں آتا - اس لئے کہ اس قسم کا اور کوئی لفظ جو " تم " سے زیادہ شایستہ و ترقی یافتہ ھو اُن کی زبان میں موجود ھی نہیں ھے —

انگریزی میں خطاب کے اور الفاظ ھیں - مثلاً : یور آنر '

یور اکسلنسی ' یور ہائینس' یور مجسٹی وغیرہ مگر وہ اعلی درجے کے اُمرا اور بادشاہوں کے لئے خاص ہیں ' اِن کے سوا اور کسی کی نسبت نہیں استعمال کئے جا سکتے - اس قسم کے مختص الاشخاص الفاظ اُردو میں بھی ہیں - مثلاً جہاں پناہ ' صاحب عالم ' مرشد زادہ' نواب صاحب' صاحب زادہ. یہ خاص اعلی طبقے کے لوگوں کے خطابات ہیں جن کے ساتھہ جناب یا حضور کے الفاظ ملا کے خطاب کیا جا سکتا ہے اور غالباً اس قسم کے مخصوص خطابات ہر زبان میں موجود ہوں گے - مگر مذکورۂ سابق تعظیمی الفاظ جو اُردو زبان میں ہر معزز و شایستہ انسان کی نسبت استعمال کئے جاسکتے ہیں ' اُردو کے سوا کسی اور زبان میں نہیں نظر آتے -

مزاج پرسی کو دیکھیے - ہر زبان میں اس کے لئے معمولی الفاظ ہیں' مگر اُردو میں ادب و احترام کی نگہداشت کے لئے مزاج عالی ' مزاج مبارک ' مزاج اقدس ' مزاج مقدس ' مزاج معلی وغیرہ کہہ کے معزز مخاطب کی خیریت دریافت کرتے ہیں - یہ الفاظ اگرچہ اب ترقیء اُردو کے ساتھہ ہر جگہہ اور ہر شہر میں پھیل رہے ہیں مگر ان کے استعمال میں جو اجتہادی ملکہ شرفائے لکھنؤ کو حاصل ہے اور کسی جگہہ کے لوگوں کو نہیں نصیب ہو سکتا -

# بے غرض محسن

از

(منشی پریم چند۔)

[منشی صاحب اُردو کے مشہور فسانہ نویس ہیں - اُن کو چھوٹے چھوٹے فسانے لکھنے میں بڑا کمال ہے - اس قسم کے جدید طرز کے چھوٹے قصے لکھنے کا رواج انھوں ہي نے دیا - اگرچہ اب اور بھی کئی انشا پرداز اس قسم کے فسانے لکھنے لگے ھیں ۔مگر ان کو، کوئي نہیں پہنچتا - انسانی جذبات کو بڑي خوبي سے بیان کرتے ہیں - ان کے اکثر قصے بہت مؤثر اور پر درد ھیں -- ]

(۱)

ساون کا مہینہ تھا، ریوتی رانی نے پاؤں میں مہندی رچائی، مانگ چوٹی سنواری اور تب اپنی بوڑھی ساس سے جاکر بولی "اماں جی! آج میں بھی میلا دیکھنے جاؤں گی" -

ریوتی، پنڈت چنتامن کی بیوی تھی - پنڈت جی نے سرسوتی کی پوجا میں زیادہ نفع نہ دیکھ کر لکشمی دیوی کی مجاوری کرنی شروع کی تھی - لین دین کا کاروبار

کرتے تھے مگر اور مہاجنو کے خلاف خاص خاص حالتوں کے سوا ۲۵ فی صدی سے زیادہ سود اینا مناسب نہ سمجھتے تھے -

ریوتی کی ساس ایک بچے کو گود میں لئے کھٹولے پر بیٹھی تھیں ' بہو کی بات سن کر بولی " بھیگ جاؤگی تو بچے کو زکام ہوجائے گا " -

ریوتی :- " نہیں اماں ! مجھے دیر نہ لگے گی ، ابھی چلی آوں گی " -

ریوتی کے دو بچے تھے ؟ ایک لڑکا دوسری لڑکی - لڑکی ابھی گود میں تھی اور لڑکا ہیرامن ساتویں سال میں تھا ریوتی نے اسے اچھے اچھے کپڑے پہنائے ' نظر بد سے بچانے کے لئے ماتھے اور گالوں پر کاجل کے ٹیکے لگا دئے گڑیاں پیٹنے کے لئے ایک خوش رنگ چھڑی دے دی اپنی ہمجولیوں کے ساتھ میلا دیکھنے چلی —

ڈیرہ ساگر کے کنارے عورتوں کا بڑا جھمگھٹ تھا ۔ نیلگوں گھٹائیں چھائی ہوئی تھیں ' عورتیں سولہ سنگار کئے ساگر کے پر فضا میدان میں ساون کی رم جھم برکھا کی بہار لوٹ رہی تھیں - شاخوں میں جھولے پڑے تھے ' کوئی جھولا جھولتی کوئی ملار گاتی کوئی ساگر کے کنارے بیٹھی لہروں سے کھیلتی تھی - ٹھنڈی ٹھنڈی خوش گوار ہوا ' پانی کی ہلکی ہلکی پھوار پہاڑیوں کی نکھری ہوئی ہریاول لہروں کے دل فریب جھکولے موسم کو توبہ شکن بنائے ہوئے تھے —

آج گڑیوں کی بدائی ہے - گڑیاں اپنی سسرال جائیں گی کنواری لڑکیاں ہاتھہ پاؤں میں مہندی رچائے ، گڑیوں کو گہنے کپڑے سے سجائے انہیں بدا کرنے آئی ہیں - انہیں پانی میں بہاتی ہیں اور چہک چہک کر ساون کے گیت گاتی ہیں - مگر دامن عافیت سے نکلتے ہی ان ناز و نعمت میں پلی ہوئی گڑیوں پر چاروں طرف سے چھڑیوں اور لکڑیوں کی بوچھار ہونے لگتی ہے —

ریوتی یہ سیر دیکھہ رہی تھی اور ہیرامن ساگر کے زینوں پر اور لڑکیوں کے ساتھہ گڑیاں پیٹنے میں مصروف تھا - زینوں پر کائی لگی ہوئی تھی ، دفعتاً اس کا پاؤں پھسلا تو پانی میں جا پڑا - ریوتی چیخ مار کر دوڑی اور سر پیٹنے لگی - دم کے دم میں وہاں مردوں اور عورتوں کا ایک ہجوم ہوگیا مگر یہ کسی کی انسانیت تقاضا نہ کرتی تھی کہ پانی میں جاکر ممکن ہو تو بچے کی جان بچائے - سنوارے ہوئے گیسو نہ بکھر جائیں گے ! ڈھلی ہوئی دھوتی نہ بھیگ جائے گی ! کتنے ہی مردوں کے دلوں میں یہ مردانہ خیالات آرہے تھے - دس منٹ گذر گئے مگر کوئی شخص کمر ہمت باندھتا نظر نہ آیا - غریب ریوتی پچھاڑیں کھا رہی تھی - ناگاہ ایک آدمی اپنے گھوڑے پر سوار چلا جاتا تھا ، یہ ازدحام دیکھہ کر اُتر پڑا اور ایک تماشائی سے پوچھا : " یہ کیسی بھیڑ ہے ؟ " تماشائی نے جواب دیا " ایک لڑکا ڈوب گیا ہے " —

مسافر : " کہاں ؟ "

ماشائی: "جہاں وہ عورت کھڑی رو رہی ہے –

مسافر نے فوراً اپنی گاڑھے کی مرزائی اُتاری اور دھوتی کس کر پانی میں کود پڑا - چاروں طرف سناٹا چھا گیا لوگ متحیر تھے کون شخص ہے - اس نے پہلا غوطہ لگایا' لڑکے کی توپی ملی - دوسرا غوطہ لگایا تو اس کی چھڑی هاتھہ لگی اور تیسرے غوطے کے بعد جب اوپر آیا تو لڑکا اس کی گود میں تھا - تماشائیوں نے واہ واہ کا نعرۂ پرشور بلند کیا - ماں نے دوڑ کر بچے کو لپٹا لیا۔ اس اثنا میں پنڈت چنتامن کے اور کئی عزیز آ پہونچے ارر لڑکے کو هوش میں لانے کی فکر کرنے لگے - آدہ گھنٹے میں لڑکے نے آنکھیں کھول دیں' لوگوں کی جان میں جان آئی - ڈاکٹر صاحب نے کہا اگر لڑکا دو منٹ بھی پانی میں اور رہتا تو بچنا غیر ممکن تھا - مگر جب لوگ اپنے گمنام محسن کو ڈھونڈنے لگے تو اس کا کہیں پتا نہ دھا - چاروں طرف آدمی دوڑاے' سارا میلا چھان مارا مگر وہ نظر نہ آیا –

( ۲ )

بیس سال گزر گئے' پنڈت چنتامن کا کاروبار روز بروز بڑھتا گیا - اس دوران میں اس کی ماں نے ساتوں جاترائیں کیں اور مریں تو ان کے نام پر ٹھاکر دوارا تیار هوا - ریوتی بھو سے ساس بنی؛ لین دین' بھی کھاتہ هیرامن کے هاتھہ میں آیا - هیرامن اب ایک وجیہ لحیم و شحیم نوجوان تھا - نہایت خلیق' ذہک مزاج' کبھی کبھی

باپ سے چھپا کر غریب آسامیوں کو قرض حسنہ دیا کرتا۔ چنتا من نے کئی بار اس گناہ کے لئے بیٹے کو آنکھیں دکھائی تھیں اور الگ کر دینے کی دھمکی دی تھی۔ هیرا من نے ایک بار ایک سنسکرت پات شالا کے لئے پچاس روپیہ چندہ دیا۔ پنڈت جی اس پر ایسے برھم ھوے کہ دو دن تک کھانا نہیں کھایا۔ ایسے ناگوار واقعات آئے دن ھوتے رھتے تھے۔ انھیں وجوہ سے هیرا من کی طبیعت باپ سے کچھہ کھچی رھتی تھی۔ مگر اُس کی یہ ساری شرارتیں ھمیشہ ریوتی کی سازش سے ھوا کرتی تھیں۔ جب قصبے کی غریب بدھوائیں یا زمینداروں کے ستائے ھوے آسامیوں کی عورتیں ریوتی کے پاس آکر هیرا من کو آنچل پھیلا پھیلا کر دعائیں دینے لگتیں تو اُسے ایسا معلوم ھوتا کہ مجھہ سے زیادہ بھاگوان اور میرے بیٹے سے زیادہ فرشتہ صفت آدمی دنیا میں کوئی نہ ھوگا۔ تب اسے بے اختیار وہ دن یاد آجاتا جب هیرا من بیرت ساگر میں ڈوب گیا تھا اور اس آدمی کی تصویر اس کی نگاھوں کے سامنے کھڑی ھوجاتی' جس نے اس کے لال کو ڈوبنے سے بچایا تھا۔ اُس کے دل سے دعا نکلتی اور ایسا جی چاھتا کہ اسے دیکھہ پاتی تو اس کے پاؤں پر گر پڑتی۔ اسے اب کامل یقین ھوگیا تھا کہ وہ انسان نہ تھا بلکہ کوئی دیوتا تھا۔ وہ اب اُسی کھٹولے پر بیٹھی ھوئی جس پر اس کی ساس بیٹھی تھی' اپنے دونوں پوتوں کو کھلایا کرتی تھی۔

آج ہیرامن کی ستائیسویں سالگرہ تھی - ریوتی کے لئے یہ دن سال بھر کے دنوں میں سب سے زیادہ مبارک تھا - آج اس کا دست کرم خوب فیاضی دکھاتا تھا - اور یہی ایک بے جا صرف تھا جس میں پنڈت چنتامن بھی اس کے شریک ہوجاتے تھے - آج کے دن وہ بہت خوش ہوتی اور بہت روتی اور آج اپنے گمنام محسن کے لئے اس کے دل سے جو دعائیں نکلتیں وہ دل و دماغ کے اعلیٰ ترین جذبات میں رنگی ہوتی تھیں - اسی کی بدولت تو آج مجھے یہ دن اور سکھ دیکھنا میسر ہوا ہے -

( ۳ )

ایک دن ہیرامن نے آکر ریوتی سے کہا : " اماں سری پور نیلام پر چڑھا ہوا ہے، کہو تو میں بھی دام لگاؤں؟"

ریوتی : "سولھوں آنے ہے؟" -

ہیرامن : "سولھوں آنے، اچھا گاؤں ہے، نہ بڑا نہ چھوٹا یہاں سے دس کوس ہے: بیس ہزار تک بولی چڑھ چکی ہے، سو دو سو میں ختم ہوجائے گا" -

ریوتی : "اپنے دادا سے تو پوچھو؟" -

ہیرامن : ان کے ساتھ دو گھنٹے تک سر مغزن کرنے کی کسے فرصت ہے" -

ہیرامن اب گھر کا مختار کل ہوگیا تھا اور چنتامن کی ایک نہ چلنے پاتی - وہ غریب اب عینک لگائے ایک گدے پر بیٹھے اپنا وقت کھانسنے میں صرف کرتے تھے -

دوسرے دن ہیرامن کے نام پر سری پور ختم ہوگیا -

مہاجن سے زمیندار ہوے - اپنے منیب اور دو چپراسیوں کو لے کر گاؤں کی سیر کرنے چلے - سری پور والوں کو خبر ہوئی - نئے زمیندار کی پہلی آمد تھی ' گھر گھر نذرانہ دینے کی تیاریاں ہونے لگیں - پانچویں دن شام کے وقت هیرامن گاؤں میں داخل ہوے ' دہی اور چاول کا تلک لگایا گیا اور تین سو آسامی پہر رات تک ہاتھ باندھے ہوے ان کی خدمت میں کھڑے رہے ' سویرے مختار عام نے اسامیوں کا تعارف کرانا شروع کیا - جو آسامی زمیندار کے سامنے آتا وہ اپنی بساط کے موافق ایک یا دو روپے ان کے پاؤں پر رکھدیتا - دوپہر ہوتے ہوتے وہاں پان سو روپیوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا —

هیرامن کو پہلی بار زمینداری کا مزا ملا : پہلی بار ثروت اور طاقت کا نشہ محسوس ہوا - سب نشوں سے زیادہ تیز ' زیادہ قاتل ' ثروت کا نشہ ہے - جب آسامیوں کی فہرست ختم ہوگئی تو مختار سے بولے : " اور کوئی آسامی تو باقی نہیں ہے ؟" —

مختار : " ہاں مہراج ابھی ایک آسامی اور ہے ; تخت سنگھ "

هیرامن : وہ کیوں نہیں آیا ؟ "

مختار : " ذرا مست ہے "

هیرامن : میں اس کی مستی اُتار دوں گا ' ذرا کوئی اسے بلا لائیے "

تھوڑی دیر میں ایک بوڑھا آدمی لاٹھی ٹیکتا ہوا

آیا اور ڈنڈوت کر کے زمین پر بیٹھ گیا ؛ نہ نذر نہ نیاز۔ اس کی یہ گستاخی دیکھ کر ھیرامن کو بخار چڑھ آیا ، کڑک کر بولے : " ابھی کسی زمیندار سے پالا نہیں پڑا ، ایک ایک کی ھیکڑی بھلادوں گا " —

تخت سنگھ نے ھیرامن کی طرف غور سے دیکھ کر جواب دیا : " میرے سامنے بیس زمیندار آئے اور چلے گئے مگر کبھی کسی نے اس طرح گھرکی نہیں دی " —

یہ کہہ کر اُس نے لاٹھی اُٹھائی اور اپنے گھر چلا آیا۔ بوڑھی ٹھکرائن نے پوچھا : " دیکھا زمیندار کو ، کیسے آدمی ھیں ؟ "

تخت سنگھ : " اچھے آدمی ھیں ، میں اُنھیں پہچان گیا "

ٹھکرائن : " کیا تم سے پہلے کی ملاقات ھے ؟ "

تخت سنگھ : " میری اُن کی بیس برس کی جان پہچان ھے ، گڑیوں کے میلے والی بات یاد ھے نا ؟ "

اُس دن سے تخت سنگھ پھر ھیرامن کے پاس نہ آیا —

( ۴ )

چھ مہینے کے بعد ریوتی کو بھی سری پور دیکھنے کا شوق ھوا ، وہ اور اُس کی بہو اور بچے سب سری پور آئے۔ گاؤں کی سب عورتیں اُن سے ملنے آئیں ان میں بوڑھی ٹھکرائن بھی تھی۔ اس کی بات چیت ، سلیقہ اور تمیز دیکھ کر ریوتی دنگ رہ گئی۔ جب وہ چلنے لگی تو ریوتی نے کہا : " ٹھکرائن کبھی کبھی آیا کرنا ، تم سے مل کر طبیعت بہت خوش ھوئی ، اِس طرح دونوں عورتوں

میں رفتہ رفتہ میل ہو گیا۔ یہاں تو یہ کیفیت تھی اور ہیرا سن اپنے مختار عام۔ کے مغالطے میں آ کر تخت سنگھ کو بے دخل کرنے کی بندشیں سوچ رہا تھا —

جیٹھ کی پورن ماشی آئی: ہیرا سن کی سالگرہ کی تیاریاں ہونے لگیں۔ ریوتی چھاؤنی میں بیٹھی چھان رہی تھی کہ بوڑھی ٹھکرائین آئی، ریوتی نے مسکرا کر کہا:
" ٹھکرائن! ہمارے یہاں کل تمہارا نیوتا ہے"

ٹھکرائن: " تمہارا نیوتا سر آنکھوں پر: کون سی برس گانٹھ ہے؟"

ریوتی: " اُنتیسویں"

ٹھکرائن: " نارائن کرے، ابھی ایسے سو دن تمہیں اور دیکھنے نصیب ہوں" —

ریوتی: " ٹھکرائن! تمہاری زبان مبارک ہو۔ بڑے بڑے جنتر منتر کئے ہیں تب لوگوں کی دعا سے یہ دن دیکھنا نصیب ہوا ہے — یہ تو ساتویں ہی سال میں تھے کہ ان کی جان کے لالے پڑ گئے، گڑیوں کا میلا دیکھنے گئی تھی، یہ پانی میں گر پڑے؛ بارے ایک مہاتما نے اُن کی جان بچائی۔ اِن کی جان اُنہیں کی دی ہوئی ہے۔ بہت تلاش کرایا اُن کا پتہ نہ چلا۔ ہر برس گانٹھ پر اُن کے نام سے سو روپے نکال رکھتی ہوں، دو ہزار سے کچھ اوپر ہو گیا ہے، بچے کی نیت ہے کہ اُن کے نام سے سری پور میں ایک مندر

بنوا دیں۔ سچ مانو، ٹھکرائن ایک بار اُن کے
درشن ہو جاتے تو زندگی سپھل ہو جاتی، جی
کی ہوس نکال لیتی" —

ریوتی جب خاموش ہوئی تو ٹھکرائن کی آنکھوں
سے آنسو جاری تھے —

دوسرے دن ایک طرف هیرامن کی سالگرہ کا جشن
تھا اور دوسری طرف تخت سنگھ کے کھیت نیلام ہو رہے تھے۔
ٹھکرائن بولی: "میں ریوتی رانی کے پاس جا کر دھائی
مچاتی ہوں" - تخت سنگھ نے جواب دیا: میرے جیتے
جی نہیں" —

(۵)

اساڑہ کا مہینہ آیا: میگھ راج نے اپنی جان بخش
فیاضی دکھائی۔ سری پور کے کسان اپنے اپنے کھیت جوتنے
چلے - تخت سنگھ کی حسرت ناک اور آرزو مند نگاہیں
اُن کے ساتھ ساتھ جاتیں، یہاں تک کہ زمین انھیں اپنے
دامن میں چھپا لیتی —

تخت سنگھ کے پاس ایک گائے تھی، وہ اب دن کے دن
اسے چرایا کرتا - اس کی زندگی کا اب یہی ایک سہارا
تھا - کبھی کبھی فاقے کرنے پڑ جاتے - یہ سب مصیبتیں اُس
نے جھیلیں مگر اپنی بے نوائی کا رونا رونے کے لئے ایک دن
بھی هیرامن کے پاس نہ گیا - هیرامن نے اسے زیر کرنا چاہا
تھا مگر خود زیر ہو گیا جیتنے پر بھی اُسے ہار ہوئی۔
پرانے لوہے کو اپنی کمینہ ضد کی آنچ سے نہ جھکا سکا —

ایک دن ریوتی نے کہا: "بیٹا تم نے غریب کو ستایا
اچھا نہ کیا" —

ھیرامن نے تیز ھو کر جواب دیا: "وہ غریب نہیں
ھے ' اُس کا گھمنڈ میں توڑ دوں گا" —

ثروت کے نشے میں متوالا زمیندار وہ چیز توڑنے کی
فکر میں تھا جس کا وجود ھی نہ تھا؛ جیسے بے سمجھ
بچہ اپنی پرچھائیں سے لڑنے اٹھتا ھے —

(۶)

سال بھر تخت سنگھ نے جیوں تیوں کر کے کاٹا - پھر
برسات آئی؛ اُس کا گھر چھایا نہ گیا تھا ' کئی دن تک
موسلا دھار مینہ برسا تو مکان کا ایک حصہ گر پڑا -
گائے وھاں بندھی ھوئی تھی ' دب کر مر گئی؛ تخت سنگھ
کے بھی سخت چوٹ آئی - اُسی دن اُسے بخار آنا شروع
ھوا ' دوا دارو کون کرتا؛ روزی کا سہارا تھا وہ بھی ٹوٹا -
ظالم ' بے درد مصیبت نے کچل ڈالا - سارا مکان پانی سے
بھرا ھوا ' گھر میں اناج کا ایک دانہ نہیں ' اندھیرے
میں پڑا ھوا کراہ رھا تھا کہ ریوتی اُس کے گھر گئی -
تخت سنگھ نے آنکھیں کھول دیں اور پوچھا: "کون ھے؟"
ٹھکرائن: "ریوتی رانی ھیں" —
تخت سنگھ: "میرے دھن بھاگ! مجھ پر بڑی دیا کی"
ریوتی نے شرمندہ ھو کر کہا: "ٹھکرائن! ایشور جانتا ھے
میں اپنے بیٹے سے حیران ھوں ' تمھیں جو تکلیف ھو مجھ سے کہو
تمھارے اوپر ایسی آفت پڑ گئی اور ھم سے خبر تک نہ

یہ کہہ کر ریوتی نے روپیوں کی ایک چھوٹی سی پوٹلی ٹھکرائن کے سامنے رکھ دی -

روپیوں کی جھنکار سن کر تخت سنگھ اُٹھ بیٹھا اور بولا: "رانی ہم اس کے بھوکے نہیں ہیں، مرتے دم گنہگار نہ کرو" -

دوسرے دن ہیرامن بھی اپنے ہوا خواہوں کو لئے اُدھر سے جا نکلا، گرا ہوا مکان دیکھ کر مسکرایا - اس کے دل نے کہا، آخر میں نے اُس کا گھمنڈ توڑدیا - مکان کے اندر جاکر بولا: "ٹھاکر اب کیا حال ہے؟" -

ٹھاکر نے آہستہ سے کہا: "سب ایشور کی دیا ہے، آپ کیسے بھول پڑے؟" -

ہیرامن کو دوسری بار زک ملی - اس کی یہ آرزو کہ تخت سنگھ میرے پاؤں کو آنکھوں سے چومے، اب بھی پوری نہ ہوئی، اسی رات کو غریب، آزاد منش ایماندار، بے غرض ٹھاکر اس دنیا سے رخصت ہوگیا -

( ۷ )

بوڑھی ٹھکرائن اب دنیا میں اکیلی تھی، کوئی اس کے غم کا شریک اور اُس کے مرنے پر آنسو بہانے والا نہ تھا - بے نوائی اور بے مایگی نے غم کی آنچ اور تیز کردی تھی - سامان فراغت موت کے زخم کو گو بھر نہ سکیں مگر مرہم کا کام ضرور کرتے ہیں -

فکر معاش بری بلا ہے - ٹھکرائن اب کھیت اور چراگاہ سے گوبر چن لاتی اور اُپلے بناکر بیچتی - اسے لاٹھی ٹیکتے

ھوے کھیتوں کو جاتے اور گوبر کا ٹوکرا سر پر رکھہ کر بوجھہ سے ھانپتے ھوے آتے دیکھنا سخت درد ناک تھا - یہاں تک کہ ھیرا من کو بھی اس پر ترس آگیا - ایک دن اُنھوں نے آٹا، دال چاول تھالیوں میں رکھہ کر اُس کے پاس بھیجا - ریوتی خود لے کر گئی، مگر بوڑھی ٹھکرائن آنکھوں میں آنسوں بھر کر بولی " ریوتی ! جب تک آنکھوں سے سوجھتا ھے اور ھاتھہ پاؤں چلتے ھیں مجھے اور مرنے والے کو گنہگار نہ کرو " -

س دن سے ھیرا من کو پھر اُس کے ساتھہ عملی ھمدردی کرنےکی جرأت نہ ھوئی -

ایک دن ریوتی نے ٹھکرائن سے اُپلے مول لئے - گاؤں میں پیسے کے بیس اُپلے بکتے تھے - اُس نے چاھا کہ اس سے بیس ھی اُپلے لوں، اُس دن سے ٹھکرائن نے اُس کے یہاں اُپلے لانا بند کردیا -

ایسی دیویاں دنیا میں کتنی ھیں - کیا وہ اتنا نہ جانتی تھی کہ ایک راز سر بستہ زبان پر لاکر میں اپنی جانکاھیوں کا خاتمہ کرسکتی ھوں، مگر پھر وہ احسان کا بدلہ نہ ھوجائےگا - مثل مشہور ھے " نیکی کر اور دریا میں ڈال " شاید اُس کے دل میں کبھی یہ خیال ھی نہیں آیا کہ میں نے ریوتی پر کوئی احسان کیا ھے —

یہ وضع دار آن پر مرنے والی عورت شوھر کے مرنے کے بعد تین سال تک زندہ رھی - یہ زمانہ اس نے جس تکلیف سے کاٹا اُسے یاد کرکے رونگٹے کھڑے ھوجاتے ھیں -

کئی کئی دن فاقے سے گذر جاتے، کبھی گوبر نہ ملتا، کبھی کوئی اُپلے چرا لے جاتا - ایشور کی مرضی! کسی کا گھر بھرا ہوا ہے، کھانے والے نہیں؛ کوئی یوں رو رو کر زندگی کاٹتا ہے -

بڑھیا نے یہ سب دکھ جھیلا مگر کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلایا -

( ۸ )

ہیرا من کی اُنیسویں سالگرہ آئی - ڈھول کی سہانی آواز سنائی دینے لگی - ایک طرف گھی کی پوریاں پک رہی تھیں، دوسری طرف تیل کی - گھی کی موٹے معزز برھمنوں کے لئے، تیل کی غریب فاقہ کش نیچوں کے لئے -

یکایک ایک عورت نے ریوتی سے آکر کہا "ٹھکرائین جانے کیسی ہوئی جاتی ہیں، تمھیں بلا رہی ہیں" -

ریوتی نے دل میں کہا، ایشور! آج تو خیریت سے کاٹنا کہیں بڑھیا مر نہ رہی ہو -

یہ سوچ کر وہ بڑھیا کے پاس نہ گئی - ہیرا من نے جب دیکھا اماں نہیں جانا چاہتیں تو خود چلا - ٹھکرائن پر اُسے کچھ دنوں سے رحم آنے لگا تھا، مگر ریوتی مکان کے دروازے تک اسے منع کرنے آئی - یہ رحم دل، نیک مزاج، شریف ریوتی تھی -

ہیرامن ٹھکرائن کے مکان پر پہنچا تو وہاں بالکل سناٹا چھایا ہوا تھا - بوڑھی عورت کا چہرہ زرد تھا اور جانکنی کی حالت طاری تھی - ہیرامن نے زور سے کہا

" ٹھکرائن ! میں ہوں ھیرامن " —

ٹھکرائن نے آنکھیں کھولیں اور اشارے سے اسے اپنا سر نزدیک لانے کو کہا؛ پھر رک رک کر بولی " میرے سرھانے پٹاری میں تھوڑا کر کی ھڈیاں رکھی ہوئی ہیں ' میرے سہاگ کا سیندور ابھی وھیں ھے ' یہ دونوں پر اگ راج بیبھج دینا " —

یہ کہہ کر اس نے آنکھیں بند کر لیں - ھیرامن نے پٹاری کھولی تو دونوں چیزیں بحفاظت رکھی ہوئی تھیں - ایک پوٹلی میں دس روپے بھی رکھے ہوے ملے ' یہ شاید جانے والے کا زاد راہ تھا —

رات کو ٹھکرائن کی تکلیفوں کا ھمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا —

اسی رات کو ریوتی نے خواب دیکھا " ساون کا میلا ھے ' گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں ' میں کیرت ساگر کے کنارے کھڑی ہوں - اتنے میں ھیرامن پانی میں پھسل پڑا ' میں چھاتی پیٹ کر رونے لگی - دفعتاً ایک بوڑھا آدمی پانی میں کودا اور ھیرامن کو نکال لایا - ریوتی اس کے پاوں پر گر پڑی اور بولی " آپ کون ہیں ؟ " —

اس نے جواب دیا " میں سری پور میں رہتا ہوں ' میرا نام تخت سنگھ ھے " —

سری پور اب بھی ھیرامن کے قبضے میں ھے ' مگر اب اس کی رونق دو چند ہو گئی ھے - وھاں جاؤ تو دور سے شوالے کا سنہرا کلس دکھائی دینے لگتا ھے - جس جگہہ

تخت سنگھ کا مکان تھا وہاں یہ شوالا بنا ہوا ہے - اس کے سامنے ایک پختہ کنواں اور پختہ دھرم سالہ ہے ، مسافر یہاں ٹھیرتے ہیں اور تخت سنگھ کا گن گاتے ہیں - یہ شوالا اور دھرم سالا دونوں اس کے نام سے مشہور ہیں —

## دنیا کی کل علم سے چلتی ہے یا عمل سے ؟

از

(مولانا الطاف حسین ' حالی ' مرحوم)

(مولانا حالی اردو زبان کے اعلیٰ درجے کے شاعر اور نثر نگار ہوے ہیں - اردو شاعری میں مولانا نے بہت بڑا انقلاب پیدا کیا اور نیچرل اور قومی شاعری کی بنیاد ڈالی - اردو زبان میں صحیح تنقید کے بانی بھی آپ ہی ہیں - ان کی نثر بہت جچی تلی اور متین ہوتی ہے - نظم میں ایسی صفائی ، پاکیزگی ، درد اور اثر ہوتا ہے جو کسی دوسرے کی نظم میں نہیں پایا جاتا - علاوہ نظم کے کلیات کے مقدمۂ دیوان ، حیات جاوید ، یادگار غالب ، حیات سعدی وغیرہ کتابیں پڑھنے کے قابل ہیں جو اعلیٰ شاعری اور نثر کا بہترین نمونہ ہیں —

ولادت بمقام پانی پت سنہ ۱۲۵۳ ھ ( ۱۸۳۷ ع ) میں اور وفات ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۱۴ ع )

یہاں علم سے ہماری مراد مجرد علم ہے جو عمل سے

بالکل خالی ہو اور عمل سے مراد محض عمل ہے جس میں علم کو کچھہ دخل نہ ہو - اب ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا کی کل علم سے چلتی ہے یا عمل سے ؟ —

اگر ہم کو یہ دریافت کرنا ہو کہ چراغ کی بتی کا اشتعال اوکسیجن سے قائم رہتا ہے یا هائڈروجن سے یا دونوں سے ' تو ہم کو چاہئیے کہ ایک دفعہ بتی کو محض اوکسیجن میں اور دوسری دفعہ محض هائڈروجن میں رکھہ کر دیکھیں - اگر دونوں میں بجھہ جاے تو سمجھنا چاہئیے کہ ہوا کے دونوں جزوں کو اس کے اشتعال میں دخل ہے اور اگر هائڈروجن ہیں بجھہ جاے اور اوکسیجن میں نہ بجھے تو جاننا چاہئیے کہ اس کے اشتعال کا باعث محض اوکسیجن ہے نہ هائڈروجن —

اسی طرح اگر ہم یہ دیکھنا چاہیں کہ دنیا کی کل علم سے چلتی ہے یا عمل سے تو ہم کو چاہئیے کہ اول ایک ایسا ملک فرض کریں کہ جس میں اہل علم اور اہل نظر کے سوا کوئی کام کرنے والا اور ہاتھہ پاؤں ہلانے والا نہ ہو ؛ اور پھر دیکھیں کہ وہ ملک کے دن آباد رہتا ہے - پھر ایک دوسرا ملک فرض کریں جس میں اَن پڑھ محنتی مزدوروں کے سوا اہل علم کا نام و نشان نہ ہو اور پھر دیکھیں کہ وہ ملک آباد رہتا ہے یا نہیں —

اس لئیے ہم اول ایک ایسا خطہ فرض کرتے ہیں جس کے باشندے جہّان عالم ، فلسفی ' ریاضی داں ' مصنف ' مقرر ، شاعر اور کیا اور کیا ہیں ' مگر اُن میں کوئی خدا کا بندہ ایسا

نظر نہیں آتا جو اِن واجب التعظیم اپاھجوں کے کھانے پہننے ' اوڑھنے ' رھنے سہنے 'لکھنے پڑھنے وغیرہ کا سامان مہیا کرے - اول تو کسی ملک میں بغیر کار کن جماعتوں کے ایسی آبادی کا وجود میں آنا ھی نا ممکن ھے ' لیکن اگر بفرض محال کسی خطے میں ایسی نانندنی آبادی چند روز کے لئے آباد ھو جائے تو اُس کا انجام کیا ھوگا ؟ - ممکن ھے کہ بعض کو مطالعہ کے ذوق شوق میں ایک آدہ روز بھوک پیاس نہ لگے ؛ بعض کو کسی مشکل مسئلہ کے حل ھوجانے کی خوشی میں ایک دو وقت کھانے کی کچھہ پروا نہ رھے ؛ اور بعض کو کسی مضمون کی دھن میں کچھہ دیر تک خور و نوش کا مطلق خیال نہ آئے ' مگر بہت جلد وہ آپ کو ایک ایسی مخلوق پائیں گے جو بھوکی ھے مگر کوئی اُس کا رزاق نہیں ؛ ننگی ھے مگر کوئی اُس کا ستار نہیں ؛ حاجتمند ھے مگر کوئی اُس کا قاضی الحاجات نہیں ؛ اب یا تو اُنھیں خود اپنے اعلیٰ اور اشرف ھاتھوں سے وہ تمام حقیر اور ذلیل کام سر انجام کرنے پڑیں گے جو عوام کالانعام کو کرنے چاھئیں اور یا فوراً اُس ملک سے ھجرت کرکے کسی ایسے خطے میں جاکر رھنا پڑے گا جہاں اُن کے لئے فرمانبردار بندے یا بندہ پرور خدا موجود ھوں - دونوں حالتوں میں نتیجہ یہ نکلے گا کہ دنیا کی کل محض علم سے چل نہیں سکتی -

اِس کے بعد ھم ایک دوسرا ملک فرض کرتے ھیں جس کے تمام باشندے اَن پڑہ اور بے علم مگر سب پرلے درجے کے محنتی اور جفاکش اور اپنی ضروریات زندگی مہیا کرنے

میں سر گرم ہیں - گو اُنھوں نے زراعت یا تجارت یا صنعت و دستکاری کے اُصول کتابوں میں نہیں پڑھے مگر وہ اپنی تمام ضروریات جن پر اِنسان کی زندگی موقوف ہے مہیا کرتے ہیں - قدرتی خواہشیں اور فطرتی ضرورتیں اُن کو جس طرح سکھاتی گئیں اور متواتر تجربوں سے جس قدر ان کی سمجھ بوجھ بڑھتی گئی وہ اپنے کام تمام برابر سر انجام کرتے رہے - بونا جوتنا ' بنج بیوھار ' صنعت اور دستکاری ' غرض کہ تمام اہم اور ضروری کام رفتہ رفتہ بقدر ضرورت انجام دینے لگے - اب اُن کی کوئی ضرورت بند نہیں رہتی اور کوئی کام اٹکا نہیں رہتا - ایک اناج پیدا کرکے لاتا ہے ' دوسرا پیستا ہے ' تیسرا پکاتا ہے اور تینوں مل کر کھاتے ہیں - ایک روئی پیدا کرتا ہے ' دوسرا کاتتا ہے ' تیسرا بنتا ہے ' چوتھا سیتا ہے اور چاروں مل کر پہنتے ہیں - اُن کو چوری یا ڈکیتی کا مطلق خوف نہیں ' کیوں کہ اُن کے پاس اپنے ہاتھ پاؤں کی محنت کے سوا کوئی دولت نہیں - اُن کو غنیم کے حملے کچھ ڈر نہیں ' کیوں کہ وہ اپنے ہاتھ پاؤں سے چوکس اور غنیم کے مقابلے کے لئے مستعد اور تیار ہیں - اُن میں کوئی بد کار بد چلن نہیں ' کیوں کہ اُن کو اپنے کام دھندوں میں بد کاری اور بد چلنی کی فرصت نہیں - اُن میں کوئی روگی اور بیمار نہیں کیونکہ اُن میں کوئی طبیب اور ڈاکٹر نہیں - اُن میں کوئی مذہبی تکرار نہیں ، کیونکہ اُن میں کوئی واعظ یا ملا نہیں - اُن میں کوئی پولیٹکل اختلاف نہیں ، کیونکہ وہ سب کنسرویٹو ہیں ،

کوئی اُن میں روشن خیال لبرل نہیں - اُن میں کوئی عدالتی جھگڑا نہیں ' کیونکہ اُن میں کوئی وکیل اور بیرسٹر نہیں اُن میں اِس کے سوا کوئی عیب نہیں کہ وہ متمدن نہیں اور اِس سے صاف ظاهر هے کہ دنیا کی کل عمل سے چلتی هے نہ کہ علم سے —

اِب فرض کرو کہ اِس ملک کے باشندوں کا میل جول کسی ایسے ملک والوں سے هوا جن کے تمام کام علمی اُصول پر مبنی هیں - اُنھوں نے زراعت ' تجارت' صنعت و دستکاری اور تمام جنگی اور ملکی مہمات میں علم هی اپنا رهبر بنایا هے - کیا معمار ' کیا بڑھئی' کیا لوهار اور کیا کمہار کیا درزی اور کیا کفش دوز غرض کہ تمام پیشہ ور محض علم کی هدایت سے اپنے کام سر انجام کرتے هیں - ان کے میل جول ' لین دین نے اِس ملک کے غریب باشندوں کو سخت نقصان پہنچایا ; اُن کی تجارت نے اُن کے اخراجات زندگی حد سے زیادہ بڑھادئے ; اُن کی صنعت سے اُن کی صنعت ماند هوگئی ; اُن کی دستکاری نے اُن کی دستکاری کو اینڈ کردیا ; مگر ایک مدت تک اِن کو اِس بات کی خبر نہ هوئی کہ همارے پیشہ ور کیوں بے کار هو گئے ' هماری کمائیوں میں برکت کیوں نہیں رهی ; همارے اخراجات روز بروز کیوں بڑھتے جاتے هیں ، اور هماری آمدنی همارے اخراجات کو کیوں مکتفی نہیں هوتی - لیکن اِس غیر قوم سے جوں جوں میل جول بڑھتا گیا ' اُن کو اِن کی اور اِن کو اُن کی زبان سیکھنے کی ضرورت زیادہ هوتی گئی اِنھوں نے

اول ان کی زبان سیکھی ' پھر رفتہ رفتہ اُن کے علم بھی سیکھنے لگے ؛ جن علموں کے ذریعہ سے اُنھوں نے ھر فن میں ترقی کی تھی وہ علم بھی اِنھوں نے حاصل کئے ' مگر کتابی علم کے سوا کوئی عملی فائدہ اُن کے علموں سے نہ اُٹھایا - وہ علم کو عمل کی غرض سے سیکھتے تھے ' اِنھوں نے علم کو محض علم کے واسطے سیکھا - وہ اِس نتیجے پر پہنچ چکے تھے کہ علم آدمی کے لئے بنا ھے ؛ مگر یہ بہ مشکل ابھی یہیں تک پہنچے تھے کہ آدمی علم کے لئے بنا ھے - وہ علم سے خود بھی لذت اور فائدہ اُٹھاتے تھے اور اپنے ملک اور قوم کو بھی لذت اور فائدہ پہنچاتے تھے ' اُنھوں نے گونگے کی طرح گڑ کھایا اور کسی نے نہ جانا کہ کھٹا ھے یا میٹھا - وہ دنیا کی مختلف زبانیں اس لئے سیکھتے تھے کہ تمام عالم میں پھرتے تھے ' غیر ملکوں کے آدمیوں سے ملتے تھے ' مختلف قوموں کے علوم و فنون سے آگاھی حاصل کرتے تھے اور اُن کو اپنی زبان میں نقل کرتے تھے - اِنھوں نے بھی اُن کی دیکھا دیکھی غیر ملکوں کی زبانیں اور غیر قوموں کی بولیاں سیکھیں ' مگر نہ اس لئے کہ غیر ملکوں میں سفر کریں اور غیر قوموں کے علوم و فنون اپنی زبان میں نقل کریں بلکہ اس لئے کہ طوطے کی طرح کہیں " حق اللہ پاک ذات اللہ " بول اُٹھیں اور کہیں " ست گوردت داتا " - وہ لمپ روشن کرنے کے لئے ' میز لکھنے کے لئے ' کرسی بیٹھنے کے لئے ' گھنٹہ وقت دیکھنے

کے لئے ' فرش بچھانے کے لئے خرید تے تھے ' اِنھوں نے بھی اُن کی ریس سے یہ سب چیزیں فراھم تو کیں مگر نہ لمپ کو جلایا ' نہ میز پر لکھا ' نہ کرسی پر بیٹھے ' نہ گھنٹے میں وقت دیکھا ' نہ فرش بچھایا بلکہ کباڑی کی طرح سارا گھر اسباب سے بھر لیا —

نتیجہ یہ ھوا کہ ان کی حالت پہلے سے بھی بدتر ھو گئی ' علم کے ذوق شوق میں انھوں نے ھاتھہ پاؤں ھلانے بالکل چھوڑ دئے اور علم کا ادب اُن کو دنیا کے ذلیل کاموں میں ھاتھہ ڈالنے سے مانع ھوا - اب تاوقتیکہ وہ علم کو عمل کی غرض سے نہ پڑھیں اور اس سے عملی فائدہ نہ اُٹھائیں ممکن نہیں کہ اُن کی حالت درست ھو - اس سے صاف ظاھر ھے کہ دنیا کی کل علم سے نہیں چلتی بلکہ عمل سے چلتی ھے - اس تمثیل سے ھمارا یہ مطلب نہیں کہ ھم کو علم کی ضرورت نہیں ' نہیں بلکہ ھم کو اس وقت علم کی نہایت ضرورت ھے ' اور ایسی ضرورت ھے جیسے پیاسے کو ٹھنڈے پانی کی ضرورت ھوتی ھے ' لیکن جس طرح ٹھنڈے پانی کی کُلیاں کرنے سے پیاس نہیں بجھتی بلکہ اور زیادہ آگ بھڑکتی ھے ' اِسی طرح سطحیوں کے مانند کتابوں کے الفاظ اور علموں کی اصطلاحیں یاد کرنے سے اور طوطے کی طرح علمی مسائل اور قواعد ازبر کرنے سے کوئی شخص نہ آپ کو اور نہ ملک کو کوئی اصلی فائدہ پہنچا سکتا ؛ بلکہ اندیشہ ھے کہ ایسے لوگ ملک کے حق میں مضر ثابت نہ ھوں - جس علم کی ھم کو ضرورت ھے وہ وہ علم ھے

جو ہماری ساکن اور پژمردہ قوتوں کو متحرک اور شگفتہ وشاداب کرے ' نہ وہ علم جو ہمارے متحرک اور شگفتہ قوی کو بھی ساکن اور پژمردہ کردے - ایسے علم سے بے علمی سو درجہ بہتر ہے - بقول شخصے :-

" بخشو بی بای طوطا لنڈورا ہی جئے گا "

---

# اورنگ زیب کی چڑھائی دکن پر

از

(شمس العلما محمد حسین (آزاد) دہلوی مرحوم)

[ آزاد مرحوم دہلی کے رہنے والے ور شیخ ابراہیم (ذوق) کے شاگرد تھے - ان کی اردو نثر بہت لطیف ہوتی ہے ' تشبیہ و استعارہ کا استعمال بڑی خوبی سے کرتے ہیں - آب حیات ' جس میں اُردو کے شاعروں کا تذکرہ ہے ' ایک بے مثال کتاب ہے - اِس کے علاوہ نیرنگ خیال ' دربار اکبری ' قصص ہند حصۂ دوم بھی اُن کی عمدہ تصانیف میں سے ہیں اگرچہ شاعری میں اُن کا درجہ اعلی نہیں لیکن نیچرل شاعری کی طرف رہنمائی کرنے میں بڑا کام کیا ہے - ولادت سنہ ۱۸۲۷ ع - وفات سنہ ۱۹۱۰ ع ]

اکبر کے آئین اور جہانگیر کی خوش مستیوں نے عہد شاہجہاں کے امن و امان میں پرورش پاکر عجیب و غریب رنگ پیدا کئے تھے - یعنے سلطنت کی شان و شوکت کے

ساتھہ فوج کا بھی ڈھنگ بدل گیا تھا - چنانچہ جب دیکھنے والے اُنھیں دیکھہ کر تیموری اور بابری سواروں کا اور ان کی بکتّت یلغاروں کا خیال کرتے تھے تو تعجب آتا تھا - لشکر کے ادنی ادنی رسالہ دار کا یہ عالم تھا کہ اس کے ساتھہ رسالہ ایک دولہا کی برات معلوم ہوتی تھی - خیال کرنا چاہئے کہ ایک ایک شاہزادہ کا اور خود بادشاہ کی سواری کا کیا عالم ہوگا ! غرض لشکر شاہی نے نشان چڑھایا اور دکن کو روانہ ہوا - سب سے پہلے ایک ہاتھی پر علم اژدھا پیکر ' پیچھے اُس کے ہاتھیوں پر ہندوستان کا ماہی مراتب ' اپنی ولایت کے طوغ و علم برنجی اور فولادی نقارے اور دمامے - بعد ان کے ہزاروں ہاتھی ہودج عماری سے سجے ' سونڈوں میں فولادی زنجیریں لئے ' گلے میں ہیکلیں ' پیشانیاں شام شفق کی طرح رنگین ' اس پر سنہری روپہلی ڈھالیں ' زربفت کی جھولیں پاؤں تک لٹکتی ' کسی پر ہودج کسی پر عماری ریشمی اور کلا بتونی رسوں سے کسی ' گردنوں پر مہاوت جن کے گلے میں زربفت کی کرتیاں ' سر پر جوڑے دار پگڑیاں ' کمر میں کٹار ایک ہاتھہ میں گجباگ ' ایک میں آنکس ' جھومتے جھامتے چلے جاتے تھے ' آگے پیچھے چرکٹے سانٹنے مار ' بھالے بردار ' برچھیت ' باندار ' فتیلے سلگاتے بھاگے چلے جاتے تھے - پھر ہزاروں سواروں کے پرے ' سر سے پاؤں تک لوہے میں ڈوبے ' بہادر نوجوان ترک بچے ' افغان ' حبشی ' راجپوت دو دو تلواریں باندھے ' فولادی خود سروں پر دھرے ' کمر میں قرولی

اور کٹار ، پشت پر گینڈے کی ڈھال ، چار آئینے سجے ، کہنیوں تک دستانے چڑھے ، ہاتھ میں سات گز کا برچھا ، نگاہوں سے خون ٹپکتا ، موچھوں کو تاؤ دیتے ، گھوڑے اڑاتے چلے جاتے تھے - پھر ہزاروں سانڈنیاں خوش رفتار کہ جن کے سو سو کوس کے دم ، اِن پر بانکے راجپوت لال پگڑیاں باندھے زرد انگرکھے پہنے ، آبی باناث کے پاجامے چڑھائے ، ہتھیار لگائے ، مہاریں اٹھائے - جب یہ گزر گئے تو سواری کے خاص خاصے نظر آئے - عربی ، ترکی ، عراقی ، یمنی کاٹھیاواڑ کے دکنی ، چاند سونے کے بھاری بھاری ساز ، کسی پر جڑاؤ زین دھرا ، کسی پر چار جامہ کسا ، دمچیاں اور پاکھریں پٹھوں پر پڑیں ، جن میں قاقم و سمور کی جھالر ، کلابتوں کے پھندنے ، گلے میں سرا گائے کی چوریاں لٹکتیں - سر پر کلغیاں طلائی اور نقرئی ، ریشمی باگ ڈوریں سائیسوں کے ہاتھوں میں الیل کرتے اور چوکڑیاں بھرتے جاتے تھے - ان کے بعد عربی ، رومی ، تاتاری ، فرنگی ، ہندی باجے ، نقیبوں اور چوبداروں کے آوازے ، دمامے کی چوٹ کے ساتھ کڑکیتوں کے کڑکوں کا وہ خیال بندھا ہوا کہ بڑھوں کے دلوں میں لہو جوش مارنے لگے - ان کے بعد احدیوں اور خواصوں کا انبوہ ، کندھوں پر بندوقیں جن پر باناث کے غلاف - پھر خاص برداروں کا غول ، سروں پر کشمیری شالیں بندھی ، کمخواب کے انگرکھے ، زر بفت کی نیمہ آستین پہنے ، گجراتی مشروع کے کھٹنے چڑھائے ، اصفہانی تلواریں سونتے ، مرصع قبضے ہاتھ میں ، سنہری روپہلی میان کمر میں - ان کے بعد

سقوں کا غول آیا کہ چھڑ کاؤ سے روئے زمین کو تر و تازہ کردیا غلام اور خواجہ سرا انگیٹھیاں اور عود سوز لئے خوشبوؤں سے دماغ معطر کرتے چلے گئے - پھر ارکان دربار کے جھمگھٹ، بیچ میں شاہ خورشید کلاہ سفید داڑھی بڑھاپے کا نور منہ پر، ھوادار میں سوار، ساتھ ایک خاصے کا گھوڑا، پیچھے سونے کی عماری ھاتھی پر دھری، جریب کا پیمانہ اور کوس کا پیا پھرتا چلا جاتا تھا - سواری سے کوس بھر پیچھے سیکڑوں ھاتھی مست جنگی دیوزاد کی صورت مستکوں پر فولادی ڈھالیں، ایک کالی گھٹا چلی آتی تھی کہ جس سے بجائے پانی کے مستی ٹپکتی تھی - پیچھے چیتوں کے چھکڑے؛ آنکھوں پر زردوزی دیدہ بند، کمر میں کلابتونی اور ریشمی حلقے پڑے - ساتھ ھی شکاری کتے، تازی، ولائتی، بودار، بلڈوگ کہ شیر کا سامنا کریں اور پلنگ سے منہ نہ پھیریں پیچھے کوسوں تک شاھزادوں اور ارکان دولت کے لشکر راجوں مہاراجوں کی فوجیں، پیادوں کے غول اور سواروں کے رسالے، رنگا رنگ کے نشان، جدا جدا پھریرے اُڑاتے چلے آتے تھے - بھیڑ و بنگاہ کا تانتا لگا تھا کہ جس کا صبح سے شام تک خاتمہ نہ تھا —

——*——

# عبدالرحیم خان خانخاناں کی فیاضی اور دریادلی

از

(مولوی محمد حسین (آزاد) دہلوی مرحوم)

خانخاناں جود و کرم کے باب میں بے اختیار تھا۔ ہمت اور حوصلے کے جوش فوارے کی طرح اچھلے پڑتے تھے اور عطا اور انعام کے لئے بہانہ ڈھونڈتے تھے۔ اس کی امیرانہ طبیعت بلکہ شاہانہ مزاج کی تعریفوں میں شعرا اور مصنفوں کے لب خشک ہیں۔ علما، صلحا، فقرا، مشائخ وغیرہ وغیرہ سب کو ظاہر اور خفیہ ہزاروں روپے اشرفیاں، دولت و مال دیتا تھا اور شعرا اور اہل کمال کا تو مائی باپ تھا۔ جو آتا اُن کی سوکار میں آکر اِس طرح اُترتا جیسے اپنے گھر میں آگیا اور اتنا کچھ پاتا تھا کہ بادشاہ کے دربار میں جانے کی ضرورت نہ ہوتی تھی۔ مآثرالامرا میں لکھا ہے کہ اس کے وقت میں اہل کمال کا وہ مجمع تھا جو سلطان حسین مرزا اور امیر علی شیر کے عہد میں گذرا ہے۔ مگر میں

کہتا ہوں کہ ان کے دربار میں یہ لہر بہر دریائے سخاوت کی موجا - کئی شاعروں کو اشرفیوں میں تلوادیا - اس کی سخاوتوں کے کارنامے اکثر لطیفوں اور حکایتوں کے رنگ و بو میں محفلوں اور جلسوں پر پھول برساتے ہیں - میں بھی اس کے گلدستوں سے دربار اکبری کو سجاؤں گا - شعرا نے جتنے قصیدے اِس کی تعریف میں کہے ہیں، اکبر ہی کی تعریف میں کہے ہوں تو کہے ہوں اور اس نے بھی اُنہیں لاکھوں انعام دئے -گنوان پنڈت، کوی کبیشور بلکہ بھاٹ ہزاروں اشلوک، دوہرے، کبت کہہ کر لاتے تھے اور ہزاروں لے جاتے تھے- انعام میں بھی وہ وہ نزاکت و لطافت کے انداز دکھا گیا کہ آئندہ دینے والوں کے ہاتھ کاٹ ڈالے ہیں - ملا عبدالباقی نے کل قصائد صحیح البیاض جمع کرکے ایک ضخیم کتاب بنادی ہے - اس میں ہر شاعر کا حال اُس کے قصیدے کے ساتھ لکھا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ کس تقریب میں یہ قصیدہ لکھا گیا تھا اور انعام کیا پایا تھا - اُس سے اکثر جزئیات تاریخی حالات کے معلوم ہوتے ہیں - (مآثر رحیمی )اُس کا نام ہے —

(لطیفہ) - خانخاناں کا دسترخوان نہایت وسیع ہوتا تھا- کھانے رنگا رنگ کے تکلفات سے رنگین اور اُس کے فیض سخاوت کی طرح اہل علم کے لئے عام تھے - جب دسترخوان پر بیٹھتا تھا مکانوں میں درجہ بدرجہ صدہا بندگان خدا بیٹھتے تھے اور لذت سے کامیاب ہوتے تھے - اکثر کھانوں کی رکابیوں میں کسی میں کچھ روپے کسی میں کچھ اشرفیاں رکھ دیتے تھے، جو جس کے نوالے میں آئے اُس کی قسمت - آج

تک وہ مثل زبانوں پر ھے - خان خاناں جس کے کھانے
میں بتانا -

( لطیفہ ) - ایک دفعہ پیش خدمتوں میں کوئی نیا شخص ملازم ھوا تھا - دستر خوان آراستہ ھوا , نعمتہاے گونا گوں چنی گئیں - جب خان خاناں آکر بیٹھا سیکڑوں امرا اور صاحب کمال موجود تھے - کھانے میں مصروف ھوے - اس وقت وھی پیش خدمت خانخاناں کے سر پر رومال ھلارھا تھا - یکا یک رونے لگا - سب حیران ھوگئے - خان خاناں نے حال پوچھا - عرض کی کہ میرے بزرگ صاحب امارت اور دست گاہ تھے ' میرے باپ کو بھی مہمان نوازی کا بہت شوق تھا - مجھہ پر زمانے نے یہ وقت ڈالا ; اِس وقت آپ کا دستر خوان دیکھہ کر وہ عالم یاد آ گیا - خانخاناں نے بھی افسوس کیا - ایک مرغ بریاں سامنے رکھا تھا - اس پر نظر جاپڑی - پوچھا ' بتاؤ مرغ میں کیا چیز مزے کی ھوتی ھے - اس نے کہا پوست - خان خاناں نے کہا سچ کہتا ھے ' لطف و لذت سے با خبر ھے - مرغ کی کھال اُتار کر پکاؤ تو کیسا ھی تکلف سے پکاؤ وہ لذت اور نمکینی نہیں رھتی - بہت خوش ھوا ' دستر خوان پر بٹھا لیا ' دل جوئی کی اور مصاحبوں میں داخل کردیا -

دوسرے دن دستر خوان پر بیٹھے تو ایک اور خدمتگار رونے لگا - خان خاناں نے اِس سے بھی سبب پوچھا اس نے جو سبق کل پڑھا تھا وھی سنا دیا - خان خاناں ھنسا اور ایک اور جانور کا نام لے کر پوچھا کہ بتاؤ اس میں کیا چیز مزے

کی ہوتی ہے - اس نے کہا پوست - سب لعنت ملامت کرنے لگے - خان خاناں بہت ہنسا - اسے کچھہ انعام دے کر کسی اور کارخانے میں بھیج دیا کہ ایسا شخص حضور کی خدمت کے قابل نہیں -

ایک دن ملازموں کی چٹھیاں دستخط کر رہے تھے، کسی پیادے کی چٹھی پر ہزار دام کی جگہ ہزار روپے لکھدئے ؛ دیوان نے عرض کی، کہا اب جو قلم سے نکل گیا اس کی قسمت- ایک دن نظیری نیشاپوری نے کہا کہ نواب میں نے لاکھہ روپے کا ڈھیر کبھی نہیں دیکھا کہ کتنا ہوتا ہے - اُنہوں نے خزانچی کو حکم دیا - اس نے سامنے انبار لگا دیا - نظیری نے کہا شکر خدا آپ کی بدولت آج لاکھہ روپے دیکھے - خانخاناں نے کہا، اللہ جیسے کریم کا اتنی بات پر کیا شکر کرنا - روپے اسی کو دے دئیے اور کہا خیر اب شکر الہی کرو تو ایک بات بھی ہے -

جہانگیر بادشاہ ایک دن تیر اندازی کررہا تھا، کسی بھاٹ کی یاوہ گوئی پر خفا ہو کر حکم دیا کہ اسے ہاتھی کے پاؤں تلے پامال کریں - خانخاناں پاس کھڑا تھا - فرقۂ مذکور کی حاضر جوابی اُس کی زباں درازی سے بھی بڑھی ہوتی ہے ؛ اِس نے عرض کی، حضور ذرۂ ناچیز کے لئے ہاتھی کیا کرے گا ایک چوھے چڑے کا پاؤں بھی بہت ہے - ہاتھی کا پاؤں خان خاناں کے لئے چاھئے کہ بڑا آدمی ہے - جہانگیر نے ان کی طرف دیکھا کہ اس لفظ نے دل پر کیا اثر کیا - پوچھا کیا کہتے ہو ؟ انہوں نے کہا کچھہ نہیں - داروغہ سے

پوچھا کہ تو بتادے - خانخاناں خود بولے کہ حضور کے تصدق سے خدا نے مجھہ ناچیز کو ایسا کیا کہ یہ بڑا آدمی سمجھتا ہے - میں نے اس وقت شکر خدا کیا اور کہا کہ جب اس کی خطا معاف هو تو پانچ هزار روپے دے دینا ' حضور کی جان و مال کو دعا دے گا —

اهل هند کا خیال ہے کہ سورج هر شام کو سمیر کے پیچھے چلا جاتا ہے اور وہ ایک سونے کا پہاڑ ہے - اُنھوں نے یہ بھی فرض کیا ہے کہ چکوا چکوی دن کو ساتھہ رہتے هیں ' رات کو دریا کے وار پار الگ الگ جا بیٹھتے هیں اور رات بھر جاگ کر کاٹتے هیں - ایک بھاٹ نے چکوا چکوی کی زبانی کبت کہا جس کا خلاصہ یہ کہ خدا کرے خانخاناں کا سمند فتوحات سمیر پہاڑ تک جا پہنچے ؛ وہ بڑا سخی ہے ' سب بخش دے گا پھر همیشہ دن رہے گا اور هم تم موج کریں گے - جب یہ کبت پڑھا گیا تمام اهل دربار نے تعریف کی کہ نیا مضمون ہے - خانخاناں نے پوچھا کہ پنڈت جی تمھاری عمر کیا ہے - عرض کی ۳۵ برس - کُل سو برس کی عمر لگائی گئی اور ۵ روپے روز کے حساب سے ۶۵ برس کا روپیہ جو کچھہ هوا خزانہ سے دلوا دیا -

ایک بھو کا برهمن خانخاناں کے دروازے پر آیا ' دربان نے روکا - اُس نے کہا کہدو آپ کا همزلف ملنے آیا ہے ' اور اس کی بی بی ساتھہ ہے - خدمت گار نے عرض کی - اُسے بلایا پاس بٹھایا اور رشتہ کا سلسلہ کھولا - اُس نے کہا کہ بپتا اور سنپتا دو بہنیں هیں ' پہلی میرے گھر گئی ' دوسری آپ کے گھر آئی ہے ؛

آپ اور میں ھمزلف نہیں تو اور کیا ھیں ؟ نواب بہت خوش ھوا ، خلعت دیا ، خاصہ کے گھوڑے پر طلائی ساز سجواکر سوار کیا اور بہت کچھہ نقد و جنس دے کر رخصت کیا —

ایک دن دربار میں بیٹھا تھا ، اھالی و موالی ، اھل غرض ، اھل مطلب حاضر تھے - ایک غریب شکستہ حال آکر بیٹھا اور جوں جوں جگہ پاتا گیا پاس آتا گیا - قریب آیا تو ایک توپ کا گولہ بغل سے نکال کر لڑکایا کہ خانخاناں کے زانو سے آکر لگا - نوکر اس کی طرف بڑھے اُس نے روکا اور حکم دیا کہ گولے کے برابر سونا تول دو - مصاحبوں نے پوچھا ، کہا یہ قول شاعر کو کسوٹی پر لگاتا ھے —

آھن کہ بپارس آشنا شد فی الحال بہ‌صورت طلا شد

ایک دفعہ دربار شاھی سے برھان پور کو رخصت ھوے ، پہلی ھی منزل پر ڈیرے تھے - قریب شام سراپردہ کےسامنے شامیانہ لگا ھوا فرش بچھا ھوا ، آپ نکل کر کُرسی پر بیٹھے ، مصاحبوں ملازموں سے دربار آراستہ ، ایک آزاد سامنے سے گزرا اور پکار کر کہتا چلا —

منعم بکوہ و دشت و بیاباں غریب نیست
ھر جا کہ رفت خیمہ زد و بارگاہ ساخت

منعم خان ابھی ان کا خطاب ھوچکا تھا اور پہلے منعم خاں کفایت شعار تھے - اُنھوں نے خزانچی کو حکم دیا کہ لاکھہ روپے دیدو - فقیر دعائیں دیتا چلا گیا - دوسری منزل میں اُسی وقت پھر باھر نکل کر بیٹھے - فقیر پھر سامنے سے نکلا اور وھی شعر پڑھا - اُنھوں نے پھر کہہ دیا کہ لاکھہ روپیہ

دیدو - غرض وہ سات دن برابر اس طرح آتا رہا اور لیتا رہا پھر آپ ھی دل میں سمجھا کہ یہ انعام آج تک کسی سے نہیں پایا ' امیر ھے خدا جانے کبھی طبیعت حاضر نہ ھو ' خفا ھو کر کہے کہ سب چھین لو ؛ زیادہ طمع اچھی نہیں ' اسی کو غنیمت سمجھنا چاھئے - آتھویں دن خانخاناں پھر اسی طرح نکل کر بیتھے ' معمول سے زیادہ وقت گذرا ؛ دربار برخواست نہ کیا - شام ھوئی تو کہنے لگے کہ آج وہ ھمارا فقیر نہ آیا - خیربرھان پور آگرہ سے ۲۷ منزل ھے ' ھم نے تو پہلے دن ۲۷ لاکھہ روپیہ خزانہ سے منہا کر دیا تھا - تنگ حوصلہ تھا ' خدا جانے دل میں کیا سمجھا —

خانخاناں نہایت حسین تھا - اس کی خوبیاں اور محبوبیاں سن کر ایک عورت کو اشتیاق پیدا ھوا ' وہ بھی حسین تھی ' اُس نے اپنی تصویر کھچوائی اور ایک بڑھیا کے ھاتھہ بھیجی - وہ خلوت میں آکر خانخاناں سے ملی اور مطلب کو اس پیرایہ میں ادا کیا :- کہ ایک بیگم کی یہ تصویر ھے اُنھوں نے پیغام دیا ھے کہ آپ کی تعریفیں سن سن کر میرا جی بہت خوش ھوتا ھے ' ارمان یہ ھے کہ تمھی جیسا ایک فرزند میرے ھاں ھو - تم بادشاہ کی آنکھین ھو ' زبان ھو دست و بازو ھو ' نہین یہ بات کچھہ مشکل نہیں ' خانخاناں نے سوچ کر کہا کہ مائی ' تم میری طرف سے انھیں کہنا کہ یہ بات تو کچھہ مشکل نہیں مگر یہ مشکل ھے کہ خدا جانے اولاد ھو یا نہ ھو اور ھو تو کیا خبر ھے بیتا ھی ھو اور وہ زندہ بھی رھے - پھر خدا جانے ایسی صورت ھو یا نہ ھو ' یہ بھی ھو تو اقبال پر کس کا

۹۲۸۹۶

زور ھے ' خدا چاھے دے خدا چاھے نہ دے - اگر انہیں مجھہ جیسے بیٹے کی آرزو ھے تو کہنا کہ تم ماں اور میں بیٹا ؛ خدا کا شکر کرو جس نے پلا پلایا بیٹا تمھیں دیا - ماں کو اس قدر روپیہ مہینہ دیتا ھوں وھی تمھیں بھیجا کروں گا -

ایک شخص خانخاناں کے پاس آیا اور یہ قطعہ لکھکر دیا -

اے خان جہاں خانخاناں
دارم صنمے کہ رشک چین است
گر جاں طلبد مضائقہ نیست
زر می طلبد سخن درین است

پوچھا وہ کیا مانگتے ھیں - کہا لاکھہ روپیہ - حکم دیا کہ سوا لاکھہ دے دو -

ایک دن خانخاناں کی سواری چلی جاتی تھی - ایک شکستہ حال غریب نے ایک شیشی میں بوند پانی ڈال کر دکھایا اور اسے جھکا یا ' جب پانی گرنے کو ھوا تو شیشی کو سیدھا کردیا اُس کی صورت سے معلوم ھوتا تھا کہ اشراف خاندانی ھے - خانخاناں اسے ساتھہ لے آئے اور انعام و اکرام دے کر اُسے رخصت کیا - لوگوں نے پوچھا ' کہا کہ تم نہیں سمجھے - اس کا مطلب یہ تھا کہ ایک بوند آبرو رھی ھے اور اب یہ بھی گرا چاھتی ھے —

ایک دن سواری میں انھیں کسی نے ڈھیلا مارا - سپاھی دوڑ کر پکڑ لائے - انھوں نے کہا ھزار روپیہ دیدو - سب حیران ھو گئے - عرض کی کہ جو نالائق قابل دشنام بھی نہ ھو اُسے انعام دنیا آپ کا ھی کام ھے - اُنھوں نے کہا ' لوگ پھلے ھوے درخت پر پتھر مارتے ھیں ' جو میرا پھل ھے وہ مجھے دینا واجب ھے —

ایک دن سواری سے اُترتے تھے ' ایک بڑھیا برابر آئی - ایک توا اس کی بغل میں تھا ' نکال کر ان کے بدن سے ملنے لگی - نوکر ہاں ہاں کرکے دوڑے - انھوں نے سب کو روکا اور حکم دیا' کہ اسی کے برابر اسے سوناتول دو - مصاحبوں نے سبب پوچھا کہا یہ دیکھتی تھی کہ بزرگ جو کہا کرتے تھے کہ بادشاہ اور ان کے امیر پارس ہوتے ہیں یہ بات سچ ہے یا نہیں - اور اب بھی ویسے لوگ ہیں یا کوئی نہیں رہا —

خانخاناں دربار چلے - ایک سوار سپاہ گری کے ہتھیار لگائے سامنے آیا اور سلام کیا - انھوں نے حال پوچھا - اس نے کہا کہ نوکری چاہتا ہوں - بانکپن یہ کہ پگڑی میں دو میخیں بھی باندھی ہیں - پوچھا کہ ان میخوں کا کیا معاملہ ہے ' اس نے عرض کی کہ ایک میخ تو اس کے واسطے کہ نوکر رکھے اور تنخواہ ندے ' دوسری اس نوکر کے واسطے کہ تنخواہ لے اور کام چوری کرے - خانخاناں نے تنخواہ مقرر کی اور ساتھ لائے - وہ بھی دربار میں آیا اس کے بانکپن کے انداز کو سب دیکھنے لگے - انھوں نے اس سے پوچھا کہ انسان کی بہت سے بہت عمر ہوتو کتنی ہو- اُس نے کہا کہ عمر طبعی ۱۲۰ برس کی ہوتی ہے - انھوں نے خزانچی کو حکم دیا کہ سپاہی کی عمر بھر کی تنخواہ بے باق کر دو اور اُس سے کہا لیجئے حضرت ' ایک میخ کا بوجھ تو سر سے اُتار دیجئے دوسری کا آپ کو اختیار ہے —

دربار جاتے تھے - مصور نے تصویرلاکر دی کہ ایک صاحب جمال عورت ہے 'نہاکراُٹھی ہے 'کرسی پر بیٹھی ہے' ایک طرف کو جھکی ہوئی سر کے بال پھٹکار رہی ہے 'اونڈی پاؤں دھلاتی ہے

اور جھانوا کر رھی ھے - خانخاناں اسے دیکھتے ھوئے دربار سے چلے گئے - آکر حکم دیا کہ اس مصور کو بلاو اور پانچ ھزار روپیہ دیدو - مصور نے عرض کی ' انعام تو فدوی جبھی لے گا کہ جو بات حضور قابل انعام خیال فرماویں وہ ارشاد فرماویں - سب مصاحب متوجہ ھوگئے - انھوں نے کہا کہ اس کے لبوں کی مسکراھٹ اور چہرہ کا انداز دیکھا ؟ سب نے کہا کہ دیکھا ' نہایت خوب اور بہت زیبا - خانخاناں نے کہا ' پاؤں کی طرف تو دیکھو ' وہ گدگدیاں ھو رھی ھیں - اس نزاکت اور لطافت پر ۵ ھزار روپیہ کیا حقیقت ھے ' ۵ لاکھ بھی تھوڑا ھے - مصور نے کہا کہ حضور بس انعام پا لیا اور میں آپ کا غلام ھو لیا - تمام امیروں کے پاس لے کر پھرا ' ایک نے یہ نکتہ نہیں پایا , ھم لوگ قدر شناس کے غلام ھیں —

خانخاناں جب مظفر پر ظفر یاب ھوکر آئے تو بادشاہ کے لئے بہت سے عجائب و نفائس خاندیس و دکن اور مما لک فرنگ کے لائے - ان میں عجیب تحفہ یہ تھا کہ رائے سنگھ جھالا علاقۂ گجرات کے راجہ کو حاضر کیا - معلوم ھوا کہ یہ نوجوانی کے عالم میں برات لے کر بیاھنے گیا تھا - جب وھاں سےخوشی کے نقارے بجاتا ھوا پھراتو جسا راجہ (کچھہ) کے چچیرے بھائی کے ملک میں سے گذرا - محلوں کے پاس برات پہنچی تو پیام آیا کہ نقارے نہ بجاؤ یا دوز دوز نکل جاؤ اور مرد ھو تو تلوار نکالو اور لڑو- اگرچہ سامان ساتھہ نہ تھا مگر رائے سنگھ دولھا کی رائے لڑائی پر جمی اور جہاں تھا وھیں

تلوار کھینچ کر کھڑا ہو گیا - جسا جہت فوج لے کر آئے - بڑا
کُشت و خون ہوا اور جلد میدان جنگ سے نیستی خانہ
میں داخل ہوے چھوٹا بھائی راؤ صاحب آیا وہ بھی بڑے
بھائی کے پاس پہنچا - راجپوتوں میں رسم ہے کہ جب جوش
میں آتے ہیں تو تلواریں سونت کر کود پڑتے ہیں کہ
شاید گھوڑا بے قابو ہو کر بھاگے یا گھوڑا ران تلے دیکھکر
اپنی ہی نیت بگڑے اور جان لے کر نکل جائے - اس لڑائی
میں طرفین کے بہادر اسی طرح جانوں سے ہاتھ اُٹھا کر
میدان میں اُتر پڑے تھے - غرض دولھا اور اس کے رفیق
فتح یاب ہو کر موچھوں پر تاؤ دیتے اپنے گھوڑوں پر آئے -
سپاہ مغلوب کے پیادے جو گھوڑے لئے کھڑے تھے، انھیں
جوش آیا، گھوڑوں کو چھوڑ کر تلواریں لیں اور پھر میدان
کار زار گرم ہوا ایسا بھاری رن پڑا کہ دولھا زخمی ہو کر
گر پڑا - ایک کو ایک کی خبر نہ تھی، کسی نے کسی کو نہ
پہچانا کہ کس کی لاش کہاں رہی - دولھا بہت زخمی ہوا تھا
سانس ہی سانس باقی تھی - رات کو کوئی جوگی اُدھر آیا
اور اٹھا کر اپنی مٹھر میں لے گیا، مرہم پٹی کی، خدا
نے بچا لیا - احسان کا بندہ اس کا چیلا ہو گیا - انیس برس
اس کی خدمت کرتا اور جنگلوں میں پھرتا رہا - گھر اور گھرانے
میں سب کو یہی خیال کہ میدان میں کام آیا - کئی رانیاں
ستی ہو گئیں، دلھن رانی دل کے ست اور اس کے خیال میں
خدا کو یاد کرتی تھی کیونکہ مرنے کا بھی یقین نہ تھا -
خانخاناں امیروں سے سوا فقیروں اور غریبوں کے یار تھے

ان کی سرکار میں فقیر ' امیر ' جوگی سب برابر تھے - جوگی جی کے بھی درشن ھوئے اور یہ حال معلوم ھوا :- گرو اور چیلے کو دربار میں لے آئے - اکبر بھی ایسے معاملات کے مشتاق رھتے تھے ' اس عجیب واردات کو سن کر بہت خوش ھوئے اور اتبت چیلا پھر رائے سنگھ راجہ بن کر اعزاز و اکرام کے ساتھ اپنے ملک کو رخصت ھوئے - جب وھاں گئے تو سب اقربا ' ملازم جمع ھوے اور دیکھ کر پہچانا - بڑی خوشیاں ھوئیں - سب سے سوا رانی کہ شرم بے زبانی سے کچھ کہہ نہ سکتی تھی اور اپنے مالک کی یاد میں بیتتوی تھی - دیکھو رسم کا ست تو مار چکا تھا ' محبت کا ست کام کر گیا - راجہ نے راج سنبھالا اور خیر خواھان دولت نے شکر الہی کے ساتھ خانخاناں کے شکرانے ادا کئے —

# اچھی کتاب کا مطالعہ

از

(مولوی عبد الحق صاحب بی اے 'علیگ')

پڑھنے کی عادت بہت اچھی ھے' مطالعہ ایک شریفانہ فعل ھی نہیں حکیمانہ فعل ھے' لیکن پڑھنے پڑھنے میں فرق ھے اور کتاب کتاب میں فرق ھے —

میں ایک بد معاش اور پاجی آدمی سے باتیں یا بے تکلفی کرتے ھوے جھپکتا ھوں' اور آپ بھی میرے اس فعل کو بری نظر سے دیکھتے ھیں - لیکن میں اس سے زیادہ بری اور پاجی کتاب پڑھتا ھوں' نہ آپ کو ناگوار گذرتا ھے نہ مجھے ھی کچھہ ایسی شرم آتی ھے' بلکہ اس کی ھر بات شربت کے گھونٹ کی طرح حلق سے اُترتی چلی جاتی ھے - پاجی آدمی کی تو شاید کوئی حرکت ناگوار ھوتی اور میں اُس سے بیزار ھو جاتا مگر یہ چپکے چپکے دل میں گھر کر رھی ھے اور اس کی ھر بات دلربا معلوم ھوتی ھے —

اگر میں کسی روز بازار جاؤں اور چوک میں سے کسی

محض اجنبی شخص کو ساتھہ لے آؤں اور اِس سے بے تکلفی اور دوستی کی باتیں شروع کردوں اور پہلے ھی روز اس طرح سے اعتبار کرنے لگوں جیسے کسی پرانے دوست پر ، تو آپ کیا کہیں گے - لیکن اگر ریل کسی استیشن پر ٹھیرے اور میں اپنی گاڑی سے اُتر کر سیدھے بک استال (کتب فروش کی الماری) پر پہنچوں اور پہلی کتاب جو میرے ھاتھہ لگے وہ خرید لاؤں اور کھول کے شوق سے پڑھنے لگوں تو شاید آپ کچھہ نہ کہیں گے- حالانکہ یہ فعل پہلے فعل سے زیادہ مجنونانہ ھے ، اُس کے لئے تو کوئی عذر ھو بھی سکتا ھے - مگر اس کے لئے کوئی عذر ممکن نہیں —

میں ایک بڑے آباد شہر یا مجمع میں جاتا ھوں ، کبھی ایک طرف نکل جاتا ھوں کبھی دوسری طرف جاپہنچتا ھوں اور بغیر کسی مقصد کے اِدھر اُدھر مارا مارا پھرتا ھوں افسوس کیھ باوجود آدمیوں کی کثرت کے میں وھاں اپنے تئیں اکیلا اور تنہا پاتا ھوں اور اس ھجوم میں تنہائی کا بار اور بھی گراں معلوم ھوتا ھے ، میرے کتب خانے میں بیسوں الماریاں کتابوں کی ھیں ، میں کبھی ایک الماری کے پاس جا کھڑا ھوتا ھوں اور کوئی کتاب نکال کر پڑھنے لگتا ھوں اور کبھی دوسری الماری میں سے کوئی کتاب اٹھا کر دیکھنے لگتا ھوں میں اس طرح سیکڑوں کتابیں پڑھ جاتا ھوں - لیکن اگر میں غور کروں تو دیکھوں کا کہ میں نے کچھہ بھی نہیں پڑھا - اس وقت میری آوارہ خوانی مجھے ستائے گی اور جس طرح ایک بھرے پرے شہر میں میری تنہائی میرے لئے وبال تھی اسی طرح اس مجمع شرفا و علما ،

ادبا و شعرا میں میں یکہ و تنہا اور حیران ہوں گا —

بغیر کسی مقصد کے پڑھنا فضول ہی نہیں مضر بھی ہے ' جس قدر ہم بغیر کسی مقصد کے پڑھتے ہیں اُسی قدر ہم ایک با معنی مطالعہ سے دور ہوتے جاتے ہیں -

ملٹن نے ایک جگہ کہا ہے کہ " اچھی کتاب کا گلا گھونٹنا ایسا ہی ہے جیسے کسی انسان کا گلا گھونٹنا " جس سے اس کی مراد یہ ہے کہ فضول اور معمولی کتابوں کے پڑھنے میں عزیز وقت ضایع کرنا اچھی کتاب کا گلا گھونٹنا ہے کیونکہ ایسی صورت میں وہ ہمارے لئے مردہ ہے -

لوگ کیوں فضول ' معمولی اور ادنیٰ درجہ کی کتابیں پڑھتے ہیں ؟ کچھہ تو اس لئے کہ اُن میں نیا پن ہے ' کچھہ اس خیال سے کہ ایسا کرنا داخل فیشن ہے ' اور کچھہ اس غرض سے کہ اس سے معلومات حاصل ہوتی ہیں - پہلی دو وجہیں تو طفلانہ ہیں - تیسری وجہ البتہ بظاہر معقول ہے ' لیکن اس کے یہ معنے ہوںگے کہ ہم معمولی ' ذلیل اور ادنیٰ معلومات اپنے دماغ میں بھرتے ہیں تاکہ اعلیٰ معلومات کی گنجائش باقی نہ رہے —

اگر ہم اپنے مطالعہ کا ایک سیاھہ تیار کریں اور اُس میں صبح سے شام تک جو کچھہ پڑھتے ہیں لکھہ لیا کریں اور ایک مدت کے بعد اُسے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ہم کیا کیا کر گزرے اس میں ہم بہت سی ایسی تحریریں پائیں گے جن کا ہمیں مطلق خیال نہیں ؛ بہت ایسے ناول ہونگے جن کے ہیروؤں تک نام یاد نہیں ؛ بہت ایسی کتابیں کہ جن کی نسبت اگر ہم سے

کوئی یہ کہتا کہ ہم پڑہ چکے ھیں تو ھمیں کبھی یقیں نہیں آتا - بہت سی ایسی تاریخیں، سفر نامے ' رسالے وغیرہ ھوں گے جنھیں پڑہ کر خوش تو کیا پچتائے ھی ھوں گے - اگر ہم علی گدہ کالج کے طالب علموں کے نام ' ان کے حلئے ' اُن کے وطن ' اُن کے محلے ' اُن کی کتب نصاب تعلیم اور اُن کے شجرے یاد کرنے شروع کردیں اور اسے معلومات کے نام سے موسوم کریں تو لوک کیا کہیں گے ؟ غرض ایسا ھی کچھہ حال اس سیاحہ کا ھوگا - اس کا اکثر حصہ خرافات کی ایک عجیب فہرست اور ھماری ورق گردانی اور تضیع وقت‌ودماغ کی ایک عمدہ یادگار ھوگی -

ملٹن نے کیا خوب کہا ھے " عمدہ کتاب حیات ھی نہیں بلکہ ایک لا فانی چیز ھے " - اس قول میں مطلق مبالغہ نہیں - عمدہ کتاب خود ھی لا فانی نہیں بلکہ اپنے لکھنے والوں کو ' ان کو جن کا اس میں ذکر ھے ' اور بعض وقت پڑھنے والوں کو بھی لافانی بنا دیتی ھے - عمدہ کتابوں نے انسانوں کے اخلاق و طبایع و آراء پر بہت بڑا اثر ڈالا ھے ؛ خیالات میں عظیم‌الشان تغیر پیدا کیا ھے ؛ قوموں میں ھل چل اور انقلابات بپا کئے ھیں اور ملکوں کی کایا پلٹ میں حیرت انگیز مدد دی ھے اور یہی عمدہ کتاب کی نشانی ھے - میں آج آپ کو ایک ایسی ھی کتاب کا حال سناتا ھوں - یہ آج کل کی نہیں ' صدی دو صدی کی نہیں بلکہ سنہ عیسوی کی پہلی صدی کی لکھی ہوئی ھے - یہ اب تلک زندہ ھے ' یہ لا فانی ھے ' اس نے بہت سے مردہ دلوں کو زندہ دل بنا دیا ' بہت سے سوتے ھوؤں کو بیدار اور غافلوں کو ھشیار کردیا ' بہت سی قوموں میں

قومیت و انسانیت کی روح پھونکھدی اور اس میں اب بھی اسی سحرکاری کی قوت موجود ہے بشرطیکہ ہمیں اپنی آورہ خوانی سے فرصت ہو —

جب رومہ کی قدیم سلطنت خانہ جنگیوں کی بدولت پارہ پارہ ہو گئی نیز مذہب عیسوی کے تازہ فروغ نے یونان قدیم کی تہذیب و حکمت کو برباد کر دیا تو چوتھی صدی سے تیرھویں صدی عیسوی تک بر اعظم یورپ میں سخت جمود کی کیفیت طاری رہی - علماے مذہبی کی تلقین اور حاکمانہ تعلیم نے لوگوں کو دنیا اور معاملات دنیا کی جانب سے بالکل بے پروا کردیا تھا ؛ دلوں پر آنے والے زندگی کا ہول اور قیامت کا خوف ایسا بیٹھ گیا تھا کہ جو لوگ تارک‌الدنیا نہ تھے حیات ظاہری کے مسائل پر غور کرنا انہیں بڑی ناگوار اور تضیع اوقات معلوم ہوتا تھا ؛ دماغوں میں اوہام پرستی اور متعصبانہ تنگ دلی اور قرمی بے غیرتی کے سوا کسی چیز کے سمانے کی گنجائش نہ تھی اور شخصی بادشاہوں کے طفلانہ فرمان اور خود غرض پادریوں کے خلاف انصاف اور خلاف انسانیت احکام کی تابعداری ، زندگی کا مسلمہ فریضہ بن گئی تھی -

صدیوں تک اسی خراب حالت میں پڑے رہنے کے بعد آخر کار اہل مغرب میں حرکت پیدا ہوئی اور اندلس کے اسلامی مدرس گاہوں کے طفیل سے اور ان یونانی پناہ گزینوں کے اثر سے جو ترکی فتح قسطنطنیہ کے بعد جنوبی یورپ میں بھاگ آے تھے ، یونان قدیم کے فلسفے و حکمت اور رومی قوانین و نظام سلطنت کا علم ان ممالک میں پھیلا اور محض اس کی بدولت ذہنی

ترقیوں کا وہ دور یورپ میں شروع ہوا جسے بجا طور پر اہل یورپ عہد بیداری سے تعبیر کرتے ہیں - علم و مطالعہ کے شوق کے اس احیا نے ایک طرف تو اس زبردست مذہبی اصلاح کی تخم پاشی کی جو عیسائیوں کے نئے فرقے پراتستنتوں کی تحریک کی سنگ بنیاد تھی اور دوسری طرف عدل و مساوات، رواداری اور معقولیت، آزاد خیالی اور جمہوریت اور ایثار و حب وطن کا دلوں میں گہرا نقش بٹھا دیا - اور در حقیقت محض قدیم علم ادب کا طفیل تھا کہ استبداد و مطلق العنانی کا زور ٹوٹا اور لوگوں کے خیالات میں وہ غیر معمولی تلاطم ہوا جس کا سب سے خوفناک ظہور انقلاب فرانس تھا —

اِس طرح تقریباً پان سو برس کی محنت اور مطالعہ کا جو کچھہ نتیجہ ہوا وہ گویا اسی درخت کا پھل تھا جسے دو ہزار برس پہلے اہل یونان کے ہاتھوں نے بویا تھا —

اگر ہم بغور تلاش و امتیاز کریں گے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ پلوتارک متوطن شیرونیہ (علاقۂ بیوتہ یونان) کی کتاب "مشاہیر یونان و روما" بھی منجملہ ان چند کتابوں کے ہے جو یورپ کے ایسے ذہنی انقلابات کا باعث ہوئیں اور جنھوں نے مغرب کو قعر مذلت سے نکال کر اوج کمال پر پہنچا دیا اور اعلیٰ انسانی خصائل کا ایسا سبق دیا جو کبھی فراموش نہ ہو گا —

مذہب ہو یا دنیوی معاشرت، سیاست ہو یا دینیات بغیر اخلاق کے چارہ نہیں - جب تک ان کی تہ زمیں اخلاق نہ ہو کامیابی ممکن نہیں - لیکن قابل غور اور اہم سوال یہ ہے کہ اعلیٰ اخلاق کی تعلیم کیوں کردی جاے کہ نوجوانوں کے دلوں میں

اعلیٰ اور پاکیزہ خیالات اس طرح متمکن ھو جائیں کہ دنیوی لالچ، خود غرضانہ خواھشات، دوستی اور مروت اُنھیں ڈانواں ڈول نہ کر سکے؟

بعض کا خیال ھے کہ صرف مذھبی تعلیم ھی سے اخلاق درست ھوسکتے ھیں، بعض کی راے ھے کہ اخلاق کی کتابیں پڑھانے اور وعظ و پند کے ذریعہ سے اخلاق سکھاسکتے ھیں، لیکن مشکل یہ ھے کہ پہلا طریقہ حکم فرمان پر مبنی ھے اور بہت سی طبایع اسے قبول کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتیں اور اس لئے اکثر محروم رہ جاتی ھیں۔ اور دوسرا طریقہ بے مزہ اور روکھا پھیکا ھے، خصوصاً نوجوان طبیعتیں اس سے بھاگتی ھیں اور واعظوں کے وعظ اور ناصحوں کی نصیحتیں رائگاں جاتی ھیں۔ ایک تیسری تدبیر اصلاح اخلاق کی صحبت ھے، بے شک یہ ایک کارگر اور موثر تدبیر ھے لیکن ھر کہیں اعلیٰ اخلاق اور پاکیزہ سیرت کے کامل نمونے کہاں نصیب ھوتے ھیں۔ علاوہ اس کے پہلے دو طریقوں میں دل کشی نہیں جو نصیحت کی تلخی کو کم کرنے کے لئے نہایت ضروری ھے۔ ایک اور کمی بھی ھے، یعنی ان سے بڑائی حاصل کرنے کا دلوں میں ولولہ اور جوش پیدا نہیں ھوتا۔ اب صرف ایک ھی طریقہ باقی ھے جو موثر بھی ھے، دلکش بھی ھے، اور طبیعتوں میں ولولہ اور جوش بھی پیدا کرتا ھے اور ھر کہیں میسر آ سکتا ھے۔ وہ یہ کہ اُن لوگوں کے حالات پڑھنے کے لئے دئے جائیں جنھوں نے دنیا میں ایسے بڑے بڑے کام کئے ھیں جو کبھی مٹنے والے نہیں، بشرطیکہ ان کا لکھنے والا اس گُر سے واقف ھو —

پلوتارک اس گر کو خوب سمجھتا تھا - اس نے یونان و روما کے سپوتوں کے حالات لکھنے میں ایسے دلاویز طریقہ سے کام لیا ھے کہ خود بخود پڑھنے کی رغبت ھوتی ھے اور دوسری بات جو پلوتارک کی سبق آموز اور زندۂ جاوید کتاب کی وقعت بڑھانے والی ھے وہ اس کی تاریخی حیثیت اور صاحب کتاب کی غیر معمولی وسعت نگاہ ھے - اس کی مساعی تحقیق و جستجو کو سیر کرنے کے لئے اول تو کتابوں کا ایک ذخیرۂ کثیر اس کے سامنے تھا ' جواب ناپید ھے اور دوسرے وہ پہلی صدی عیسوی کا آدمی ھے اور اس لئے و روما کی تہذیب و معاشرت کا جیسا صحیح اندازہ وہ کرسکتا ھے اِس زمانے میں ممکن نہیں - پس تاریخی اعتبار سے ان ملکوں کی کوئی قدیم تاریخ مکمل بلکہ معتبر نہیں سمجھی جاسکتی جب تک کہ مؤلف اس بات کا ثبوت نہ دے کہ اس نے پلوتارک کی لکھی ھوئی سوانح عمریوں کو طالب عالمانہ شوق و جان کاھی سے پڑھا ھے —

آپ اس کتاب میں حب وطن' کامل ایثار ' بے نفسی' و جاں نثاری' اور الوالعزمی کی ایسی زندہ اور سچی تصویریں دیکھیں گے کہ ان کو پڑھ کر انسان بے خود ھو جاتا ھے اور دل بے اختیار سچے جذبات سے اُبلنے لگتا ھے - اور خواہ کیسا ھی آدمی ھو ' یہ ممکن نہیں کہ اس کے پڑھنے کے بعد وہ متاثر نہو اور اُن انسانی اعلیٰ خوبیوں کا دایمی اثر اس کے دل پر باقی نہ رھے - دنیا میں سیکڑوں آدمی ایسے گذرے ھیں کہ اس کتاب نے ان پر جادو کا سا اثر کیا ھے اور اس کی بدولت

انھیں حیات جاوید حاصل ہوئی ہے —

روسیو جو فرانس کا ایک بڑا حکیم گذرا ہے اور جو ان چند برگزیدہ لوگوں میں سے تھا جو انقلاب فرانس کے پیش خیمہ تھے اس کتاب کو پڑھ پڑھ کر آپے سے باہر ہو جاتا اور لڑکپن کے زمانے میں بھی اس سے اُن بے نفس الوالعزم لوگوں کی تقلید میں عجیب و غریب حرکتیں سر زد ہو جاتی تھیں - وہ اس کتاب کو بہت عزیز رکھتا تھا اور ہمیشہ اِس کے پڑھنے سے اس پر نئی کیفیت طاری ہوتی تھی —

فرانس کے عہد بیداری کے ایک دوسرے نامور مصنف " مونتین " کی نسبت لکھا ہے کہ وہ پلوتارک کے مطالعہ سے بے انتہا متاثر ہوا تھا اور اپنی کامیابی کے لئے علاوہ دیگر یونانی فلسفیوں کے پلوتارک کا بھی رہین منت تھا —

پلوتارک کو انسانی سیرت اور باطن کی تصویر کھینچنے میں کمال حاصل ہے - یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا زندہ تصویریں ہمارے سامنے موجود ہیں اور تھوڑی دیر کے لئے ہم خود اپنے ارد گرد کے حالات سے بالکل بے خبر ہو جاتے ہیں - شکسپیر کے کلام کا مشہور نقاد " ریلے " لکھتا ہے شکسپیر جو پلوتارک کا بہت کچھ زیر بار احسان ہے بعض اوقات کیریکٹر (سیرت) کی تصویر اُتارنے میں پلوتارک کے حیرت انگیز بیان کو نہیں پہنچتا —

فردوسی بھی اس بارے میں کمال رکھتا ہے اور شاھنامے کے پڑھنے کے بعد ہم رستم و افراسیاب ' سیاوش و سہراب وغیرہ کو نہیں بھول سکتے ' لیکن حب وطن ' کامل ایثار اور انسان کے

اخلاقی کمالات کی وہ تصویریں جو دل میں گھر کر لیتی ہیں اور جو تزکیۂ نفس اور اصلاح اخلاق کا زبردست آلہ ہیں اس میں نہیں پائی جاتیں - پلوٹارک کو اس خصوصیت میں سب پر تفوق حاصل ہے اور جسے یقین نہو وہ بروٹس ' لکرگس اور کیٹو ( خرد ) وغیرہ کے حالات پڑہ کر دیکھہ لے اور سوچے کہ ان اعلیٰ صفات کی حامل کوئی اور کتاب بھی ہے —

اگر اس کتاب کے پڑھنے کے بعد کوئی اِس سے متاثر نہو اور اس کے دل میں اخلاقی کمالات کا جوش اور ولولہ پیدا نہو تو اُسے چاہئے کہ وہ خشوع و خضوع کے ساتھہ دعا مانگے کہ خدا اس کے حال پر رحم کرے !

( ماخوذ از مقدمۂ مشاہیر یونان و روما )

# عرب شہید کا گھر

از

( خواجہ حسن نظامی صاحب )

[ خواجہ صاحب بہت پاک صاف اور ستھری اُردو لکھتے ہیں اور اُن کی عبارت میں خاص اثر ہوتا ہے ]

طرابلسی عرب کے گھر کو دیکھو - غمگین ماں اپنے دو جوان بیٹوں کی لاشوں کے بیچ میں کلیجہ تھامے کھڑی ہے - ان کو اٹلی کے کافروں نے سنگینوں سے ' کرچوں سے کچوکے دے دے کر مارا ہے - لوگ ابھی ان کی لاشوں کو گھر میں لائے ہیں - ماں پوچھتی ہے: کیا یوں ہی مر گئے یا کچھ ہاتھ دکھا کر کام آئے؟ کہا جاتا ہے کہ نہیں خوب گھمسان لڑائی لڑی ' بیسوں کو جہنم رسید کیا —

او ایک جنازہ اور آیا - یہ اس خاتون کا خاوند ہے ' شہیدوں کا باپ ہے - مرا نہیں زخمی ہوا ہے ' خون بہ رہا ہے ' سانس اُکھڑ رہا ہے ' ہونٹ خشک ہیں ' چہرہ زرد ہوتا

جاتا ھے مگر تیوری کا بل نہیں گیا - پستول ھاتھہ سے جدا نہیں ھوا —

خاتون دوڑی ، اپنے سر تاج کو سہارا دے کر بیٹھہ گئی - چھوٹی لڑکی پانی لائی - بڑی نے زخم دھونا شروع کیا - خون اُبلا چلا آتا ھے نہیں رکتا - عرب کا بارہ برس کا چھوٹا لڑکا بیمار ھے ، بخار میں بے ھوش تھا - ابھی آنکھہ کھولی - باپ اور بھائیوں کی کیفیت دیکھکر از خود رفتہ ھوکر اٹھہ کھڑا ھوا - باپ دم توڑنے لگا اور بولا " جاؤ بیٹا ، جاؤ ، نور چشم میدان کو سدھارو - گولی مارو ، گولی کھاؤ - تم میری گھر کی آخری شمع ھو - ان لاوارث عورتوں کا سہارا ھو ، مگر میں اپنے گھر کی شمع بجھانے کو تیار ھوں - آگے بڑھو اور دین کی شمع کو بچاؤ - ان بے کس عورتوں کا وارث خدا ھے - چھوڑ دو ، بے فکر ھو کر مرنے جاؤ " -

میں مرتا ھوں ، فرشتے میری روح لینے آئے ھیں - ذرا دم لو - اپنے لاڈلے کو کارتوس کی پیٹی باندھتے دیکھہ لوں — مجھے اس کی شادی کی تمنا تھی — نکاح کی قبا پہنانی چاھتا تھا ، لیکن آج خوش نصیبی سے عبائے شہادت میسر آگئی ھے - دیکھو اس کے ننھے سے نازک جسم پر کیسی معلوم ھوتی ھے - بیوی بانو ، میرے پاس سے ھٹ جاؤ ! اپنے لخت جگر کو دولھا بناؤ تلوار باندھو ، کارتوسوں کا ھار گلے میں ڈالو اور کہو جا بیٹا دین پر قربان ھوجا - ھم عرب ھیں ، مسلم ھیں - جان دینا اور جان لینا ھماری شادی ھے - دیکھو بیٹا یہ قران ھے اس کی لاج رکھیو ، اس کی آبرو پر کٹ کر مر جائیو - دشمن اس کو زیر

کرنے آئے ھیں تو بڑھ کر ان کوزیر و زبر کر دیجیو - بچے قرآن ھماری جان ھے ' ایمان ھے ' عزت ھے ' آبرو ھے - کفار اس پر غلبہ نہ پائیں - تو اکیلا نہیں ھے ' دنیا کے مسلمان تیری کمک کو دوڑے چلے آتے ھیں -

امی! مجھے رخصت - ایسا نہ ھو اور مسلمان پہلے پہنچ جائیں اور میں شہادت سے محروم رہ جاؤں -

بیٹا ! تو کہاں چلا ' مجھے کس پر چھوڑا - ان تینوں لاشوں کو کون دفنائے گا - کافر ھم عورتوں کو لونڈی بنالیں گے تو ھمیں کون بچائے گا - ارے تیری ان جوان بہنوں کے ناموس کا کیا حشر ھوگا - ارے تو ابھی رن میں گولی چلانے کے قابل نہیں - ابھی عمر ھی کیا ھے -

نہیں بی مجھے جانے دو - تمھارے وارث دنیا کے مسلمان ھیں اور ان مسلمانوں کا خدا ھے - مت سمجھو کہ میرے بھائی مرگئے - باپ جان سے گذر گیا ' میں بھی موت کے منہ میں جاتا ھوں تو تم لاوارث ھو جاؤ گی - نہیں عرب کے ' مصر کے ' ایران کے ' ھندوستان کے ' سارے جہان کے مسلمان تم پر اپنا جان مال نثار کردیں گے ' گھبراؤ نہیں اماں مجھے جانے دو -

لوگو میری کھیتی برباد ھو رھی ھے - اولاد والو میری اولاد کا باغ اُجڑا جاتا ھے - ارے میرا کلیجہ نکلا پڑتا ھے - مسلمانوں ! ذرا دیکھو - میری مصیبت پر ماتم کرو - میری دو کڑیاں ٹوٹ گئیں زندگی کا ساتھی بچھڑ گیا ' یہ کونپل بھی جدا ھوتی ھے - میری خوشی کی دنیا کا سورج غروب ھوتا - تم کو کہانا زھر کیوں نہیں معلوم ھوتا : خوشی و خرمی سے کس لئے

بیزار نہیں ہوتے؛ نیند کا مزہ کس واسطے باقی ہے - ہائے میرا گھر تو لٹتے اور تم تس سے مس نہ ہو ' مومن ہو ' بھائی ہو کلمہ کے شریک ہو ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی اُمت ہو ' آؤ پرسا دو کہ میں لٹ گئی - آؤ ان بے کسوں کو اول منزل پہنچاؤ - یا اللہ اب کیا ہو گا ، کیا ہم کو گرجا کی جھاڑو دینے کے لئے پکڑ لے جائیں گے کیا ہم سے صاحب کے آگے سجدہ کرایا جائے گا - کیا میری ان معصوم کنواری لڑکیوں کو اٹلی کے وحشی بے ستر کریں گے مسلمانو فریاد ہے! دھائی ہے! دین کی لاج کو اُٹھو ' عرب کی غیرت کو بچاؤ!—

شریف بانو صبر کر — دل کر سنبھال — ہم جانتے ہیں کہ آج طرابلس میں تجھ جیسے ہزاروں گھروں میں بھی کُہرام مچا ہوا ہے — لیکن گھبرا مت - غیرت خداوندی ظاہر ہونا چاہتی ہے - اور لے سب سے پہلے اپنے ہندی مسلمان بھائیوں کا ہدیہ ' اس سے کپڑے بنا ' روٹی کھا ' زخمیوں کی خبر گیری کر ہندی بھائیو! تو کیا اب بھی تم مجروحوں کے لئے چندہ نہ کرو گے —

# ایک ہندوستانی ڈپٹی کلکٹر کی ملاقات انگریز کلکٹر سے

از

(شمس العلما مولانا نذیر احمد مرحوم)

میں انگریزوں کی ملاقات کا ایسا چور ہوں کہ جب دیکھتا ہوں کہ اب بہت دن ہو گئے ہیں تو ہفتوں پہلے سے ارادہ کرتا ہوں اور آخر زبردستی ٹھیل کر دھکیل کر اپنے تئیں لے جاتا ہوں تو کوٹھی پر جا کر ہمیشہ وہی بے لطفی وہی بے عزتی - جاڑا ہو ' پانی برستا ہو ' کڑا کے کی دھوپ ہو ' لوئیں چلتی ہوں' ہندوستانی ڈپٹی نہیں ڈپٹی کا باوا کیوں نہو اور چاہے وہ اپنے مکان سے چار گھوڑوں کی بگھی پر سوار ہو کر کیوں نہ آیا ہو ' کلکٹر ' جنٹ ' اسسٹنٹ کی تو بڑی بار کاہیں ہیں اگر یورپشین ڈپٹی کلکٹر سے بھی ملنے گیا ہے (اور نہ ملے تو رہے کہاں) تو احاطے کے باہر اترتا اور احاطے بھی شیطان کی انتڑی کہ ہم جیسے پرانے فیشن کے لوگ کوٹھی تک پہنچتے پہنچتے ہانپنے لگتے ہیں - اور اگر صاحب کہیں اس حال میں دیکھہ پائیں تو سمجھو

کہ ملاقات کو گئے نوکری نذر کر آے ' اُسی دن رپورٹ ہوئی
دھری ہے کہ یہ شخص دس قدم پیدل نہیں چل سکتا ' گویا
ڈپٹی کلکٹر کو ضرور ہے کہ کم سے کم ڈاک کے ہرکارے کی
ایک چوکی ٹک پوئیہ نہیں تو ڈاکی پیشی کا بستہ لیکر
بھاگ سکے - پس اس ڈر کے مارے کسی درخت کی آڑ میں
یا کوئی ایسا گانٹھہ کا پورا ہے اور اس نے شاگرد پیشوں کو
پہلے سے چکھوتیاں کرادی ہیں تو باورچیخانے یا اصطبل میں
پاؤ گھنٹے آدہ گھنٹے کھڑے دم لیا اور جب سانس
اچھی طرح پیٹ میں سمانے لگا تو رومال سے منہ ہاتھہ پونچھا '
ہاتھہ سے ڈاڑھی مونچھہ کو سنوارا ' آہستہ سے عمامہ کو
ذرا اور جما لیا ' چغے کے دامن سمیٹتے اوربڑے مودب مقطع
بن کر ہاتھہ باندھے ' نیچی نظریں کئے ' ڈرتے ڈرتے دبے پاؤں
کوٹھی کی طرف کو بڑھے - خدمت گار اور اردلی کے چپراسیوں
نے تو احاطے کے باہر ہی سے تاڑ لیا تھا ' کوٹھی کے پاس
آتے دیکھہ قصداً اِدھر اُدھر کو ٹل گئے - تھوڑی دیر زینے کے
نیچے ٹھٹکے کہ کوئی آدمی نظر آئے تو اوپر چڑھنے کا قصد
کریں - چلنے کی ' باتوں کی اور چیزوں کے رکھنے اٹھانے کی
آوازیں ہیں کہ چلی آتی ہیں مگر کوئی آدمی نظر نہیں آتا -
آخر ناچار رستوں کی آڑ میں جوتیاں اتار ہمت کر کے بے
بلاے اوپر پہنچے - کرسی نہیں ' مونڈھا نہیں ' فرش نہیں '
کھڑے سونچ رہے ہیں کہ کیا کریں ، لوٹ چلیں - پھر خیال
آتا ہے کہ ایسا نہ ہو لوٹتے کو صاحب اندر آئینوں میں سے
دیکھہ لیں - شرمندگی کے ٹالنے کو وہیں تھوڑی سی جگہ میں

ٹہلنا شروع کیا - اتنے میں باورچیخانے کی طرف سے ایک آدمی
آتا ہوا نظر آیا ' جی خوش ہوا کہ اس سے صاحب کی اردلی
کے لڑکوں کا حال معلوم ہوگا ' وہ لپک کر ایک دوسرے دروازے
کے اندر گھس گیا اور ادھر کو رخ بھی نہ کیا - غرض کوئی
آدھے گھنٹے (اور اس انتظار میں تو ایسا معلوم ہوا کہ دو
گھنٹے ) اسی طرح کھڑے سو کھا کئے - بارے خدا خدا کر کے
ایک چپراسی اندر سے چٹھی لئے ہوئے نمودار ہوا ' کیا کریں
اپنی غرض کے لئے گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے ' حیا اور غیرت
بالائے طاق ' آپ منہ پھوڑ کر اُس کو متوجہ کیا ؛ کیوں
کو جمعدار کچھہ ملاقات کا بھی ڈھنگ نظر آتا ہے ؟ - بس اس
ڈپٹی کلکٹری کا ادب سمجھو یا شکایت کا ڈر ' مگر میں
جانتا ہوں کہ ادب اور ڈر تو خاک بھی نہیں ' صرف اتنی
بات کا لحاظ کہ شہر کی فوجداری سپرد ہے خدا جانے کب
موقعہ آپڑے چار و ناچار اچٹتا ہوا سا سلام کر کے جیسے کوئی
مکھی اُڑاتا ہے اِس کو کہنا پڑا کہ آج ولایت کی ڈاک کا دن ہے
ملاقات تو شاید ہی ہو ' لیکن آپ بیٹھئے ، ابھی تو صاحب
غسل خانے میں ہیں ، یہ کہکر پھر وہ اندر کو جانے لگا تو
آخر نہ رہا گیا زبان سے نکلا کہ کہاں بیٹھوں اپنے سر پر - تب
اس نے ایک ٹوٹی ہوئی کرسی ، تکیہ اور ایک بازو ندارد '
گویا بید کی تپائی لاکر ڈالدی - اس کے بعد جب جب کوئی
چپراسی یا خدمت گار باہر آتا یہی معلوم ہوتا کہ صاحب
ابھی غسل خانے سے نہیں نکلے ( الہی کیا غسل میت ہے ! ) '
اب کپڑے بدل رہے ہیں ، اب میم صاحب کے کمرے میں ہیں '

اب چٹھی لکھہ رھے ھیں ' یہاں تک کہ آخر کو معلوم ھوا کھانے کی میز پر ھیں - یہ سن کر جی ھی تو بیٹھہ گیا کہ بس اب کیا خاک ملاقات ھوگی - ارادہ ھوا کہ گھر کی راہ لیں ' پھر خیال آیا کہ کون وقتوں سے انتظار کررھے ھیں ' آنا پڑے ھی گا ' دوسرے دن کا کیا بھروسہ ' اتنی محنت کیوں ضایع کی ' گھنٹہ ڈیڑہ گھنٹہ اور صبر کرو - بڑی دیر بعد چپراسی حکم لے کر نکلا کہ سرشتہ دار کو رپورت خوانی کے لئے بلا یا ھے - اب رھی سہی امید اور بھی گئی گزری ھوئی - تب تو اپنا سا منہ لے کر چپراسی سے یہ کہتے ھوئے اُتھے کہ خھر میں تو اب جاتا ھوں صاحب سے میری اطلاع کی خبر کردینا - تب خدا جانے چپراسی کے دل میں کیا آئی کہ کہنے لگا : دو بار آپ کی اطلاع کرچکا ھوں کچھہ بولے نہیں ' اب پھر کہے دیتا ھوں خفا ھوں گے تو آپ میری آدہ سیر آتے کی فکر رکھنا - غرض بلاے گئے - صاحب کو دیکھا تو پیپ منہ میں لئے تہل رھے ھیں بس معلوم ھوگیا کہ مطمئین ملاقات نہیں ھوسکتی - سر جھکاے کوئی کاغذ یا کتاب دیکھہ رھے ھیں ' اب کوئی تدبیر سمجھہ میں نہیں آتی کہ کیوں کر ان کو خبر کروں کہ میں آیا کھڑا ھوں - اور کیا معلوم ھے شاید جان بوجھہ کر کھڑا رکھا ھو ' بلکہ مجھہ کو تو اس بات کا بھی شبہ ھے کہ میرے آنے کی بہت دیر پہلے سے ان کو خبر تھی ' چپراسی نے شاید نہ بھی کہا ھو مگر چاروں طرف آئینے کے کواڑ ھیں ' عین سامنے سے دروازے سے آیا ' درختوں کے نیچے تہلتا رھا ' پھر بڑی دیر تک بر آمدے میں بیٹھا رھا '

کیا اتنے عرصے میں ایک بار بھی اِن کی نظر نہ پڑی ہوگی ' ضرور پڑی ہوگی - خیر آخر آپ ہی سر اُٹھایا اور ڈپٹی صاحب! حاکم بالادست ہوکر جو اتنی آؤ بھگت کرے تو اس کا شکر گزار ہونا چاہئیے - صاحب نے بندہ نوازی میں کچھ کمی نہیں کی ' آنکھیں چار ہوتے ہی اپنے مقابل میز کی دوسری طرف کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا - اپنے گھر یا پس میں ایک دوسرے کے گھر کرسیوں پر بیٹھنا کون نہیں جانتا لیکن میں تو اپنے سے زیادہ زیادہ تنخواہ کے ہندوستانی صدرالصدوروں اور ڈپٹیوں کا انگریزوں کے رو برو کرسی پر بیٹھنا دیکھے ہوئے تھا ' کہنے کو تو کرسی پر بیٹھا مگر حقیقت میں بھد پر چوتڑ ٹکے ہوں تو جیسی چاہو قسم لو ' تم خدا کے بندے ہو تو یقین ماننا بس ڈنڈے پر الگ تھلگ جیسے اڈے پر گلدم - کرسی پر بیٹھنا ہی تھا کہ کمبخت چپراسی نے پیچھے سے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ خداوند سرشتہ دار حاضر ہیں - صاحب ہیں کہ میری طرف دیکھتے جاتے ہیں اور چپراسی سے فرما رہے ہیں "اچا آنے بولو" یعنی اچھا سرشتہ دار سے کہو چلے آئیں - سبحان اللہ سات برس اسٹنٹ رہے ' نو برس کے قریب جنٹ اور اس سولہ برس میں صرف ایک بار ڈیڑھ برس کے لئے فیلو پر ولایت گئے تھے ' بارہ برس دلی میں رہے اور بھاڑ جھونکا ' چودہ برس میں حضرت نے اردو میں کیا کمال حاصل کیا ہے "اچا آنے بولو" - اب میں منتظر ہوں کہ صاحب کچھ پوچھیں تو جواب دوں اور سرشتہ دار مردود آگے آگے آپ ' پیچھے بستہ قلمدان لئے ہوئے چپراسی آ ہی گھسا -

سرشتہ دار مردود کے روبرو مجھہ سے پوچھتے ھیں تو کیا
پوچھتے ھیں " ول صاحب گرمی بوت " - میں گردن جھکا کر
ھاں حضور گرمی کے تو دن ھی ھیں میرے علاقے میں تو
پولیس کی رپورٹ سے ایسا معلوم ھوا کہ لو سے بھی کئی
آدمی مرے - صاحب کو تو یہ جواب دے رھا ھوں اور دل میں
کہہ رھا ھوں کہ گرمی کا تو حال معلوم تھا ارے ظالم تجکو
یہ بھی خدا کا ترس آیا کہ ایک بندۂ خدا جس کو کچھری
میں سرکار سے ایک ٹٹی ملتی ھے ' ناظر اپنی بدذاتی سے
تین برس کے پرانے خس کی بند ھوا دیتا ھے تو وہ جانے اور
اس کا ایمان اور جس کو گھر پر بھی ٹٹی لگانے کا مقدور ھے
اور جو واقع میں گرمی بھر اپنے گھر ٹٹی میں رھتا ھے
کتنی دیر سے بر آمدہ میں پڑا بھن رھا ھے' لاؤ سلام لے کر اس کو
آزاد کر دوں - میں تو سمجھا تھا کہ آدمیوں کا لو سے مرنا
سن کر چونک پڑے گا اور ضرور پوچھے گا کہ کس تھانے سے رپورٹ
آئی ' کتنے آدمی مرے ' کب مرے ' لوکا ھندوستانی کیا علاج
کرتے ھیں اور کوئی لاش ڈاکٹر صاحب کے ملاحظے کو بھی
آئی یا نہیں - غرض آدمی کا دل بولنے اور بات کرنے کو چاھے
تو بہتیرے حیلے ھیں پر صاحب تو کچھہ پی سی گئے - نہیں
معلوم دھیان سے نہیں سنا یا سمجھے نہیں یا کالے آدمیوں کے
مرنے کی پروا نہیں کی - اب سرشتہ دار ھے کہ بستہ کھول
کاغذ پھیلا رھا ھے اور میری اور صاحب کی یہ تپاک کی ملاقات
ھو رھی ھے کہ دونوں چپ - جب سرشتہ دار کاغذ پھیلا چکا
لگا صاحب کا منہ دیکھنے تو صاحب مجھسے فرماتے ھیں

''آپ کُچھ کُچھ ''..... یعنی آپ کو کچھہ اور کہنا ھے - یہ سنتے ھی میں تو یہ کہہ کر اُٹھہ کھڑا ھوا کہ نہیں میں تو صرف سلام کے لئے حاضر ھوا تھا بہت دن ھوگئے تھے ' جی ملنے کو چاھتا تھا پھر حاضر ھوں گا - میری اس اخیر بات میں ' اور باتیں ھی ایسی کون سی ھوئی تھیں کہ اس کو اخیر کہوں ' بلکہ دوسری بات میں " جی ملنے کو چاھتا تھا " بالکل جھوت تھا - کس مسخرے کا جی ملنے کو چاھتا تھا اور کس مسخرے کا جی اب ملنے کو چاھتا ھے - ملاقات کے بامزہ اور بے مزہ ھونے کا معیار وقت ھے - دیر تک ملاقات رھی تو جانو کہ خوب دل کھول کر باتیں ھوئیں ' ھماری ملاقات کیا خاک بامزہ سمجھی جائے کہ جانا اور اُتھاؤ چولھے کی طرح بیٹھنا اور گفتگو اور رخصت سب کچھہ دو ھی منت میں ھو ھوا - اپنے حساب سے کون ایسا تیسا ملاقات کے ارادے سے گیا تھا - خدا گواہ ھے صرف متھا پھتول وہ بھی اپنے سر کا چھدا اتارنے کے لئے - صاحب مجھہ سے چاھتے ایک بات بھی نہ کرتے مگر سررشتہ‌دار اور چپراسیوں کو میرا الٹے پاؤں لوت آنا معلوم نہ ھوتا تو مجھکو کچھہ بھی شکایت نہ تھی مگر میری تفضیح ان لوگوں کی نظروں میں ھوئی جو منصبی عزت میں میرے پاسنگ بھی نہ تھے - باھر نکلا تو چپراسیوں اور خدمت گاروں کا غول کا غول برآمدے میں موجود تھا - مجھہ کو دیکھتے ھی سب نے فراشی سلام کیا - الٰہی یہ کاھے کی ایسی لمبی چوڑی تعظیم ھورھی ھے ' گھنٹوں میں برآمدے میں سو کھا کیا ان میں سے کسی کی صورت بھی نظر نہیں پڑی ' اب یہ حشرات الارض کہاں سے

نکل پڑے اها میں اتنی جاں فشانی کے بعد صاحب کو ایک
سلام کر لینے کا گنہگار هوں' یہ سرکاری پیادے اُس کا جرمانہ
وصول کرنے کے لئے مجھ پر تعینات هوے هیں - هر چند
کہتا هوں مکان پر آنا تنخواہ پر دیکھا جائیے گا ' عید قریب هے
اس میں سمجھہ لینا : بےحیا پیچھا نہیں چھوڑتے - آخر
میں نے ذرا ترش رو هو کر کہا کہ اس وقت میرے پاس
نہیں هے هوتا تو دینے کا نام دینا کبھی کا دے چکا هوتا '
ایسی هی بے اعتباری هے تو ایک آدمی میرے ساتھہ چلو -
ایک دوسرے کی طرف دیکھہ کر ایک آدمی تیار سا هوا کہ
مجھہ سے پہلے آگے کوچ بکس پر بیٹھہ لے ' اتنے میں جمعدار
نے پنسل اور پرچہ کاغذ نکال میرے هاتھہ دیا کہ حضور
ناظر کو رقعہ لکھہ دیں - جب جب میں قلم اٹھاتا تھا بے ادب
هاتھہ پکڑ لیتے تھے پہلے فرما دیجئے کہ آپ کیا لکھتے
هیں - اسی کشمکش میں بڑھتے بڑھتے میں تو اپنی بگھی تک
جا پہنچا ' سائیس پٹ کھولے کھڑا هی تھا ' لپک کر پائدان
پر پاؤں رکھہ غڑپ بگھی کے اندر ' سائیس نے کھٹ سے
پٹ بھیڑ دیا اور گھوڑا تھا کہ آهٹ پاتے هی چل نکلا -
میں نے کوچبان سے لیکر کاغذ کے پرزے میں ایک روپیہ
رکھہ پڑیا بنا اردلیوں کو دکھا کر نیچے پھینک دیا ' پھر میں
نے کھڑکی سے منہ نکال کر دیکھا تو ایک چپراسی نے پڑیا
اٹھائی بھی ' ایک روپیہ دیکھہ کر یقیناً بہت بگڑے هوں گے '
مگر میں ان کی گالیوں کی زد سے باهر جا چکا تھا - بگھی کے
اندر بیٹھہ کر میں نے ایک ایسا لمبا سانس لیا جیسے کوئی
مزدور سر پر سے بھاری بوجھہ اُتار کر تمام راستہ اسی

ملاقات کی ادھیڑ بن میں طے ہوا ' بار بار خیال آتا تھا کہ سررشتہ دار اور چپراسیوں کی نظر میں میری کیا عزت رہی ' اب یہ لوگ تمام شہر میں اس کا ڈھنڈورا پیٹیں گے ' ایسی بے حرمتی سے روٹی کھانے پر لعنت ہے - پھر دل کو سمجھاتا کہ عزت ایک امر اضافی ہے مجھے اپنے اقران و امثال پر نظر کرنی چاہئے ' ان کے ساتھہ بھی تو انیس بیس کے فرق سے ایسی ہی مدارات کی جاتی ہے ' تو جس مجلس میں سب ننگے ہیں وہاں لنگوٹی کی کیا شرم - اسی حیص بیص میں گھر پہنچا - چند آدمی منتظر ملاقات بیٹھے ہوے تھے ' مگر وہ نہ ڈپٹی تھے اور نہ میں کلکٹر کہ بر آمدے میں محتاج اطلاع بیٹھے ہوں ' آے تو میں موجود نہ تھا مزے میں گاؤ تکیے کے سہارے سے پھیل پھیل کر بیٹھے ' گھر میں سے پان آ گئے ' آدمیوں نے حقے بھر دئے - جوں مجھہ کو دیکھا ایک صاحب بولے : اللہ اکبر ڈپٹی صاحب : آج تو کلکٹر صاحب سے خوب گاڑھی چھنی ' کون وقتوں سے میں آپ کا منتظر بیٹھا ہوں - دوسرے صاحب : آج بندہ کا ارادہ بھی کلکٹر صاحب کے سلام کو جانے کا تھا ' معلوم ہوا کہ ڈپٹی صاحب تشریف لے گئے ہیں میں نے کہا کہ بس آج کسی کی دال نہیں گلتی - تیسرے صاحب : مدت سے جدید تحصیل داری قائم ہونے کی خبر تھی یہاں تک کہ بورڈ سے منظوری بھی آچکی ہے ' ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج اسی انتظام کے صلاح و مشورے میں اتنی دیر لگی - لوگ آپس میں یہ باتیں کر رہے ہیں اور میں کپڑے اتارتا جاتا ہوں اور اندر ہی اندر دل میں خوش ہوں کہ بھلا ہے خدا کرے لوگ ایسی ہی غلط فہمی میں مبتلا رہیں —

# سر سید کی طرز تحریر

از

(مولانا الطاف حسین حالی مرحوم)

نہایت صحیح اور سچا مقولہ ہے کہ " اذا اراد اللہ شیئاً هیا اسبابه " - چونکہ سر سید سے قوم کی اصلاح کا عظیم‌الشان کام ظہور میں آنا تھا اس لئے خدا تعالیٰ نے ان کی ذات میں وہ تمام خاصیتیں جمع کردی تھیں جو ایک رفارمر میں ہونی ضرور ہیں - انھیں خاصیتوں میں سے ایک یہ تھی کہ وہ ابتدا سے تحریر یا تقریر میں تصنع اور الفاظ کی تراش خراش سے نفرت رکھتے تھے اور گریمر کی پابندی سے فطرۃً آزاد تھے - یہی وجہ تھی کہ انھوں نے جو اول اول دلی میں اپنے گرد شعرا کا جھگھٹا دیکھ کر ان کی دیکھا دیکھی شعر کہنا شروع کیا تھا - کچھ بہت دن نہ گذرے کہ وہ ان تکلفات لا یعنی سے جو شاعری کے لئے لازم ہیں اور حقایق نگاری میں مخل ہوتے ہیں ہمیشہ کے لئے دست بردار ہوگئے - انھوں نے سیرت فریدیہ میں اپنے بچپن کا حال لکھا ہے کہ ان کے نانا نے جب کہ وہ بوستان پڑھتے تھے ان کا سبق سنا ، سبق میں وہ شعر بڑی تھا

جس کا پہلا مصرع یہ ھے —

" طمع را سہ حرف ست ھر سہ تہی "

اُنھوں نے اس کا ترجمہ کیا کہ " طمع کے تین حرف تینوں خالی "
نانا نے تین دفعہ ٹوکا اور بہت خفا ھوے مگر یہ وھی معنی
کہے گئے ' چونکہ محاورہ کے موافق ترجمہ یہی فصیح تھا اس
لئے گریمر کا مطلق خیال نہ آیا - جو حال ان کا اس بچپن کے
زمانہ میں تھا وھی آخیر دم تک باقی رھا ' وہ تقریر یا تحریر
کی رو میں گریمر کی کچھہ پروا نہ کرتے تھے وہ ان قیدوں سے
جو شاعروں اور منشیوں نے مقرر کی ھیں بالکل آزاد تھے ' وہ
اُن غلط لفظوں کو جو عام فہم اور خاص و عام کی زبان پر
جاری ھوں صحیح الفاظ پر ترجیح دیتے تھے ' ان کی زبان
دلی کی بول چال میں محدود نہ تھی بلکہ جو لفظ یا جو جملہ
بے اختیار قلم سے ٹپک گیا وھی اُن کی زبان اور وھی ان کی
بول چال تھی ' غالباً اُنھوں نے کسی لفظ کے استعمال کرتے وقت
یہ خیال نہ کیا ھوگا کہ یہ لفظ اھل زبان بولتے ھیں یا نہیں ؟
اور کسی فقرہ کو لکھہ کر پھر یہ نہ دیکھا ھوگا کہ قواعد کی
رو سے اس کی ترکیب صحیح ھے یا نہیں ؟ —

یہ خاصیت جس کو ھم نے بیان کیا ایک سچے رفارمر کے
کلام میں ایسی ھی ضروری ھے جیسی سچائی اور راستبازی
وہ مثل شاعروں اور انشا پردازوں کے اپنے کلام کی بنیاد الفاظ
کی شستگی اور ترکیبوں کی برجستگی پر نہیں رکھتا بلکہ
اس بے قرار آدمی کی طرح جو گھر میں آگ لگی ھوئی دیکھہ
کر ھمسایوں کو بے تابانہ آگ بجھانے کے لئے پکارتا ھے - ایسے

الفاظ استعمال کرتا ھے جو گھبراھٹ کی حالت میں بے ساختہ انسان کے منہ سے نکل جاتے ھیں - وہ واقعات پر تشبیہ و استعارے کے پردے نہیں ڈالتا بلکہ ان کی ننگی تصویر کھلم کھلا سب پر ظاھر کرتا ھے - وہ الفاظ و قواعد کا محکوم نہیں ھوتا بلکہ الفاظ و قواعد کو اپنے جذبات کا محکوم رکھتا ھے —

الغرض سر سید نے خیالات کے ظاھر کرنے میں بناوٹ اور تصنع کو کبھی دخل نہیں دیا ، جس سادگی اور بے تکلفی کے ساتھ ابتدا میں مطلب نگاری شروع کی تھی غدر کے زمانہ تک جو کہ تقریباً بیس برس کا زمانہ ھوتا ھے اپنے اُسی سیدھے سادے اور نیچرل اسٹائیل میں ھر قسم کی تحریریں ، کیا کتابیں ، کیا مضامین اور کیا مقدمات کے فیصلے اور تجویزیں ، برابر لکھتے رھے - اس بیس سال کی مشق و مہارت نے جو ایک انداز پر متصل جاری رھی ، ضرور ھے کہ ان کے قلم میں ھر مطلب کے ادا کرنے اور ھر پیچیدہ مضمون کے سلجھانے کی ایک غیر معمولی طاقت پیدا کر دی ھوگی - کیونکہ نیچرل قویٰ سے جب اُن کے مقتضا کے موافق برابر کام لیا جاتا ھے تو ان سے اکثر فوق العادۃ کرشمے ظھور میں آتے ھیں - مگر ابھی وہ وقت نہیں آیا تھا جب کہ اس سیدھی سادی تحریر کے اصلی جوھر کھلنے والے اور اس ٹھنڈی آگ کے شعلے بلند ھونے والے تھے —

غالباً اس بات پر سب کا اتفاق ھوگا کہ تحریر یا تقریر کا اصل مقصد لوگوں کے دلوں پر اثر کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ھے -

مگر اس امر میں سب کی راے مختلف معلوم ہوتی ہے کہ اثر کس طرح پیدا ہوتا ہے ؟ اسی ایک مقصد کے لئے کوئی الفاظ میں تراش خراش اختیار کرتا ہے اور کوئی سادگی کوئی کلام کی بنیاد متانت اور سنجیدگی پر رکھتا ہے اور کوئی مزاح و ظرافت پر ، کوئی سوچ سوچ کر علمی اصطلاحیں اور فاضلانہ ترکیبیں استعمال کرتا ہے اور کوئی ڈھونڈ ڈھونڈ کر اہل زبان کے محاورے اور روز مرے بہم پہنچاتا ہے ؛ اسی طرح کوئی کسی ڈھنگ پر چلتا ہے اور کوئی کسی طریقہ پر ، مگر حق یہ ہے کہ کلام کی تاثیر کو ان باتوں سے کچھہ علاقہ نہیں —

جنگ ہفتاد و دو ملت ہمہ را عذر بنہ
چوں نہ دیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

بے شک کلام کے مؤثر ہونے کے لئے اس کا سادا اور بے تکلف ہونا ضرور ہے ؛ مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جو کلام سادہ اور بے تکلف ہوگا وہ مؤثر بھی ضرور ہو گا ۔ کلام کیسا ہی سادہ اور بے تکلف ہو ، جب تک کہ متکلم کا دل سچائی اور آزادی سے بھرا ہوا نہ ہو ۔ کبھی مؤثر نہیں ہو سکتا ۔ جس طرح تلوار کا کاٹ در حقیقت اس کی باڑ میں نہیں بلکہ سپاہی کے کرتبی ہاتھہ میں ہے اسی طرح کلام کی تاثیر اس کے الفاظ میں نہیں بلکہ متکلم کی سچائی اور اس کی نڈر اور بے لاگ زبان میں ہے ۔ وہی الفاظ جو ایک سچے اور دلسوز ناصح کی زبان سے نکلکر لوگوں کے دلوں پر تیر و سناں کا کام کرتے ہیں ، ممکن نہیں کہ ایک نمایشی واعظ کی زبان

پر ان میں کچھہ بھی اثر باقی رھے - سچے ناصح کے لعن و طعن میں جو اثر ھوتا ھے وہ جھوٹے واعظ کی بشارتوں میں نہیں ھوتا سر سید کے کلام میں جو تاثیر تھی" وہ در حقیقت ان کی سچائی اور حق گوئی کا نتیجہ تھا —

باوجود یکہ مسلمان صدھا سال سے نہ صرف مذھب میں بلکہ علوم و فنون میں ' لٹریچر میں ' رسم و رواج میں ' اخلاق و عادات میں ' طریق معاشرت میں ' غرض کہ ھر چیز میں اگلوں کی لکیر پر فقیر چلے آتے تھے اور کوئی ایسی بات جس سے کبھی اُن کے کان آشنا نہ ھوے ھوں ' ھرگز سننی نہیں چاھتے تھے ، مگر سچ میں وہ کرشمہ ھے کہ تاریکی میں بھی وہ چمکے بغیر نہیں رھتا - جو شخص سب سے پہلے تقلید کی بندشوں کو توڑ کر اور سوسائٹی کی رکاوٹوں کو بر طرف کر کے قوم کی اصلی بھلائی کے خیالات صاف صاف ظاھر کرتا ھے گو کہ وہ قوم کے مذاق اور الف و عادات کے کیسے ھی بر خلاف ھوں ' ان میں عجیب قسم کی کشش ھوتی ھے کہ ان کے سننے کے لئے کیا موافق اور کیا مخالف سب کے کان کھڑے ھو جاتے ھیں اور دونوں فریق مختلف طور پر ان سے متاثر ھوتے ھیں ؛ پہلا ان کو حق سمجھکر بے چون و چرا قبول کرتا ھے اور دوسرا ان میں مقبولیت کے آثار نمایاں دیکھہ کر خایف ھوتا ھے کہ مبادا یہ خیالات تمام قوم میں شایع ھو جائیں - سر سید کی تحریر میں یہی چیز تھی جس نے ان سیدھے سادے اور معمولی لفظوں میں جادو کا سا اثر پیدا کردیا تھا اور تمام قوم میں ھل چل ڈال دی تھی —

مگر اس بیان سے یہ نہ سمجھنا چاھئے کہ سرسید کی تحریر جو بظاھر متعارف لفظی خوبیوں سے خالی معلوم ھوتی تھی در حقیقت اس میں لفظی خوبیاں نہ تھیں ' بلکہ اصل بات یہ ھے کہ جب عمدہ اور پاکیزہ خیالات ایسے صاف اور معنی خیز لفظوں میں بیان کئے جاتے ھیں کہ لفظوں کے ساتھہ ھی ساتھہ معنی بھی ذھنوں میں اُترتے جاتے ھیں تو خیالات کی خوبی ناظرین کو الفاظ کی طرف متوجہ نہیں ھونے دیتی بلکہ محاسن لفظی خیالات کے شکوہ میں دب جاتے ھیں - اس کے سوا جب مصنف کی ھمت محض عمدہ خیالات کے پھیلانے پر مقصور ھوتی ھے تو اس کے بیان میں محاسن لفظی کی اسی قدر گنجایش ھوتی ھے جس قدر کہ ھر مقام کا مقتضا ھوتا ھے - اور اس لئے وہ عبارت میں اس قدر گھل مل جاتے ھیں کہ جب تک بنظر غور نہ دیکھا جاے عام بیان اُن سے سادہ نظر آتا ھے - یہی وجہ ھے کہ سر سید کی تحریر میں لفظی خوبیاں ایسی اُجاگر نہیں معلوم ھوتیں جیسی دیگر مصنفوں کے کلام میں معلوم ھوتی ھیں ' ورنہ صنایع لفظی کے سوا اس میں تمام محاسن لفظی و معنوی موجود ھیں ' تشبیہیں بھی ھیں ، استعارے بھی ھیں ، کنائے بھی ھیں ، تمثیلیں برجستہ اور تلمیحیں نہایت لطیف ھیں - بذلے اور لطیفے حد سے زیادہ دلکش اور دلفریب ھیں ، کہاوتیں اور اشعار بر محل جا بجا نظر آتے ھیں ، مگر اس قبیل کی جو چیز ھے اُس میں ایسا بےساختہ پن پایا جاتا ھے گویا بے قصد و بے ارادہ مصنف کے قلم سے ٹپکی ھے —

مگر جو چیز کہ سر سید اور دیگر مصنفوں اور مضمون نگاروں میں مابہ‌الامتیاز ہے وہ قدرت بیان ہے جس کے ثبوت کے لئے خود اُن کی مختلف تحریروں کو دیکھہ لینا کافی ہے - مصنف کی قدرت بیان کئی شکلوں میں ظاہر ہوتی ہے ' ایک یہ کہ وہ ہر ایک مضمون کو اسی پیرایہ میں بیان کر سکے جو اس مضمون کی حالت کے مناسب ہے - کیوں کہ ہر قسم کے کلام کا پیرایۂ بیان جدا ہوتا ہے - جس ڈھنگ پر نوول لکھا جاتا ہے اس ڈھنگ پر تاریخ یا بائیوگرفی نہیں لکھی جاتی ' جہاں متانت اور سنجیدگی کا موقع ہوتا ہے وہاں ظرافت نا زیبا معلوم ہوتی ہے - تشبیہ و استعارہ اگرچہ نظم و نثر کا زیور ہے مگر کسی سررشتہ کی سالانہ رپورٹ یا کسی مقدمہ کے فیصلہ یا کسی پبلک جلسہ کی روئداد میں اس سے زیادہ کوئی چیز بدنما نہیں ہوتی ؛ اسی لئے کہا گیا ہے " ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد " - مگر جہاں تک دیکھا جاتا ہے ہر مصنف پر اس کی طبیعت کے میلان کے موافق رفتہ رفتہ کسی خاص پیرایۂ بیان کا رنگ چڑہ جاتا ہے - جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یا تو وہ ایک خاص مضمون کے سوا اور کسی موضوع پر کچھہ نہیں لکھہ سکتا اور یا جس موضوع پر قلم اُٹھاتا ہے اس کو اسی خاص رنگ میں رنگنا چاہتا ہے مثلاً بعضوں کا قلم حسن و عشق کے میدان میں خوب دوڑتا ہے ' پس یا تو ایسے مضمون پر قلم ہی نہیں اُٹھاتے جس میں حسن و عشق کی چاشنی نہ ہو اور یا جو مضمون

لکھتے ھیں اس کو اسی سانچے میں ڈھالنا چاھتے ھیں - اسی طرح بعض کی طبیعت پر استعارہ اس قدر غالب ھو جاتا ھے کہ سیدھے رستے سے بھی چکر کاٹے بغیر نہیں گزرتے، بعضے ھر ایک مضمون میں ظرافت کی چاشنی دینی چاھتے ھیں اگرچہ نفس مضمون اس سے اِبا کرتا ھو - غرض کہ جس مضمون نگار یا مصنف کو دیکھئے اس پر کوئی نہ کوئی بھوت سوار ھوتا ھے —

مگر سر سید کی تحریروں کو ھم اس عام قاعدے سے مستثنیٰ پاتے ھیں - ان کی ھر قسم کی بے شمار تحریریں کیا تاریخی، کیا علمي، کیا مذھبی، کیا اخلاقی، کیا سوشل، کیا پولٹکل، کیا آفشل اور کیا لیگل - علی گڈھ گزٹ، تہذیب الاخلاق، تصانیف احمدیہ، سالانا رپورٹوں، عدالت کے فیصلوں، جلسہ کی روئدادوں اور پرائیویٹ خطوط وغیرہ میں موجود ھیں، ان کے دیکھنے سے معلوم ھوتا ھے کہ ھر ایک شاخ میں وھی پیرایۂ بیان پایا جاتا ھے جو اس کے لئے موزوں اور مناسب ھے - حالانکہ مصنف کو خود خبر نہیں کہ کس مضمون کے لئے کونسا پیرایۂ بیان موزوں ھے مگر تحریر کی قدرتی قابلیت بغیر قصد و ارادے کے قلم کو اس راہ پر ڈال دیتی ھے جس پر اس کو چلنا چاھئے - جس طرح پہاڑ کی رو رستے کے موڑ توڑ اور پیچ و خم کے ساتھ رخ بدلتی جاتي ھے اسی طرح ھر مقام کے مقتضاء کے موافق تحریر کا رنگ خود بخود بدل جاتا ھے، اگر علمی اور تاریخی مضامین میں دریا کے بھاؤ کی سی روانی ھے تو مذھبی اور پولٹکل تحریروں

میں چڑھاؤ کی تیراکی کا سا زور ہے ۔ اعتراضات کے جوابات
میں متانت اور سنجیدگی ہے تو بے دلیل دعووں کے مقابلے
میں ظرافت اور خوش طبعی، نصیحتیں نشتر سے زیادہ
دلخراش اور مرہم سے زیادہ تسکین بخش ہیں - غصہ مہربانی
سے زیادہ پر لطف اور نفریں آفریں سے زیادہ خوش آیند -
وہی ایک قلم ہے جو اخلاق کے بیان میں ایک مورلسٹ کے
ہاتھہ میں معلوم ہوتی ہے تو عدالت کے فیصلوں میں ایک
کہنہ مشق جج کے ہاتھہ میں اور سالانہ رپوٹوں اور جلسوں
کی روئدادوں میں ایک تجربہ کار سکریٹری کے ہاتھہ میں -

# علماء کی صحبت

از

( جناب مولوی غلام یزدانی صاحب ایم - اے ، ناظم محکمۂ
آثار قدیمہ ، حیدر آباد دکن )

---

[ یہ دلپذیر اور پر اثر تقریر آپ نے
اورنگ آباد کالج کے سالانہ جلسہ
مورخۂ ۶ نومبر سنہ ۱۹۲۶ ع میں
فرمائی طلبہ کے لئے بہت بڑی ہدایت ہے ]

جناب صدر انجمن صاحب و معزز حاضرین اور عزیز طالب علمو! آپ کے لایق صدر نے چند روز ہوے جب وہ بلدے تشریف لے گئے تھے مجھ سے از راہ کرم فرمایا تھا کہ یورپ کے علماء کی صحبت سے جو اثر میرے دل پر ہوا اُس کا ذکر اس جلسے میں آپ کے سامنے کروں - اُن علماء کی سادہ بے لوث زندگی ' علمی تبحر ' مطالعے میں انہماک اور تحقیق کا شوق ایسی خصوصیات ہیں جو ہندوستان کے طالب علم کو خواہ اس نے مغربی طرز کے مدارس میں تعلیم پائی ہو یا ایشیائی مکتبوں اور آشرموں میں پروان چڑھا ہو ' ضرور عجیب نظر آتی ہیں - جب کسی قوم میں انحطاط آتا ہے تو اس کا

معیار علم بھی پست ھوجاتا ھے - ناداری اور افلاس کی بلا اخلاق کو خراب کردیتی ھے - معلموں کی زندگی اور عام پیشہ وروں کی زندگی میں مطلق فرق نہیں رھتا - ذاتی مفاد، تحصیل و تدریس کا نصب العین بن جاتا ھے - اور علمی تلاش کا حقیقی ذوق بالکل مفقود ھوجاتا ھے - ھمارے بد نصیب ملک کی آج کل یہی حالت ھے - مغربی تعلیم حاصل کرنے کی غرض محض کسب معاش ھے - اور مشرقی مدارس کی غایت ثواب اُخریٰ - علم کی جستجو محض علم کے شوق کی وجہ سے اس سر زمین میں آج کل عنقا ھے - اس تنزل کے اسباب خواہ سیاسی ھوں خواہ معاشی ، لیکن اس میں کچھہ شک نہیں کہ صحیح معنوں میں علمی چرچوں سے ھم نا آشنا ھوگئے ھیں - اور تہی دستی اور بد ذوقی یہاں تک پہنچ گئی ھے کہ اگر ھم کسی میں بھولے بسرے یہ شوق دیکھتے بھی ھیں تو ھم کو تعجب ھوتا ھے اور اس کی غایت ھماری سمجھہ میں نہیں آتی -

طالب علم کے دل و دماغ پر اُستاد کی زندگی اور طرز معاش کا بہت بڑا اثر پڑتا ھے - اور حقیقی طور سے پوچھئے تو وہ تربیت جو طالب علم کو خود بخود اس اثر سے حاصل ھوتی ھے وہ قومی فلاح اور کامیاب زندگی کے لئے ایسی تعلم سے جو امتحانات کے پاس کرنے یا دستار فضیلت حاصل کرنے کی غرض سے کتابوں کے درس کے ذریعے سے دی جاتی ھے، بدرجہا ضروری اور لازم ھے هندوستان والوں کو کیمبرج اور اکسفورڈ یا یورپ کی بعض اور قدیم درسگاھوں میں

ایک اور بات جو غیر معمولی نظر آتی ھے - وہ یہ ھے کہ پروفیسر طالب علموں کو اِس طور سے سبق نہیں دیتے جیسا کہ ھماری تعلیم گاھوں میں رواج ھے کہ استاد نے طالب علموں کو ایسی یاد داشتیں لکھا دیں جو امتحان میں کار آمد ھو سکتی ھیں اور جن کو حفظ کر کے طالب علم کامیاب ھو گئے - وھاں کے پروفیسروں کا وقت زیادہ تر خود اپنی علمی تحقیقات میں گزرتا ھے ' طالب علموں کو بھی مناسب ھدایات دی جاتی ھیں' لیکن یہ ھدایات تیار لقمے کی صورت میں نہیں ھوتیں ' بلکہ اُن کو سکھایا جاتا ھے کہ وہ کن ذرائع سے اور کن کتابوں سے اپنے معلومات میں اضافہ کرسکتے ھیں - فرق یہ ھے کہ ھمارے ھاں کے کالجوں میں استاد بجاے بچوں کے دودھ پینے کی عادت کے چھڑانے کے جو ایک خاص وقت تک ضروری ھے ' اِس عادت کو آخری وقت تک جاری رکھتے ھیں - اور نتیجہ یہ ھوتا ھے کہ ھمارا طالب علم ایم ' اے کے امتحان کے واسطے بھی اُسی طرح استاد کی یاد داشتوں کا محتاج ھوتا ھے جیسا کہ وہ مدرسے کی ابتدائی جماعت میں تھا —

میں نے آپ سے ابھی عرض کیا کہ استاد کی زندگی کا طالب علم کے اوپر بڑا اثر ھوتا ھے - یورپ کی اعلیٰ درسگاھوں میں علمی ترقی کا راز دراصل استادوں کی زندگی ھے - اُن کا علمی انہماک اور شغف گویا ایک رینی ھے جس میں طالب علم خود بخود رنگ جاتا ھے - اور حقیقی شوق جو علم کی جستجو کے لئے لازمی ھے اُس میں پیدا ھو جاتا ھے - میں اب آپ کو چند اساتذہ سے اپنی ملاقات کا ذکر سناؤں گا ' جس سے میرے

خیالات اور واضح ھو جائیں گے —

پروفیسر بیون کا نام آپ نے سنا ھوگا - یہ کیمبرج میں عربی کے پروفیسر ھیں - ساری عمر عربی لغت کی تحقیق میں صرف ھوئی ھے - اور اب اس فن میں امام کی حیثیت رکھتے ھیں - بدن پتلا دبلا ھے اور مزاج میں زیادہ شگفتگی نہیں - اِس لئے طالب علم اِن کے پاس آنے جانے سے گھبراتے ھیں- باھر کم نکلتے ھیں اور زیادہ وقت مطالعے میں، اپنی اقامت گاہ میں، جو کالج کے اندر ھے، گزرتا ھے - سر جان مارشل نے جو کیمرج کے پرانے طالب علم ھیں میرے آنے کے متعلق پروفیسر صاحب موصوف کو لکھ دیا تھا - چنانچہ جب میں اُن کی اقامت گاہ پر پہنچا اور دستک دی تو بہت دیر تک کچھ جواب نہ آیا - معلوم ھوتا ھے مطالعے میں مستغرق تھے - جب دروازہ کھلا، تو میں نے اپنا کارڈ شناسائی کی غرض سے دیا - اُسے ھاتھ میں لے لیا، اور بیٹھ گئے - میں بھی بیٹھ گیا لیکن اُن کے چہرے سے معلوم ھوتا تھا کہ اُن کا خیال اِبھی مطالعے ھی کی طرف تھا - یہ کیفیت کوئی پانچ منٹ تک رھی - مجھے اُن کے سکوت کو دیکھ کر افسوس ھوا کہ میں نے اُن کو ناحق تکلیف دی - آخر میں اُٹھنے لگا، یکایک کچھ چونک سے پڑے، کہنے لگے بیٹھو بیٹھو، کچھ سناؤ کیا کیا کرنا ھے، کہاں کہاں جانا ھے؟ میں نے اجمالی طور سے اپنے سفر کی غایت بیان کی اور اِسلامی فن تعمیر کی ضمن میں کہیں مسجد کی ابتدا کا ذکر آگیا - فرمانے لگے: مسجد کا لفظ عبرانی کتابوں میں بھی آیا ھے، اور سریانی زبان میں لفظ مسجد کے

معنی تقریباً وهی موجود هیں ' جو اِسلام کی اشاعت کے بعد اس لفظ کے عربی زبان میں پیدا هوگئے - پهر اِس راے کی تائید میں اتنے حوالے دئے اور اتنی دقیق بحث کی که میرے فهم سے باهر تهی - میں چپکا بیٹها سنتا رها - لیکن اُن کے شوق اور انهماک کا مجهه پر بے حد اثر هوا - اور دل میں یه خیال آیا که اے کاش یه شوق همارے ملک کے هونهاروں میں بهی پیدا هو جائے —

اب میں آپ کو پروفیسر براؤن مرحوم کا حال سناتا هوں - اُن کی عجب شخصیت تهی ' دیکهنے میں تو ذرا سے آدمی تهے اور کوز پشتی کا عیب بهی موجود تها ' لیکن جب بات کرتے تهے تو چہرے سے کمال ذهانت ٹپکتی تهی - اور بذله سنجی کا یه حال تها که منه سے پهول جهڑتے تهے - طبیعت میں انتها کا انکسار اور حلم تها - اسی وجه سے طالب علم اور آنے جانے والے ان کا بہت وقت ضائع کرتے تهے - ایشیائیوں کے لئے مہمانی کا دروازہ همیشه کهلا رهتا تها - میرے آنے کا جب حال معلوم هوا تو ڈاکٹر بذل الرحمن سے جو اِس وقت کیمبرج میں تهے ' کہا که اُن کو سیدها اسٹیشن سے میرے پاس لے آنا - دو دن تک مہمانی رهی ' پر لطف باتیں کرتے تهے - اِن دنوں بیوی کی علالت کی وجه سے ذرا طبیعت میں انتشار تها - اور اپنی صحت کی خرابی کو بهی محسوس کر رهے تهے - مسودوں کے بستے دکهائے اور کہا که خدا اِس ذمه داری کو پورا کرے - آنکهه میں چونکه بے حد لحاظ تها ' اِس لئے بعض اوقات چهپ چهپ کر کام کرتے تهے —

ایران اور اهل ایران کے ساتھہ حقیقی عشق تھا - اپنے ملک کی نگاہ جب کبھی بدلی هوئی دیکھتے تھے ' فوراً ایران کی بھلائی کے لئے کھڑے هو جاتے تھے ' اس پر خلوص محبت اور شگفتگی کی وجہ سے سیاسی عہدہ دار بھی اُن کا ادب کرتے تھے - سر وولزے هیگ ایک قصہ سناتے تھے - وہ جب مشهد میں قونصل جنرل تھے ایک شاعر کو ایرانی سلطنت نے غداری اور بغاوت کے جرم میں قید کر دیا - شاعر نے پروفیسر براؤن کو عرضی لکھی اور مدد چاهی - اُن کے دل پر ایسا اثر هوا که فوراً سر وولزے کو خط لکھا کہ جس طرح ممکن هو ' شاعر کو چھوڑا دو ' یہ سمجھو کہ براؤن کا بیٹا قید هو گیا هے اور دستگیری کا وقت هے - سر وولزے کہتے تھے کہ شاعر کے جرم میں مطلق شبہ نہ تھا ' لیکن براؤن کی محبت کو دیکھکر مجھے شاعر کو بغیر رها کرائے بن نہ پڑی —

یہ محبت هی تھی کہ اس فاضل نے ایران کی ادبیات کو اِس خوبی سے سمجھا هے ' لیکن باوجود تبحر کے کبھی کسی قسم کی لن ترانی اُن کی زبان سے نہیں سنی گئی - شبلی کی تالیف " شعرالعجم " کے متعلق فرمانے لگے .کہ " یہ ایسے وقت لکھی گئی ' جب میں اپنی کتاب بہت کچھہ لکھہ چکا تھا — اور چونکہ یہ اُردو میں لکھی گئی - اس لئے اس کے مطالعے میں مجھے بے حد دقت پیش آئی " - جب پروفیسر براؤن کے انکسار اور فضیلت کا مقابلہ هندوستان کے علماء کے مبلغ معلومات اور تعلی سے کیا جاتا هے تو اِن حضرات کے حال پر تاسف هوتا هے ' اور اُن کی تنگ مایگی پر غیر قوم والوں کے

سامنے شرم آنے لگتی ہے -

کیمبرج کے ایک پروفیسر کا ذکر میں اور کروں گا - ان کا اسم گرامی ' سرولیم رجوے ' ہے - یہ اپنی بد مزاجی کی وجہ سے مشہور ہیں - میں نے اُن کی بعض تنقیدیں پڑھی ہیں - خلاف واقعہ باتوں اور غلط بیانی کے دشمن ہیں - اور اِس قسم کی کمزوریوں پر مصنفین اور مؤلفین کی دھجیاں اڑانے میں مطلق نہیں چوکتے - علم الآثر کے پروفیسر ہیں اور سرجان مارشل ' کے اُستاد ہیں - پروفیسر ' براؤن ' نے جب یہ سنا کہ مجھے ' سر ولیم رجوے ' سے بھی ملنا ہے ' تو پہلے تو بہت تعجب کیا ' لیکن پھر مسکرا کر چپ ہو رہے - کیمبرج میں ' اِس زمانے میں موسم گرما کی تعطیل ہوگئی تھی - اور ' سر ولیم ' اپنے ذاتی مکان میں چلے گئے تھے ' یہ لب دریا کیمبرج سے کوئی چار میل کے فاصلے پر واقع ہے - میں کشتی میں سوار ہو کر اُن سے ملنے گیا - یہ بھی عجب سیر تھی - لیکن اِس وقت اُس کا ذکر موجودہ مضمون سے متعلق نہیں - ' پروفیسر رجوے ' کا سن ستر سال سے زیادہ ہوگا - نہایت بلند قامت ہیں اور ہاتھ پیر خوب مضبوط ہیں - لیکن بینائی نے بالکل جواب دے دیا ہے - میرے آنے کی خبر ملی تو فوراً نکل آے اور میری پشت پر ہاتھ رکھکر مجھے سینے سے لگالیا اور کہنے لگے ''مجھے تمہارے آنے سے بے حد خوشی ہوئی ہے - تم میں تیسری پیڑی نظر آتی ہے - ' سرجان مارشل ' میرے شاگرد ہیں اور تم اُن کے ''- پھر اُن کی بیوی آگئیں ' اُن سے بڑی اسی طرح تعارف کرایا - اور ایسی محبت سے باتیں کرتے رہے ' جیسے

کوئی اپنے بچوں سے کرتا ھے ' پھر اپنے گھر کی ایک ایک چیز دکھائی - بصارت کی کمی کی وجہ سے چلنا پھرنا دشوار تھا ' لیکن میرے کندھے پر ھاتھہ رکھکر صحن میں گئے اور ایک دھوپ گھڑی دکھائی ' جس کی کچھہ تاریخی اھمیت تھی ' اُس کا سارا حال سنادیا - شام کو کھانے کے بعد کہنے لگے کہ مجھکو ھندوستان کے آثار کے متعلق کچھہ معلوم نہیں ' سنتا ھوں وھاں کے فنون لطیفہ میں یونانی اثر غالب ھے - تم ھندوستان کے رھنے والے ھو ' کچھہ تم بیان کرو - جو کچھہ میں کہتا تھا نہایت غور سے سنتے تھے اور کبھی کبھی سوال بھی کرتے تھے - لیکن اس تمام بات چیت میں شفقت کا رنگ غالب تھا اور یہ معلوم ھوتا تھا کہ محبت کا دریا اُمڈا چلا آ رھا ھے - دو روز اس صحبت میں عجیب لطف سے گزرے اور مجھے معلوم ھو گیا کہ اھل علم کے نزدیک شاگرد اور اولاد میں مطلق فرق نہیں ' اور یہی گہرا قلبی تعلق ھے ' جو علمی ترقی کا راز ھے —

کیمبرج کے تین پروفیسروں کی شان آپ نے سن لی ' اب تھوڑی دیر کے لئے میں آپ کو یورپ سے شام میں لے جاتا ھوں ' بیروت میں عیسائی پاپاؤں کا جو دارالعلوم قائم ھے اِس سے تو آپ شاید واقف ھوں گے - یہاں ایک اُستاد ' پاپا شیخو ' نامی ھیں - اِسلامی علوم میں فرد ھیں - یورپ کے تمام مستشرقین اُن کا بہت احترام کرتے ھیں - عرب کی قدیم تاریخ انھیں خوب معلوم ھے - اور چند سال ھوے فرانسیسی زبان میں مکۂ معظمہ کے حالات پر ایک ضخیم کتاب بھی تالیف کی ھے ' موسیو پروست ' جو خود ایک زبردست " اثری " ھیں ' مجھے

' پاپا شیخو ' کے پاس لے کر گئے - شام کا وقت تھا - خانقاہ میں جہاں ' پاپا شیخو ' اور پاپا رھتے ھیں اُسے قلعہ سمجھنا چاھئے - ایک برآمدے میں پا پا ٹہل رہے تھے - ' موسیو پیروست ' کو آتا ھوا دیکھہ کر جلد آگے بڑھے اور فرمایا " دوھرا شکریہ اور دوگنی مسرت کہ خود بھی آے اور اپنے ساتھہ ایک اور عنایت فرما کو بھی لاے" - پاپا شیخو ' چھریرے بدن کے ھیں - قد میانہ ھے - ھونٹ پتلے پتلے اور آنکھیں نہایت روشن - بات کرنے میں اکثر مسکراتے رھتے ھیں اور تعجب ھوتا ھے کہ زھد نے اُن میں کسی قسم کی خشکی یا انقباض پیدا نہیں کیا - ھم کو اپنے حجرے میں لے گئے ' اس میں سوا ے پلنگ اور ایک میز اور دو تین کرسیوں کے اور کوئی سامان نہ تھا - کرسیاں بھی نہایت چھوٹی چھوٹی اور ھاتھہ رکھنے کے لئے ان میں تکئے وغیرہ نہ تھے ' زندگی نہایت سادہ بسر کرتے ھیں ' اور تمام وقت مطالعہ اور تالیف و تصنیف میں گزرتا ھے - ان کا حجرہ خانقاہ کی اس منزل میں ھے جہاں کتب خانہ ھے - مجھہ سے ' مکۂ معظمہ ' ' طایف ' ' مدینۂ منورہ ' وغیرہ کے حالات پوچھتے رھے - کہنے لگے کہ ھم خیالی گھوڑے دوڑاتے ھیں - اس لئے اکثر لغزش ھوتی ھے - مورخ کے واسطے سیاحت اور قدیم مقامات کا دیکھنا ضروری ھے - پاپا سے صحبت تو کوئی دو گھنٹے تک ھی رھی - لیکن ان میں میں نے ایک عجیب مقناطیسی اثر پایا - خبر نہیں وہ اُن کے زھد یا استغنا کی وجہ سے ھے ' یا علمی شوق کی وجہ سے ' یا طبیعت کی قدرتی شگفتگی اور سحر بیانی کی وجہ سے - کیسے خوش نصیب ھیں وہ طالب علم ' جن کو ایسے

اُستاد کی شاگردی کا فخر حاصل ہوگا —

عزیز طالب علمو! آپ کے صدر صاحب نے مجھ سے فقط یورپ اور بیرونی ممالک کے اساتذہ کے حالات بیان کرنے کے متعلق فرمایا تھا - لیکن میں اس موقع پر ایک اور عالم کا بھی ذکر کرنا مناسب سمجھتا ہوں' جن کے اخلاق میں گو ہمارے ملک میں رہنے کی وجہ سے وہ کشش نہیں رہی' جو میں اور اساتذہ کی نسبت بیان کرچکا ہوں' لیکن وقت کی قدر' عمل میں احتیاط' اور 'تحقیق کا شوق' اس درجہ ہے کہ ان کی بدولت وہ دنیا کے مشہور و معروف آدمیوں میں سے ہوگئے ہیں - ان عالم کا نام سر اریل استاین ہے - نسل سے یہودی ہیں' ہنگری کے رہنے والے ہیں، آکسفورڈ میں تعلیم پائی ہندوستان میں آکر پنجاب یونیورسٹی کے رجسترار رہے، اور پھر صوبۂ سرحدی کے ناظم تعلیمات ہو گئے - تحقیق کا شوق آکسفورڈ سے ساتھ لائے' وہاں پالی اور سنسکرت کا درس لیتے تھے اور وسط ایشیا کے ریگستانوں کی چھان بین کے خواب دیکھتے تھے - ہندوستان آنے کے بعد' گو ملازمت کرتے رہے' لیکن دل بدھ مت کے کھنڈروں کی تلاش کے شوق میں لگا رہا اور تیاری کرتے رہے - آخر جب موقع ملا' تو تین دفعہ وسط ایشیا کا سفر کیا - پہاڑ اور ریگ چپہ چپہ زمین کی مساحت کی' اور علم و فضل' فن و کمال کے وہ خزانے ڈھونڈے کہ دنیا حیران ہو گئی - سر آریل استاین نہ غیر معمولی طور سے ذہین ہیں اور نہ بہت بڑے فاضل - ان کی ترقی کا راز وہی صفات ہیں جن کا میں نے اوپر ذکر کیا - وسط ایشیا کی بے آب ریگ

سیاحوں کو آگے نہ بڑھنے دیتی تھی - انھوں نے پہلے سے اندازہ کر لیا کہ منزل مقصود تک پہنچنے میں کتنے پانی کی ضرورت ہوگی رستے کی دقتوں کے لحاظ سے روزانہ کس قدر مسافت طے کرنی چاھئے ' آخر ڈیڑہ سو اونٹ برف سے لدے ہوئے ساتھہ لے کر کشمیر کے پہاڑوں سے روانہ ہوے - جو رفتار مقرر کرلی تھی - اس میں مطلق فرق نہ آنے دیا- بیمار ہوے' پیر کا انگوٹھا سردی کی شدت کی وجہ سے گل گیا ' لیکن یہ ارادے کا پکا' آگے بڑھے گیا اور آخر ٹھیک اتنی مدت میں جتنا کہ اندازہ کیا تھا ' اپنی سیاحت کو کامیابی کے ساتھہ ختم کیا - خود فرما تے تھے کہ چونکہ وقت کم رہ گیا تھا ' اس لئے بھائی رام سنگھ کو جو پیمایش کے واسطے ساتھہ گئے تھے ' میں نے ایک جانب بھیجا اور خود دوسری جانب روانہ ہوا ' تاکہ کام جلد ختم ہوجاے - چلتے وقت بھائی رام سنگھ کو ہدایت کردی کہ جو نظام العمل مقرر کیا ہے ' اگر اس کی پابندی نہ کی گئی ' توہم دونوں ریگستان میں ہلاک ہوجائیں گے - کہتے تھے " جس روز ہم دونوں ٹھیک اسی موقع پر اور اسی وقت ملے ہیں جہاں کہ ہم نے اندازہ کیا تھا ' تو ہماری خوشی کا کچھہ ٹھکانا نہ تھا " —

سنہ ۱۹۱۹ع میں یہ ممالک محروسہ میں تشریف لاے تھے - ایک ہفتہ تک مجھہ کو ان کے ساتھہ رہنے کا اتفاق ہوا ' وقت کی قدر اور احتیاط کا حال آپ سنیں گے تو حیران ہوں گے' وقت پر سوتے تھے' وقت پر اٹھتے تھے ' اور وقت پر کُل کام کرتے تھے - اور اتفاق سے اگر نظام العمل میں فرق آجاتا تھا تو

وقت کو ضائع نہ ہونے دیتے تھے - صبح کو چاء پلانے اور ڈاڑھی
بنانے کے لئے ، گرم پانی دینے کا وقت بندھا ہوا تھا - ایک روز
گرم پانی لانے میں دیر ہو ئی یہ فوراً قلمدان کھول' خط لکھنے
میں مشغول ہو گئے - جل گاؤں کے اسٹیشن پر پہنچے تو اطلاع
ملی کہ پنجاب میل دو گھنٹے تاخیر سے آے گا - مجھ سے کہنے لگے
" معاف فرمانا ' میں اپنی یاد داشتوں کو صاف کر لوں '
ورنہ پھر یہ وقت ضائع جاے گا " - ہر چیز قفل کنجی میں رکھتے
تھے - اور جو کام کرتے تھے ' اس کو فوراً اس کی حد تک مکمل
کردیتے تھے - اجنٹا میں مولوی سید احمد صاحب بھی ساتھ تھے
ہم دونوں بعض وقت ہنستے تھے ' کیونکہ انھوں نے ایک ہی
غار میں کئی کئی فوٹو لئے ' لیکن جہاں ایک فوٹو لے لیا ' فوراً
صندوق میں کیمرے کو بند کر کے قفل لگا دیتے تھے - اور پھر
جب تھوڑی دیر بعد دوسرا فوٹو لینا ہوتا تھا تو پھر کیمرے
کو نصب کرتے تھے اور پھر قفل لگاتے تھے - نوٹ بک کا بھی یہی
حال تھا کہ وہ بار بار تھیلے سے نکلتی تھی اور پھر مقفل
ہو جاتی تھی - میرے عزیز دوستو وقت کی قدر اور احتیاط '
یہی سر آریل استائن کی نمایاں کامیابی کے راز ہیں اور یہ
ایسی صفات ہیں کہ ہمارے ملک میں کم نظر آتی ہیں —

حضرات! علماء کی جو صفات میں نے آپ کے سامنے بیان
کیں ' یہ طالب علم کی زندگی میں کایا پلٹ کر دیتی ہیں ،
لیکن ایسی نہیں کہ ہمارے امکان سے باہر ہوں - فضل و کمال
کسی خاص قوم کا ورثہ نہیں ' کبھی آپ کی بھی یہ حالت تھی
کہ آپ شمالی یورپ کی اقوام کو جو آج دنیا میں ممتاز ہیں

فلسفہ اور سائنس کے میدان میں بعیدالذھن ، کم فہم اور جاھل سمجھتے تھے - اگر آپ کو میرے بیان میں شبہ ھو تو ابن حزم کی کتاب " الفصل فی الملل والا ھوا والنحل " کو دیکھئے کہ کیا لکھتے ھیں یا ابن سعید کی تصنیف " طبقات‌الامم " کو ملاحظہ فرمائیے کہ شمالی یورپ کے باشندوں کے متعلق ان کی کیا رائے ھے - عروج و زوال ڈھلتی پھرتی چھاؤں ھیں' مایوس نہ ھونا چاھئے - عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام کی غایت یہی ھے کہ ھمارے ملک کے ھونہاروں میں علم کا سچا شوق پیدا ھو - خدا کی رحمت ھے کہ اس نے ھم کو ایسا بادشاہ دیا جو علم و فضل کا حقیقی سرپرست اور حامی ھے - نصاب کا تقرر اور طریق تعلیم کی اصلاح ھمارے ھاتھوں میں ھے - ترقی کے لئے کوئی امر مانع نہیں - اساتذہ کو چاھئے کہ اپنے نصب العین بدل دیں' اور وہ شوق و انہماک دکھائیں جو علم کی شمع برداری کے لئے لازم ھے مستقبل بہت خوش آیند ھے - ملک میں سر جگدیش بوس اور رابندر ناتھہ ٹگور پیدا ھو چکے ھیں - طلبۂ اورنگ‌آباد ! تم سے بڑی بڑی اُمیدیں ھیں ' تم ایسے خطے میں رھتے ھو جہاں تمھارے بزرگوں کے کار نامے تمھاری آنکھوں کے سامنے ھیں - تغلق کی اولوالعزمی ' بہمنیوں کی شوکت ' مغلوں کی تہذیب اور نفیس ذوق سے اپنے کمھلائے ھوئے دلوں میں روح پھونکو ! سالباھن کے قصے اور راجہ کرشنا کی حکایات تمھاری گھٹی میں ھیں - اجنتا کی تصاویر اور ایلورہ کے معابد تمھارے ھی اسلاف کے بنائے ھوئے ھیں ' ٹھٹی ھوئی ھمتوں اور مٹے ھوئے ولولوں کو پھر پیدا کرو ! تمھیں ایک

اور بڑی خصوصیت بھی حاصل ہے ' وہ تمھارے صدر کی پاک اور بے لوث ہستی ہے - اس کی بے نظیر زندگی کی تقلید کرو - علم کی لو جو اس کے دل کو لگی ہوئی ہے ' اگر تم نے بھی پیدا کر لی تو بیڑا پار ہے —

---

# سائنس اور شاعری

از

جناب خواجہ غلام الحسنین صاحب

ہم ایک لمحہ کے لئے بھی اس بات کا یقین نہیں کرتے کہ سائنس کسی شخص کو صناع یا صاحب فن بنا سکتا ہے اگر چہ ہم اس امر پر زور دیتے ہیں کہ ہر ایک صناع کو نفسیات و طبیعات کے بڑے بڑے قوا نین سمجھ لینے چاہئیں ' لیکن ہم اس بات سے مطلق بحث نہیں کرتے کہ ان قوانین کی واقفیت قدرتی ملکہ کی جگہ کام دے سکتی ہے ; نہ صرف شاعر بلکہ ہر قسم کا صاحب فن پیدا ہوتا ہے بنتا نہیں - بیان بالا سے ہمارا مطلب صرف اتنا ہے کہ خلقی قابلیت باضابطہ علم کی مدد سے مستغنی نہیں ہو سکتی - قدرتی ذکاوت بہت کچھ کر سکتی ہے مگر سب کچھ نہیں کر سکتی جب فطرتی جوہر کا ازدواج سائنس کے ساتھ ہوتا ہے تب کہیں اعلیٰ ترین نتائج پیدا ہو سکتے ہیں —

سائنس جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے کسی صنعت میں پورا کمال حاصل کرنے کے لئے ہی ضروری نہیں ہے بلکہ

فنون لطیفہ کو پوری طرح سمجھنے کے لئے بڑی درکار ہے ' کسی تصویر کی خوبیوں کو معلوم کرنے کی لیاقت بچے کی نسبت بڑے آدمی میں کیوں زیادہ ہوتی ہے ؟ اس کی وجہ اس کے سوا اور کچھہ نہیں ہے کہ قدرت اور زندگی کے واقعات جو تصویر میں ظاہر کئے جاتے ہیں بڑے آدمی کو ان کا علم بہت زیادہ ہوتا ہے - کیا وجہ ہے کہ ایک مہذب شریف آدمی ایک دھقان کی نسبت عمدہ نظم سے زیادہ لطف اُٹھاتا ہے ؟ صرف یہ وجہ ہے کہ اُس کو مختلف اشیاء اور حرکات سے بہت زیادہ واقفیت ہوتی ہے اور اسی واقفیت کی بدولت نظم میں اُس کو بہت سی باتیں نظر آتی ہیں جو دھقان کو نظر نہیں آ سکتیں - اور اگر تصویروں کی خوبیوں کو سمجھنے سے پہلے اصل چیزوں سے جن کی وہ تصویریں ہیں ' کچھہ نہ کچھہ واقفیت حاصل کرنی ضروری ہے - جیسا کہ بیان مذکور سے ظاہر ہے تو اس سے یہ بات لازم آتی ہے کہ تصویر کی پوری خوبی اُسی وقت سمجھہ میں آسکتی ہے جب کہ اصل چیزوں کو پوری طرح سمجھہ لیا جاے - حقیقت یہ ہے کہ کسی صنعت کے کام میں جس قدر زیادہ خوشی حاصل ہوتی ہے اُسی قدر وہ لوگ جو اس اصلیت سے بے بہرہ ہیں اُسی خوشی سے محروم رہتے ہیں - کوئی صناع کسی خاص کام میں حقایق اصلیہ کو جس قدر زیادہ ظاہر کرتا ہے اُسی قدر زیادہ طبیعتوں کو اُس کام کی طرف مائل کر لیتا ہے ' اُسی قدر زیادہ خیالات اُس کام کو دیکھہ کر دل میں پیدا ہوتے ہیں اور اُسی قدر زیادہ لطف حاصل ہوتا ہے - مگر اس لطف کے حاصل کرنے کے واسطے یہ بات

ضرور ہے کہ صناع نے اپنی صنعت میں جن حقیقتوں کا اظہار کیا ہے ' دیکھنے والا ' ' سننے والا اور پڑھنے والا اُن کو جانتا ہو اور اُن حقیقتوں کا جاننا گویا اُن کی حد تک سائنس سے واقف ہونا ہے —

اب ایک بڑے معاملے کو جو اور بھی زیادہ ضروری ہے ہم کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے ' یعنی یہ بات کہ سائنس نہ صرف بت تراشی ' مصوری ' موسیقی اور شاعری کی بنیاد ہے بلکہ سائنس بجائے خود شاعری ہے - یہ خیال جو عام طور پر مشہور ہے کہ سائنس اور شاعری ایک دوسرے کے مخالف ہیں ایک دھوکا ہے - یہ بات حقیقت میں سچ ہے کہ ادراک اور جذبہ جو شعور یا نفس کی دو مختلف حالتیں ہیں ' ایک دوسرے کو خارج کرنا چاہتی ہیں ' اور بے شک یہ بھی سچ ہے کہ حد اعتدال سے بڑھ کر قوائے متفکرہ کا عمل جذبات کو مردہ کردیتا ہے - علیٰ ھذا لقیاس جذبات کا عمل ' اعتدال سے زیادہ ہو تو قوائے متفکرہ کو مردہ کردیتا ہے در حقیقت اس معنی میں تو سب قسم کی قوتیں ایک دوسرے سے متناقض ہیں مگر یہ بات کہ سائنس کے واقعات شاعری کے منافی ہیں یا بہ عبارت دیگر " سائنس کی تحصیل لازمی طور پر تخیل ' احساس اور حسن کے خلاف واقع ہوتی ہے " ہرگز صحیح نہیں ہے - بر عکس اس کے سائنس کی شاعری کی اُس اقلیم کو ہمارے سامنے بے نقاب کر دیتی ہے ' جو سائنس سے نا واقف لوگوں کی نگاہ میں بالکل چٹیل میدان ہے - جو لوگ سائنس کی تحقیقات میں مصروف ہیں وہ بہ نسبت

دوسرے لوگوں کے اپنے مضامین کی شاعری کا لطف کم نہیں بلکہ زیادہ خوبی و صفائی کے ساتھہ اتھاتے ھیں - جو شخص ھیومار کی تصانیف عام طبقات الارض میں غور و خوض کرے یا مسٹر لوئس کی کتاب " سی سائڈ سٹڈیز " (تحقیقات بحری) کا مطالعہ کرے اُس کو ضرور معلوم ھوجائے گا کہ سائنس شاعری کے جوش کو سرد نہیں کرتا بلکہ اور زیادہ بڑھاتا ھے اور جو شخص گیتھے کی سوانح عمری پر غور کرے گا اُس کو یہ بات ضرور معلوم ھوجائے گی کہ شاعر اور سائنس کا عالم ایک ھی وقت میں یکساں مستعدی سے کام کرسکتا ھے - کیا یہ بات در حقیقت بیہودہ اور قریب قریب ناپاک اعتقاد نہیں ھے کہ جس قدر زیادہ کوئی شخص قدرت کا مطالعہ کرے گا اسی قدر کم اُس کی توقیر کرے گا ؟ - کیا تم یہ سمجھتے ھو کہ پانی کا قطرہ جو عام لوگوں کی نظر میں صرف پانی کا قطرہ ھے ماھر علم طبیعات کی نظر میں اُس کی وقعت کچھہ کم ھو جائے گی جو اس بات کو جانتا ھے کہ اُس قطرے کے ذرات ایک قوت کے ذریعے سے وابستہ ھیں اور اگر وہ قوت یکایک زایل ھوجائے تو اس سے بجلی کی چمک پیدا ھوگی ؟ - کیا تم یہ سمجھتے ھو کہ جس شے کو ایک نا واقف آدمی بے پروائی سے برف کا گالا سمجھتا ھے اگر اُس کے عجیب و غریب ، گوناگوں ، پاکیزہ ، برنمائی ، شفاف اور بلور نما اوراق کو کوئی شخص خوردبین کے ذریعہ سے دیکھے گا تو اُس کے دل میں اعلیٰ درجے کے خیالات کا تسلسل پیدا نہ ھوگا ؟ - کیا تم سمجھتے ھو کہ ایک گول چٹان جس کا پتھر جس پر متوازی خطوط کے نشانات کھدے ھوے ھیں

جاهل آدمی کے دل میں اسی قدر شاعرانہ خیالات پیدا کرتا ھے
جس قدر کہ عالم ارضیات کے دل میں جو اس بات کو جانتا ھے
کہ دس لاکھہ برس پہلے ایک برف کا تیلہ اس چٹان پر بہتا
ہوا گزرا تھا ؟ اصل بات یہ ھے کہ جو لوگ کبھی سائنس کے
مشاغل میں مصروف نہیں رھے وہ شاعری کے بہت بڑے حصے
سے جو ان کے گرد و پیش موجود ھے بالکل محروم اور
اندھے ھیں - جس شخص نے جوانی کے زمانے میں پودوں اور
کیڑوں کو جمع نہ کیا ھو وہ اس دلچسپی کی آدھی قدر
بھی جانتا جو گلی کوچوں اور خار دار جھاڑی کی
قطاروں سے حاصل ھوسکتی ھے - جس شخص نے معدنی اشیا
متحجرہ کی کبھی تلاش نہ کی ھو اس کو اُن شاعرانہ خیالات
کا تصور بہت کم ھوسکتا ھے جو ان مقامات میں پیدا ھوتے
ھیں جہاں یہ خزانے زمین کے اندر پائے جاتے ھیں - جس شخص
نے سمندر کے کنارے پر خردبین کے ذریعہ سے آبی جانوروں
کے حوض کا معائنہ نہ کیا ھو ابھی اس کو یہ بات سیکھنی ھے
کہ سمندر کے کنارے پر سب سے اعلیٰ درجہ کی پر لطف چیزیں
کون سی ھیں - حقیقت میں اس امر کا دیکھنا افسوس ناک ھے
کہ لوگ خفیف باتوں میں اپنے تئیں مصروف رکھتے ھیں اور
نہایت عظیم‌الشان مظاھر قدرت کی طرف سے غافل اور لا پر وا
ھیں - گنبد افلاک کی عمارت کو سمجھنے کی پروا نہیں کرتے
مگر " میری " ملکۂ اسکاٹ لینڈ کی سازشوں کی بابت ذلیل
بحث و مباحثہ میں گہری دلچسپی لیتے ھیں ! پرانی غزل
پر عالمانہ نکتہ چینی کرتے ھیں اور اس عظیم‌الشان مندری

کو جو خدائے تعالیٰ نے اپنے دست قدرت سے طبقات الارض پر لکھی ہے نظر اٹھا کر نہیں دیکھتے اور اس کے پاس سے کترا کر نکل جاتے ہیں —

پس ہم دیکھتے ہیں کہ سائنس کی تعلیم انسانی کار و بار کی اس آخری حصہ کے لئیے بھی مناسب سامان مہیا کرتی ہے - ہم دیکھتے ہیں کہ علم حسن عموماً لازمی طور پر سائنس کے اصول پر مبنی اور ان ہی اصول کی واقفیت کی بدولت اس کو پوری کامیابی کے ساتھہ حاصل کیا جاسکتا ہے - ہم دیکھتے ہیں کہ ہر ایک فن کی تنقید اور اس کی خوبیوں کی پوری قدر کرنے کے لئیے چیزوں کی ماہیت کا علم یا دوسرے لفظوں میں یوں کہو کہ سائنس کا علم ضروری ہے - اور ہم صرف اتنی بات نہیں دیکھتے کہ سائنس تمام قسم کے فنون اور شاعری کی سہیلی ہے بلکہ یہ بات بھی دیکھتے ہیں کہ اگر صحیح طور پر خیال کیا جاے تو سائنس بجاے خود شاعری ہے —

( ماخوذ از فلسفۂ تعلیم )

# ایران کی بہار نو روز

از

(شمس العلما مولوی محمد حسین آزاد مرحوم)

آفتاب آخر حوت پر پہنچا اور موسم میں تبدیلی نظر آئی - دل گھبرانے لگتے ہیں - آمد بہار کی تاثیر سے زمین سانس لیتی ہے - در و دیوار کے مسامات سے گرمی نکلتی معلوم ہوتی ہے - پھر چند روز کے بعد کچھہ اس سے زیادہ ہوتا ہے کہ در و دیوار میں پسینا سا بہتا ہے - ساتھہ ہی بہار کا موسم شروع ہو جاتا ہے - ۲۱ یا ۲۲ مارچ کو نو روز ہوتا ہے - یا تو درختوں پر پتوں کا نام نہ تھا ' سب شاخ بلور بنے کھڑے تھے اور زمین آسمان برف ہی برف نظر آتے تھے ' یا برف باری موقوف ہو جاتی ہے ' آٹھہ دس دن کے بعد کبھی ایک آدھ دفعہ کوئی ہلکا سا جھالا پڑ گیا - ورنہ برف ہر طرف ' زمستاں موقوف ' جہاں ہوتی ہے پانی ہوئی جاتی ہے - نہریں ' حوض ' تلاؤ وغیرہ ' بلکہ اکثر دریا کہ جم کر آئینہ ہو گئے تھے وہ پگھلنے لگتے ہیں - نہروں کی نالیوں میں چپکے چپکے پانی سر سرانے لگتا ہے ' پھر حوضوں کے اوپر کا تختہ

کنارے کنارے سے پگل جاتا ھے گویا حوض نے دھن کھول دیا۔ کناروں پر سبزہ اور سبزہ میں کلیاں آ جاتی ھیں —

دھن ناکشادہ لب آ بگیر
کہ آید لب غنچہ را بوے شیر

میرے دوستو! جب تک ایسے ملکوں میں جا کر حالت مذکورہ کو آنکھوں سے نہ دیکھے تب تک شعر مذکور اور اس قسم کے اشعار کوئی کیا سمجھہ سکتا ھے - اکثر شارح اور محشیوں نے صفحے سیاہ کئے ھیں اور اصل مطلب کے سایہ تک نہیں پہنچے - پھر دیکھہ لو! انشا پردازی نے اپنے ملک کی حالت اور موسم کی کیفیت کو کیوں کر ظاھر کیا ھے - زمیندار اپنے کھیتوں پر آتے ھیں، باغ والے باغوں میں پہنچتے ھیں - باغچے سب کے پاس ھیں، بعض کے گھروں میں چھوٹے چھوٹے خانہ باغ ھیں، غریب اپنے دوست آشناؤں کو لیکر انگوروں کی دار بستیں باندھتے ھیں، درختوں کو چھانٹتے ھیں، کیاریاں صاف کرتے ھیں - درخت جو سوکھی جھاڑیاں نظر آتے تھے ان میں پھر جان آ ی ھے - اس طرح کہ آج صبح کو دیکھا ٹہنیوں پر برت نہیں رھی؛ کل صبح کو دیکھا تو سبزی کی تحریر معلوم ھوئی، دوسرے دن دیکھا تو ھری ھری کوپلیں مگر سبزی بھی ایسی صاف شفاف کہ آنکھوں میں طراوت آئے - جس درخت کی طرف دیکھو زمرد کی ٹہنیاں بن گئیں! آٹھہ دس دن میں ھرا بھرا درخت لہلہا رھا ھے - باغ و گلزار میں بلکہ گھر گھر کی کیاریوں میں گلاب کھل گیا ھے؛ در و دیوار پر سبزۂ خود رو بھی اُگا تو ایک گل خود رو لئے اُگا - لوگ گھروں میں

سکڑے بیٹھے تھے ، نکل کھڑے ہوئے ' بند کام جاری ہو گئے ' آسودہ حال لوگ گھوڑوں پر چڑھے ' دوست آشناؤں کو لیکر باغوں میں گئے ' بہاریں منائیں - عورتیں بھی باغوں اور کھیتوں میں گئیں اور دل خوش کرنے لگیں - نو روز اپنے رخ رنگیں سے برف کا برقع الٹ دیتا ہے یا پری رویوں کے رخ زیبا سے کہ جو برف کے سبب سے لحافوں میں دبکے بیٹھے تھے - ہر طرح لطف زیادہ بر زیادہ ہے --

ادھر گلاب کھلا ادھر بلبل ہزار داستاں اس کی شاخ پر بیٹھی نظر آئی - بلبل نہ فقط پھول کی ٹہنی پر بلکہ گھر گھر درختوں پر بولتی ہے اور چہہ چہہ کرتی ہے - اور گلاب کی ٹہنی پر تو یہ عالم ہوتا ہے کہ بولتی ہے ' بولتی ہے ' بولتی ہے جب سے زیادہ مست ہوتی ہے تو پھول پر منہ رکھہ دیتی ہے اور آنکھیں بند کر کے زمزمہ کر نے رہ جاتی ہے - تب معلوم ہوتا ہے کہ شاعروں نے جو اس کے اور بہار کے اور گل و لالہ کے مضمون باندھے ہیں وہ کیا ہیں اور کچھہ اصلیت رکھتے ہیں یا نہیں - وہاں گھروں میں نیم ، کیکر کے درخت تو ہیں نہیں ! سیب ' ناشپاتی ' بہی ' انگور کے درخت ہیں - چاندنی رات میں کسی ٹہنی پر آ بیٹھتی ہے اور اس جوش و خروش سے بولنا شروع کرتی ہے کہ رات کا کالا گنبد پڑا گونجتا ہے - وہ بولتی ہے اور اپنے زمزمہ میں تانیں لیتی ہے اور اس زور شور سے بولتی ہے کہ بعض موقع پر جب چہہ چہہ چہہ کرکے جوش و خروش کرتی ہے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا سینہ پھٹ جائے گا - اہل درد کیا دلوں میں سن کر درد پیدا ہوتا اور جی بے چین ہوجاتے ہیں

میں ایک فصل بہار میں اس ملک میں تھا چاندنی رات میں صحن کے درخت پر آ بیٹھتی تھی اور چہکارتی تھی تو دل پر ایک عالم گزر جاتا تھا؛ کیفیت بیان میں نہیں آسکتی، کئی دفعہ یہ نوبت ہوئی کہ میں نے دستک دے دیکر اُڑا دیا - یہ موسم دلوں میں جوش پیدا کرتا ہے - چنانچہ جب چاندنی رات ہوتی ہے تو چند آشنا ہم طبع، ہم نفس، زندہ دلی کی امنگ میں آکر کہتے ہیں، "بیا تا بود امشب شب گل کنیم" باغ جاتے ہیں رات کو وہیں رہتے ہیں؛ بہار مناتے ہیں اور زندگی کی بہاریں لوٹتے ہیں—

نگار خانۂ قدرت کے دیکھنے والے دیکھیں گے کہ ہمارے ہندوستان کی بہار کا موسم برسات ہے - جو لطف وہاں بہار میں ہوتے ہیں یہاں برسات میں ہوتے ہیں - ہندوستان میں بلبل کا زمزمہ نہیں - کوئل کی کوک اور پپیہے کی ہوک دلوں پر آفت لاتی ہے - تالاؤ بھرے چھلکتے ہیں، جھیلیں موجیں مارتی ہیں، دریاؤں کے چڑھاؤ مستیاں دکھاتے چلے جاتے ہیں، گل اور لالہ ان دنوں میں نہیں پھولتا مگر چنپا، موتیا، رائے بیل وغیرہ وغیرہ پھولوں کی خوشبو سے عالم مہک جاتا ہے - دلوں پر بھی جو اثر شگفتگی کے برسات میں ہوتے ہیں بہار میں نہیں ہوتے - گھٹا گھنگھور چھائی ہے، کبھی مینہ برس رہا ہے، کبھی پھوار پڑتی ہے، بادل گرجتے ہیں، بجلیاں چمکتی ہیں، مور بولتے ہیں - باغوں میں جاتے ہیں پنگھے چڑھتے ہیں، آموں کی سیریں ہورہی ہیں؛ ٹپکا لگا ہوا ہے؛ درختوں میں جھولے پڑے ہیں - شاعروں نے بھی جو برسات کے گیتوں میں

مزے لئے ہیں وہ بسنت میں نہیں لئے - وجہ اس کی یہی ہے کہ قدرتی بہار بسنت کی ہندوستان میں سوا ے سرسوں کے اور کچھ نہیں - اس کے علاوہ عمر بھی تھوڑی ہے ' دو تین ہفتے میں گرمی آتی ہے اور سارا لطف خاک میں ملادیتی ہے - ہند کے انشا پردازوں نے جب کسی باغ کا لطف یا عیش کا سما باندھا ہے تو اکثر برسات ہی کا موسم لیا ہے —

ایران ایک قدرتی بہشت ہے - وہاں جن چیزوں کی بہتات ہے وہی اس کی انشا پردازی کا سامان ہے - گل ' بلبل ' سبزہ ' شبنم ' برف ' اولے ' مرغزار ' آب رواں ' گلشن ' چمن ' درخت ' جوانان چمن ' مرغان چمن ' نغمہ سنجان چمن ہیں وغیرہ و غیرہ - ان ترکیبوں میں ہزاروں نازک اور لطیف خیالات ادا کرتے ہیں - گلاب پھول میں جو زردی ہے اسے زرگل کہتے ہیں؛ گُل اپنا خزانہ لٹاتا ہے اور ہنستا ہے مگر غنچہ مٹھی بند کرکے اپنی زرداری پر خوش ہوتا ہے اور مسکراتا ہے ;شبنم بے ثباتی پر روتی ہے جس طرح بلبل گل کی عاشق ہے قمری سرو کی شیدا ہے -اس کا گیروا لباس ہے 'نغمےلالہ زار ہیں 'مگر سبزہ بیگانہ ہے-

زمزموں کی کثرت سے اس کا نام ہزار ' ہزار داستان ' ہزار آواز رکھاہے - بیسیوں صفتیں خو شنما و خوش آئندہ نکالی ہیں - مرغ شب خواں ' خوش آہنگ ' آتش نوا وغیرہ وغیرہ ایک ایک ترکیب سے کئی کئی مضمون شاعرانہ جداگانہ پیدا کئے ہیں - کوہ ' صحرا ' مرغزار ' چشمے ' آب رواں کہ قدرت کے عجائب خانے ہیں ' ان سے ہزار در ہزار خیالات زبان میں پرواز کرتے پھرتے ہیں —

اهل عرب نے کھجور سے ' انھوں نے شراب و انگور سے بلکہ اس کی تازگی' کہنگی' مستی' سیہ مستی' بد مستی' سرخوشی ' خمار ' سر گرانی میں ' خندۂ جام ' گریۂ شیشہ ' قلقل مینا ' قہقۂ مینا وغیرہ ' وغیرہ سے سرور کئے ھیں - انہی کی بہتات ہے کہ انشا پرداز کو اپنے رنگین مضمونوں اور استعاروں سے نکلنے نہیں دیتی - ایک گل کو دیکھو کتنی عمدہ عمدہ اصطلاحیں رنگی ھیں - گل کر دن ( ظاهر هونا ) ' گلگشت (گلزار میں پھرنا ) ' گل زمین ( قطعۂ زمین ) ' (گاک طنز کی بات ) ' وغیرہ سینکڑوں اصطلاحیں ھیں کہاں تک سنوگے - آب رواں کی کثرت اور زمین کی شادابی اور سر سبزی نے صدھا نہیں ہزاروں اصطلاحیں اور کنائے سر سبز کئے ھیں - فقط آب کی ترکیب سے جو سیراب اور خوشنما معنے پیدا ہوئے ھیں اگر لکھوں تو ایک رسالہ بنتا ہے - سبزے کی خوشنمائی نے اپنی فراوانی کے سبب سے مختلف ترکیبوں میں لہلہاتے معنے پیدا کئے ' مثلاً گنبد سبز ' پل سبز ' دریائے سبز ( آسمان ) ' سبز آخور ( خوشحالی میں رہنے والا گھوڑا ) ' سبزہ بخت ( خوش نصیب )' سبزہ کار سبز گر ( جو اچھے کام کرے) ' آغا سبز کردۂ شما هستیم ( تمھارے پرورش کئے ہوئے ھیں هم )' سبز رنگ (سانولا معشوق)' سبز تہ گلگوں' ان کا تعریفی رنگ اور ایک راگ کا بھی نام ہے وغیرہ وغیرہ کیا کیا کہوں - اب تم عرب ' فارس اور هند کی انشا پردازی کو پہلو بہ پہلو ترتیب دے کر دیکھو - هر ملک کے محاورے اور اصطلاحیں تمہیں بتا رهی ھیں کہ اس ملک کی کیا حالت ہے ' سر زمین کی کیا کیفیت ہے ' آب و هوا کا

کیا عالم ہے ' پیداواروں کی کیا صورت ہے اور لوگوں کی طبیعتوں پر اُس کا اثر کیا ہے جو زبانوں سے ظاہر ہوا ہے۔

# ارسطی دش

(ماخوذ از مشاہیر یونان و روما '
مترجمۂ مولوی سید ہاشمی صاحب)

ارسطی دش ابن لسی ماخس اپیلۂ انطیا کیس سے ہے اور قصبۂ الوپک میں پیدا ہوا اور وہیں کا باشندہ تھا۔ اس کی حیثیت کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں وہ عمر بھر نہایت مفلسی میں بسر اوقات کرتا رہا اور مرنے کے بعد بھی دو بیٹیاں ایسی شکستہ حال چھوڑ گیا تھا کہ افلاس کی وجہ سے وہ مدتوں بے بیاہی رہیں۔ لیکن دمت ریس فلیری کا بیان اس روایت عام سے مختلف ہے اور وہ اپنی کتاب "سقراط" میں ذاتی علم کی بناء پر ارسطی دش کو ایک بڑے قطعۂ زمین کا مالک بتاتا ہے جو موضع فلیرم میں اُسی کے نام سے موسوم تھا اور جہاں اُس کی قبر تھی۔ اِس کے علاوہ دمت ریس نے اُس کی ثروت کے اور بھی کئی ثبوت پیش کئے ہیں مگر وہ کچھ زیادہ قوی نہیں ہیں۔

ارسطی دش اُس کلیس تِن کا دوست اور طرفدار تھا جس نے مطلق العنان جابروں کو نکالنے کے بعد حکومت کو درست

گیا تھا - اسے اسپارٹی مقنن لکرگس کا نظام ملک داری بہت پسند تھا - وہ اُصولاً حکومت امراء کا سب سے زیادہ حامی تھا - اس کے مقابلے میں جمہور کی حمایت تھمس طاکلیس نے لی تھی اور وہی اُس کا سب سے بڑا سیاسی حریف تھا - بعض لوگ کہتے ہیں کہ اُن کی طبیعتوں کا فرق اوایل عمر میں ہی ظاہر ہو گیا تھا - بچپن سے وہ ایک ہی جگہہ رہے سہے اور ایک ہی مکتب میں ان کی تعلیم و تربیت ہوئی ؛ مگر اس وقت بھی قول و فعل اور کھیل کود میں وہ ایک دوسرے کی ضد اور حریف تھے - طاکلیس نہایت تیز ' چالاک اور ہر بات میں دخیل تھا - ارسطی دش بہت متین ' پختہ مزاج ' راست باز اور ایسا انصاف پسند کہ کھیل کود میں بھی جھوٹ فریب یا بد تمیزی اُسے گوارا نہوتی تھی —

ملکی جد و جہد میں تھمس طا کلیس نے اپنی قوت ایک جتھے میں مل کر بہت بڑھا لی تھی اور اس فرقے بندی میں اسے اتنا غلو تھا کہ جب کسی نے اس سے کہا کہ " اگر تم میں یہ طرفداری اور دو رعایت نہ ہوتی تو ایک اچھے حاکم ہوتے " تو اس نے جواب دیا " کاش میں کبھی ایسی عدالت میں رکن بن کر نہ بیٹھوں جہاں میرے احباب کو اجانب سے زیادہ رعایت کی امید نہ ہو ! " اس کے بر عکس ارس طی دش نے کسی جماعت یا گروہ کا سہارا نہیں لیا - اسے ہرگز پسند نہ تھا کہ اپنے دوستوں کا جاؤ بیجا ساتھہ دے اور اپنے گروہ کے اغراض پر شرافت و انصاف کو قربان کر دے - اس کی راہ سیاست سب سے الگ تھی اور صرف حق اور دیانت اس کی رہبر تھی —

ملکی معاملات میں ارس طی ڈش نے جس استقلال سے کام لیا وہ قابل تحسین ہے - اُس کا عقیدہ تھا کہ یہ خدمت گزاری ایک فریضۂ انسانی ہے جو بغیر کسی لالچ یا غرض کے انجام دینی چاہئے - چنانچہ عمر بھر وہ اسی اصول پر کاربند رہا اور نہ غرور دولت و اعزاز اس راستے سے اس کو منحرف کر سکا اور نہ کبھی تہی دستی اور ناقدرئی زمانہ سے اس کی قوم پرستی میں کوی کمی آئی - وہ آخر تک ویسا ہی خالص محب وطن اور راستباز شہری رہا جیسا کہ ابتدا میں تھا اور غالباً یہی وجہ ہے کہ جب ایک دفعہ تھیٹر میں مندرجۂ ذیل اشعار پڑھے گئے جو اسکا ئی لوس نے امغیا ر وس کے متعلق لکھے ہیں تو تمام تماشائیوں کی نگاہیں ارس طی ڈش کی طرف پھر گئیں ، گویا وہ صفت جس کی شاعر نے مدح کی ہے خاص ارس طی ڈش کا حصہ تھی —

اشعار یہ ہیں :

عادل فقط آے نظر ، کچھ اس کی یہ چاہت نہ تھی
بلکہ یہ کوشش کہ وہ ایسا رہے فی الاصل بھی
اور اک زمین سیر تھی گویا کہ وہ طبع رسا
جس میں صلاح نیک کی اُگتی رہیں فصلیں سدا

حقیقت میں ارس طی ڈش جادۂ عدل پر ایسی مضبوطی سے قایم تھا کہ دوستی اور طرفداری یا ذاتی عداوت ، غصہ کوئی شے اُسے کبھی بھی صراط مستقیم سے نہ ہٹا سکی - ایک موقع پر لکھا ہے کہ وہ چند ارکان عدالت کے ساتھ کسی ایسے شخص کی سماعت مقدمہ کر رہا تھا جو اس کا ذاتی دشمن اور

بد خواہ تھا - استغاثے کی کارروائی ختم ہوتے ہی عدالت نے فیصلہ سنانے کا ارادہ کیا اور ملزم کی صفائی سننے سے انکار کر دیا - اس وقت ارس طی دش مضطربانہ اپنی جائے سے اُٹھا اور ملزم کے ہم آہنگ ہو کر درخواست کی کہ بے شک اسے اپنا قانونی حق ملنا چاہئے اور اجازت دینی چاہئے کہ جو کچھ کہنا ہے کہے ! —

اسی طرح ایک مرتبہ وہ دو شخص کے باہمی انزع کا فیصلہ کر رہا تھا - اثنائے تحقیقات میں ایک شخص نے فریق ثانی کے متعلق یاد دلایا کہ وہ ارس طی دش کا دشمن ہے اور اسے بھی نقصان پہنچا چکا ہے - یہ سنکر ارس طی دش کہنے لگا " عزیز من ' اس وقت تو تم وہ نقصان بتاؤ جو تمھیں پہنچا ہے کیونکہ یہ میرا مقدمہ نہیں ہے بلکہ تمھارا معاملہ ہے جس کی میں سماعت کرنے بیٹھا ہوں " —

بعد میں جب وہ سرکاری خزانچی منتخب ہوا تو اپنی دیانت اور نگرانی سے اس نے ثابت کر دیا کہ یہ رقم نہ صرف اس کے زمانہ میں لوگوں نے خرد برد کی ہے بلکہ اس کے پیش رو بھی بہت کچھ تصرف و تغلب کر چکے ہیں ' خاص کر ثمس طا کلیس جس کی نسبت کہا گیا ہے کہ

گو اپنے اور اوصاف میں وہ شہرۂ آفاق تھا
پھر ہاتھ کو چالا کیوں میں بھی بہت مشاق تھا

اس بد نامی پر خار رکھا کر ثمس طا کلیس نے چند آدمیوں کو اپنے سے ملالیا اور جب وہ حسابات دینے کھڑا ہوا تو اس پر خیانت کا الزام لگایا اور ایسا لوگوں کو مشتعل کیا کہ

انھوں نے ارس طی دش کو مجرم قرار دے دیا لیکن شہر کے مقتدر اشخاص اس فیصلے سے سخت ناراض ھوئے اور انھوں نے نہ صرف وہ جرمانہ معاف کرایا جو اس پر خواہ مخواہ کیا گیا تھا ' بلکہ عہدہ مذکور پر دوبارہ اسی کا تقرر کردیا - مگر اس مرتبہ وہ جان بوجھہ کر بھولا بن گیا اور اس طرح کہ گویا وہ اپنے پہلے کئے پر پشیمان ھے ' اس نے آئندہ سے تغافل اختیار کیا اور ان لوگوں کي جانچ پرتال بھی کرنی چھوڑدی جو غلط حسابات بنا لاتے تھے اور خزانے سے بڑی بڑی رقمیں وصول کر لیا کرتے تھے - اس کا یہ نتیجہ ھوا کہ جو لوگ پہلے اس کے خلاف تھے وہ اب اس کے بڑے مداح اور طرفدار بن گئے اور جب اس کی میعاد عہدہ ختم ھوئی تو انھوں نے اھل شہر سے التجا کی کہ اس کو پھر اسی خدمت پر بحال رکھا جاے - ارس طي دش یہ کارروائیاں خاموشی سے دیکھتا رھا لیکن جس وقت لوگ اسے دوبارہ منتخب کرنے لگے تو اس نے جلسۂ عام میں اھل ایتھنز کی خبر لی اور کہنے لگا کہ "جب میں نے اپنے فرائض منصبی راست بازی اور خوبی کے ساتھہ انجام دیے تو ھر طرف سے مجھہ پر لعنت ملامت ھوئی اور میری اھانت کی گئی ' لیکن جب اس مرتبہ میں نے ان لٹیرے عہدہ داروں کو آزادی دیدی کہ جو چاھیں کریں ' تو میں سب سے بڑا محب وطن بن گیا - اسی وجہ سے در حقیقت میں اپنی بے آبروئی سے اتنا شرمندہ نہیں ھوں جتنا اس تعریف و تحسین سے - اور مجھے تم لوگوں کے حال پر رحم آتا ھے کہ بیت المال کے محفوظ رکھنے کی نسبت ان عیاروں کا نوازنا تمھیں زیادہ پسند ھے " —

یہ کہہ کر اس نے وہ چوریاں کھولنی شروع کیں جو اس مرتبہ ہوئی تھیں اور ان لوگوں کا منھہ بند کر دیا جنھوں نے تھوڑی دیر پہلے اس کی تعریف کے پل باندھ دیے تھے اور اس کے دوبارہ انتخاب پر بڑھ بڑھ کر بول رہے تھے - البتہ جتنے انصاف پسند تھے وہ خوش ہوے اور اس کو حقیقی داد ملی —

اس کے بعد دارائے عجم نے شہر سارویس * کا جسے ایتھنزیوں نے جلا دیا تھا بدلا لینے کے بہانے یونان پر چڑھائی کی اور سارے ملک کو اپنے قبضہ میں لانا چاہا - اس غرض سے اس کا سپہ سالار تے تیس فوج سے میرا تھان (میرا تھن) تک آ پہنچا اور گرد و نواح کے تمام علاقے کو برباد کردیا (میرا تھان ایتھنز کے شمال میں بیس پچیس میل کے فاصلے پر واقع تھا) - اس کے مقابلے کے لئے اہل ایتھنز نے جن دس سپہ سالاروں کو منتخب کیا ان میں سب سے نامور مل تیا دیس تھا - لیکن اس کے بعد ارس طی دش کا جتنا اثر تھا کسی کا نہ تھا اور جب اس نے بھی مل تیادیس کی تائید کی کہ لڑائی لڑنی چاہئے تو راے کا پلہ اسی طرف جھک گیا - پھر جب ہر سردار باری باری سے ایک دن سپہ سالاری کرنا چاہتا تھا ، اس نے اپنا دن بخوشی مل تیا دیس کو دے دیا ، جس سے اپنے ساتھیوں کو یہ سبق دینا منظور تھا کہ آدمی کا

---

* مغربی ایشیائے کوچک کی قدیم سلطنت لدیہ (لود) کا مشہور شہر تھا - ساردس ، سردس اور آج کل سرت بھی اس کا تلفظ کرتے ہیں —

اپنے سے زیادہ قابل اور دانشمند کی پیروی یا اطاعت کرنا
بے عزتی نہیں بلکہ بڑی عالی ظرفی اور خوبی کی بات
ھے - چنانچہ اِس کے اِس ایثار کا خاطر خواہ فائدہ ھوا - ان کی
باھمی رقابت مٹ گئی اور ھر ایک نے اپنا سپہ سالاری کا
دن مل تیادیس کو دے دیا اور اب وھي پوری مستعدی اور
قوت کے ساتھہ بلا شرکت سپہ سالاری کے فرائض انجام دینے لگا -
جس وقت لڑائی شروع ھوئی تو جنگ کا سارا بوجھہ قلب
لشکر پر پڑا اور اسی مقام پر ایرانیوں نے جم کر دیر تک
مقابلہ کیا - ارس طی دش اور ثمس طاکلیس بھی اپنے اپنے
قبیلوں کے ساتھہ یہاں موجود تھے اور بڑی شجاعت کے
ساتھہ لڑے ؛ حتیٰ کہ دشمن کو ھزیمت ھوئی اور وہ ھٹ
کر جہازوں میں پناہ گزیں ھوئے اور لنگر اُتھا کے وھاں سے
بھی بھاگے - لیکن یہ دیکھہ کر کہ واپس جزائر کی طرف جانے کی
بجائے ان کے جہاز سمندر کی مخالف موج اور ھوا کے زور سے
اِتّی کا ( علاقۂ ایتھنز ) کی جانب بہے جاتے ھیں ، ایتھنزی فوج
کو خوف ھوا کہ مبادا وہ خاص ایتھنز میں جا اُتریں اور
غیر محفوظ پا کر اس پر قبضہ کرلیں - لہذا نو دستے فوج کے
ایتھنز کی طرف بہ عجلت روانہ ھوئے اور اسی دن وھاں
جا پہنچے - میر اتھان میں صرف ارس طی دش اور اس کا قبیلہ
مال غنیمت اور اسیران جنگ کے حفاظت کے لئے چھوڑ دیا گیا
تھا - اور جیسی کہ اُس سے توقع تھی اُس نے یہ فرض کمال
دیانت و امانت کے ساتھہ انجام دیا - غنیم نے بے حد و حساب
زر و جواھر ، قیمتی اسباب اپنے خیموں میں چھوڑا تھا ،

ارس طی دش نے اُن کو بجنسہ پڑا رہنے دیا اور نہ خود ہاتھہ لگانے کی ضرورت سمجھی اور نہ کسی اور کو ہاتھہ لگانے دیا - البتہ یہ ممکن ہے کہ اس کی بے اطلاع کسی نے کچھہ لے لیا ہو جیسا کہ کے لیس مشعل بردار نے کیا - اُس کا قصہ یوں ہے کہ ایک ایرانی نے کے لیس کو قصابہ سر پر باندھے دیکھہ کر کوئی بادشاہ یا حاکم سمجھا اور پہلے اُس کے سامنے گر کر سجدہ کیا پھر ہاتھہ پکڑ کر اُسے ایک جگہہ لایا جہاں نالی میں اُس نے بہت سا سونا گاڑ دیا تھا - مگر کے لیس ایسا قسی القاب کافر تھا کہ مال پر بھی قبضہ کر لیا اور اس شخص کو بھی مار ڈالا کہ شاید کسی اور سے وہ اس امر کا تذکرہ کرے - یہی وجہ ہے کہ مکاتب نویس اس کے خاندان کو لک کو پلوتی کے نام سے پکارتے ہیں جس کے معنی " نالی سے دولت یافتہ " کے ہیں —

ارس طی دش کی جس خوبی نے جمہور کو سب سے زیادہ گرویدہ کیا ' وہ اس کی انصاف پسندی تھی کہ اس سے روز مرہ اور بار بار سابقہ پڑتا ہے اور یہی وصف ہے جس کی بنا پر اسے ایک نادر اور کم نسب آدمی ہونے کے باوجود عادل کا لقب ملا جو خدا کی اعلیٰ ترین صفت اور بڑے سے بڑے بادشاہوں کے لئے بھی موجب فخر و ناز ہے - اگرچہ اس میں شک نہیں کہ بادشاہ یا مطلق العنان جابر یہ لقب پانے کی کبھی کوشش نہیں کرتے بلکہ انھیں زیادہ خوشی اپنے ناموں کے ساتھہ ایسے ایسے القاب شامل کرنے کی ہوتی ہے جیسے کشور کشا و فاتح یا صاعقۂ جہاں سوز اور اس سے آگے بھی بڑھو تو عقاب و شہباز وغیرہ' جس سے معلوم

ہوتا ہے کہ کسی نیکی سے مشہور ہونا انہیں اتنا پسند نہیں جتنا زور و قوت ، جبر و قہر میں ناموری حاصل کرنا پسند ہے - حالانکہ وہ بادشاہ علی الاطلاق جن سے یہ کسب فیض کرنا اور اپنے تئیں ملانا چاہتے ہیں تین صفات خاص میں کہیں بر تر و بالا ہے - جن سے بقاے دوام ، قوت کاملہ اور خیر محض مراد ہیں - ان میں بھی سب سے اعلیٰ تر اور سب سے مبارک خیر کی صفت ہے کیونکہ ہر چند عناصر اور خلا کا وجود ابدی ہے اور زلزلے اور طوفان اور برق و رعد قوت میں کسی سے کم نہیں ، با ایں ہمہ عدل و انصاف صرف ربانی عقل و علم کی صفات ہیں —

القصہ یہی وہ لقب ہے جس کی بدولت ارس طی دش ابتدا میں محبوب عام و خاص اور آخر میں محسود خلایق بنا - پچھلی فتح سے لوگوں کے دماغ بھی آسمان پر تھے اور وہ بالطبع اُن سب سے جلنے لگے تھے جو عام سطح سے بلند اور زیادہ نامور نظر آتے تھے - یہی وجہ تھی کہ وہ ہر طرف سے آ آکر شہر میں اکٹھے ہوے اور فتواے عام ( یعنی آسترسزم ) کے ذریعے ارس طي دش کو جلا وطن کر دیا - در حقیقت یہ سزا بھی کسی مجرمانہ فعل کے لئے نہیں وضع کی گئی تھی بلکہ اس کی غرض ہی نامور اور صاحب قوت لوگوں کو گرانا اور ذلیل کرنا تھی ، تاکہ حاسدوں کی بھڑاس نکل جائے اور وہ زیادہ نقصان پہنچانے کے درپے نہ ہوں بلکہ صرف دس سال کی جلا وطنی سے اپنا دل ٹھنڈا کرلیں - چنانچہ آخر میں جب یہی سزا شریر اور بد ذات اشخاص کے واسطے کی جانے لگی تو

عوام الناس بہت نا خوش ہوے اور انھوں نے سرے سے اس سزا ہی کو اُڑا دیا —

اس موقع پر مختصر طور پر یہ لکھنا مناسب ہے کہ یہ فتواے عام کس طریق سے دیا جاتا تھا —

سب سے اول ہر ایک شخص ایک ایک استراکان یعنی ٹھیکری لے کر اُس شخص کا نام لکھہ دیتا جسے وہ جلا وطن کرانا چاہتا - پھر منڈی میں ایک خاص مقام پر جس کے چاروں طرف لکڑی کا کٹھرا لگا ہوا تھا، یہ ٹھیکری لیجاتا تھا اور یہاں ان تمام ٹھیکریوں کی گنتی ہوتی تھی ( کیونکہ اگر وہ کل تعداد میں چھہ ہزار سے کم ہوتیں تو فتوی بے اثر مانا جاتا تھا ) - اس کے بعد ہر نام کے خلاف جتنی رائیں ہوتیں انھیں علیحدہ علیحدہ شمار کیا جاتا اور جو سب سے زیادہ رائیں پاتا وہ دس سال کے واسطے وطن سے نکال دیا جاتا، اگرچہ اس کے شہری حقوق اور ذاتی املاک بر قرار رہنے دیے جاتے تھے - اس قسم کا ہوتا تھا وہ فتواے عام جس کی بدولت ارس طی دش کو وطن سے نکلنا پڑا - اس کے متعلق یہ واقعہ بڑی مشہور ہے کہ جب لوگ ٹھیکریوں پر نام لکھہ رہے تھے تو ایک آن پڑہ گنوار نے اپنی ٹھیکری خود ارس طی دش کو (یہ سمجھہ کر کہ وہ کوئی معمولی شہری ہے ) دیا اور درخواست کی کہ اس پر ارس طی دش کا نام لکھہ دے ! اور جب اس نے نہایت متحیر ہو کے دریافت کیا کہ تمھیں اس سے ایسا کیا ضرر پہنچا ہے جو اسے جلا وطن کرانے کے درپے ہو، تو جواب ملا کہ " نہیں مجھے کوئی ضرر نہیں پہنچا نہ میں اُس

کو جانتا هوں که وہ کون هے لیکن اسے هر جگهه عادل سن کر میرا جی اُکتا گیا هے ! " —

کہتے هیں یه سن کر ارس طی دش چپ هو گیا اور ٹھیکری پر اپنا نام لکھه کر شخص مذکور کے حوالے کردیا - اس کے بعد جب وہ شہر سے نکلنے لگا تو اُس نے اپنے هاتھه آسمان کی طرف اُٹھاے اور دعا کی ( جو اکی لیز کی بد دعا سے بالکل مختلف نظر آتی هے ) که اے خدا کبھی اهل ایتھنز پر ایسا وقت نه آئے که وہ مجبور هو کر ارس طی دش کو یاد کریں —

اس کے بعد جب ایرانیوں نے یونان پر حمله کیا تو ارس طی دش اور سب جلا وطنوں کو واپس بلا لیا گیا ' اس لڑائی میں بھی ارس طی دش نے بڑے بڑے جوانمردی کے کام کئے - آخر جب ایرانیوں کی بلا ملک سے دفع هوئی تو ارس طی دش کی کوشش اور لیاقت سے ایتھنز کی حکومت یونان کے بہت سے شہروں میں قائم هو گئی - مگر وہ خود ویسا هی مفلس رها اور اس افلاس پر اپنی اور فتوحات کی طرح همیشه ناز کرتا تھا جس کا ذیل کی روایت سے بخوبی ثبوت ملتا هے :-

کے لیس مشعل بردار ارس‌طی‌دش کا رشته دار تھا - اُس کے دشمنوں نے ایک مرتبه کوئی سنگین مقدمه اس کے خلاف اُٹھایا اور دیگر معاملات پر مختصر بحث کرنے کے بعد ' عدالت پر اثر ڈالنے کے لئے ایک تقریر اصل الزام کے علاوہ بھی کی اور ارکان عدالت سے کہنے لگے " آپ سب صاحب اسی ماجس کے بیٹے ارس طی دش سے واقف هیں ' جو تمام یونان کا ممدوح

و محبوب ھے - آپ اسے باھر ایسے پرانے اور جھر جھرے کوٹ میں دیکھتے ھیں تو بھلا آپ کے نزدیک اُس کی اور اس کے اہل و عیال کی گھر کے اندر کیا حالت ھوگی ؟ کیا یہ یقینی بات نہیں ھے کہ وہ جو گھر کے باھر اس طرح سردی کھانے پر مجبور نظر آتا ھے ' گھر میں ضروریات زندگی تک کا محتاج ھوگا ؟ اب یہ شخص کے لیس جو ایتھنز میں سب سے مالدار اور ارس طی دش کا چچا زاد بھائی ھے ' باوجودیکہ سو طرح کے فائدے اُس کے ملکی اقتدار سے اُٹھا تا ھے ' لیکن کیا ممکن جو اُس کی کوئی مدد کرے اور اس شکستہ حالی میں اس کے بال بچوں کے کبھی کام آئے —— "اس تقریر کا بڑا اثر ھوا اور جب کے لیس نے دیکھا کہ یہ الزام سن‌کر عدالت سخت بیزار ھوگئی ھے اور میرے خلاف کارروائی کرنے پر تلی ھوئی ھے تو اس نے ارس طی دش کو عدالت میں طلب کرایا کہ خود وہ تصدیق کرے کہ کس طرح کے لیس نے بارھا اس کی امداد کرنی چاھی اور مختلف ھدیے قبول کرنے کی التجا کی مگر اس نے ھمیشہ انکار کیا اور یہی جواب دیا کہ " کے لیس تمہیں اپنی دولت پر نازاں ھونا اس قدر زیبا نہ ھوگا جتنا کہ مجھے اپنے افلاس پر - کیونکہ ایسے دولت مند تو بہت مل جائیں گے جو کم و بیش اپنے روپئے کا اچھا استعمال کرتے ھیں ' لیکن ایسے مفلس شاید کم ھیں جو اپنی تہی دستی کو شریفانہ استقلال کے ساتھہ برداشت کرتے ھوں - باقی مفلسی کی اگر شرم ھو تو اُنھیں ھو جنھیں وہ بار معلوم ھوتی ھے ! " جب کے لیس نے یہ باتیں دھرائیں اور ارس طی دش نے اس کی شہادت دی تو سامعین میں سے کوئی شخص ایسا نہ تھا

جو عدالت سے اٹھتے وقت کے لیس جوسا دولت مند ہونے کی بجاے ارس طی دش جیسا مفلس نہ بننا چاھتا ھو! —

یہ ھے وہ روایت جو حکیم سقراط کے شاگرد اس کائی ذوس نے لکھی ھے - اور افلاطون کا قول ھے کہ ایتھنز کے تمام مشاھیر میں اگر فی الحقیقت کوئی شخص کامیاب مدبر ھے تو وہ ارس طی دش ھے - کیونکہ تھمس طا کلیس، کائمن اور پری کلیس نے شہر کو عمارات اور مال و دولت اور طفلانہ سامان، عیش و آرائش سے معمور کیا تھا - لیکن وہ جس نے صرف عدل کو اپنا مسلک عمل بنایا ارس طی دش تھا اور اس کی شرافت و انسانیت کا حال اس طرز عمل سے بخوبی ظاھر ھوجاتا ھے جو تھمس طاکلیس کے معاملے میں اُس نے اختیار کیا تھا طا کلیس اُس کے تمام کاموں میں در اندازی کرتا رھا اور آخر میں اس کی جلاوطنی کا بھی زھی باعث ھوا - مگر جس وقت اُس سے بدلا نکالنے کا موقع آیا اور اھل شہر نے اس کے خلاف مقدمہ دائر کیا تو ارس طی دش نے اُس کی مطلق مخالفت نہ کی اور دکھادیا کہ وہ اپنے حریف سے جس طرح اس کی ثروت و اقتدار کے زمانے میں حسد نہ کرتا تھا اُسی طرح اب اس کی مصیبتوں پر بھی کوئی اظہار فتح و شادمانی کرنا نہیں چاھتا —

بعض کا قول ھے کہ ارس طی دش نے کسی سرکاری کام کے لئے پونٹس ( بحیرۂ اسود ) کا سفر کیا تھا اور وھیں وفات پائی - ایک دوسرے بیان کے بموجب وہ ایتھنز ھی میں عمر طبعی کو پہنچ کر مرا اور آخر وقت تک اپنے ھم وطنوں میں محبوب ومحترم رھا —

# مروجہ تعلیم

از

(جناب شمس العلما مولانا نذیر احمد دہلوی مرحوم)

اگر تعلیم کو ہم ایک مقدمہ فرض کریں تو اُس کی روداد ایسی سلیس اور صاف ہے کہ جو فیصلہ اس پر صادر کیا جاے مختلف فیہ ہو نہیں سکتا - ہم کو چاہئے کہ پہلے اہل یورپ کے ساتھ اپنی حالت کا موازنہ کریں - ہم دیکھتے ہیں کہ جو سامان مبدء فیاض نے اپنی قدرت کاملہ سے انسان کی آسائش کے لئے مہیا کئے ہیں ہم کو اُن میں سے بہت بڑا حصہ ملا ہے - ہماری جیسی سر زمین ' ہماری جیسی آب و ہوا ' ہمارے جیسے موسم ' ہماری جیسی پیداوار ' غلے ' میوے ' درخت ' پھول ' پھل ' ہمارے جیسے حیوانات ' ہمارے جیسے معادن ' کوئی چیز بھی تو اہل یورپ کو نصیب نہیں - اس رو سے چاہئے تھا کہ ہم خوش حال ہوتے اور اہل یورپ تنگدست - ہم محتاج الیہ ہوں اور اہل یورپ محتاج - لیکن معاملہ منعکس ہے - سلطنت کو بھاڑ میں ڈالو اور اس کمبخت کا

نام نہ لو - یوں دیکھو کہ ہندوستان اور یورپ میں باہمی لین دین کا کیا رنگ ہے - وہ رنگ تو یہ ہے کہ ایک آدمی ہے نہ زندہ نہ مردہ بلکہ سسکتا ہوا ' نیم جان ' ضعیف و ناتوان ' اُس بیچارے کو اس کثرت سے جونکیں لپٹی ہوئی اُس کا خون پی رہی ہیں کہ کوئی مسام جونک کے منہ سے خالی نہیں ؛ اور جونکیں بھی کاغذی نہیں بلکہ بڑی قسم کی جو بھینسیا جونک کہلاتی ہیں - آپ سمجھے کہ میری اس تمثیل سے کیا مراد ہے ؟ وہ نیم جان آدمی ہندوستان ہے ' خون ملکی دولت اور جونکیں اہل یورپ - یہ سمجھنا ایک نادان بلکہ بے ایمان آدمی کا کام ہے کہ انگریز بزور حکومت ہماری دولت گھسیٹے لئے چلے جاتے ہیں ' ذرا تجارت اور مال کی در آمد بر آمد کی رپورٹیں پڑھو اور فنانشیل سکریٹریٹ سے سالانہ بجٹ ( تخمینہ جمع و خرچ ) کے نقشے لے کر دیکھو تو معلوم ہو کہ سلطنت کی راہ دولت رس رہی تو تجارت کی طرف بند ٹوٹا ہوا ہے - ہماری اور اہل یورپ کی تجارت کا خلاصہ یہ ہے کہ ہم خریدنے والے ہیں اور اہل یورپ بیچنے والے - بے شک ہندوستان سے بہت سا مال یورپ کو چلا جاتا ہے مگر تیار کیا کرایا نہیں بلکہ جیسا پیدا ہوا جوں کا توں یورپ چلا گیا - اہل یورپ نے اپنی ہنر مندی سے بنایا سنوارا اور اضعافاً مضاعفہ نفع پر پھر اُلٹا ہمارے سر مارا - اہل یورپ نے ساری تجارت کو اپنی مٹھی میں کر لیا ہے ' جیسے شیر کہ اُس نے شکار مارا اور گودا اور خون جو جو چیزیں عمدہ اور مزے کی تھیں آپ کھا گئیں پئیں

خالی هڈیاں لومڑی کے لئے چھوڑ دیں کہ لے اُن کو پڑی جھنجھوڑا کر - دلی میں اس وقت غلہ کی بڑی بھاری منڈی کھاری باولی ھے - بندہ کا غریب خانہ اسی منڈی کے متصل ھے - صبح ھوئی دن چڑھتے چڑھتے رالی برادرس * کے گماشتے بازار میں آ بھرے - اس بازار میں اکثر اوقات اس طرح کی چھل پہل رھتی ھے کہ راستہ نہیں ملتا - ھجوم کرنے والوں میں وہ محتاج لوگ بھی ھوتے ھیں جو چھاج اور جھاڑو لئے ھوے گرے پڑے دانے دنکے سمیٹتے پڑے پھرتے ھیں - میں جب ان مصیبت مندوں کو دیکھتا ھوں بے اختیار جی میں خیال کرتا ھوں کہ ھزار ھا من غلہ پڑا تل رھا ھے مگر ان کی قسمت کے دانے ھیں - اسی طرح یورپ کی تجارت میں ھر روز کروڑوں کے وارے نیارے ھوتے ھیں ؛ ھمارے حصہ میں کیا آتا ھے ؟ - کوڑیاں یا خوب گہرے ھوگئے تو پیسے - یورپ کی حقیقی اور اصلی عظمت ' اصلی اور حقیقی ھنر مندی ' اصلی اور حقیقی دولت کا اندازہ بے یورپ گئے نہیں ھو سکتا ' ھرگز نہیں ھوسکتا - وہ صدھا ھزار ھا انواع و اقسام کے کارخانے ' وہ صدھا اور ھزارھا انواع و اقسام کی کلیں ' وہ صدھا اور ھزارھا عالیشان عمارتیں ' پل ' تنل ( سرنگ ) ' زیر زمین ریلوے ' بندرگاہ ' جہاز ' بازار ' ایوان ' تفریح گاھیں ' باغ ' عجائب خانے ' گرجا گھر اور کیا اور کیا ' کیونکر ھندوستان میں اُٹھ کر آ جائیں کہ ھم اُن کو دیکھیں - مگر جس قدر یہاں ھماری

---

* انگلستان کی ایک بڑی تجارتی کمپنی کا نام ھے —

آنکھوں کے سامنے موجود ہے اس سے اتنا تو کوڑ مغز سے کوڑ مغز اور متعصب سے متعصب کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہم کسی دنیاوی برتری میں انگریزوں کے ساتھ لگا نہیں کھاسکتے - اچھا اب دوسری بات ہم کو یہ دیکھنی ہے کہ انگریزوں میں یہ ہنرمندی، یہ صناعی، یہ قوت ایجاد آئی تو کہاں سے آئی اور کیونکر آئی - میں سمجھتا ہوں کہ انگریزوں کے سارے کمالات اس ایک صفت پر مستفرع ہیں کہ سب کے سب بڑی سرگرمی کے ساتھ واقعات نفس الامری کی ٹوہ میں لگے رہتے ہیں - یعنی ان کی طبائع میں قوت استقرا یعنی جزئیات سے کلیہ قاعدہ بنا لینے کی قوت بہ نسبت اوروں کے غالب ہے اور ہو نہ ہو مقامی حالات نے ان کے حواس کو تیز کیا ہوگا، ضرورت ایجاد کی ماں ہے، ان کی سر زمین ضروریات زندگانی کے مہیا کرنے کے قابل نہ پہلے تھی اور نہ جیسی چاہئے اب ہے، آئندہ کسی تدبیر سے ضروریات زندگانی کیسی اگر خود شجرۃالحیاۃ (درخت زندگی) ہی اس سر زمین میں پیدا ہونے لگے تو عجب نہیں - کارخانۂ دنیا کا انتظام اسی قاعدہ پر مبنی ہے کہ مخلوقات میں جس قدر جس کی ضرورتیں اسی قدر کاہل اور ضعیف العقل - اگر انسان گھاس پھوس سے اپنا پیٹ بھر لیا کرتا اور گرمی سردی برسات سے متأذی نہ ہوتا تو ایک گدھے جتنی عقل اس کو کفایت کرتی اور اتنی ہی اس کو ملتی بھی - مگر نیچر (فطرت) نے ایک طرف انسان کو ساز و سامان زندگی کے عطا کرنے میں مضائقہ کیا تو دوسری طرف عقل سے اس کی تلافی کردی - اگر یہ استدلال صحیح ہے تو ایشیا تک

قومیں خلقتاً اہل یورپ کے مقابلے میں کاہل اور کم عقل ہیں
میں شاید اپنے بیان کے قصور کی وجہ سے اپنا مافی الضمیر
اچھی طرح آپ صاحبوں کے ذہن نشین نہیں کرسکتا۔ میرا مطلب
صاف صاف یہ ہے کہ اگر آپ قوم کو ایسی تعلیم دینی چاہتے
ہیں کہ اس کے ذریعے سے ایک قوم کی حالت درست ہو جیسی
کہ اہل یورپ کی ہوئی تو یہ مشکل آپ کی نصب العین
(آنکھ کے سامنے) رہنی چاہئے کہ میری سمجھ کے مطابق
قوم کی طبیعت میں اس کا تقاضہ مضمر نہیں یا اگر ہے تو
اس قدر ضعیف ہے کہ اس کو قوی کرنا ویسا ہی دشوار ہے
جیسا کہ نئے تقاضے کا طبیعت میں پیدا کرنا - تعلیم مروجہ سے
چاہے وہ سرکاری کالجوں کی ہو یا علی گڈہ محمڈن کالج کی '
مجھ کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مشکل کو اس دقت کی
نظر سے نہیں دیکھا گیا ہے جس کی وہ مستحق ہے - علی گڈہ
محمڈن کالج کو سرکاری کالجوں پر کچھ مزیت ہے '
بورڈروں کا بڑا اہتمام ہے ' مسلمانوں کی تالیف قلوب کی
بھی کچھ رعایت کی گئی ہے - مگر ان باتوں کو نفس تعلیم
میں جس پر میں بحث کر رہا ہوں کچھ مدخل نہیں -
جہاں تک مجھ کو علم ہے علی گڈہ محمڈن کالج کی جماعتوں
کا معیار اور سرکاری کالج کا معیار نہ صرف یکساں ہے
بلکہ متحد ہے - پس تعلیم مروجہ تمام برٹش انڈیا میں
قریب قریب ایک ہی طرز کی ہے - اس طرز پر جتنے لوگوں
نے آج تک تعلیم پائی ہے ان کا مجموعی شمار بھی کچھ ایسا کم
نہیں - لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ ملک کی حالت پر خود

تعلیم یافتہ لوگوں کے دلوں پر اس تعلیم کا کیا اثر مفید مترتب
ہوا - ایک ہ جواب ہے نہیں ' دوسرے کا کچھہ نہیں - برآٹش انڈیا
ماشاءاللہ اتنا بڑا وسیع اور آباد ملک اور مدتوں سے تعلیم کا چرچہ '
لیکن کوئی صاحب مہربانی فرما کر بتائیں کہ شروع سے لیکر
آج تک کسی پاس شدہ طالب علم نے کسی قسم کی کوئی کل
نکالی ؟ کسی چیز کی کوئی کان دریافت کی ؟ فلاحت کے پرانے
دقیانوسی دستوروں سے کسی دستور کو بدلا ؟ حیوانات میں
سے کسی حیوان کی نسل کو درست کیا ؟ اپنے بھائی بندوں
میں خانہ داری میں کفایت شعاری پھیلائی ؟ لوگوں سے
حفظان صحت کے قاعدے کی تکمیل کرائی ؟ تجربہ و استقراء
کر کے موالید ثلاثہ میں سے کسی ایک چیز کا نیا خاصہ تحقیق
کیا ؟ کوئی سی دو چیزوں میں علاقۂ علت و معلولیت
ثابت کر دکھایا ؟ یہ نہ سہی اپنی ایجوکیشن ( تعلیم ) سے
کسی اور طور پر پبلک کو نفع پہنچایا ہو تو بتاؤ ؟
از برائے خدا بتاؤ کہ میرا بھی جی خوش ہو جائے - پبلک
کو نفع پہنچانا تو درکنار ابھی سے لوگوں نے جھینکنا شروع
کردیا ہے اور ابھی جھینکیں گے کہ تعلیم مروجہ سے خود پڑھنے
والوں کی کار برآری نہیں ہوتی اور واقع میں یہ
پڑھے لکھے تعلیم یافتہ اونچی دوکان پھیکا پکوان ' سرکاری
نوکری کے علاوہ اور ہیں بھی کس مصرف کے - اور اگر ان کو
نوکری نہ ملی اور نہ ملنے کے احتمالات زیادہ اور قوی تر
ہیں تو یہ بیچارے مصیبت کے مارے روٹیوں کو محتاج ' معاش
سے تنگ ' مرتا کیا نہ کرتا ' عذاب ہوں گے اپنے حق میں '

اپنے خاندان کے حق میں، سو سائٹی کے حق میں، گورنمنٹ کے حق میں —

اب میں اپنے خیال کے مطابق یہ بات دکھانی چاہتا ہوں کہ تعلیم مروجہ میں کس چیز کی کسر ہے - اس میں اتنی ہی کسر ہے کہ ادھوری اور ناتمام ہے میں اس وقت کے تعلیم یافتوں کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں- ان کو ہر طرح کی تحسین و توقیر کا مستحق جانتا ہوں اور ہر چند ساری عمر میں نے بھی یہی چار پیلے پڑھ بیلے ہیں مگر میں صاف دل سے ان کو اپنے اوپر ترجیح دیتا ہوں - میری طالب علمی کے زمانے میں تو بی اے اور ایم - اے کے کچھ بکھیڑے تھے نہیں اور خدا نے مجھکو اس درد سری سے بچایا ہے کہ اپنے نام کے ساتھ کسی خطاب کا دم چھلا لگاؤں، مگر میں اس کا معترف ہوں کہ اگر مجھ سے ایسے کڑے امتحان لئے گئے ہوتے تو میں ضرور ناکامیاب ہوتا - ہاں تو غرض یہ ہے کہ مجھکو تعلیم مروجہ کے نقصان دکھانے منظور ہیں، یا تعلیم یافتوں کی اہانت مقصود نہیں - تو کوئی تعلیم یافتہ اس سے برا نہ مانے کہ میں تو آج کل کے بڑے سے بڑے تعلیم یافتہ کو بھی اس مثل کا مصداق سمجھتا ہوں کہ " جیک آف آل ماسٹر آف نن " ( سب کچھ جانتے ہیں اور کچھ نہیں جانتے ) - انسان کے دل کا حال بھی قریب قریب اس کے معدے کا سا ہے اگر کوئی شخص اوپر تلے اناپ شناپ کھانا ٹھونستا چلا جاے تو نہ معدہ اس کے ہضم پر قادر ہوگا اور نہ کھانا تغذیۂ بدن کرے گا - اسی طرح اگر کوئی طالب علم پڑھنے میں طوطے کی طرح سے رٹتا جائے جیسا کہ آج کل ہو رہا ہے

تو یقیناً وہ اس کو ہضم نہیں کرے گا اور نہیں کرسکیگا۔
اور نہ ایسا پڑھنا اس کے لئے مفید ہوگا اور نہیں ہوتا۔
کسی کا کیا اچھا مقولہ کبھی کا نظر سے گزرا ہوا یاد ہے
" سم تھنگ آف ایوری تھنگ اینڈ ایوری تھنگ آف سم تھنگ"
( ہر چیز میں سے تھوڑا تھوڑا اور کوئی چیز ساری بھی )
بس مجھ سے پوچھتے ہو تو تعلیم میں اس قاعدے کی حرفاً
حرفاً تعمیل ہونی چاہئیے۔ تعلیم مروجہ میں " سم تھنگ آف
ایوری تھنگ " ( ہرچیز میں سے تھوڑا تھوڑا ) کالحاظ تو خوب
کیا جاتا ہے مگر " ایوری تھنگ آف سم تھنگ " ( کوئی چیز
ساری بھی ) کا مطلق خیال نہیں اور یہی وجہ ہے کہ اس طریقہ
کے مطابق جتنے لوگوں نے تعلیم پائی اُن میں کوئی شخص کسی
شعبے کا کامل فن نہ ہوا - جس طرح ذی الثمر درخت مثمر
کی رسیدگی کا ایک وقت ہوتا ہے کہ اس سے پہلے اُس میں
پھل نہیں آتا اُسی طرح درخت علم کو بے کمال کے رسیدگی
نہیں ہوتی اور نہ اس سے کسی فائدہ کی امید کی جاسکتی
ہے • علم شے بہ از جہل شے ' کے اعتبار سے دیکھو تو ادنی
درجہ کی تعلیم بھی خالی از منفعت نہیں۔ مثلاً گروہ
کاشتکاراں اگر اتنا لکھنا پڑھنا اور لیکھا کرنا سیکھ لیں کہ
پٹواری مغالطہ دہی اور زمین دار زیادہ ستانی نہ کرسکے
تو اس سے کس کو انکار ہے کہ اتنی ہی استعداد علمی کاشتکار
کے لئے مفید ہوگی ' اور کون کہتا ہے کہ کاشتکاروں کو اس قدر
تعلیم جس کے وہ سخت حاجت مند ہیں نہ دی جائے لیکن
گفتگو اس میں ہے کہ اگر ہندوستان کو یورپ کی طرح ترقی

دینا منظور ہے تو آیا ویسی ترقی اور ویسی کا کیا مذکور ہے ' اُس کی آدھی پاؤ بھی اس تعلیم کے ذریعہ ہو سکے گی یا نہیں مجھہ کو اس کا کامل اذان ہے کہ جب تک علوم جدیدہ کے ہر شعبے کے کامل فن تیار نہ ہوں گے ہندوستان حضیض نکبت سے ایک انچ کے قدر بھی تو اوپر کو نہیں اُبھر سکتا - اور جب ہمارے طالب علم کمال کی لذتوں سے آشنا ہوں گے تو سمجھیں گے- نوکری کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو خسیس ترین منفعت ہے جس کی ایک کامل فن توقع کرسکتا ہے - جو لوگ اس وقت علوم جدیدہ کے حاصل کرنے میں مصروف ہیں - اُن کے بزرگ ' اُن کے خیر خواہ ' اُن کے اُستاد ' اُن کے ممتحن بہترین نصیحتیں ان کو کرتے ہوں گے ؛ میں ایک اجنبی آدمی ہوں ' نہ کچھہ غرض نہ مطلب ' حسبۃً للہ ایک نصیحت میں بھی کئے دیتا ہوں ؛ یاد رکھو گے تو یاد کرو گے —

کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوی
کس بے کمال ہیچ نیرزد عزیز من

——)####(——

# راجہ مان سنگھ

از

( منشی نواب رائے )

دربار اکبری کے جادو طراز مصنف نے کیا خوب کہا ہے "اس عالی خاندان راجہ کی تصویر دربار اکبری کے مرقع میں سونے کے پانی سے کھینچنی چاہئیے"- بے شک! اور نہ صرف مان سنگھ کی بلکہ اس کے نامور باپ راجہ بھگوان داس و مشہور دادا راجہ بہارا مل کی تصویریں، بھی اسی اعزاز اور سنگار کی مستحق ہیں- راجہ بہارا مل وہ پہلا عالی دماغ وسیع نظر راجہ تھا جس نے ہزاروں برس کے مذہبی تعصبات مصالح ملکی پر قربان کر کے مسلمانوں سے ناتا جوڑا اور سنہ ۹۶۹ ھ میں اپنی فرخندہ صفات بیٹی اکبر کی عروسی میں دی - امبیر کے خاندان کچھواہہ کو آزاد خیالی اور بے تعصبی کے میدان میں پیش قدمی کرنے کا فخر حاصل ہے اور جب تک ان اوصاف خجستہ کی وقعت زمانے کی نگاہوں میں رہے گی، اس خاندان کے نام پر ہمیشہ اعزاز کا فاتحہ پڑھا جائے گا—

مان سنگھ امبیر میں پیدا ہوا اور اس کی طفولیت کا زمانہ اسی ملک کے پر اجوش و جنگجو باشندوں میں گزرا جن سے اس نے دلاوری و جانبازی کے سبق پڑھے - مگر جب شباب نے دل میں جوش اور جوش میں اُمنگ پیدا کی تو دربار اکبری کی طرف رخ کیا جو اس زمانے میں اعزاز و وقار، منصب و اقتدار کی کان سمجھا جاتا تھا - اس کے ہونہار جوان بخت بیٹے کی جتنی آؤ بھگت ہونی چاہئیے اس سے زیادہ ہوئی - اکبر اس کے ساتھ پدرانہ شفقت سے پیش آیا - اور جب سنہ ۱۵۷۲ ع میں گجرات پر فوج کشی کی تو اس نوجوان کنور کو ہمراہی کا افتخار بخشا اس مہم میں اس نے وہ بڑھ بڑھ کر ہاتھ مارے کہ اکبر کی نظروں میں جچ گیا - اگر کچھ کور کسر تھی وہ اس وقت پوری ہو گئی جب خان اعظم احمدآباد میں گھر گئے اور اکبر نے آگرہ سے کوچ کر کے دو مہینے کی راہ سات دن میں طے کی - نوجوان کنور اس یلغار میں بھی ہمرکاب رہا - یہ گویا اس کی تعلیم و امتحان کے دن تھے —

اب وہ زمانہ آیا کہ معتمد خدمات کی دستار فضیلت اس کے سر باندھی جائے - حسن اتفاق سے موقع بھی جلد ہاتھ آیا - شولا پور کی مہم مارے چلا آرہا تھا کہ راستے میں مقام کوھتمیر پر رانا پرتاب سنگھ سے ملاقات ہوی - رانا کچھواھہ خاندان پر اس کی آزاد خیالیوں کے باعث تنا بیٹھا تھا کہ اس نے راجپوتوں کے ساتھ

پر کلنگ کا ٹیکہ لگایا ' مان سنگھہ پر طعن و تشنیع کے چبھتے ہوے تیر سر کئے جو اس کے کلیجے کے پار ہو گئے - اُن زخموں کے لئے سواے انتقام کے اور کوئی شفا بخش مرہم نظر نہ آیا -

مان سنگھہ نے آگرہ میں آکر اکبر سے تمام و کمال ماجرا بیان کیا - اکبر عالی ہمت بادشاہ تھا - غضب میں آگیا - رانا پر فوج کشی کی تیاری کی ' شہزادہ سلیم کے نام سپہ سالاری ہوی اور مان سنگھہ اس کا مشیر مقرر ہوا -

شاہی فوج پہاڑوں جنگلوں کو طے کرتی رانا کے ملک میں داخل ہوئی - رانا پرتاب سنگھہ بھی بنے بائیس ہزار جان نثار راجپوتوں کے ساتھہ ہلدی گھاٹ کے میدان میں کھڑا تھا - یہاں خوب گھمسان کی لڑائی ہوئی ' خون کی ندیاں بہ گئیں ' پہاڑوں کے پتھر شنگرف ہو گئے - میوڑ کے بیر مان سنگھہ کے خون کے پیاسے ہو رہے تھے ' ایسے جان توڑ توڑ کر حملہ کرتے تھے کہ اگر سد سکندری بھی ہوتی تو شاید اپنی جگہ پر قایم نہ رہ سکتی - مگر مان سنگھہ بھی شیر کا دل رکھتا تھا ' اس پر جوانی کا جوش - حوصلہ کہتا تھا ساری فوج کی نگاہیں تجھہ پر ہیں ' دکھا دے کہ راجپوت اپنی تلوار کا ایسا دھنی ہے ! آخر اقبال اکبری غالب آیا ' رانا کے بیروں کے قدم اکھڑ گئے - کہاں ہیں اسپارٹا کی تعریف میں ورقوں کو سیاہ کرنے والے ! آئیں اور دیکھیں کہ ہندوستان کے جودھا کیسے بے جگری کے ساتھہ جان دیتے ہیں

رانا لڑائی تو ہار گیا مگر ہمت نہ ہارا - اس کی ہیکڑی اِس کے گلے کا ہار بنی رہی - جب کبھی میدان خالی پاتا اپنے جانبازوں کے ساتھہ قلعے سے نکل پڑتا اور قرب و جوار میں طوفان برپا کرتا - اکبر نے چند دنوں تک طرح دی مگر جب رانا کی زیادتیاں جادۂ اعتدال سے متجاوز ہو گئیں تو سنہ ۱۵۶۷ ع میں اس پر پھر فوج کشی کی تیاری کی - خود تو اجمیر میں آکر ٹھہرا اور مان سنگ کو خطاب فرزندی کے ساتھہ اس مہم کی سپہ سالاری پر ممتاز کیا۔ راجہ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہو کر دم میں گوکنڈا جا دھمکا ' جہاں رانا اپنے برے دن کاٹ رہا تھا —

رانا نے بھی اب کے مرنے مارنے کی ٹھان لی تھی - جوں ہی دونوں فوجیں مقابل میں آراستہ ہوئیں اور ڈنکے پر چوٹ پڑی ' لڑائی دست بدست ہونے لگی - رانا کے غیور راجپوت ایسی بے جگری سے جھپٹے کہ شاہی فوج کے دونوں بازوؤں کو درہم برہم کردیا - مگر مان سنگھہ جو قلب فوج میں تھا ' استقلال کے ساتھہ ڈٹا کھڑا رہا - یکا یک اس کے تیور بدلے ' شیر کی طرح گرجا ' اپنے ساتھیوں کو للکارا اور بجلی کی طرح رانا کی فوج پر ٹوٹ پڑا - رانا غصہ میں بھرا خم ٹھونک کر سامنے آیا اور دونوں دلاور گتھہ گئے - اوپر تلے کئی وار ہوے اور رانا گھائل ہو کر پیچھے ہٹا - اس کے ہٹتے ہی اس کی فوج میں کھلبلی پڑگئی - اُن کے قدم اُکھڑے تھے کہ مان سنگھہ کے جان سوز تیغے نے ہزاروں کو خاک پر سلادیا - اس کی شجاعت نے آج وہ کرتب

دکھائے کہ اچھے اچھے جنگ آزما مغل جو بابری تلوار کی کاٹ دیکھے ہوئے تھے دانتوں تلے انگلی دبا کر رہ گئے —

اس فتح نے کنور مان سنگھہ کی سپہ سالاری کی دھوم مچادی ' مگر سنہ ۱۵۸۱ ع میں اس کی تلوار نے وہ تڑپ دکھائی کہ "ہندی لوہے نے ولایتی کے جوہر مٹادیے"۔ ملک بنگال میں چند امرا نے شورش کی اور اکبر کے سوتیلے بھائی مرزا حکیم کو چڑھا لانے کی بندشیں باندھنا شروع کیں - مرزا باغ باغ ہوگیا - اپنی فوج لے کر پنجاب کی طرف بڑھا - ادھر سے راجہ مان سنگھہ سپہ سالار بن کر اس کے مقابلے کو روانہ ہوئے - مرزا کا کوکہ شادماں جو دلیر آدمی تھا اٹک کا محاصرہ کئے پڑا تھا - نقارے کی گھن گرج آواز کان میں پڑی تو چونکا مگر اب کیا ہوتا تھا - مان سنگھہ سر پر آپہنچا تھا - اس کی فوج طرفۃالعین میں تتر بتر ہوگئی - اور شادماں خاک پر پڑا دکھائی دیا —

مرزا نے جب یہ خبر سنی تو سخت برہم ہوا ' فوراً کمر ہمت چست باندھی اور یہ سمجھہ کر کہ اکبر بنگالہ کے معاملات میں الجھا ہوا ہے لاہور تک دراتا ہوا گھس آیا - مگر جوں ہی سنا کہ اکبر دھاوا مارے ادھر چلا آرہا ہے اس کے اوسان خطا ہوگئے - پہاڑوں کو پھاندتا ' دریاؤں کو پار کرتا کابل کو بھاگا - مان سنگھہ بھی بموجب حکم شاہی پشاور پر جا پڑا اور کابل کی طرف بڑھنا شروع کیا - اکبر اقبال کا لشکر لئے اس کے پیچھے پیچھے چلا —

مان سنگھہ بے خوف و خطر گھستا ہواخود کابل تک جا پہنچا -

اور یہاں ٹھیرا کہ حریف میدان میں آئے تو دور دراز منزلوں کی تھکن دور ہو - مرزا حکیم بھی بڑے شش و پنچ کے بعد فوج لئے ایک گھاٹی سے نمودار ہوا اور ہنگامۂ کار زار گرم ہو گیا دونوں طرف کے دلاور خوب دل توڑ کے لڑے - گو مقابلہ بہت سخت تھا اور راجپوت ایسی ناهموار زمین پر لڑنے کے عادی نہ تھے مگر مان سنگھہ نے سپاہیوں کو ایسا ابھارا اور ایسے موقع موقع سے کمک پہنچائی کہ آخر میدان مار لیا - حریف بھیڑوں کی طرح بھاگے - راجپوتوں کے ارمان دل کے دل ہی میں رہ گئے مگر دوسرے دن سورج بھی نہ نکلنے پایا تھا کہ مرزا کا ماموں فریدوں خاں پھر فوج لے کر پہنچا - مان سنگھ نے بھی اپنی فوج اس کے مقابل کھڑی کی اور چٹ پٹ خون کی پیاسی تلواریں میانوں سے نکلیں اور توپوں نے گولے اُگلے اور ریل پیل ہونے لگی ' دو گھنٹے تک تیغے چلتے رہے - آخر دشمن پسپا ہوا - اور مان سنگھ مظفر و منصور کابل میں داخل ہوا - مگر اکبر کی کریم النفسی اور دریا دلی پر ہزار آفریں ہے کہ اس ملک پر جو اتنی خونریزیوں کے بعد فتح ہوا تھا متصرف نہ ہوا ' بلکہ مرزا کی خطائیں معاف کیں اور اس کا ملک اس کو دے دیا - پشاور اور سرحدی ملک کے اختیارات مان سنگھہ کے سپرد کئے اور دو برس تک راجہ نے ان خدمات کو بڑی فراست و متانت سے انجام دیا - اس ملک کا ایک ایک چپہ فتنۂ و فساد کا اکھاڑا ہورہا تھا ' راجہ نے اپنی حکمت عملیوں اور جگر داریوں سے بڑے بڑے مفسدوں کی رگیں ڈھیلی کردیں -

اس کے ساتھہ ھی اس کے لطف و اخلاق نے شرفا پر تسخیر کا عمل پڑھا - غول کے غول سلام کو حاضر ھونے لگے - تاھم رعایا کو عرصے تک آسودہ نہ رکھہ سکا ۔ اس کے سپاھی آخر راجپوت تھے ' افغانوں کی بدعتیں اور ان کے مظالم یاد کرتے تو بے اختیار پیشانیوں پر بل پڑجاتے ' اس جذبے میں آکر رعایا کو ستاتے ۔ چنانچہ اس کی شکایتیں دربار شاھی میں پہنچیں اور راجہ بہار کو بھیج دیے گئے —

بنگالہ سلطنت اکبری کا وہ نازک حصہ تھا جہاں فاسد مادہ مجتمع ھوکر پکا کرتا تھا ' اکثر سرکش لوگ وھیں آباد ھوگئے تھے - اور گو اکبر نے کئی بار ان کا نشہ ھرن کر دیا تھا مگر اب بھی چند ایسے سر باقی تھے جن میں سلطنت کا سودا سمایا ھوا تھا اور وہ وقتاً فوقتاً فتنہ انگیزیاں کیا کرتے تھے - وھاں کے ھندو راجاؤں نے بھی ان کے ساتھہ رشتۂ اتحاد استوار رکھا تھا اور وقت ضرورت پر حق رفاقت ادا کرتے تھے —

کنور مان سنگھہ جاتے ھی راجہ پورن مل کندھور پر چڑھ گیا اور اس کے گھمنڈ کا قلعہ ڈھا دیا - راجہ سنگرام کو بھی تلوار کے گھاٹ اتارا اور چند دیگر راجاؤں کو زیر کرکے بہار کو مفسدوں سے پاک و صاف کردیا - ان شاندار خدمات کے صلے میں اس کو راجگی کا خطاب ' خلعت خاصہ ' اسپ زریں ' اور منصب پنج ہزاری عطا ھوا —

مگر ایسے اولوالعزم ' جوشیلے راجپوت سے کب خاموش بیٹھا جاتا تھا - سنہ ۱۵۹۰ ع میں اس نے گھوڑے کو ایڑ لگائی ' وہ اُڑیسہ میں داخل ھوگیا - ان دنوں یہاں قتلو خاں افغان حکومت

کرتا تھا - مقابلے پر آمادہ ہوا مگر حسن اتفاق ! اسی اثنا میں افغانوں میں ناچاقی ہو گئی - قتلوخاں قتل ہوا - باقی سرداروں نے اطاعت اختیار کی اور کئی سال تک حلقہ بگوش رہے مگر یکایک ان کی ہمتوں نے پھر سر ابھارا ' بادشاہی ملک پر چڑھ آے - راجہ کو بیکاری وبال جان ہورہی تھی ' حیلہ ہاتھہ آیا ' فوراً فوج لیکر بڑھا اور حریفوں کے علاقے میں نشان اکبری نصب کردیا - افغان بڑے جوش و خروش سے مقابلے کو آئے مگر راجپوت سورماؤں کے آگے ایک بھی پیش نہ گئی ' دم کے دم میں ستھراؤ ہوگیا ' بقیۃ السیف اپنی جان لیکر بھاگے اور بہار سے لیکر دریاے شور تک اقبال اکبری کا پھریرا لہرانے لگا —

راجہ مانسنگھہ جیسا جنگ آزمائی کے فن میں ماہر تھا ' ویسا ہی ملک داری کے اصولوں سے آگاہ تھا - اس کے تعمق نے دیکھہ لیا کہ یہ بیل منڈھے چڑھنے کی نہیں یوں عملداری کبھی قائم نہ رہے گی تا وقتیکہ ایک ایسا شہر آباد نہ کیا جاے جو دریائی حملے سے محفوظ ہو اور ایسے مرکزی مقام پر واقع ہو کہ وہاں سے چاروں طرف آسانی سے کمک بھیجی جاسکے - آخر بڑی ردوکد ' صلاح ومشورے کے بعد اکبر نگر کا بنیادی پتھر رکھا گیا - گویا جنگل میں منگل ہو گیا - چند ہی سالوں میں یہ شہر ایسی رونق پر ہوگیا کہ طلسمات کا عالم دکھانے لگا یہ شہر آج راج محل کے نام سے مشہور ہے اور جب تک صفحۂ ہستی پر قائم رہے گا ' اپنے بانی کا نام روشن کرتا رہے گا - اس شہر کے بیچ میں ایک مستحکم وسیع

قلعہ تعمیر کیا گیا اور پھر دوبارہ افغانوں کو سر اٹھانے کی جرأت نہ ہوئی - راجہ نے چار ہی پانچ سال کی جانفشانیوں میں سارے بنگال سے اکبر کے قدموں پر سجدہ کرادیا - خان زماں، خانخاناں، راجہ ٹوڈرمل جیسے جیسے نامور بنگالے پر جادو پھونکے مگر وہاں تسلط جمانے میں ناکام رہے مورخین نے اس فضیلت کا تمغہ مان سنگھ کے نام پر لکھا ہے - ان مہموں میں نوجوان جگت سنگھ نے بھی مردانگی کے خوب جوہر دکھائے اور سنہ ۱۵۹۸ ع میں کوہستان پنجاب کی صوبہ‌داری سے سرفراز ہوا - مگر یہ سال مان سنگھ کے لئے منحوس تھا - اس کے دو بیٹے عین عنفوان شباب کے زمانے میں جب کہ نعمت زندگی سے متمتع ہونے کے دن آرہے تھے اجل کا شکار ہوئے اور باپ کی امیدوں کی کمر توڑ گئے —

مگر غالباً راجہ اب ان تمام نعمتوں سے حظ اٹھا چکا تھا جو قسام ازل نے اس کی پیشانیء تقدیر میں لکھی تھیں - ان پر ملال، جانگداز سانحوں کے دوہی سال بعد اس کے دل نے ایسے ایسے زخم کھائے جن سے وہ جانبر نہ ہوسکا —

میواڑ کا رانا ابھی تک گوش گذاروں کے حلقے میں نہیں آیا تھا اور اکبر کے دل سے لگی ہوی تھی کہ اُسے اطاعت کا جوا پہنائے - ابھی تک جتنی فوجیں اس مہم پر گئی تھیں ناکام لوٹی تھیں - اب کی بار بڑے وسیع پیمانے پر تیاریاں ہوئیں، شہزادۂ سلیم کے نام سپہ‌سالاری ہوی اور راجہ مان سنگھ اس کے صلاح کار بنکر چلے - ہونہار جگت سنگھ بنگالے میں باپ کا جانشین ہوا - خوش پنجاب سے آگرے آیا

اور سامان سفر میں مصروف تھا کہ یکا یک دنیا سے اُٹھہ گیا - نہایت خوش رو ' خوش اخلاق جوان تھا - کچھوا ھہ خاندان کے گھر گھر کہرام مچ گیا ' مان سنگھ کو یہ خبر ملی تو اس کی آنکھوں میں جگت سونا ہو گیا - دو بیٹوں کے زخم ابھی نہ بھرنے پائے تھے کہ یہ زخم اور کاری لگا - ھائے ! جوان اور ہونہار بیٹے کی موت کا صدمہ کوئی اس کے دل سے پوچھے - اکبر کو بھی اس جوانا مرگ کا سخت رنج ہوا - مرنے والے کو بہت عزیز رکھتا تھا - اس کے بیٹے مہان سنگھہ کو بنگالے بھیجا ' مگر کنور ابھی نا تجربہ کار تھا ' افغانوں سے شکست کھائی اور سارے بنگال میں باغیوں نے خودسری کے نشان بلند کردئے - اُدھر شہزادۂ سلیم کی طبیعت بھی راجا کی مہم سے اُچاٹ ہوی - عیش و عشرت کا بندہ تھا ' پہاڑوں سے سر ٹکرانا پسند نہ آیا ' بلا بادشاہ کی اجازت کے الہ آباد کو لوٹ پڑا - راجہ بھی بنگالے کی طرف چلا کہ بغاوت کی آگ کو مفسدوں کے خون سے بجھاے - مگر افسوس ! بڑھاپے میں بد نامی کا دھبا لگا جس کا راجہ کو نہایت سخت ملال ہوا - اکبر کو شبہہ ہوا کہ شہزادۂ سلیم راجہ ھي کے اشارے سے لوٹا ھے ' گو اس کی کچھہ بنیاد نہ تھی ' کیونکہ شہزادہ راجہ سے پہلے سے بدظن تھا - مگر راجہ کي کارگزاریوں اور جانبازیوں نے یہ شبہہ بہت جلد رفع کردیا - چند ھی مہینوں میں بنگالہ پھر سر بسجود ہوگیا اور سنہ ۱۵۰۴ ع میں اکبر کی قدردانی نے اس کو شہزادۂ خسرو کی اتالیقي پر ممتاز کرکے ہفت ہزاری چھہ ہزار کے منصب پر سر بلند کیا - اب تک یہ معراج

کسی امیر کو میسر نہ ہوئی تھی - مگر بجز راجہ ٹوڈر مل کے دوسرا کون تھا جو وفاداری اور جاں نثاری میں اس کی برابری کر سکتا - اس پر طرہ یہ کہ وہ خود بھی ایک نامی گرامی خاندان کا چراغ تھا جس کے ساتھ بیس ہزار دلاور ہر دم پسینے کی جگہ خون بہانے کو تیار رہتے تھے - مگر افسوس! فلک ناہنجار نے اس اعزاز و اکرام سے زیادہ عرصے تک دامن نہ بھرنے دیا - سنہ ۱۶۰۵ ع میں اکبر نے اس دار فانی سے رحلت کی اور اسی تاریخ سے مان سنگھہ کا ستارہ بھی زوال میں آیا - تاہم جہانگیر کے عہد میں بھی اس نے نو برس تک عزت و آبرو کے ساتھہ نباها - اس کی عقل سلیم اور سلامت روی کی داد دینی چاهئے ' جیسا زمانہ دیکھتا تھا ویسا کرتا تھا - اور جہانگیر کی بلند حوصلگی کو بھی آفرین هے کہ گو راجہ کو خسرو کی فتنہ انگیزیوں کا بانی سمجھتا تھا مگر اس کا مرتبہ اور منصب سب بحال رکھا - خانخاناں اور مرزا عزیز مصلحت بیں نگاهیں نہ رکھتے تھے ' اکبر کے بعد جب تک جئے زندہ در گور ادبار کی مصیبتیں جھیلتے رهے —

سنہ ۱۶۱۴ ع میں جہانگیر نے ایک زبردست فوج خاں جہاں کی سپہ سالاری میں مہم دکن پر بھیجی - راجہ مان سنگھہ بھی جو کہ دربار کی سرد مہریوں اور بے نیازیوں سے بیزار هو رہا تھا' اس مہم کے سا تھہ چلا کہ اگر ممکن هو تو بڑھاپے میں جوانی کا جوش دکھا کر بادشاہ کے دل میں جگہ پاے مگر موت نے یہ ارمان نہ نکالنے دیا - بیٹوں میں سے صرف بھاؤ سنگھہ جیتا بچا تھا جہا نگیر نے اسے مرزا راجہ کا خطاب

دے کر چار ہزار منصب پر ممتاز کیا —

راجه ملک داری اور ملک گیری کے اصولوں سے خوب ماہر تھا اور ان پر خوبی کے ساتھه کار بند ہونا جانتا تھا - جس مہم پر گیا سرخ رو لوٹا - افغانستان کے لوگ ابھی تک اس کا نام عزت سے لیتے ہیں اِن فضائل کے ساتھه متواضع ' ملنسار ' خوش اخلاق ' نیک اور شگفته مزاج تھا - اس کی دریا دلی اُس زمانے میں بڑی اپنی نظیر نہیں رکھتی تھی - جس کی ایک روایت یوں بیان کی جاتی ہے - جس وقت دکن کی مہم جاری تھی بالا گھات میں غلے کا ایسا قحط ہوا که ایک روپے کے آٹے میں بھی آدمی کا پیٹ نہیں بھرتا تھا - ایک دن راجه نے کچہری سے اُٹھه کر کہا که اگر میں مسلمان ہوتا تو ایک وقت کا کھانا ہزار مسلمانوں کے ساتھه کھاتا - مگر میں سب کی ریش سفید ہوں ' مجھه سے سب بھائی برگ تنبول قبول کریں ' سب سے اول خان جہاں لودھی نے ہاتھه سر پر رکھه کر کہا مجھے قبول ہے ' پھر اوروں نے بھی قبول کیا - راجه نے یومیه ایک سو روپیه پنج ہزاری کا اور اسی حساب سے اوروں کا صرفۂ دعوت مقرر کیا - ہرات کو ایک خریطے میں ہر شخص کے پاس یه روپیه پہنچ جاتا ' خریطے پر اس کا نام لکھا ہوتا - سپاہیوں کو رسد پہنچنے تک سستی قیمت پر جنس مہیا کرواتا ' حتی که راہ میں مسلمانوں کے واسطے حمام اور کپڑے کی مسجد ایستادہ کرواتا - اس کو فیاضی کہتے ہیں ! اور دریا دلی اس کا نام ہے ! باغ و بہار میں شہزادی بصرہ کا قصه پڑھئے اور اس کا موازنه اس تاریخی

روایت سے کیجئے —

راجہ ٹوڈر مل کی طرح راجہ مان سنگھ بھی مرتے دم تک اپنے آبائی مذہب پر راسخ رہا، مگر تعصب سے اس کی فطرت کو ذرہ بھر بھی لگاؤ نہ تھا - متعصب آدمی کا دور اکبری میں عروج پانا نا ممکنات سے تھا - اکبر نے راجہ سے ایک بار کنایتاً تبدیل مذہب کی تحریک کی تھی مگر راجہ نے ایسا برجستہ جواب دیا کہ بادشاہ کو خاموش ہونا پڑا - کتابوں میں بہت سے تذکرے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ راجہ لطیفہ گوئی، بذلہ سنجی اور نکتہ فہمی میں بڑی اوروں سے دو قدم آگے تھا - یہی اوصاف تھے جو اس کے عروج کے زینے تھے —

مگر ہماری نظروں میں تو اس کی وقعت اس لئے ہے کہ اس کے خاندان نے پہلے پہل متضاد عناصر میں اجتماع پیدا کرنے کی کوشش کی —

# تجارت کا اثر اخلاق پر

از

سید محمود مرحوم

جس طرح بڑے بڑے کامیاب تاجر نوکری کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اس کو ادنیٰ درجے کی غلامی اور آزادی کی برباد کرنے والی سمجھتے ہیں، اسی طرح وہ لوگ جنھوں نے علم و فضل یا مناصب و خدمات کی وجہ سے امتیاز حاصل کیا ہے، بیوپار اور دوکانداری کو قوائے ذہنی اور عقل و اخلاق کے حق میں نہایت مضر بتاتے ہیں - مگر حق یہ ہے کہ تجارت میں ہمیشہ وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں اور ہوے ہیں جن کے اخلاق درست اور عقل سلیم ہوتی ہے - ایک لائق مصنف لکھتا ہے کہ ,, تجارت کے برابر کوئی چیز انسان کے اخلاق کی کسوٹی نہیں ہے ,, - ایک عالم جو محض کتابوں کے مطالعے اور فلسفیانہ استدلال و احتجاج میں رات دن مصروف رہتا ہے وہ خود نہیں جانتا کہ میں کیا چیز ہوں - اگر وہ اپنی حقیقت سے آگاہ ہوتا اور اپنی عقل اور اخلاق کی آزمایش کرنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ بازار میں قدم رنجہ کرے - اُس کو بہت جلد معلوم ہوجاے گا

که وہ دانشمند اور نیک آدمی ھے یا احمق اور شریرالنفس اُس کی کامیابی اور نا کامی خود اس کو اپنی حقیقت سے خبر دار کردے گی - پس جو قوم تجارت سے کچھ تعلق نہیں رکھتی ، اس کے کسی فرد کی نسبت قطعی طور پر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ دانشمند یا نیک نہاد ھے یا احمق اور بد نہاد ھے —

اگرچہ تاجر ھمیشہ مذھب یا کانشنس کی ھدایت سے اپنے اخلاق کی اصلاح نہیں کرتا بلکہ وہ اپنی کامیابی اس میں سمجھتا ھے کہ اس کی دیانت داری' خوش معاملگی اور راستبازی پر لوگوں کو اعتماد ھو - لیکن جیسا کہ خصائل انسانی کا خاصہ ھے ' رفتہ رفتہ یہ خصلتیں جو اس نے بضرورت اختیار کی تھیں اس کی طبیعت ثانی بن جاتی ھیں —

یہ کہنا کہ تجارت قوائے عقلیہ کے حق میں مضر ھے ' واقعے کے بالکل برخلاف ھے - جس قدر تاجر کو اپنی عقل و تدبیر سے کام لینے کی ضرورت ھوتی ھے ایسی اور کسی پیشے والے کو نہیں ھوتی - نوکری پیشہ کو اپنی نوکری پر قائم رھنے یا ترقی حاصل کرنے کے لئے صرف اپنے معمولی فرائض ادا کرنے کی ضرورت ھے اور کسان کی کامیابی فقط اُس کی محنت اور بخت اور اتفاق پر موقوف ھے مگر تاجر کو باوجود ان تمام فرائض کے جو ایک سچے تاجر کو ادا کرنے ضرور ھیں ھر وقت عقل سے مشورہ لینے اور ایک شطرنج باز کی طرح نت نئی چال چلنے کی

ضرورت ہوتی ہے وہ ہر وقت زمانے کے تیور دیکھتا اور پبلک کے دل ٹٹولتا ہے - اکثر اوقات اس کو فائدہ کثیر کے لالچ میں راستبازی کے خلاف عمل در آمد کرنے کی ترغیب ہوتی ہے مگر اسی کے ساتھہ اس بات کا خوف بھی دامن گیر ہوتا ہے کہ اگر یہ راز کھل گیا تو اعتبار نہ رہے گا - غرض کہ اسی قسم کی بیشمار حالتیں جن میں انسان متردد ہوتا ہے کہ کونسی جانب اختیار کی جائے تاجر کو قدم قدم پر پیش آتی ہیں اور اس کو عقل و تدبیر سے کام لینے اور کامل غور کرنے پر مجبور کرتی ہیں - اور اسی طرح تاجر کی عقل معاش روز برور جلا پاتی جاتی ہے - مگر نوکری پیشہ یا کاشتکار کو ایسے مرحلے بہت کم پیش آتے ہیں، وہ معمولی قواعد کے شارع عام پر آنکھیں بند کئے چلے جاتے ہیں - نوکری پیشہ اگر اپنے فرائض دیانت اور محنت کے ساتھہ انجام دیتا ہے تو اس کو اس بات کا مطلق اندیشہ نہیں کہ میری وجہ معین میں کچھ کمی واقع ہوجائے گی - کاشتکار کی کامیابی زیادہ تر آسمانی مدد پر منحصر ہے، جس میں انسانی عقل و تدبیر کو کچھ دخل نہیں - اس لئے پہلا عدم ضرورت کے سبب اور دوسرا عدم قدرت کے سبب عقل اور تدبیر سے بہت کم کام لیتا ہے - مگر تاجر خوب جانتا ہے کہ ذرا چال چوکا اور مصیبت میں گرفتار ہوا - اس لئے اس کو پھونک پھونک کر قدم رکھنا پڑتا ہے - یہی وجہ ہے کہ جو قوم تجارت سے کچھ تعلق نہیں رکھتی اور نوکری کے سوا کسی اور ذریعے سے معاش پیدا نہیں کرتی چند نسلوں کے بعد اُن میں

تدبیر معاش کا مادہ باقی نہیں رهتا ، کیونکہ جس طرح کسی عضو کے معطل وبیکار رکھنے سے اس کی قوت زائل هوجاتی هے اور اس میں سکت باقی نہیں رهتی اسی طرح قواے ذهنیہ سے جب کچھہ کام لیا نہیں جاتا تو وہ بالکل از کار رفتہ هوجاتے هیں - اگر چہ یہ ممکن هے کہ اس قوم میں مستثنیٰ مثالیں ایسے اشخاص کی پائیں جو اعلیٰ درجے کی عقل معاش رکھتے هوں لیکن ایسے مستثنیات سے قاعدۂ کلیہ توٹ نہیں سکتا —

جس طرح تجارت سے قومی عقل معاش ترقی پاتی هے اسی طرح بہت عمدہ اخلاق اور عمدہ خصلتیں صرف تجارت هی کے ذریعے سے تمام قوم میں شائع هوتی هیں - جز رسی اور کفایت شعاری جس کے بغیر کسی خاندان بلکہ کسی قوم کا وقار دنیا میں قائم نہیں رہسکتا صرف تجارت هی کی بدولت تمام قوم میں سرایت کرتی هے - اگرچہ ممکن هے کہ هر ایک قوم میں خواہ وہ قوم تجارت پیشہ هو اور خواہ نوکری پیشہ کچھہ افراد جزرسی اور کفایت شعاری کے ساتھہ موصوف پائے جاتے هوں لیکن همارے نزدیک کوئی قوم عام طور پر جزرس اور کفایت شعار نہیں هوسکتی جب تک کہ عام طور پر اُس میں تجارت شائع نہ هو —

جس طرح تجارت سے جزرسی اور کفایت شعاری کی بنیاد تمام قومیں پڑتی هے اسی طرح تحمل ، بردباری ، نرمی اور موافقت بغیر تجارت کے کسی قوم کی قومی خصلت نہیں بنتی - جس طرح سلطنت اور حکومت کا میلان

ظلم اور تشدد اور غرور و نخوت کی جانب ہوتا ہے ' اسی طرح تجارت کا اقتضا یہ ہے کہ تند مزاجوں کو دھیما ' مغروروں کو خاکسار ' سخت کلاموں کو شیریں بیان اور جباروں کو منکسر المزاج بناتی ہے - جو قومیں تجارت پیشہ ہوتی ہیں ایک مدت کے بعد ان کی نسلیں فطرتاً ان خصلتوں پر مجبول پیدا ہوتی ہیں کیونکہ اولاد کے جسمانی اور نفسانی قویٰ اپنے آباو اجداد کے جسمانی اور نفسانی قویٰ کے تابع ہوتے ہیں - جس طرح قوی اور تنومند ماں باپ کی اولاد تنومند ہوتی ہے اسی طرح متحمل اور بردبار ماں باپ کی اولاد مستثنیٰ صورتوں کے سوا ضرور ہے کہ متحمل و بردبار ہو —

اگرچہ اس بات کا انکار نہیں ہوسکتا کہ دنیا میں ابھی تک راستباز تاجروں کی تعداد بمقابلہ جو فروش گندم نماؤں کے بہت کم ہے لیکن اس سے تجارت کے پاک دامن پر کوئی دھبا نہیں لگتا - جس طرح علم کا خاصہ ہے کہ وہ براہ راست نیکی کی راہ سمجھاتا ہے لیکن باوجود اس کے بہت سے اہل علم اپنی بد اعمالیوں سے علم کو بدنام کرتے ہیں اسی طرح تجارت براہ راست ایمانداری اور راستبازی کی تعلیم دیتی ہے لیکن نالائق تاجر چند روزہ منفعت کے لئے بد دیانتی اور فریب اختیار کر کے تجارت کی پائدار برکتوں سے محروم رہتے ہیں —

اصل یہ ہے کہ جب تک کسی ملک کی تجارت وہاں کے تعلیم یافتہ گروہ کے ہاتھہ میں نہیں آتی بلکہ جاہلوں اور

نالائقوں کے پنجے میں پھنسی رھتی ھے تب تک تجارت کی کامیابی کا بھید عام نظروں سے مخفی رھتا ھے - اکثر نفع یا نقصان کو امور تقدیری میں شمار کرتے ھیں جن میں انسان کی عقل و تدبیر کچھہ کام نہیں دے سکتی ' حالانکہ وہ تدبیر سے ایک دم غافل نہیں رھتے —

اصلی جرأت اور دلیری بھی جیسی تجارت کی بدولت انسان میں پیدا ھوتی ھے ایسی کسی اور پیشے کے ذریعے سے نہیں ھوتی - شاید وہ لوگ جو تجارت اور دلیری میں منافات سمجھتے ھیں اس بات کو سن کر متعجب ھوں ' مگر اُن کو یاد رکھنا چاھئے کہ دلیری یا بزدلی کسی خاص فرقے کے ساتھہ خصوصیت نہیں رکھتی - ممکن ھے کہ ایک سپاھي یا سپہ سالار نہایت بزدل ھو اور ایک بیوپاری بہت بڑا بہادر ھو ۔ جس طرح بہادروں کو میدان جنگ میں دلیری اور شجاعت کے کام کرنے پڑتے ھیں اسی طرح ھر شخص کو اپنی روزانہ زندگی میں اکثر موقعوں پر دلیری سے کام کرنے پڑتے ھیں —

الغرض تجارت کی کامیابی کے لئے جس کا مدار تاجر کے مقبول و معتمد خاص و عام ھونے پر ھے ' نہایت ضرور ھے کہ تاجر علاوہ عاقل اور مدبر ھونے کے عمدہ اخلاق اور عمدہ خصلتوں سے آراستہ ھو اور اس لئے تجارت کو انسان کا معلم اور اتالیق کہا جاوے تو کچھہ بیجا نہیں —

لڑائی جو انسان کی خونریز دشمن اور ملکوں کی غارت کرنے والی ھیوی ھے اور جو اب بھی ویسی ھی مہیب اور ھولناک ھے جیسی یونان کے مشہور شاعر ھومر کے زمانے میں

تھی ' اور کبھی اُس کی تیغ خون آشام ھمیشہ کے لئے میان کی جاے گی تو تجارت ھی کی بدولت کی جاے گی - تجارت نے دنیا میں شایستگی کو پھیلایا ھے ' اُس نے تمام روے زمین پر انسان کی ضرورت اور آسائش کے لئے سامان برابر تقسیم کئے ھیں ' اس نے علوم و فنون کی بیش قیمت اور مفید تحقیقاتوں اور ایجادوں کو رواج دیا ھے اور اس نے موجدوں کی طبیعت میں نئی نئی ایجاد و اختراع کی تحریک پیدا کی ھے - وہ علم اور دین کی اشاعت میں مدد دیتی ھے ' وہ اور ترقی ھمیشہ اور ھر جگہ لازم و ملزوم رھی ھیں —

انسان کے اندرونی قویٰ کی ترقی ' علوم و فنون کی ترقی ' عام معلومات کی ترقی ' اخلاق کی ترقی ' ضوابط و قوانین کی ترقی ' آزادی کی ترقی ' غرض کہ ھر طرح کی ترقی ھی ترقی اُس سے پیدا ھوئی ھے - اُس نے ھمیشہ جس چیز کو جس درجے پر پایا ھے ' اُس سے جدا ھوتے وقت اس کو بلند تر سیڑھی پر چھوڑا ھے - وہ اول ایک ملک سے دوسرے ملک میں شایستگی کے لئے بطور طلایہ کے جاکر راستہ تیار کرتی اور پھر شایستگی کو اپنے ساتھہ لے کر وھاں پہنچتی ھے - اُس نے وحشیوں کو انسان بنایا ھے اور اُس نے عوام‌الناس اور امرا کو بادشاھی تک پہنچایا ھے - اُسی نے موروں کو اپنے عہد میں دنیا کا عقلمند بنایا تھا اور اُسی نے انگریزوں کو اکیلا بلا شریک غیر تمام ھندوستان کا وارث ٹھہرایا —

# تعصب

از

ڈاکٹر سر سید احمد خاں بہادر

انسان کی بدترین خصلتوں میں سے تعصب بھی ایک بدترین خصلت ھے - یہ ایسی بد خصلت ھے کہ انسان کی تمام نیکیوں اور اس کی تمام خوبیوں کو غارت اور برباد کرتی ھے - متعصب گو اپنی زبان سے نہ کہے مگر اس کا طریقہ یہ بات جتلاتا ھے کہ عدل و انصاف کی خصلت جو عمدہ ترین خصائل انسانی سے ھے اس میں نہیں ھے - متعصب اگر کسی غلطی میں پڑتا ھے تو اپنے تعصب کے سبب اس غلطی سے نکل نہیں سکتا کیونکہ اس کا تعصب اس کے بر خلاف بات کے سننے اور سمجھنے اور اس پر غور کرنے کی اجازت نہیں دیتا اور اگر وہ کسی غلطی میں نہیں ھے بلکہ سچی اور سیدھی راہ پر ھے تو اس کے فائیدے اور اس کی نیکی کو پھیلنے اور عام ھونے نہیں دیتا کیوں کہ اس کے مخالفوں کو اپنی غلطی پر متنبہ ھونے کا موقع نہیں ملتا —

تعصب انسان کو ھزار طرح کی نیکیوں کے حاصل کرنے سے

باز رکھتا ھے - اکثر دفعہ ایسا ھوتا ھے کہ انسان کسی کام کو نہایت عمدہ اور مفید سمجھتا ھے مگر صرف تعصب سے اُس کو اختیار نہیں کرتا اور دیدۂ و دانستہ برائی میں گرفتار اور بھلائی سے بیزار رھتا ھے —

انسان قواعد قدرت کے مطابق مدنی‌الطبع پیدا ھوا ھے ' وہ تنہا اپنی حوائج ضروری کو مہیا نہیں کرسکتا - اس کو ھمیشہ مددگاروں اور معاونوں کی جو دوستی اور محبت سے ھاتھہ آتے ھیں ضرورت ھوتی ھے مگر متعصب بسبب اپنے تعصب کے تمام لوگوں سے منحرف اور بیزار رھتا ھے اور کسی کی دوستی اور محبت کی طرف بجز اُن چند لوگوں کے جو اس کے ھم راے ھیں مائل نہیں ھوتا —

عقل اور قواعد قدرت کا مقتضا یہ معلوم ھوتا ھے کہ امور متعلق تمدن و معاشرت میں جو باتیں زیادہ منفعت اور زیادہ آرام اور زیادہ لیاقت اور زیادہ عزت کی ھیں ان کو انسان اختیار کرے مگر متعصب ان سب نعمتوں سے محروم رھتا ھے —

ھنر فن اور علم ایسی عمدہ چیزیں ھیں کہ ان میں سے ھر ایک چیز کو نہایت اعلی درجہ تک حاصل کرنا چاھئے مگر متعصب اپنی بد خصلت سے ھر ایک ھنر اور فن اور علم کے اعلی درجہ تک پہنچنے سے محروم رھتا ھے —

وہ ان عام دلچسپ اور مفید باتوں سے جو نئی تحقیقات سے اور نئے علوم اور فنون سے حاصل ھوتی ھیں محض جاھل اور نا واقف رھتا ھے ' اس کی عقل اور دماغ کی قوت محض

بیکار ہو جاتی ہے اور جو کچھہ اس میں سمائی ہوئی ہے اس کے سوا اور کسی بات کے سمجھنے کی اس میں طاقت اور قوت نہیں رہتی ' وہ ایک ایسے جانور کی مانند ہو جاتا ہے کہ اُس کو جو کچھہ بالطبع آتا ہے اس کے سوا اور کسی چیز کی تعلیم و تربیت کے قابل نہیں ہوتا —

بہت سی قومیں ہیں جو اپنے تعصب کے باعث سے تمام باتوں میں ' کیا اخلاق میں اور کیا علم و ہنر میں اور کیا فضل و دانش میں اور کیا تہذیب و شایستگی میں اور کیا جاہ و حشمت اور مال و دولت میں اعلیٰ درجے سے نہایت پست درجۂ ذلت و خواری کو پہنچ گئی ہیں اور بہت سی قومیں ہیں جنھوں نے اپنی بے تعصبی سے ہر جگہ اور ہر قوم سے اچھی اچھی باتیں اخذ کیں اور ادنیٰ درجے سے ترقی کرکے اعلیٰ سے اعلیٰ درجے پر پہنچ گئیں —

مجھہ کو اپنے ملک کے بھائیوں پر اس بات کی بد گمانی ہے کہ وہ بڑی تعصب کی بد خصلت میں گرفتار ہیں اور اس سبب سے ہزاروں قسم کی بھلائیوں کے حاصل کرنے سے اور دنیا میں اپنے تئیں ایک معزز قوم کر دکھانے سے محروم اور ذلت و خواری اور بے علمی اور بے ہنری کی مصیبت میں گرفتار ہیں اور اسی لئے میری خواہش ہے کہ وہ اس بد خصلت سے نکلیں اور علم و فضل اور ہنر و کمال کے اعلیٰ درجے کی عزت تک پہنچیں —

تعصب خواہ دینی باتوں میں ہو یا دنیاوی باتوں میں ' نہایت برا اور بہت سی خرابیوں کا پیدا کرنے والا ہے —

مغرور و متکبر ہو جانا اور اپنے ہم جنسوں کو سوا‌ے چند کے نہایت حقیر و ذلیل سمجھنا متعصب کا خاصہ ہے —

اس کے اصول کا مقتضا ہوتا یہ ہے کہ تمام دنیا کے لوگوں سے سوا‌ے چند کے کنارہ گزیں ہو مگر ایسا کر نہیں سکتا اور بہ مجبوری ہو ایک سے ملتا ہے اور اوپر کے دل سے ان کا ادب اور اپنی جھوٹی نیاز مندی بھی ظاہر کرتا ہے اور ایسا کرنے سے ایک اور بد خصلت نفاق اور کذب اور دغابازی اور فریب و مکاری کی اپنے میں پیدا کرتا ہے —

دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے ' جس نے خود ہی تمام کمالات اور تمام خوبیاں اور خوشیاں حاصل کی ہوں بلکہ ہمیشہ ایک قوم نے دوسری قوم سے فائدہ اُٹھایا ہے مگر متعصب شخص ان نعمتوں سے بدنصیب رہتا ہے —

علم میں اس کو ترقی نہیں ہوتی ' ہنر و فن میں اس دستگاہ نہیں ہوتی ' دنیا کے حالات سے وہ ناواقف رہتا ہے عجائبات قدرت کے دیکھنے سے محروم رہتا ہے ' حصول معاش اور دنیاوی عزت و تمول مثل تجارت وغیرہ کے وسیلے جاتے رہتے ہیں اور رفتہ رفتہ تمام دنیا کے انسانوں میں روز بروز ذلیل و خوار اور حقیر و نا چیز ہوتا جاتا ہے —

اس کی مثال ایک ایسے جانور کی ہوتی ہے ' جو اپنے ریوڑ میں ملا رہتا ہے اور نہیں جانتا کہ اس کے اور ہم جنس کیا کر رہے ہیں ؟ بلبل کیا چہچہاتی ہے اور قمری کیا غل مچاتی ہے ' بیا کیا بن رہا ہے اور مکھی کیا چن رہی ہے ؟—

وہ بجز کوڑے پر کی گھاس چرنے کے اور کچھ نہیں جانتا

کہ باغ کیوں بنا ہے اور پھول کیوں کھلا ہے نرگس کیا دیکھتی ہے اور انگور کی تاک کیا تاکتی ہے ؟—

تعصب میں سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ جب تک وہ نہیں جاتا کوئی ہنر و کمال اس میں نہیں آتا - تربیت و شایستگی ' تہذیب و انسانیت کا مطلق نشان نہیں پایا جاتا اور جب کہ وہ مذہبی غلط نما نیکی کے پردے میں ظہور کرتا ہے تو اور بھی سم قاتل ہوتا ہے - کیوں کہ مذہب سے اور تعصب سے کوئی تعلق نہیں ہے ' انسان کے خراب و برباد کرنے کے لئے شیطان کا سب سے بڑا داؤں تعصب کو مذہبی رنگت سے دل میں ڈالنا اور اس تاریکی کے فرشتہ کو روشنی کا فرشتہ کر کے دکھلانا ہے —

پس میری التجا اپنے بھائیوں سے یہ ہے کہ ہمارا خدا نہایت مہربان اور بڑا منصف ہے اور سچا ' سچائی کا پسند کرنے والا ہے ' وہ ہمارے دلوں کے بھید جانتا ہے ' وہ ہماری نیتوں کو پہچانتا ہے - پس ہم کو اپنے مذہب میں نہایت سچائی سے پختہ رہنا مگر تعصب کو جو ایک بری خصلت ہے چھوڑ نا چاہئے - تمام بنی نوع انسان ہمارے بھائی ہیں - ہم کو سب سے محبت اور سچا معاملہ رکھنا اور سب سے سچی دوستی اور سب کی سچی خیر خواہی کرنا ہمارا قدرتی فرض ہے , پس اسی کی ہم کو پیروی چاہئے —

# الفاظ جن سے زبان کا کام چلتا ہے کیوں کر پیدا ہوے

از

(شمس العلما مولوی محمد حسین 'آزاد')

ایک گروہ کثیر ایک ھی دادا کی اولاد ھو - لیکن جب کنبہ کنبہ ایک ایک پہاڑی یا قطعہ قطعہ زمین پر الگ الگ بستے ھوں تو ضرور ھے کہ ضرورت وقت یا قدرتی اتفاق ان میں نئی چیزیں پیدا کریں - اور ظاھر ھے کہ ھر مقام میں ایک ھی چیز کا جدا جدا نام پکارا جاے گا - کچھہ عرصے کے بعد ایک ھی چیز کے لئے مختلف مقاموں کے نام جمع کریں تو ھر چیز کے لئے کئی کئی نام ھوں گے - پھر جب کہ سلطنت کا امن یا باھمی ارتباط آمد و رفت کے نسا جال پھیلاے - اور تعلیم و تربیت عام ھوجاے تو بہت سے نام خود بخود گر جائیں گے - اور ھر شے کے لئے ایک نام رہ جاے گا - وہ کبھی تو مناسبت کے سبب سے زیبا و برجستہ ھوگا اور کبھی جو بندہ گیا وھی موتی - اُس وقت یہ ضرور ھے کہ ھرشے کو نام خاص سے پکار نے

کے لئے سب کا اتفاق ہوگا - اب اگر کوئی پوچھے کہ لفظ کیا شئے ہے ؟ تو تم کہہ سکتے ہو کہ وہ ایک زبانی تصویر ہے یا پتا نشان ہے کسی چیز کا ، یا فعل کا —

دنیا ہمیشہ ترقی کے راستے میں رواں ہے - کیسی ہی ابتدائی حالت ہو ، شایستگی پھیلے جاے گی - علوم اور فنون کی دستکاری نئی چیزیں پیدا کرے گی - لین دین جسے ترقی نے تجارت کا خطاب دیا ہے - ایک جگہہ کی چیزیں دوسری جگہہ پہنچائیں گے - اس سبب سے بھی نئے الفاظ ہر جگہ پیدا ہوں گے - اور ایک جگہہ سے دوسری جگہہ پہنچیں گے - کیوں کہ چیزیں اور کام نئے ہیں - دیکھہ لو ! یہی سبب ہے کہ دیہات میں الفاظ کم ہوتے ہیں - شہروں میں بہت - اور شہری الفاظ کی خوش آوازی ، خوش ادائی اور لطافت گاؤں والوں کو اپنی شاگردی پر مجبور اور مشتاق کرتی ہے ، اسی کو خاص اور عام کا اتفاق کہتے ہیں - اور اس سے الفاظ اور اصطلاحیں پیدا ہوتی ہیں —

اب کوئی پوچھے کہ تقریر کیوں کر پیدا ہوی ؟ تم صاف کہہ دوگے کہ انسان میں جو چیخنے یا چلانے کی خاصیت ہے وہ باہمی ضرورتوں اور آپس کے برتاؤ سے اصلاح اور ترقی کرتے کرتے تقریر ہوگئی - اور رفتہ رفتہ یہ رتبہ پیدا کیا کہ جس طرح ایک مصور کامل کسی انسان یا باغ یا محل کا نقشہ کھینچ کر اُس کی کیفیت انکھوں کے رستے سمجھاتا ہے - صاحب زبان اپنے مافی الضمیر اور حرکت اعضا کے مجموعے کو آواز کے رنگ میں ، کانوں کے رستے سمجھاتا ہے - پس گویائی

گویا ایک عمدہ آلہ اداے خیال کا ھے ' لیکن نامکمل کیوں کہ کون سا قادر الکلام ھے جو دل کے خیال کو جوں کا توں پورا پورا اپنے لفظوں میں ادا کردے - عمدہ سے عمدہ کلام دل کے خیالات کی تصویر ھے لیکن یہ پانی میں ھے جو گدلا ھے ' یا عکس ھے ایسے آئینے میں جو دھندلا ھے —

تم نے خیال کیا ؟ زبان یعنی تقریر گویا انسان کے دل ' انسان کی خواھش اور اُس کے حرکات اعضائی کا مجموعی خلاصہ ھے - اسی خیال سے زبان عرب کے ابتدائی محقق نے کہہ دیا کہ " الفاظ اپنے حروف ' اعراب اور آوازوں کے ذریعے سے خود بخود اپنے معنی بتلاتے ھیں " - مگر یہ راے عموماً درست نہیں - جمہور اهل لغت اس پر اعتراض کرتے ھیں ' اور کہتے ھیں " اگر یہی بات ھوتی تو ھر شخص ھر لفظ کے معنی سمجھتا ' بتانے اور لغت میں دیکھنے کی ضرورت ھی نہ ھوتی " دوسرے اکثر دیکھا جاتا ھے کہ ایک لفظ کے دو معنی ھوتے ھیں ، جو باھم مخالف ھیں - اگر الفاظ بالطبع اپنے معنوں پر دلالت کرتے تو یہ کیو نکر ھوسکتا تھا - البتہ لفظ بھی بعض جگھہ اپنے معنوں پر آپ اشارہ کرتا ھے - دیکھو —

' درشت ' کو دیکھو - ' کرخت ' پر خیال کرو - سختی اور کھردرا پن نہیں پایا جاتا ؟

تیر کی ' ی ' کو مد کی کشش میں دیکھو - صاف نظر آتا ھے کہ کوئی تیز چیز تیز روھے کہ سیدھی چلی جاتی ھے —

' خم یا ' خنب ' بولنے میں بھی اپنی پھلاوٹ اور گلاوٹ کی تصویر دکھاتا ھے —

یورپ کے دانا کہتے ہیں کہ پہلے طبیعت کی تاثیر نے حالت کے مناسب آوازیں نکالی تھیں - پھر استعمال اور تہذیب نے انہی کو لفظ بنا دیا یہ رائے قرین قیاس معلوم ہوتی ہے -

' چہچہہ ' بلبل کی آواز مسلسل کا نام ہوا ' کو کو ' فاختہ کی آواز متواتر کا -

' غرش ' جانوروں کی خفگی کی آواز - ' قہقہہ ' انسان کی ہنسی -

' غوغا ؛ غلغلہ ' غلغل ' شور و غل انسان کا ہوا -

کوہستان ' خراسان و ایران کے کوے دیکھے ' چیل سے ذرا چھوٹے ہوتے ہیں اور بولنے میں صاف کلغ کلغ آواز دیتے ہیں - کلاغ اُن کا نام ہو گیا - چغوک اُسی آواز کے سبب سے چڑے کا نام ہوا ( یعنی چڑیا کا نر ) -

تم ضرور کہو گے کہ اپنے رنگ ' آواز اور ادا کے انداز اور دل کی حالت کو ملا کر جو معنی چاہو پیدا کر لو - اصلی لفظ میں تو ہمیں کچھہ بھی نہیں معلوم ہوتا - یہ بھی درست ہے - لیکن میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ زبان انسان کی آواز دل اور اشارات اعضائی کا مجموعہ ہے - اس صورت میں کسی جز کو روکنا نہیں چاہئیے -

ولادت زبان کی بنیاد تم نے دیکھہ لی ؟ پہلے کچھہ اشارے تھے ' پھر کچھہ آوازیں ' پھر باہمی اتفاق سے کچھہ الفاظ آپس کے سمجھنے سمجھانے کے لئے مقرر ہو گئے - پس جب آفرینش بڑھے اور آبادی پھیلے تب بھی واجب ہے کہ وہی الفاظ کام میں لائیں کہ سب کی سمجھہ میں آئیں اور عام فہمی کے سبب سے

انھیں سب سے پہلے کام میں لائیں -

زبان میں کسی کو اپنی طرف سے ایک لفظ بھی ایجاد کرنے کا اختیار نہیں ہے ! یہ ھوسکتا ھے کہ میں شادمی کہوں اور اس کے معنی رکھوں آدمی - اسے شاید میرے نوکر چاکر یا دوست آشنا سمجھنے بھی لگیں مگر اور سب کب مانیں گے ! اور مانیں کیا ؟ اگر چند لفظ ایسے تصنیف کر لوں تو کوئی میری بات بھی نہ سمجھے گا —

اسی بنیاد پر عرب کے اہل تحقیق نے کہا ھے کہ لغت وہ ھے کہ جس پر جمہور کا اتفاق ھو - اصطلاح وہ ھے جس پر خاص گروہ کا اتفاق ھو - البتہ کوئی علمی مصنف یا صاحب ایجاد قادر الکلام شخص بھی الفاظ ایجاد کر سکتا ھے لیکن اُن کے قیام عمر کے لئے ' اسے بھی جمہور کا حسن قبول حاصل کرناپڑیگا-

عزیزان وطن ! ولادت الفاظ اور آفرینش زبان کے خیالات سجہلاً آپ کے تصور میں گئے ھوں گے - اب یہ سنئے کہ فلسفی زبان کا منصب کیا ھے ؟ اس کا منصب ھے تقریر کے ھر لفظ کو گریدنا جس سے کہ زبان مرکب ھے - اس سے شاید تم یہ سمجھے ھو گے کہ فلسفی زبان کو اکثر زبانوں کے لفظ اور معنی خوب آتے ھوں گے ' وہ عبارت میں مبتدا ' خبر ' مضاف ' مضاف الیہ ' صلہ ' موصول وغیرہ ' وغیرہ کو خوب سمجھتا ھوگا - نہیں ! یہ تو بہت ادنیٰ کام ھے- وہ لفظ کی اصل و نسل ولادت سے وقت موجود تک دریافت کرتا ھے - تم نے کسی نیارئیے یا تیزابئے کو دیکھا ھے ؟ جب ایک دھات کی ڈلی اُس کے ھاتھ میں آتی ھے تو وہ اسے دیکھتا ھے اور جانچتا ھے کہ ایک مادہ ھے یا کئی

مادے گُتھے ہوے ہیں - تب کبھی تیزاب سے ' کبھی آنچ کے زور سے گلاکر اُن کا جوڑ جوڑ کھول لیتا ہے کہ اس کی اصل کہاں پہنچی ہے - اسی طرح ماہر زبان ایک لفظ کو لیتا ہے وہ تیزاب یا انچ کام میں نہیں لاتا ' فقط عقل کے تیزاب سے حرفوں کے جوڑ بند کھولتا ہے - اور معنوں کو سوچ کر اس کی ساری اصل نسل دریافت کر لیتا ہے -

میرے دوستو! تم حیران ہوگے کہ لفظ کی ولادت اور نسل کیا؟ ہاں لفظ کی بھی ولادت اور نسل ہوتی ہے - اور وہ اس طرح معلوم ہوتي ہے کہ فلسفی لفظ کے جز جز کو الگ کرتا ہے اور دیکھتا ہے کہ وقت بوقت ان کی اصل کس کس ملک اور کس کس قوم میں پہنچتی آئی ہے ' اُن میں کیا رشتے ہیں ' اور کیوں کر وہ رشتے پیدا ہوے ہیں ' اور ملک بہ ملک ان کے معنوں یا حرفوں میں کیا تغیر پیدا ہوے ہیں؟ پھر اور زبانوں کے لحاظ سے اپنی باتوں پر غور کرتا ہے - اُن کے نتائج کو بھی جانچتا ہے - اور مطابقت اور مقابلہ کرتا ہے - یعنی ایک زبان کے لفظ دوسری زبان سے کن کن باتوں میں متفق ہیں اور کونسی باتیں ہیں کہ ایک ہی کے لئے خاص ہیں - پھر ان سببوں کی جستجو کرتا ہے جو زبان میں تبدیلی کا عمل کر رہے ہیں اور یہ غیر منقطع کام ہے ' کبھی ترقی کے رنگ میں ہوتا ہے ' کبھی تنزل میں - مگر جاری ہمیشہ رہتا ہے اور اسی کو زبان کی اصل نسل کہتے ہیں - اب چند مثالیں توضیح مطلب کے لئے لکھتا ہوں - گریبان کو فلسفی زبان نے دیکھا - بان پر جوڑ معلوم ہوا - اس نے گرے کو

دیکھا تو فارسی قدیم میں بمعنی گلو پایا - سمجھ گیا کہ اس جزء لباس کا گلے پر قبضہ ہے - اس لئے اس کا نام گریبان رکھا ہو گا کہ مالک گُلو ہے - سنسکرت میں دیکھا تو وہاں گریو انہی معنوں میں آیا ہے - اور بان سنسکرت میں وان ہے - ثابت ہو گیا کہ ایک گھرانے کی نسل ہے - ملک اور مدت کے انقلاب سے آواز بدل گئی - یہاں مر گیا وہاں جیتا ہے —

کلابتوں کو سب پہنتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں - فلسفی زبان اس کا بل کھولتا ہے اور دیکھتا ہے کہ کلا بہ، کلاوہ (سوت کا لچھا) آلتون ترکی میں سونے کو کہتے ہیں - وہی سنہرا لچھا ہوا —

نیلوفر کو بے خبر آدمی ایک گل خودرو سمجھے گا - فلسفی زبان دیکھے گا کہ نیلو پر، نیلو فل، نیل پل، نیل پر، سب طرح مستعمل ہوا ہے - تب اِدھر اُدھر نظر دوڑائے گا - اُس وقت معلوم ہوگا کہ سنسکرت میں نیل، نیلا - اُت، پل، پنکھڑی ہے - یعنی نیلی پنکھڑی والا پھول - فارسی میں ادل بدل ہو کر کچھ سے کچھ ہو گیا —

'ناھار' اور 'نہار' ہندوستان میں بھی سب جانتے ہیں - فلسفی زبان نے دیکھا تو 'ن' پر جوڑ معلوم ہوا - اھار کو دیکھا تو فارسی بلکہ سنسکرت میں بھی بمعنی خورش آیا ہے - سمجھ گیا کہ صبح سے جب تک کچھ نہ کھایا ہو اُس وقت تک ناھار یا نہار ہے —

'خربزے' کو سونگھا تو بو آئی کہ مرکب ہے - 'خر' کو

دیکھا بمعنی کلاں بھی آتا ھے - بزہ کو دیکھا تو فارسی قدیم میں بمعنی ثمر ھے - سمجھہ گیا کہ بڑا پھل تھا - اس لئے خربزہ نام رکھا ھو گا - سنسکرت میں بھی بعینہ یہی دو جز اور یہی معنی ھیں -

میرے دوستو ! تم دل میں کہتے ھو گے کہ اس توڑ جوڑ اور لفظوں کے رگ پٹھے چیر نے سے کیا فائدہ ؟ جب ھم ایک زبان سیکھتے ھیں تو اس میں بھی غرض ھوتی ھے کہ اور کی بات سمجھہ لیں ' اپنی بات سمجھاویں - اس کے لئے اتنا کافی ھے کہ لفظوں کے معنی آگئے ' عبارت کا مطلب معلوم ھو گیا ' والسلام - میں بھی کہتا ھوں بے شک - زبان سیکھنی ھو تو اس سے زیادہ کاوش کرنے کی ضرورت نہیں - لیکن ذرا خیال کر کے دیکھو - جب تم کوئی شکل اقلیدس کی حل کرتے ھو ' یا ایک حساب کے سوال کا جواب نکال لیتے ھو ' یا ایک بچہ کوئی پہیلی بوجھتا ھے تو کیا خوشی ھوتی ھے ! ھزاروں پھول پھل ' بوتیاں ' نباتات' جمادات ھیں ' اگر اُن کے مزے اور اصلی تاثیریں معلوم کر کے تمھیں خوشی حاصل ھوتی ھوگی تو لفظوں کی اصلیت دریافت کر کے بھی ضرور خوشی ھو گی - جن الفاظ کی توضیح میں نے بیان کی ' انھیں سن کر کس کے دل کو فرحت نہیں ھوی ؟ البتہ بد مزہ بے مغزے کے الفاظ کو فقط منہ کی بھاپ یا پیٹ کا سانس سمجھتے ھیں ' انھیں خبر بھی نہیں ھوتی ' ھونٹ سے نکلے ھوا ھو گئے - اُن کے نزدیک کچھہ بات ھی نہیں -

الفاظ ظاھر میں ھوائی جنبشیں ھیں - لیکن حقیقت میں

مستقل چیزیں ہیں - تم ضرور پوچھو گے کہ الفاظ مستقل چیزیں کیونکر ہوسکتے ہیں ؟ ہم کہتے ہیں کہ جب تمہیں کوئی چیز مثلاً چاکو یا قلم درکار ہوتا ہے اگر ایک لڑکے سے بھی کہتے ہو تو فوراً اُٹھا لاتا ہے ' دور ہو یا پاس - حالانکہ تم نے فقط لفظ کہا تھا - چاکو یا قلم کی تصویر بناکر نہیں دی - دیکھو لفظ نے اُس کے دل پر اصل شے کا کام دیا -

تم لفظوں میں فقط اتنا ہی نہ سمجھو کہ برائے نام خاص خاص چیزوں پر اشارے کرتے ہیں - غور کروگے تو پاوگے کہ وہ بھی اور چیزوں کی طرح پیدا ہوتے ہیں ، ترقی و تنزل کرتے ہیں ' سفر کرتے ہیں اور اس میں طبیعت اور رنگ بدلتے ہیں اور مر بھی جاتے ہیں - اُن کے حالوں ' چالوں اور انقلابوں کو دیکھوگے تو معلوم ہوگا کہ جس طرح قوموں کی تاریخیں اپنے حالات و مقالات سے کملائے ہوئے دلوں کو شگفتہ کرتی ہیں ' لفظوں کی تاریخیں اپنے لطف و خوبی کے ساتھ اُس سے زیادہ دماغوں کو شاداب کرتی ہیں - اس سے زیادہ اور کیا فائدہ ہوگا کہ لفظوں ہی کے مقابلے اور مطابقت میں قوموں ' نسلوں اور اُن کے خاندانی رشتوں کے سر رشتے نکل آئے —

الفاظ کے تغیر طبیعت اور اُن کے رنگ بدلنے پر تمہیں ضرور کھٹکا گزرے گا کہ اسما حقیقت میں اشیا کے نام ہیں - جب چیزیں نہیں بدلیں اور نام اُن کے بدل گئے تو الفاظ اور معانی میں عجب خلط ملط پیدا ہوگا - میرے دوستو ! یہ تغیر ضرور ہوتے ہیں اور وہ قباحت نہیں پیدا ہوتی جس کا تمہیں

خطر ہے۔ دیکھو:

'جیب' عرب میں اول سینے کو اور دل کو بھی کہتے تھے - پھر گریبان کو کہنے لگے کہ سینے پر ہوتا ہے - بعض اہل لغت کہتے ہیں کہ 'جوب' بمعنی قطع ہے' گریبان کترا ہوتا ہے' اس لئے اس کا نام جیب رکھا - عرب کے لوگ جبے یا کُرتے کے گریبان میں ایک تھیلی ٹانک کر اُس میں چیز رکھ لیا کرتے تھے' مدت کے بعد اُس کا نام جیب ہوگیا —

فارس میں وہ تھیلی گریبان سے ڈھلک کر کمر کے نیچے آگئی اور نام وہی جیب رہا - تماشا یہ کہ اب گھڑی کے شوقینوں نے چھاتی کے بائیں طرف جگہ دی اور کوٹ پتلون والوں نے کہیں کا کہیں پہنچا دیا' پھر وہی جیب ہے: اور عرب میں جیب وہی گریبان ہے —

جب عرب میں علم ریاضی کا چرچا اور علم مثلث کا یونانی سے ترجمہ ہوا تو جو خط کسی قوس یا اُس کے زاویہ کا اندازہ بتائے اُسے جیب کہنے لگے - کیونکہ وہ بھی قوس کے لئے ایسا جیسے سینے کے لئے گریبان —

شمع' عرب میں موم کو کہتے ہیں - پھر موم کی شمعیں بننے لگیں' اِن کا نام بھی شمع ہی رہا - فارس میں آکر چربی کے قالب میں ڈھلیں - یہاں شمع عام ہوگئی - موم کی بتی ہو خواہ چربی کی - عرب میں شمع وہی موم ہے —

'اسباب' عربی میں جمع سبب کی ہے - فارسی میں اسباب خانہ داری کو کہتے ہیں —

شراب' عرب میں پینے کو اور اُس چیز کو کہتے ہیں' جو

پینے میں آے ' فارس میں مرادف بادہ ہوگیا —

( ۱ ) بعض الفاظ سفر کر کے آتے ہیں اور ملک غیر میں بے عزت ہوجاتے ہیں —

' غلام ' عرب میں نوخط لڑکے کو کہتے ہیں - فارسی میں لونڈی کا نر غلام —

' مہتر ' فارسی میں سردار کو کہتے ہیں - ہندوستان میں چوڑھا ہو گیا —

' خلیفہ ' کا رتبہ عرب میں نائب پیغمبر اور خلیفۂ الہی تک پہنچا ہوا ہے ' ہندوستان میں نائی کو کہتے ہیں - اس زمانے میں لفظ ایجاد نہیں ہوتے -نئے خیالات کے ادا کرنے میں پرانے الفاظ مدد کرتے ہیں — مثلاً کبھی دو لفظ مرکب کرلیتے ہیں -

(۱) سیب زمینی آلو کو کہتے ہیں' یہ بعینہ ترجمہ ہے پوٹےٹو کا ' پس معلوم ہوا کہ فرانس کے رستے سے پہنچا ہے —

' آبجوش ' سوڈا واٹر کو کہتے ہیں - وغیرہ وغیرہ ہزاروں لفظ پیدا ہوگئے ہیں —

( ۲ ) کبھی مشتق کرلیتے ہیں - وہاں بھی آب برف کوزوں میں جماتے ہیں اُسے بستنی کہتے ہیں —

( ۳ ) کبھی جوشے آتی ہے اپنا نام ساتھ لاتی ہے ' مثلاً انجن ' ریل ' چاپ 'چھاپے کا کام ہندوستان سے گیا - اسی واسطے یہ نام پایا —

( ۴ ) علمی الفاظ اور علمی اصطلاحیں بھی پیدا ہوتی رہتی ہیں اکثر زندہ رہتی ہیں اور کارروائی کرتی رہتی ہیں علم ہمیشہ ترقی کرتا ہے اور اصلاح پاتا ہے - اس لئے بعض

الفاظ جلد مرجاتے هیں ' نئے پیدا هوجاتے هیں - اج سے ۳۰ برس پہلے کی ریاضی یا جغرافیے کی کتاب اُردو زبان میں دیکھو تو یہ تعجب جاتا رهیگا —

( ۵ ) خوش ایجاد نام بھی اکثر کم عمر اور ناپائیدار هوتے هیں - محمود غزنوی جب هندوستان میں آیا اور آم کھایا تو بہت بھایا ' مگر نام سن کر هنسا اور کہا - سخت ستم ہے کہ ایسا لطیف میوہ اور نام میں یہ فحش! اسے نغزک کہنا چاهئے کہ اسم با مسمی هو ' چنانچہ بعض فارسی کی کتابوں میں ' نغزک ' بعض میں ' انبہ ' لکھتے هیں —

اکبر نے صدھا چیزوں کو ناموں کے خلعت دیے - کوئی باقی ہے ' کوئی پرانا هو کر پھٹ گیا - ایک دن اصطبل خانے میں گھوڑوں کے دیکھنے کو آیا - هلاک خور ٹوکرے بھر بھر کر کٹا فتیں اُٹھا رہے تھے - فرمایا کہ بڑی محنت کی روٹی کھاتے هیں - انھیں حلال خور کہنا چاهئے - آج تک وهی نام چلا آتا ہے —

' هار ' کو کہا کہ سنگار کی چیز - اور مبارک چیز پر هار کا نام آنا بد شگونی ہے ' اسے پھول مال کہا کرو - یہ سر سبز نہ هوا -

اسی خیال سے گھوڑے کی ' اندهیری ' کا اُجیاری ' نام رکھا ' یہ پھش نہ گئی اور اس سے معلوم هوتا ہے کہ جیسے اب هم ' اندهیری ' کہتے هیں ' اُس وقت اسے بھی ' اندهیاری ' کہتے تھے -

' جہاں گیر ' نے شراب کا نام ' رام رنگی ' رکھا مگر رنگ نہ جما -

' جمعرات ' کا نام ' مبارک شنبہ ' رکھا کہ جو خوشی هوتی ہے اکثر اسی دن هوتی ہے - پیر کا نام کم شنبہ رکھا -

لکھتا ہے کہ مجھے جو غم یا فکر ہوتا ہے اسی دن ہوتا ہے ' اس کا نام ایام ہفتہ سے گم ہونا چاہئیے - محمد شاہ نے بلبل ہندوستان کا نام ' گلدم ' رکھا تھا - اب تک اسی طرح چلا آتا ہے - رنگترے کو پہلے سنگترہ کہتے تھے - محمد شاہ نے کہا کہ اس لطیف میوے کو پتھر مارنا سخت ستم ہے ' رنگترہ کہا کرو کہ خوش رنگ بھی ہے - تر و تازہ بھی ہے —

' شاہ عالم ' نے ' سرخاب ' کو ' گاسرہ ' کہا مگر شہرت نے نامنظور کیا - کنجر اور کنجری ہندی میں زن رقاصہ کو کہتے تھے - ایک دن اکبر نے خوش ہوکر کہا کہ انہیں ' کنچنی کہا کرو -

نواب سعادت علی خاں نے ' ملائی ' کا نام ' بالائی ' رکھا - اہل لکھنؤ اب بھی ' بالائی ' کہتے ہیں - اور شہروں میں شہرت نہ ہوی -

عزیزان وطن ! تم ضرور کہتے ہوگے کہ زبان کی عمر کیا ؟ اور اُس کی تاریخ کیا ؟ یہ کچھ تعجب کی بات نہیں ' عالم میں بہت سے ملک ' بے شمار اہل ملک اور ہزاروں قومیں ہیں - اسی طرح زبانوں کا بھی عالم گروہ در گروہ سمجھو ' کہ تھا ' اور ہے ' اور ہوتا رہے گا - جس طرح قومیں بڑھیں ' چڑھیں ' ڈھلیں اور فنا ہوگئیں اور ہوں گی ' اسی طرح زبانوں کا عالم ہے کہ اپنے الفاظ کے ساتھ آباد ہے ' وہ اور اُس کے الفاظ پیدا ہوتے ہیں ' ملک سے ملک میں سفر کرتے ہیں ' حروف و حرکات اور معانی کے تغیر سے وضع بدلتے ہیں ' بڑھتے ہیں ' چڑھتے ہیں ' ڈھلتے ہیں اور مر بھی جاتے ہیں -

◁ ⌗ ▷

## "خواجہ الطاف حسین صاحب "حالی" کے نام"

جناب مخدوم و مکرم من —

عنایت‌نامجات مع پانچ جلد مسدس پہنچے۔ جس وقت کتاب ہاتھ میں آئی، جب تک ختم نہ ہولي ہاتھ سے نہ چھوٹی اورجب ختم ہولی تو افسوس ہوا کہ کیوں ختم ہوگئی - اگر مسدس کی بدولت فن شاعری کی تاریخ جدید قرار دی جاوے تو بالکل بجا ہے - کس صفائی اور خوبی اور روانی سے یہ نظم تحریر ہوئی ہے بیان سے باہر ہے، تعجب ہوتا ہے کہ ایسا واقعی‌مضمون جو مبالغہ، جھوٹ، تشبیہات دور ازکار سے جو مایۂ ناز شعرا و شاعری ہے بالکل مبرا ہے - کیونکر ایسی خوبی و خوش بیانی اور مؤثر طریقے پر ادا ہوا ہے - متعدد بند اس میں ایسے ہیں جو بے چشم نم پڑھے نہیں جا سکتے - حق ہے جو دل سے نکلتی ہے دل میں بیٹھتی ہے - نثر بھی نہایت عمدہ اور نئے ڈھنگ کی ہے - پرانی شاعری کا خاکہ نہایت لطف سے اُڑایا ہے یا ادا کیا ہے - میری نسبت جو اشارہ اس نثر میں ہے اس کا شکر کرتا ہوں - اور آپ کی محبت کا اثر سمجھتا ہوں - اگر پرانی شاعری کی کچھ بو

اُس میں پائی جاتی ہے تو صرف انہی الفاظ میں ہے جن میں
میری طرف اشارہ ہے، بے شک میں اس کا محرک ہوا اور اُس
کو میں اپنے اُن اعمال حسنہ میں سے سمجھتا ہوں کہ جب
خدا پوچھے گا کہ تو کیا لایا، میں کہوں گا کہ 'حالی' سے مسدس
لکھوا لایا ہوں اور کچھ نہیں - خدا آپ کو جزائے خیر دے
اور قوم کو اس سے فائدہ بخشے - مسجدوں کے اماموں کو چاہئیے
کہ نمازوں میں اور خطبوں میں اسی کے بند پڑھا کریں - آپ
نے یہ نہیں ارقام فرمایا کہ کس قدر کتابیں چھپی ہیں اور
کیا لاگت لگی ہے اور فی کتاب کیا قیمت مقرر کی ہے - نہایت
جلد آپ ان جملہ امور سے مجھے مطلع فرمائیے - یہ بھی لکھئے
کہ بعد تقسیم یا فروخت کس قدر کتابیں اب موجود ہیں —

آپ کے اس خیال کا کہ حق تصنیف مدرسۃالعلوم کو
دیا جاوے اور رجسٹری کرادی جاوے میں دل سے شکر
کرتا ہوں مگر میں نہیں چاہتا کہ اس مسدس کو جو قوم کے
حال کا آئینہ اور یا ان کے ماتم کا مرثیہ ہے، کسی قید سے
مقید کیا جاوے - جس قدر چھپے اور جس قدر مشہور ہو
اور لڑکے ڈنڈوں پر گاتے پھریں اور رنڈیاں مجلسوں میں
طبلہ سارنگی پر گاویں؛ قوال درگاہوں میں گاویں، حال
لانے والے اس سچے حال پر حال لاویں، اُسی قدر مجھکو زیادہ
خوشی ہوگی - میرا دل تو چاہتا ہے کہ دہلی میں ایک مجلس
کروں، جس میں تمام اشراف ہوں اور رنڈیاں نچواؤں مگر وہ
رنڈیاں بھی مسدس گاتی ہوں - میں اس کل مسدس کو
تہذیب الاخلاق میں چھاپوں گا - میرے اُن استفسار کا جواب

جن پر نشان درج کردیا ھے بہت جلد مرحمت ہو - والسلام

خاکسار آپ کا اِحسان مند تابعدار

سید احمد

شملہ ، پارک ھوتل ، ۱۰ جون سنہ ۱۸۷۹ ع

## (۱) نامہ غالب

( میر مہدی ' مجروح ' مرزا ' غالب ' کے بہت عزیز شاگرد تھے - دھلی کے رھنے والے تھے - اُن کا کلام بہت صاف پاک ھے - یہاں مرزا صاحب اور میر مجروح دونوں کی خط و کتابت لکھی جاتی ھے - یہ خط بہت دلچسپ ھیں )

بھائی کیا پوچھتے ہو کیا لکھوں ، دلی کی ھستی منحصر کئی ھنگاموں پر ھے - قلعہ چاندنی چوک ، ھر روز مجمع بازار مسجد جامع کا ، ھر ھفتے سیر جمنا کے پل کی ، ھر سال میلہ پھول والوں کا ، یہ پانچوں باتیں اب نہیں - پھر کہو دلی کہاں ، ھاں کوئی شہر قلمرو ھند میں اس نام کا تھا - نواب گورنر جنرل بہادر ۱۵ دسمبر کو یہاں داخل ھوں گے - دیکھئے کہاں اُترتے ھیں اور کیونکر دربار کرتے ھیں - اگلے کے دربار میں سات سات جاگیر دار تھے کہ اُن کا الگ دربار ہوتا تھا - جھجر ، بہادر گڈہ ، بلب گڈہ ، فرخ نگر ، دوجانہ ، پاٹودی ، لوھار - چار معدوم محض ھیں ، جو باقی رھے اُس میں سے

دوجانہ و لوہارو تخت حکومت ہانسی ' حصار پاتودی حاضر ۔ اگر ہانسی حصار کے صاحب کمشنر بہادر ان دونوں کو یہاں لے آئیں تو تین رئیس ورنہ ایک رئیس ۔ دربار عام والے ' مہاجن لوگ ' سب موجود ۔ اہل اسلام میں سے صرف تین آدمی باقی ہیں ۔ میرٹھ میں مصطفی خاں ' سلطان جی میں مولوی صدرالدین خاں ' بلی ماروں میں سگ دنیا موسوم بہ اسد ۔ تینوں مردود و مطرود و محروم و مغموم ۔ شعر :

توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو پھر ہم کو کیا
آسماں سے بادۂ گلفام گو برسا کرے

تم آتے ہو چلے آؤ ' جاں نثار خاں کے چھتے کی سڑک خان چند کے کوچے کی سڑک دیکھ جاؤ ۔ بلاقی بیگم کے کوچے کا ڈھینا ' جامع مسجد کے گرد ستر ستر گز گول میدان نکلنا سن جاؤ ۔ ' غالب ' افسردہ دل کو دیکھ جاؤ چلے جاؤ ۔ مجتہد العصر میر سرفراز حسین کو دعا ' حکیم الملک میر اشرف علی کو دعا ' قطب الملک میر نصیرالدین کو دعا یوسف ہند میر افضل علی کو دعا ۔

غالب

## (۲) جواب مجروح

قبلہ و کعبہ ! آداب بجا لاتا ہوں اور عرض کرتا ہوں ۔ حضرت اتوار نہیں ہوتا نہ ہو ' پھول والوں کی سیر موقوف ہو گئی ' بلا سے ' گدڑی نہیں جمتی ' چاندنی چوک کی وہ

گرمی بازار نہ رہی نہ سہی - الله تعالی آپ کو سلامت رکھے ' دلی کی ہستی تو آپ کی ذات پر منحصر ہے - جب آپ کو دیکھ لیا سب کو دیکھ لیا - اگر غم ہے تو اس کا ہے اور گردش روزگار سے شکوہ ہے تو یہ ہے کہ آپ کی قدمبوسی سے محروم رکھا اور ملاقات ہر روزہ سے مایوس کیا - نہ کسی کی صحبت خوش آئے نہ کسی سے بات کرنے کو جی چاہے - ہر روز وہی ہنگامے پیش نظر رہتے ہیں اور وہی یاران جلسہ آنکھوں میں پھرتے ہیں - ادھر یوسف میرزا غل مچاتے ہیں - اُدھر سے یار عزیز چلے آتے ہیں ' کسی کونے میں اسد برج کوڑے ہیں ' کسی گوشے میں میاں موش خاموش بیٹھے ہیں - بڑھا کے پتر کچھ اُلجھ اُلجھ کے سبق پڑہ رہے ہیں - اِدھر اُدھر کے لوگ آئے ہوئے اطراف و جوانب کی خبر کہہ رہے ہیں - میر احمد حسین ' میکش ' شوخی و ثقاهت میں لبریز گفتگوے بین بین میں سر گرم ' کسی کے چھیڑنے کے لئے نئی نئی تمہیدیں اُٹھاتے ہیں ' کسی کو صاحب و قبلہ کہہ کے پاس بٹھاتے ہیں ' کیوں حضرت ! وہ بھی کیا زمانہ تھا اور کیا خوب بسر ہوتی تھی - ہر روز ہنسنے بولنے کا ہنگامہ گرم ' نہ کوئی اندیشہ نہ کوئی غم ' اب ان مزوں کا یہ بدلہ ہے کہ ہر ایک کی صورت دیکھنے کو ترستے ہیں اور ہر ایک کی جدائی میں بن آئی مرتے ہیں - نہ یہ امید کہ پھر ایک جگہہ مل بیٹھیں گے ' نہ یہ توقع کہ پھر ان صورتوں کو دیکھیں گے - اب سیر و تماشہ کی آرزو کسے ' اور وہ دل و دماغ کہاں - ایسا زمانے نے خاک میں نہیں ملا یا کہ پھر ہنسنے بولنے کی امید ہو —

تیرے بیخود جو ہیں سو کیا چیتیں
ایسے ڈوبے کہیں اُچھلتے ہیں

خدا شاہد ہے کہ پہروں اسی فکر میں پڑا رہتا ہوں کہ پھر
بھی وہ دن ہوگا کہ ایک جگہہ چار ہم صورت اکٹھے ہوں کہ
یہ چند روز حیات کے اگر بفراغت نہیں تو بغم ہی بسر ہوں
مگر کوئی صورت معلوم نہیں ہوتی اللہ مسبب الاسباب ہے اگر
کوئی سبب نکالے تو کیا عجب ہے - خیر حضرت یہ رونا تو
تمام عمر کا ہے اب عرض یہ ہے کہ نواب گورنر انے والے ہیں کچھہ
آپ کے مقدمہ کی سلسلہ جنبانی ہوئی پنشن ملنے کی صورت
نکلی یہ عقدہ لاینحل کبھی حل ہوگا یا میری خاطر کی
طرح منعقد رہے گا - میر اشرف علی اور میر نصرالدین اپنے اپنے
القابوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور تسلیم بصد تعظیم بجالاتے
ہیں - سوائے میرن صاحب کے انھوں نے اپنے خطاب سے بہت
آنکھہ بھوں چڑھائی اور کہا کہ جناب مرزا صاحب قبلہ بھی
انہیں پرانی تشابیہ مستعملہ کا استعمال رکھتے ہیں جس کی
سیکڑوں نے اپنے دوست آشناؤں کو نسبت دی ہے پھر میری
خصوصیت کیا ہے اور اس پر بھی نرا یوسف ہند اگر یوسف
زمانہ یا یوسف کشور لکھتے تو بھی مضائقہ نہ تھا - فقط
زیادہ حد ادب

فدوی سید مہدی مجروح از دھلی

# ( ۳ ) نامۂ غالب

میر مہدی ! جیتے رہو آفریں صدہزار آفریں ! اردو عبارت لکھنے کا کیا اچھا ڈھنگ پیدا کیا ہے کہ مجھکو رشک آنے لگا سنو ! دلی کے تمام مال ومتاع و زر و گوہر کی لوٹ پنجاب احاطے میں گئی - یہ طرز عبارت خاص میری دولت تھی ' سو ایک ظالم پانی پت انصاریوں کے محلے کا رہنے والا لوٹ لے گیا ' میں نے اس کو بحل کیا ' اللہ برکت دے - میری پنشن اور ولایت کے انعام کا حال کہا حتہ سمجھہ لو ' " والرحمان الطاف خفیہ" - ایک طرز خاص پر تحریک ہوئی ، سر رشتے کی پابندی ضرور ہے ' نواب گورنر جنرل بہادر نے حاکم پنجاب کو لکھا کہ حاکم دھلی سے فلاں شخص کی پنشن کے کل چڑھے ہوے روپے ایک مشت پانے کی اور آیندہ ماہ روپیہ ملنے کی رپورٹ منگوا کر ' اپنی منظوری لکھہ کر ' ہمارے پاس بھیج دو تاکہ ہم حکم منظوری دے کر تمہارے پاس بھیج دیں - یہاں اس کی تعمیل فوراً بہ طرز مناسب ہوگئی ' کم وبیش دو مہینے میں روپیہ سب مل جاے گا - اور ہاں صاحب کمشنر بہادر نے یہ بھی کہا کہ اگر تم کو ضرورت ہوتو سو روپے خزانے سے منگوالو ' میں نے کہا صاحب ! یہ کیسی بات کہ اوروں کو برس برس دن کا روپیہ ملا اور مجھے سو روپیہ دلواتے ہو - فرمایا کہ تم نواب چند روز میں سب روپیہ اور اجرا کا حکم مل جاے گا اوروں کو یہ بات شاید برسوں میں میسر آے گی - میں چپ ہورہا - آج دوشنبہ یکم شعبان اور ہفتم مارچ ہے

دو پہر ھو جاے تو اپنا آدمی معہ رسید بھیج کر سو روپیہ منگاؤں - پر یارو ولایت کے انعام کی توقع خدا ھی سے ھے ' حکم تو اسی حکم کے ساتھہ اس کی رپورٹ بھي آیا ھے مگر یہ بھی حکم ھے کہ اپنی راے لکھو ، اب دیکھئے یہ دو حاکم یعنی حاکم دھلی اور حاکم پنجاب اپنی راے کیا لکھتے ھیں - حاکم پنجاب کو گورنر بہادر کا یہ بھی حکم ھے کہ دستنبو منگا کر اور تم دیکھکر ھم کو لکھو کہ وہ کیسی ھے اور اس میں کیا لکھا ھے - چنانچہ حاکم دھلی نے ایک کتاب مجھہ سے بھی کہکر مانگی اور میں نے دیدی ، اب دیکھوں حاکم پنجاب کیا لکھتا ھے ' اس وقت تمھارا ایک خط اور یوسف میرزا کا ایک خط آیا - مجھکو جو باتیں کرنے کا مزا ملا تو دونوں کا جواب ابھی لکھہ کر روانہ کیا ، اب میں روٹی کھانے جاتا ھوں - میرن صاحب ' میر سر فراز حسین ' نصیرالدین کو دعا -

' غالب '

## (۴) جواب مجروح

قبلہ وکعبہ! آداب بجا لاتا ھوں - بھلا حضرت آپ یہ کیا فرماتے ھیں ' آپ کے طرز پر لکھہ سکوں ' توبہ استغفر اللہ —

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

مہر عالم افروز کے سامنے ذرۂ نا چیز کی کیا نمود ' اور بحر بیکراں کے روبرو قطرۂ تنک ظرف کا کیا وجود - یہ دعوی

میاں ' ظہوری ' کریں ' بہ اندیشہ نظیری کو آوے ' میں بیچارہ کس حساب میں ہوں ' اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات منبع کمالات کو اس فن میں یکتا پیدا کیا ہے - ہاں اگر دو چار برس قدموں میں پڑا رہوں اور فضل و کمال کی طرح دروازے پر حاضر رہوں تو البتہ کچھہ راہ پر آجاؤں ' سویہ چرخ تفرقہ پرداز کب کسی کو اپنی مراد پر پہنچاتا ہے اور کب چاہتا ہے کہ دو آدمی حسب دلخواہ ایک جگھہ مل بیٹھیں - کچھہ اِن دنوں میں آپ ہی آپ جی گھبراتا ہے اور شوق قدمبوسی یہ ولولہ افگن ہے کہ چل اور خاک قدم کو صندل پیشانی کر ' اگر حضرت یہی صورت ہے تو دو چار دن میں حاضر ہوتا ہوں اور اختصاص قدمبوسی پاتا ہوں - زیادہ حد ادب -

میری مہدی

## (٥) نامۂ غالب

جان غالب ' - تمہارا خط پہنچا - غزل اصلاح کے بعد پہنچتی ہے -

ہر ایک سے پوچھتا ہوں وہ کہاں ہے

مصرع بدل دینے سے یہ شعر کس رتبے کا ہو گیا ہے -

اے میر مہدی تجھے یہ کہتے شرم نہیں آتی :—

میاں یہ اہل دہلی کی زبان ہے

اہل دہلی یا ہندو ہیں' یا اہل حرفہ ہیں ' یا خاکی ہیں'

یا پنجابی ھیں ' یا گورے ھیں - ان میں سے تو کس کی تعریف کرتا ھے - لکھنؤ کی آبادی میں کچھہ فرق نہیں آیا ' ریاست تو جاتی رھی باقی ھر فن کے کامل لوگ موجود ھیں - سنو خس کی ٹٹی پر ھوا اب کہاں ' وہ لطف تو اُسی مکان میں تھا - اب میری خیراتی کی حویلی میں وہ جہت اور سمت بدلی ھوی ھے - بہرحال می گزرد - مصیبت عظیم یہ ھے کہ قاری کا کنواں بند ھوگیا - لال ڈگي کے کنوئیں یکقلم کھاری ھو گئے' خیر کھاری ھي پانی پیتے ' گرم پانی نکلتا ھے - پرسوں میں سوار ھوکر کنووں کا حال دریافت کرنے گیا تھا ' مسجد جامع ھوتا ھوا راج گھات دروازے تک بے مبالغہ ایک صحرا لق و دق ھے - اینٹوں کے ڈھیر جو پڑے ھیں ' وہ اگر اٹھہ جائیں تو ھو کا مکان ھوجاے - یاد کرو مرزا گوھر کے باغچے کے اس جانب کو کئی بانس نشیب تھ ' اب وہ باغچے کے صحن کے برابر ھو گیا ' یہاں تک کہ راجہ گھات دروازہ بند ھو گیا ' فصیل کے کنگورے کُھلے رھے ھیں ' باقی سب اَٹ گیا - کشمیری دروازے کا حال تم دیکھہ گئے ھو ' اب کلکتہ دروازہ سے کابلی دروازے تک ایک میدان ھو گیا - پنجابی کٹرہ ' دھوبی واڑہ ' رامجی داس گنج ' سعادت‌خاں کا کٹرہ' جرنیل کی بی بی کی حویلی' رامجی داس گودام والے کے مکانات' صاحبرام کا باغ ' حویلی' اِن میں سے کسی کا پتہ نہیں ملتا - قصہ مختصر شہر صحرا ھو گیا تھا - اب جو کُنویں جاتے رھے اور پانی گوھر نایاب ھوگیا تو یہ صحرا صحراے کربلا ھو جاےگا - اللہ اللہ دھلی نہ رھی اور دلی والے اب تک یہاں کی زبان کو اچھا کھےجاتے ھیں' واہ رے حسن اعتقاد

ارے بندۂ خدا! اُردو بازار نہ رہا اُردو کہاں۔دلی واللہ اب شہر نہیں کمپ ہے 'چھاؤنی ہے 'نہ قلعہ ' نہ شہر نہ بازار 'نہ نہر' رہے نام اللہ کا – الور کا حال کچھ اور ہے ' مجھے اور انقلاب سے کیا کام 'الگزنڈرھیڈرلی کا کوئی خط نہیں آیا 'ظاھرا اُن کی مصاحبت نہیں ورنہ مجھ کو ضرور خط لکھتا رھتا - میر سر فراز حسین اور میر نصیرالدین اور میرن صاحب کو دعا —

## (۶) جواب مجروح

قبلہ و کعبہ ! آداب بجا لاتا ھوں - بھلا حضرت مجھے کیوں شرم آئے 'اگر شرم آئے تورجب علی 'سرور 'کو آئے جس نے وہ لات وگزات کیا ہے کہ جیسا لکھنؤ ہے ویسا کوئی شہر ھی نہیں ' ان سے کہا چاھئے کہ ارے مرد خدا خدا سے ڈر' لکھنو کس بادشاہ کا دارالخلافہ رہا ہے ' کونسی تاریخ میں وھاں کے لوگوں کی خوش بیانی کا حال لکھا ھوا ہے ' ماھیت تو اس کی یہ ھی ہے نا کہ مضافات صوبۂ اودہ میں کا ایک شہر ہے ' یہ دلی سے کیونکر مقابلہ کریگا کہ اگر پانسو برس کی تصنیفات دیکھو گے اس میں سے یہی لکھا پاؤ گے :—

حضرت دھلی کنف عدل داد

جنت عدن ست کہ آباد و باد

اُس پر یہ غرہ کہ جو یہاں کی زبان ہے وہ کہیں کی نہیں ' باوجودیکہ تفاخرآیہ شہر ' ناسخ ' نے لکھا ہے :—

سن چکے هیں خوب اردوے معلیٰ کی زبان
سالہا صحبت رهی هے هم کو ' ناسخ ' ' میر ' سے

اور یه بات ظاهر هے که 'میر' دلی کے تھے مگر افسوس که اُن کے پیرو اس بات پر خیال نہیں کرتے - اے حضرت میں آپ سے یه پوچھتا هوں که آپ کو وهاں کی کونسی ایسی بات پسند آئی که ایسی طرفداری فرمائی - قطع نظر زبان سے' تراش وخراش لباس بھی وهاں کی نرالی هے - واہ‌ری دلی تیرے قربان ! کیا حد اوسط پر سب کا عمل تھا که سب چیز افراط وتفریط سے مائل بحد وسط تھی - کیوں هو "خیرالامور اوسطها" پر سب کا عمل تھا - بھلا حضرت یه کیا آپ فرماتے هیں که وهاں سب طرح کے اهل کمال موجود هیں بھلا دلی سے بھی زیادہ کہیں اهل کمال هوں گے - میاں امیر کے برابر لکھنؤ میں کونسا خوشنویس تھا - حضرت غالب کی سی نظم و نثر کس کی - امام الدین خان سا حکیم ' مولانا صدرالدین خان سا عالم ' محمد اعظم سا مصور ' بدرالدین خاں سا مہر کند کہاں هے - دستنبو کی طرح نواب گورنر بہادر نے کس کی تصنیف طلب کی - بدرالدین خاں کے مانند ملکۂ معظمه کی مہر کُھد نے لکھنؤ میں کون سے مہر کند کے پاس آئي - خانم کے بازار کے وہ کاریگر جنھوں نے انگریزي اسباب بدل ڈالا اور نه کسی کو معلوم هوا یه لوگ کہاں - گو دلی اب اُجڑگئی اور سارا شہر برباد هوگیا ؛ مگر اس شہر سے جس کی تعریف میں پہلے هی میر حسن صاحب مثنوی یه فرما گئے هیں بہتر هی هے —

زبس یه شہر هے بیہڑ په بستا
کہیں اونچا کہیں نیچا هے رستا

کسی کا آسماں پر گھر ہوا میں
کسی کا جھوپڑا تحت الثریٰ میں
سیاہ گل سے گلی یوں تر رہے ہے
بغل جس طرح حبشی کی بہے ہے

اگر دلی کی شہریت اور خوش قطعی کی تعریف کروں تو ایک کتاب بن جائے ' خط سمجھ کر موقوف کیا —

میر مہدی ' مجروح '

## (۷) نامۂ مجروح

قبلہ و کعبہ سلامت -

بعد گزارش آداب عرض رسا ہوں - حضرت نیام بے شمشیر ' کمان بے تیر ' چشم بے تنویر ' نغمۂ بے تحریر ' قالب بے جان ' یعنی آپ کا بے خط کا عنوان پہنچا - جس قدر لفافۂ سر بستہ دیکھ کر دل کھلا تھا اتنا ہی کھول کر دل بند ہوا - اِدھر ٹٹولا اُدھر ٹٹولا کچھ نہیں - خط اصلا کو الٹا پلٹا شاید کہیں ایک دو سطریں لکھی ہوں وہ بھی ندارد - یا الٰہ یہ کیسا خط کہ خط ہے اور خط نہیں - معلوم ہوا کہ یہ ظاہری لفافہ ہے اندر کچھ نہیں ' یہ صورت حامل معنی نہیں - میرن صاحب کہتے ہیں جناب میرزا صاحب کا خط دکھاؤ - میر اشرف علی کہتے ہیں مطلب سناؤ - جن کو اردو کا شوق ہے اِن سے کہتا ہوں فارسی خط ہے کیا مزا اٹھاؤ گے '

جو فارسی کے خواہاں ہیں اُن سے کہتا ہوں اُردو ہے ' دیکھ کے کیا نفع پاؤ گے - واہ واہ حضرت خوب ہنسی کی ' اب یہ فرمائیے کہ آپ نے واقعی میں خط نہیں لکھا یا لفافے میں رکھنا فراموش کیا ؟ شق اول آپ کے الطاف بزرگانہ سے بعید ہے کہ اتنی مدت کے بعد میرا عریضہ جائے اور ایسا شخص اُس کے جواب میں دریغ فرمائے - اور شق ثانی میں امید وار منتظر اور دو نوازش نامہ سمجھئے اور جلد ارسال کیجئے - زیادہ اور کیا سمع خراشی کروں —

فدوی میر مہدی ' مجروح '

## (٨) جواب غالب

برخوردار کامگار میر مہدی —

قطعہ تم نے دیکھا ' سچ سچ میرا حلیہ ہے - واہ اب کیا شاعری رہ گئی ' جس وقت وہاں بھیجنے کے واسطے لکھا ' ارادہ تھا کہ خط بھی لکھوں ' لڑکوں نے ستایا کہ دادا جان چلو کھانا تیار ہے ' ہمیں بھوک لگی ہے - تین خط اور لکھے ہوے رکھے تھے ' میں نے کہا اب خط کیوں لکھوں - اسی کاغذ کو لفافے میں رکھ کر ٹکٹ لگا سرنامہ لکھ کلیان کے حوالے کر گھر میں چلا گیا - اور ہاں ایک چھیڑ بھی تھی کہ دیکھوں میرا میرمہدی خفا ہوکر کیا باتیں بناتا ہے سو وہی ہوا - تم نے جلے پھپولے پھوڑے - لو اب بتاؤ خط لکھنے بیٹھا ہوں کیا لکھوں - یہاں کا حال زبانی

میرن صاحب کی سن لیا ہو گا - بے اصل باتیں ہیں ' پنشن کا مقدمہ کلکتے میں نواب گورنر جنرل بہادر کے پیش نظر ہے ' یہاں کے حاکم نے اگر ایک روبکاری لکھہ کر اپنے دفتر میں رکھہ چھوڑی ، میرا اُس میں کیا ضرر - یہاں تک لکھہ چکا تھا کہ دو ایک آدمی آگئے ' دن بھی تھوڑا رہ گیا ، میں نے بکس بند کیا' باہر تختوں پر آ بیٹھا ، شام ہوی چراغ روشن ہوا ' میر احمد حسین سرھانے کی طرف مونڈھے پر بیٹھے ہیں ' میں پلنگ پر لیٹا ہوں کہ ناگاہ چشم و چراغ دودمان علم و یقین سید نصیرالدین آ یا ' ایک کوڑا ہاتھہ میں اور ایک آدمی ساتھہ ؛ اُس کے سر پر ایک ٹوکرا ' اُس پر گھانس ہری بچھی ہوئی - میں نے کہا اہا ہا ہا سلطان العلما مولانا سر فراز حسین دھلوی نے دوبارہ ' رسد بھیجی ہے - بارے معلوم ہوا کہ وہ نہیں ہے یہ کچھہ اور ہے ' فیض خاص نہیں لطف عام ہے ' یعنی شراب نہیں آم ہے - خیر یہ عطیہ بھی بے خلل ہے ' بلکہ نعم البدل ہے - ایک ایک آم کو ایک ایک سر بمہر گلاس سمجھا لکرر سے بھرا ہوا ' مگر واہ کس حکمت سے بھرا ہے کہ پینستھہ گلاس میں سے ایک قطرہ نہیں گرا ہے - میاں کہتا تھا کہ یہ اسی تھے ' پندرہ بگڑ گئے ' بلکہ سڑ گئے - تا اُن کی برائی اوروں میں سرایت نہ کرے ' ٹوکرے میں سے پھینک دیے - میں نے کہا بھائی یہ کیا کم ہیں - مگر میں تمہاری تکلیف و تکلف سے خوش نہیں ہوا - تمہارے پاس روپیہ کہاں جو تم نے آم خریدے - خانہ آباد دولت زیادہ -

لکور کے معنی تم نہ سمجھے ہوگے ' ایک انگریزی شراب

ہوتی ہے ' قوام کی بہت لطیف اور رنگت کی بہت خوب اور طعم کی ایسی میٹھی جیسا قند کا قوام پتلا ' دیکھو اس لغت کے معنی کسی فرہنگ میں نہ پاؤ گے - ہاں فرہنگ سروری میں ہوں تو ہوں - مجتہدالعصر کو اور حکیم میر اشرف علی کو دعا کہہ دینا - میرن صاحب پوچھیں تو کہنا تمہیں کچھ نہیں لکھا -

' غالب '

## بنام مولوی منشی حبیب اللہ خاں

## ذ کا تخلص

رکھیو ( غالب ) مجھے اس تلخ نوائی میں معاف
آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

بندہ پرور !

پہلے تم کو یہ لکھا جاتا ہے کہ میرے دوست قدیم میر مکرم حسین صاحب کی خدمت میں میرا سلام کہنا اور یہ کہنا اب تک جیتا ہوں اور اس سے زیادہ میرا حال مجھ کو بھی معلوم نہیں - مرزا حاتم علی صاحب ' مہر ' کی جناب میں میرا سلام کہنا اور یہ میرا شعر میری زبان سے پڑھنا :-

شرط اسلام بود ورزش ایمان بالغیب
اے تو غائب ز نظر ' مہر تو ایمان من است

تمہارے پہلے خط کا جواب بھیج چکا تھا ' کہ اس کے دو دن

یا تین دن بعد دوسرا خط پہنچا - سنو صاحب ' جس شخص کو جس شغل کا ذوق ہو اور وہ اس میں بے تکلف عمر بسر کرے اس کا نام عیش ہے - تمھاری توجہ مفرط بطرف شعر و سخن- تمھاری شرافت نفس اور حسن طبع کی دلیل ہے اور بھائی یہ جو تمھاری سخن گستری ہے ' اُس کی شہرت میں میری بھی تو نام آوری ہے - میرا حال اس فن میں اب یہ ہے کہ شعر کہنے کی روش اور اگلے کہے ہوے اشعار سب بھول گیا - مگر ہاں اپنے ہندی کلام میں سے ڈیڑہ شعر یعنے ایک مقطع اور ایک مصرع یاد رہ گیا ہے ' سو گاہ گاہ جب دل الٹنے لگتا ہے تب دس پانچ بار یہ مقطع زبان پر آجاتا ; ہے

زندگی اپنی جب اس شکل سے گذری ' غالب
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

پھر جب سخت گھبراتا ہوں اور تنگ آتا ہوں تو یہ مصرع پڑہ کر چپ ہوجاتا ہوں ' ع

اے مرگ ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے

یہ کوئی نہ سمجھے کہ میں اپنی بے رونقی اور تباہی کے غم میں مرتا ہوں ' جو دکھ مجھ کو ہے اس کا بیان تو معلوم مگر اس بیاں کی طرف اشارہ کرتا ہوں - انگریز کی قوم میں سے جو ان روسیاہ کالوں کے ہاتھ قتل ہوے ' اس میں کوئی میرا امید گاہ تھا اور کوئی میرا شفیق اور کوئی میرا دوست اور کوئی میرا یار اور کوئی میرا شاگرد - ہندوستانیوں میں کچھ عزیز ' کچھ دوست ' کچھ شاگرد ' کچھ معشوق سو وہ سب کے سب خاک میں مل گئے ' ایک عزیز کا ماتم کتنا سخت

ہوتا ہے، جو اتنے عزیزوں کا ماتم ہو اس کو زیست کیوں کر نہ دشوار ہو - ہائے اتنے یار مرے کہ جو اب میں مروں گا تو میرا کوئی رونے والا بھی نہ ہوگا - "انا للہ وانا الیہ راجعون"—

## بنام مرزا حاتم علی صاحب مہر

بہت سہے غم گیتی شراب کم کیا ہے
غلام ساقی کوثر ہوں مجکو غم کیا ہے
سخن میں خامۂ غالب کی آتش افشانی
یقیں ہے ہمکو بھی لیکن اب اسمیں دم کیا ہے

علاقۂ محبت ازلی کو بوحق مان کر اور پیوند غلامی جناب مرتضیٰ علی کوسچ جان کر ایک بات اور کہتا ہوں کہ بینائی اگرچہ سب کو عزیز ہے مگر شنوائی بھی تو آخر ایک چیز ہے، مانا کہ روشنائی اُس کے اجارے میں آئی ہے یہ بھی دلیل آشنائی ہے، کیا فرض ہے کہ جب تک دید وا دید نہ ہولے اپنے کو بیگانہ یک دگر سمجھیں - البتہ ہم تم دوست دیرینہ ہیں اگر سمجھیں - سلام کے جواب میں خط بہت بڑا احسان ہے خدا کرے خط جس میں میں نے آپ کو سلام لکھا تھا آپ کی نظر سے گزر گیا ہو احیاناً اگر نہ دیکھا ہو تو اب مرزا تفتہ سے لیکر پڑھ لیجئے گا اور خط کے لکھنے کے احسان کو اس خط کے پڑھ لینے سے دوبالا کیجئے گا - ہائے مہجر جان جاکوب کیا جوان مارا گیا ہے - سچ اس کا یہ شیوہ تھا کہ اردو کے

فکر کو مانع آتا اردو فارسی زبان میں شعر کہنے کی رغبت دلواتا - یہ بھی انہیں میں ہے کہ جن کا میں ماتمی ہوں ہزار ہا دوست مر گئے ' کس کو یاد کروں اور کس سے فریاد کروں۔ جیوں تو کوئی غمخوار نہیں ' مروں تو کوئی عزادار نہیں غزلیں آپ کی دیکھیں - سبحان اللہ - چشم بد دور - اُردو کی زبان کے تو مالک ہو ' گویا اس زبان کے مالک ہو فارسی بھی خوبی میں کم نہیں مشق شرط ہے اگر کہے جاؤ گے لطف پاؤ گے میرا تو گویا بقول طالب آملی اب یہ حال ہے : --

اب از گفتن چنان بستم کہ گوئی

دہن بر چہرہ زخمے بود ، بہ شد

جب آپ نے بغیر خط کے بھیجے خط مجھ کو لکھا ہو تو کیوں کر مجھ کو اپنے خط کے جواب کی نہ تمنا ہو- پہلے تو اپنا حال لکھئے کہ میں نے سنا تھا آپ کہیں کے صدر امین ہیں ، پھر اکبر آباد میں کیوں خانہ نشین ہیں ' اس ہنگامے میں آپ کی صحبت حکام سے کیسی رہی - راجہ بلوان سنگھ کا بھی حال لکھنا ضرور ہے کہ کہاں ہیں اور وہ دو ہزار روپیہ مہینہ جو ان کو سرکار انگریزی سے ملتا تھا اب بھی ملتا ہے یا نہیں ہائے لکھنؤ کا کچھ نہیں کھلتا کہ اُس بہارستان پر کیا گزری ' اموال کیا ہوے ' اشخاص کہاں گئے' خاندان شجاع الدولہ کے زن مرد کا انجام کیا ہوا ' قبلہ و کعبہ حضرت مجتہد العصر کی سرگذشت کیا ہے' گمان کرتا ہوں کہ بہ نسبت میرے تم کو کچھ زیادہ آگہی ہو گی ، امیدوار ہوں کہ جو آپ پر معلوم ہے وہ مجھ پر مجہول نہ رہے ' پتہ مسکن مبارک کا کشمیری بازار سے

زیادہ نہیں معلوم ' ظاہرا اسی قدر کافی ہوگا ورنہ آپ زیادہ لکھتے - مرزا تفتہ کو دعا کہئیے گا اور ان کے اس خط کے پہنچنے کی اطلاع دیجئیے گا ' جس میں آپ کے خط کی انھوں نے نوید لکھی تھی ' والسلام —

## مولانا حالی کا خط

(مولوی عبدالحق صاحب بی اے آنریری سکریٹری
انجمن ترقی اردو کے نام)

مکرمی و شفیقی ! سلمہم اللہ تعالیٰ —

اپ کا کارڈ اور خط دونوں پہنچے 'خدا کا شکر ہے کہ کانپور سے کتابیں پہنچ گئیں ' امید ہے کہ کلکتے سے درجۂ اول کی کتابیں بھی عنقریب پہنچیں گی ' جس وقت وہاں سے کتابیں آجائیں ایک کارڈ اطلاعی از راہ عنایت بھیج دیجئیے گا —

امید ہے کہ آپ کی طبیعت اب اعتدال پر آگئی ہوگی ' مگر قولنج کا مرض جو دور از حال آپ کو لاحق ہوا تھا ' یہ ایک ایسا مرض ہے کہ اس سے فاقہ ہونے کے بعد بھی غافل نہ رہنا چاہئیے اور ایسی تدابیر کرنی چاہئیں اور کھانے پینے میں ایسی احتیاط کرنی چاہئیے کہ اس کی بیخ کنی ہوجائے اور پھر اس کا دورہ نہ پڑے ' غالباً میرن صاحب حیدر آباد سے روانہ ہوگئے ہوں گے ' ان کو مولوی سید علی حسن صاحب کے چلے آنے سے سخت صدمہ پہنچا ہے اور ظاہرا حیدر آباد میں یہ ان کا آخری

پھیرا تھا........آپ مہربانی کرکے ایک ایک جلد درجۂ دویم کی مولانا شبلی اور مولوی عزیز مرزا صاحب کی نذر کردیجئے گا، نواب عمادالملک بہادر کو علحیدہ کتاب دینے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی، کیوں کہ سرشتۂ تعلیمات میں جس قدر کتابیں جائیں گی وہ سب ان کے قبضے میں ہیں —

شاید آپ کو معلوم نہ ہو، اس کتاب کی تیاری میں اس قدر روپیہ صرف ہوگیا ہے کہ اگر کل کتاب فروخت ہوجائیں تو بھی امید نہیں کہ اصل لاگت وصول ہو، مگر میں خوش ہوں کہ ایک بہت بڑے فرض سے جو تمام قوم کے ذمے تھا، کسی قدر سبکدوشی ہوگئی ہے، میرا ارادہ تھا کہ مولوی سید علی حسن صاحب کی معرفت نواب مدارالمہام بہادر کی خدمت میں ایک نسخہ بطریق نذر پیش کیا جاتا اور یہ درخواست کی جاتی کہ اس کی کچھ زائد جلدیں معمولی تعداد کے علاوہ سرکار عالی میں خرید کی جائیں سو وہ موقع تو اب ہاتھ سے جاتا رہا......

.................. میں ہرگز یہ خیال نہیں کرتا کہ میں نے اس عجیب و غریب شخص کی بائیو گرافی لکھنے کا پورا پورا حق ادا کردیا ہے، بلکہ مجھے اپنی کمزوریاں اور لغزشیں بخوبی معلوم ہیں اور میں علی الاعلان اقرار کرتا ہوں کہ مجھ سے اس بائیو گرافی کا حق ادا نہیں ہوسکا، لیکن میں نے اپنی طرف سے کوشش کرنے میں کمی نہیں کی اور چھ برس تک اس کام کے سوا دوسری طرف متوجہ نہیں ہوا - کسی متنفس نے قلم سے یا درم سے براہ راست اس کام میں مجھے

مدد نہیں دی ( الاماشاءاللہ ) پس اگر چہ یہ کام فی نفسہ کچھہ قدر کے لائق نہ ھو مگر اس لحاظ سے کہ میں نے اُس کے سر انجام کرنے میں اپنی پوری طاقت صرف کی ھے ضرور توجہ کے لائق ھے —

اگر ہریاں کند بہرام گورے
نہ چوں پائے ملخ باشد ز مورے

میں اس موقع پر آپ کو ایک واقعہ سناتا ھوں ' جب میں نے مسدس مد و جزر اسلام کا پہلا ایڈیشن نکالا ' اور اس کی ایک جلد سر سید مرحوم کے پاس بھیجی تو بغیر اس کے کہ میں نے اس مرحوم سے کوئی درخواست کی ھو فوراً مجھہ سے پوچھا کہ آپ نے اس کی کتنی جلدیں چھپوائی ھیں - میں نے جواب لکھہ بھیجا ' انھوں نے اُسی وقت ایک فہرست اپنے احباب کی مجھے لکھہ کر بھیجی کہ اتنی جلدیں فلاں دوست اور اتنی فلاں کو ' اتنی وھاں اور اتنی وھاں بھیجدو اور اپنے دوستوں کو لکھہ بھیجا کہ کتابیں پہنچتے ھی قیمت مصنف کے پاس بھیجدیجئے ' چنانچہ مہینہ ڈیڑہ مہینے میں جس قدر جلدیں چھپوائی تھیں سب فروخت ھوگئیں اور دوسرا ایڈیشن چھپوانے کی ضرورت ھوئی - افسوس ھے کہ یہ خیالات وہ شخص اپنے ساتھہ لے گیا اب ان کے بڑے بڑے ذی مقدور دوست اس بات کے متوقع ھیں کہ ان کی جناب میں کتابیں مفت نذر کی جائیں ' بعضے قیمت بہت گراں بتاتے ھیں اور یہ تو کسی سے بھی امید نہیں کہ مصنف کی محنت کی کچھہ داد دی جائے یا کچھہ قدر کی جائے —

سوختیم و سوزش ما بر کسے ظاہر نشد
چون چراغان مہتاب بے جا سوختیم

خاکسار الطاف حسین ، حالی

# مولانا شبلی کا خط

ایم مہدی حسین صاحب کے نام

پایہ فزائے من !

مدت ہوئی البشیر میں قاموس الاسلام کے عنوان سے ایک مضمون دیکھا ، نیچے مہدی حسن کے دستخط تھے ، حیرت ہوئی کہ یہ وہی مرزا پوری دوست ہیں ، یا نزیر احمد و آزاد کی دو روحوں نے ایک قالب اختیار کیا ہے ، کئی دن تک دیکھتا اور احباب کو دکھلاتا رہا —

دو تین ہفتے ہوے ، وہی برق ایک اور اُفق پر چمکی ، اس سے زیادہ ہوش ربا اور خیرہ کن تھی ، مصمم ارادہ ہوا کہ اب کی ضرور مبارکباد لکھوں ، لیکن حیدر آباد کی مصائب آمیز زندگی کسی دلی جوش کے اظہار کا موقع کہاں دیتی ہے ، غرض وہ چوٹ زخم کا چور بن کر دل میں رہ گئی ، آج آپ کا بھیجا ہوا البشیر پہنچا اور وہ چوٹ اُبھر آئی ، زیادہ کیا کہوں ، خدا آپ کو ، آپ کے دست و قلم کو ، آپ کی صنعتگری طبع کو قائم رکھے ، بخدا مجھ کو خوشی سے زیادہ آپ پر رشک ہوتا ہے ، کبھی کبھی خط بھی لکھا کیجئے —

میں الغزالی لکھہ چکا ' اور مطبع میں جاچکی ' علم الکلام
کی تاریخ بھی ختم ہوچکی ' اب جدید علم کلام پر لکھہ رہا
ہوں ' یہ دونوں حصے ساتھہ چھپیں گے ' اگر یہاں اطمینان سے
رہنا پیش آتا تو بڑے بڑے کام انجام پاتے ' لیکن ہر وقت
رکاب میں پاؤں ہے ' جو گھوڑی تلتی جاتی ہے ' اسی پر حیرت
ہے - مولوی سید علی صاحب پرسوں میرے پاس تشریف لائے
تھے ' ۲۲ مارچ کو ولایت جاتے ہیں — ع

دوستاں رفتند و من ہم میروم

شبلی

حیدر آباد ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۰۱ ع

# انتخاب از مسدس ، حالی ،

## ( اهل یورپ کی همدردی )

سمجھتے هیں گمراہ جن کو مسلماں  نہیں جن کو عقبیٰ میں امید غفراں
نہ حصے میں فردوس جن کے نہ رضواں  نہ تقدیر میں حور جن کے نہ غلماں
پس از مرگ دوزخ ٹھکانا ھے جن کا
حمیم آب و زقوم کھانا ھے جن کا

وہ ملک اور ملت پہ اپنی فدا ھیں  سب آپس میں اک اک کے حاجت روا ھیں
اولوالعلم ھیں اُن میں یا اغنیا ھیں  طلبگار بہبود خلق خدا ھیں
یہ تمغا تھا گویا کہ حصہ انہیں کا
کہ حب الوطن ھے نشاں مومنیں کا

امیروں کی دولت ، غریبوں کی ھمت  ادیبوں کی انشا ، حکیموں کی حکمت
نصیحوں کے خطبے ، شجاعوں کی جرأت  سپاھی کے ھتیار ، شاھوں کی طاقت
دلوں کی امیدیں ، اُمنگوں کی خوشیاں
سب اهل وطن اور وطن پر ھیں قرباں

عروج اُن کا جو تم عیاں دیکھتے ھو  جہاں میں اُنہیں کامراں دیکھتے ھو
مطیع اُن کا سارا جہان دیکھتے ھو  اُنہیں بر تر از آسماں دیکھتے ھو
یہ ثمرے ھیں اُن کی جوانمردیوں کے
نتیجے ھیں آپس کی ھمدردیوں کے

## (تعصب)

تعصب کہ ہے دشمن نوع انساں بھرے گھر کئے سیکڑوں جس نے ویراں
ہوئی بزم نمرود جس سے پریشاں کیا جس نے فرعون کو نذر طوفاں
گھا جوش میں بولہب جس کے کھویا
ابو جہل کا جس نے بیڑا ڈبویا

وہ یہاں اک عجب بھیس میں جلوہ گر ہے چھپا جس کے پردے میں اُس کا ضرر ہے
بھرا زہر جس جام میں سر بسر ہے وہ آب بقا ہم کو آتا نظر ہے
تعصب کو اک جزو دیں سمجھے ہیں ہم
جہنم کو خلد بریں سمجھے ہیں ہم

ہمیں واعظوں نے یہ تعلیم دی ہے کہ جو کام دینی ہے یا دنیوی ہے
مخالف کی ریس اُس میں کرنی بری ہے نشاں غیرت دین حق کا یہی ہے
نہ ٹھیک اُس کی ہرگز کوئی بات سمجھو
وہ دن کو کہے دن تو تم رات سمجھو

قدم گر رہ راست پر اُس کا پاؤ تو تم سیدھے رستے سے کترا کے جاؤ
پڑیں اُس میں جو دقتیں وہ اُٹھاؤ لگیں جس قدر ٹھوکریں اُس میں کھاؤ
جو نکلے جہاز اُس کا بچکر بھنور سے
تو تم ڈال دو ناؤ اندر بھنور کے

اگر مسخ ہوجائے صورت تمہاری بہائم میں مل جائے سیرت تمہاری
بدل جائے بالکل طبیعت تمہاری سراسر بگڑ جائے حالت تمہاری
تو سمجھو کہ ہے حق کی اک شان یہ بھی
ہے اک جلوۂ نور ایمان یہ بھی

نہ اوضاع میں تم سے نسبت کسی کو نہ اخلاق میں تم پہ سبقت کسی کو

نہ حاصل یہ کھانوں میں لذت کسیکو نہ پیدا یہ پوشش یہ زینت کسیکو
تمھیں فضل ہر علم میں بر ملا ہے
تمھاری جہالت میں بھی اک ادا ہے
کوئی چیز سمجھو نہ اپنی بری تم رہو بات کو اپنی کرتے بڑی تم
حمایت میں ہو جب کہ اسلام کی تم تو ہو ہر بدی اور گنہ سے بری تم
بدی سے نہیں مؤمنوں کو مضرت
تمھارے گنہ اور نہ اوروں کی طاعت
مخالف کا اپنے اگر نام لیجیے تو ذکر اس کا ذلت سے خواری سے کیجیے
بھی بھول کر طرح اس میں نہ دیجیے قیامت کو دیکھو گے اس کے نتیجے
گناہوں سے ہوتے ہو گویا مبرا
مخالف پہ کرتے ہو جب تم تبرا
نہ سنی میں اور جعفری میں ہو الفت نہ نعمانی اور شافعی میں ہو ملت
وہابی سے صوفی کی کم ہو نہ نفرت مقلد کرے نا مقلد پہ لعنت
رہے اہل قبلہ میں جنگ ایسی باہم
کہ دین خدا پر ہنسے سارا عالم
کرے کوئی اصلاح کا گر ارادہ تو شیطان سے اس کو سمجھو زیادہ
جسے ایسے مفسد سے ہے استفادہ رہ حق سے ہے بر طرف اس کا جادہ
شریعت کو کرتے ہیں برباد دونوں
ہیں مردود شاگرد و استاد دونوں

( شرفا کی اولاد )

شریفوں کی اولاد بے تربیت ہے تباہ ان کی حالت بری ان کی گت ہے
کسی کو کہو تو اڑانے کی لت ہے کسی کو بٹیریں لڑانے کی دھت ہے
چرس اور گانجے پہ شیدا ہے کوئی
مدک اور چنڈو کا رسیا ہے کوئی

سدا گرم انفار سے ان کی صحبت  ہر اک رند و اوباش سے اُن کی ملت
پڑھے لکھوں کے سائے سے اُن کو وحشت  مدارس سے ' تعلیم سے اُن کو نفرت
کھنڈوں کے جرگے میں عمریں گنوانی
اُنہیں گالیاں دینی اور آپ کھانی

نہ علمی مدارس میں ہیں اُن کو پاتے  نہ شایستہ جلسوں میں ہیں آتے جاتے
یہ میلوں کی رونق ہیں جاکر بڑھاتے  پڑے پھرتے ہیں دیکھتے اور دکھاتے
کتاب اور معلم سے پھرتے ہیں بھاگے
مگر ناچ گانے میں ہیں سب سے آگے

اگر دیکھیے اُن پاک شہدوں کی گنتی  ہوا جن کے پہلو سے بچ کر ہے چلتی
ملی خاک میں جن سے عزت بڑوں کی  مٹی خاندانوں کی جن سے بزرگی
تو یہ جس قدر خانہ بربادہوں گے
وہ سب ان شریفوں کی اولاد ہوں گے

ہوئی اُنکی بچپن میں یوں پاسبانی  کہ قیدی کی جیسے کٹے زندگانی
لگی ہونے جب کچھ سمجھ بوجھ سیانی  چڑھی بھوت کی طرح سرپر جوانی
بس اب گھر میں دشوار تھمنا ہے اُن کا
اکھاڑوں میں تکیوں میں رہنا ہے اُن کا

نشے میں مے عشق کے چور ہیں وہ  صف فوج مژگاں میں محصور ہیں وہ
غم چشم و ابرو میں رنجور ہیں وہ  بہت ہاتھ سے دل کے مجبور ہیں وہ
کریں کیا کہ ہے عشق طینت میں ان کی
حرارت بھری ہے طبیعت میں اُن کی

اگر شش جہت میں کوئی دلربا ہے  تو دل اُن کا نادیدہ اُس پر فدا ہے
اگر خواب میں کچھ نظر آگیا ہے  تو یاد اُس کی دن رات نام خدا ہے
بھری سب کی وحشت سے روداد ہے یہاں
جسے دیکھئے قیس و فرہاد ہے یہاں

اگر ماں ہے دکھیا تو اُن کی بلا سے  اپاہج ہے باوا تو اُن کی بلا سے
جو ہے گھر میں فاقا تو اُن کی بلا سے  جو مرتا ہے کنبا تو اُن کی بلا سے
جنھوں نے لگائی ہو لو دلربا سے
غرض پھر انہیں کیا رہی ما سوا سے

نہ گالی سے، دشنام سے، جی چرائیں  نہ جوتی سے، پیزار سے، ہچکچائیں
جو میلوں میں جائیں تو لچپن دکھائیں  جو محفل میں بیٹھیں تو فتنے اُٹھائیں
لرزتے ہیں اوباش اُن کی ہنسی سے
گریزاں ہیں رند اُن کی ہمسائگی سے

سپوتوں کو اپنے اگر بیاہ دیجے  تو بہوؤں کا بوجھ اپنی گردن پہ لیجے
جو بیٹی کے پیوند کی فکر کیجے  تو بد راہ ہیں بیاہیے اور بیندھیے
یہی جھیلنا کو بکو گھر بہ گھر ہے
بہو کا ٹھکانا نہ بیٹی کو بر ہے

نہ مطلب نگاری کا اُن کو سلیقہ  نہ دربار داری کا اُن کو سلیقہ
نہ امید واری کا اُن کو سلیقہ  نہ خدمت گزاری کا اُن کو سلیقہ
قلی یا نفر ہو تو کچھ کام آئے
مگر ان کو کس مد میں کوئی کھپائے

نہیں ملتی روٹی جنھیں پیٹ بھر کے  وہ گذران کرتے ہیں سو عیب کر کے
جو ہیں اُن میں دوچار آسودہ گھر کے  تو دن رات خواہاں ہیں مرگ پدر کے
نمونے یہ اعیان و اشراف کے ہیں
سلف اُن کے وہ تھے، خلف اُن کے یہ ہیں

وہ اسلام کی پود شاید یہی ہے  کہ جس کی طرف آنکھ سب کی لگی ہے
بہت جس سے آئندہ چشم بھی ہے  بقا منحصر جس پہ اسلام کی ہے
یہی جان ڈالیگی باغ کہن میں؟
اسی سے بہار آے گی اس چمن میں؟

یہی ہیں وہ نسلیں مبارک ہماری ؟ کہ بخشیں گی جو دین کو استواری؟
کریں گی یہی قوم کی غم گساری انہیں پر امیدیں ہیں موقوف ساری

یہی شمع اسلام روشن کریں گی
بڑوں کا یہی نام روشن کریں گی

خلف اُن کے الحق اگر یہاں یہی ہیں سلف کے اگر فاتحہ خواں یہی ہیں
اگر یادگار عزیزاں یہی ہیں، اگر نسل اشراف و اعیاں یہی ہیں

تو یاد اس قدر اُن کی رہ جائے گی یہاں
کہ اک قوم رہتی تھی اس نام کی یہاں

( محنت پسندی )

مگر بیٹھے رہنے سے چلنا ہے بہتر کہ ہے اہل ہمت کا اللہ یاور
جو ٹھنڈک میں چلنا نہ آیا میسر تو پہنچیں گے ہم دھوپ کھاکھا کے سرپر

یہ تکلیف و راحت ہے سب اتفاقی
چلو اب بھی ہے وقت چلنے کا باقی

ہوا کچھ دھی جس نے یہاں کچھ کیا ہے لہا جس نے پھل بیج بوکر لیا ہے
کرو کچھ کہ کرنا ہی کچھ کیمیا ہے مثل ہے کہ کرتے کی سب بدیا ہے

یونہیں وقت سو سو کے ہیں جو گنواتے
وہ خرگوش کچھووں سے ہیں زک اٹھاتے

یہ برکت ہے دنیا میں محنت کی ساری جہاں دیکھئے فیض اسی کا ہے جاری
یہی ہے کلید در فضل باری اسی پر ہے موقوف عزت تمہاری

اسی سے ہے قوموں کی یہاں آبرو سب
اسی پر ہیں مغرور میں اور تو سب

گلستاں میں جو بن گل و یاسمن کا سماں زلف سنبل کی تاب و شکن کا

قد دلربا سرو اور نارون کا رخ جاں فزا لالۂ و نسترن کا

غریبوں کی محنت کی ہے رنگ و بو سب

کمیروں کے خوں سے ہیں یہ تازہ رو سب

ہلاتے نہ اگلے اگر دست و بازو جہاں عطر حکمت سے ہوتا نہ خوشبو

نہ اخلاق کی وضع ہوتی ترازو نہ حق پھیلتا ربع مسکوں میں ہر سو

حقائق یہ سب غیر معلوم رہتے

خدائی کے اسرار مکتوم رہتے

ستارہ شریعت کا تاباں نہ ہوتا اثر علم دیں کا نمایاں نہ ہوتا

جدا کفر سے نور ایماں نہ ہوتا مساجد میں یوں ورد قرآں نہ ہوتا

خدا کی ثنا معبدوں میں نہ ہوتی

اذاں جا بجا مسجدوں میں نہ ہوتی

نہیں ملتی کوشش سے دنیا ہی تنہا کہ ارکان دیں بھی اسی پر ہیں برپا

جنہیں ہو نہ دنیائے فانی کی پروا کہیں آخرت کا ہی وہ کاش سود

نہیں ہلتے دنیا کی خاطر اگر تم

تو لو دین حق کی ہی اُٹھ کر خبر تم

( شرافت - محنت )

مگر اک فریق اور ان کے سوا ہے شرف جس سے نوع بشر کو ملا ہے

سب اس بزم میں جن کا نور و ضیا ہے سب اس باغ کی جن سے نشو و نما ہے

ہوے جو کہ پیدا ہیں محنت کی خاطر

بنے ہیں زمانے کی خدمت کی خاطر

نہ راحت طلب ہیں نہ مہلت طلب وہ لگے رہتے ہیں کام میں روز و شب وہ

نہیں لیتے دم ایک دم بے سبب وہ بہت جاگ لیتے ہیں سوتے ہیں تب وہ

وہ تھکتے ہیں اور چین پاتی ہے دنیا

کماتے ہیں وہ اور کھاتی ہے دنیا

چنیں گر نہ وہ ہوں کھنڈر کاخ و ایواں  بنیں گر نہ وہ شاہ و کشور ہوں عریاں
جو بوئیں نہ وہ تو ہوں جاندار بے جاں  جو چھانٹیں نہ وہ تو ہوں جنگل گلستاں
یہ چلتی ہے گاڑی انہیں کے سہارے
جو وہ کل سے بیٹھیں تو بیکل ہوں سارے

کھپاتے ہیں کوشش میں تاب و تواں کو  گھلاتے ہیں محنت میں جسم و رواں کو
سمجھتے نہیں اس میں جاں اپنی جاں کو  وہ مر مر کے رکھتے ہیں زندہ جہاں کو
بس اسی طرح جینا عبادت ہے اُن کی
اور اس دھن میں مرنا شہادت ہے اُن کی

مشقت میں عمر ان کی کٹتی ہے ساری  نہیں آتی آرام کی اُن کے باری
سدا بھاگ دوڑ اُن کی رہتی ہے جاری  نہ آندھی میں عاجز نہ مینہ میں ہیں عاری
نہ لو جیٹھ کی دم تراتی ہے اُن کا
نہ تھر ماہ کی جی چھڑاتی ہے اُن کا

نہ احباب کی تیغ احساں سے گھائل  نہ بیٹے سے طالب نہ بھائی سے سائل
نہ دکھ درد میں سوئے آرام مائل  نہ دریا و کوہ اُن کے رستے میں حائل
سلے ہوں کبھی رستم و سام جیسے
غیور اب بھی لاکھوں ہیں گمنام ویسے

کسی کو یہ دھن ہے کہ جو کچھ کمائیں  کھلائیں کچھ اوروں کو کچھ آپ کھائیں
کسی کو یہ کد ہے کہ جھیلیں بلائیں  پہ احساں کسی کا نہ ہرگز اُٹھائیں
کوئی محو ہے فکر فرزند و زن میں
کوئی چور ہے حب اہل وطن میں

جو مصروف ہے کشتکاری میں کوئی  تو مشغول دوکانداری میں کوئی
عزیزوں کی ہے غمگساری میں کوئی  ضعیفوں کی خدمت گذاری میں کوئی
یہ ہے اپنی راحت کے ساماں کرتا
وہ کنبے پہ ہے جان قرباں کرتا

کوئی اس تگ و دو میں رہتا ہے ہر دم  کہ دولت جہاں تک ہو کیجے فراہم
رہیں جیتے جی تاکہ خود شاد و خرم  مریں جب تو دل پر نہ لیجائیں یہ غم
کہ بعد اپنے کھائیں گے فرزند و زن کیا
لباس اُن کا اور اپنا ہوگا کفن کیا

بہت دل سے دل میں اپنے یہ رکھتے ہیں ارماں  کہ کر جائیں یہاں کوئی کار نمایاں
وہ ہوں تاکہ جب چشم عالم سے پنہاں  تو ذکر جمیل اُن کا باقی رہے یہاں
یہی طالب شہرت و نام لاکھوں
بناتے ہیں جمہور کے کام لاکھوں

(غمخواری بنی نوع انسان)

بہت مخلص اور پاک بندے خدا کے  نشان جن سے قائم ہیں صدق و صفا کے
نہ شہرت کے خواہاں نہ طالب ثنا کے  نمایش سے بیزار دشمن ریا کے
ریاضت سب اُن کی خدا کے لئے ہے
مشقت سب اُن کی رضا کے لئے ہے

کوئی ان میں ہے حق کی طاعت پہ مفتوں  کوئی نام حق کی اشاعت پہ مفتوں
کوئی زہد و صبر و قناعت پہ مفتوں  کوئی پند و وعظ جماعت پہ مفتوں
کوئی موج سے آپ کو ہے بچاتا
کوئی ناؤ ہے ڈوبتوں کی تراتا

بہت نوع انساں کے غمخوار و یاور  ہوا خواہ ملت، بد اندیش کشور
شدائد کے دریائے خوں میں شناور  جہاں کی پر آشوب کشتی کے لنگر
ہر اک قوم کی ہست و بود اُن سے ہے یہاں
سب اس انجمن کی نمود اُن سے ہے یہاں

کسی پر ہو سختی، صعوبت ہے ان پر  کسی کو ہو غم، رنج و کلفت ہے ان پر

نہیں ہو فلاکت مصیبت ہے ان پر کہیں آئے آفت قیامت ہے ان پر
کسی پر چلیں تیز آماج یہ ہیں
لٹے کوئی وہ گیر تاراج یہ ہیں

یہ ہیں حشر تک بات پر اڑنیوالے یہ پہاں کو مٹھوں سے ہیں جڑنیوالے
یہ فوج حوادث سے ہیں لڑنیوالے یہ غوروں کی ہیں اگ میں پڑنیوالے
اُمنڈتا ہے رکنے سے اور ان کا دریا
جلنوں سے زیادہ ہے کچھہ ان کا سودا

جماتے ہیں جب پاؤں ہٹتے نہیں یہ بڑھا کر قدم پھر پلٹتے نہیں یہ
گئے پھیل جب پھر سمٹتے نہیں یہ جہاں بڑھ گئے بڑھ کے گھٹتے نہیں یہ
مہم بن گئے سر نہیں بھٹکتے یہ
جب اُٹھتے ہیں اُٹھکر نہیں بیٹھتے یہ

خدا نے عطا کی ہے جو ان کو قوت سمائی ہے دل میں بہت اس کی عظمت
نہیں پھیرتی اُن کا مدد کوئی زحمت نہیں کرتی زیر اُن کو کوئی صعوبت
بھروسے پہ اپنے دل و دست و پا کے
سمجھتے ہیں ساتھہ اپنے لشکر خدا کے

نہیں مرحلہ کوئی دشوار اُن کو ہر اک راہ ملتی ہے ہموار اُن کو
گلستاں ہے صحراے پر خار اُن کو برابر ہے میدان و کہسار اُن کو
نہیں حائل اُن کے کوئی رهگذر میں
سمندر ہے پایاب اُن کی نظر میں

اسی طرح یہاں اهل همت هیں جتنے کمر بستہ هیں کام پر اپنے اپنے
جہاں کی ہے سب دھوم دھام اُن کے دم سے فقیر اور غنی سب طفیلی ہیں اُن کے
بغیر ان کے بے ساز و ساماں تھی مجلس
نہ ہوتے اگر یہ تو ویراں تھی مجلس

زمین سب خدا کی ہے گلزار انہیں سے زمانے کا ہے گرم بازار انہیں سے
ملے ہیں سعادت کے آثار انہیں سے کھلے ہیں خدائی کے اسرار انہیں سے
انہیں پر ہے کچھ فخر' ہے گر کسی کو
انہیں سے ہے' گر ہے شرف آدمی کو

انہیں سے ہے آباد ہر ملک و دولت انہیں سے ہے سرسبز ہر قوم و ملت
انہیں پر ہے موقوف قوموں کی عزت انہیں کی ہے سب ربع مسکوں میں برکت
دم ان کا ہے دنیا میں رحمت خدا کی
انہی کو ہے پھبتی خلافت خدا کی

انہیں کا اُجالا ہے ہر رہ گزر میں انہیں کی ہے یہ روشنی دشت و در میں
انہیں کا ظہورا ہے سب خشک و تر میں انہیں کے کرشمے ہیں سب بحر و بر میں
انہیں سے ہے رتبہ یہ آدم نے پایا
کہ سر اُس سے روحانیوں نے جھکایا

ہر ایک ملک میں خیر و برکت ہے اُن سے ہر اک قوم کی شان و شوکت ہے اُن سے
نجابت ہے ان سے' شرافت ہے ان سے شرف ان سے' فخر' ان سے عزت ہے ان سے
جفا کش بنو گر ہو عزت کے خواہاں
کہ عزت کا ہے بھید ذلت میں پنہاں

مشقت کی ذلت جنہوں نے اُٹھائی جہاں میں ملی اُن کو آخر بڑائی
کسی نے بغیر اس کے ہرگز نہ پائی فضیلت' نہ عزت' نہ فرمانروائی
نہال اس گلستاں میں جتنے بڑے ہیں
ہمیشہ وہ نیچے سے اوپر چڑھے ہیں

حکومت ملی اُن کو صفار تھے جو امامت کو پہنچے وہ قصار تھے جو
وہ قطب زماں ٹھہرے عطار تھے جو بنے مرجع خلق نجار تھے جو
ابو الفضل یہاں اُٹھے سراج کتنے
ابو الوقت ہو گزرے حلاج کتنے

نہ بو نصر تھا نوع میں ہم سے بالا    نہ تھا بو علی کچھ جہاں سے نرالا
طبیعت کو بچپن سے محنت میں ڈالا    ہوئے اس لئے صاحب فخر والا
اگر فکر کسب ہنر تم کو بھی ہو
تمھیں پھر ابو نصر اور بو علی ہو

(استقلال)

یہ اک خار کش صبر وہمت میں کامل    یہ کہتا تھا محنت سے گھٹتا تھا جب دل
کہ جن سختیوں کا اٹھانا ہے مشکل    وہی ہیں کچھ اے دل اٹھانیکے قابل
حلال آدمی کو ہے کھانا نہ پیدا
نہ ہو ایک جب تک لہو اور پسینا
تمھیں سہل گر صید کا ہاتھ آنا    تو لازم ہے گھوڑوں کو سرپٹ بھگانا
نہ پیٹھو جو ہے بوجھ بھاری اٹھانا    ذرا تیز ہانکو جو ہے دور جانا
زمانہ اگر ہم سے زور آزما ہے
تو وقت اے عزیزو یہی زور کا ہے
بشر کو ہے لازم کہ ہمت نہ ہارے    جہاں تک ہو کام آپ اپنے سنوارے
خدا کے سوا چھوڑ دے سب سہارے    کہ ہیں عارضی زور، کمزور سارے
اڑے وقت تم دائیں بائیں نہ جھانکو
سدا اپنی گاڑی کو گر آپ ہانکو
تمہیں اپنی مشکل کو آساں کرو گے    تمہیں درد کا اپنے درماں کرو گے
تمھیں اپنی منزل کا ساماں کرو گے    کرو گے تمہیں کچھ اگر یہاں کرو گے
چھپا دست ہمت میں زور قضا ہے
مثل ہے کہ ہمت کا حامی خدا ہے

# چپ کی داد

مولوی الطاف حسین صاحب, حالی,

( پہلا باب )

اے ماؤ! بہنو! بیٹیو! دنیا کی زینت تم سے ہے
ملکوں کی بستی ہو تمہیں! قوموں کی عزت تم سے ہے
تم گھر کی ہو شہزادیاں! شہروں کی ہو آبادیاں
غمگیں دلوں کی شادیاں! دکھ سکھ میں راحت تم سے ہے
تم ہو تو غربت ہے وطن - تم بن ہے ویرانہ چمن
ہو دیس یا پردیس جینے کی حلاوت تم سے ہے
نیکی کی تم تصویر ہو - عفت کی تم تدبیر ہو
ہو دین کی تم پاسباں - ایماں سلامت تم سے ہے
فطرت تمہاری ہے حیا - طینت میں ہے مہرو وفا
گھٹی میں ہے صبر و رضا - انسان عبارت تم سے ہے
مردوں میں ست والے تھے جو ست بیٹھے اپنا کب کا کھو
دنیا میں اے ستونتیو! لے دے کے اب ست تم سے ہے
مونس ہو خاوندوں کی تم - غم خوار فرزندوں کی تم
تم بن ہے گھر ویران سب - گھر بھر میں برکت تم سے ہے

تم آس ہو بیمار کی - تھارس ہو تم بیکار کی
دولت ہو تم نادار کی - عسرت میں عشرت تم سے ہے
آتی ہو اکثر بے طلب - دنیا میں جب آتی ہو تم
پر موہنی سے اپنی یہاں - گھر بھر پہ چھا جاتی ہو تم

( دوسرا بند )

میکے میں سارے گھر کی تھیں - گو مالک و مختار تم
پر سارے کنبے کی رہیں - بچپن سے خدمت گار تم
ماں باپ کے حکموں پہ پتلی کی طرح پھرتی رہیں
غم خوار باپوں کی رہیں - ماؤں کی تابع دار تم
دن بھر پکانا ، ریندھنا - سینا ، پرونا ، ٹانکنا
بیٹھیں نہ گھر پر باپ کے - خالی کبھی زنہار تم
راتوں کو چھوٹے بھائی بہنوں کی خبر اُٹھ اُٹھ کے لی
بچہ کوئی سوتے میں رویا - اور ہوئیں بیدار تم
سسرال میں پہنچیں تو وہاں - اک دوسرا دیکھا جہاں
جا اُتریں گویا دیس سے - پردیس میں اک بار تم
وہاں فکر تھی ہر دم یہی - ناخوش نہ ہو تم سے کوئی
اپنے سے رنجش کے کبھی - پاؤ نہ وہاں آثار تم
بدلے نہ شوہر کی نظر - سسرے کا دل میلا نہ ہو
آنکھوں میں ساس اور نند کی - کھٹکو نہ مثل خار تم
پالا بڑوں سے گر پڑے - بد خوہوں سب چھوٹے بڑے
چتون پہ میل آنے نہ دو - گو دل میں ہو بیزار تم
غم کو غلط کرتی رہو - سسرال میں ہنس بول کر
شربت کے گھونٹوں کی طرح پیتی رہو خون جگر

(تیسرا بند)

شادی کے بعد ایک کو تھی آرزو اولاد کی
تم پھنس گئیں جنجال میں - خالق نے جب اولاد دی
دردوں کے دکھ تم نے سہے - جاپے کی جھیلیں سختیاں
جب موت کا چکھا مزہ - تب تم کو یہ دولت ملی
میکے میں اور سسرال میں - سب کے ہوئے دل باغ باغ
گھر میں اُجالا تو ہوا - پر تم پہ بپتا پڑگئی
کھانا ، پہننا ، اوڑھنا - اپنا گئیں سب بھول تم
بچوں کے دھندے میں تمہیں - اپنی نہ کچھ سدھ بدھ رہی
تب تک بھی سمجھو خیر تھی - جب تک بھلے چنگے تھے سب
پر سامنا آفت کا تھا - گر ہوگیا ماندہ کوئی
سو ای پہ دن کٹنے لگے - راتوں کی نیندیں اُڑگئیں
ایک ایک برس کی ہوگئی ایک ایک پل ایک ایک گھڑی
بچوں کی سیوا میں تمہیں - گزرے ہیں جیسے دس برس
قدر اس کی جانے گا وہی - دم پر ہو یوں جس کے بنی
کی ہے مہم جو تم نے سر - مردوں کو کیا اس کی خبر
جانے پرائی پیر وہ - جس کی بوائی ہو پھٹی
تھا پالنا اولاد کا - مردوں کے بوتے سے سوا
آخر یہ اے دکھیاریو - خدمت تمہارے سر پڑی
پیدا اگر ہوتیں نہ تم - بیڑا نہ ہوتا پار یہ
چھٹے اُٹھتے دو دن میں - اگر مردوں پہ پڑتا بار یہ

(چوتھا بند)

لیتیں خبر اولاد کی - مائیں نہ گر چھٹپن میں یہاں
خالی کبھی کا نسل سے - آدم کی ہو جاتا جہاں
یہ گوشت کا ایک لوتھڑا - پروان چڑھتا کس طرح
چھاتی سے لپٹائے نہ ہر دم رکھتی گر بچے کو ماں
وہ دین اور دنیا کے مصلح جن کے وعظ و پند سے
ظلمت میں باطل کی ہوا دنیا پہ نور حق عیاں
وہ علم اور حکمت کے بانی - جن کی تحقیقات سے
ظاہر ہوئے عالم میں اسرار زمین و آسماں
وہ شاہ کشور گیر اسکندر - کہ جس کی دھاک سے
تھی بید کی مانند لرزاں - تاجداران جہاں
وہ فخر شاہان عجم کسریٰ - کہ جس کے عدل کی
مشرق سے تا مغرب - زبانوں پر ہے جاری داستاں
کیا پھول پھل یہ سب انہیں کمزور پودوں کے نہ تھے
سینچا تھا ماؤں نے جنھیں - خون جگر سے اپنے یہاں
کیا صوفیان با صفا - کیا عارفان با خدا
کیا انبیا ، کیا اولیا ، کیا غوث ، کیا قطب زماں
سرکار سے مالک کی جتنے پاک بندے ہیں بڑھے
وہ ماؤں کی گودوں کے زینے سے ہیں اوپر کو چڑھے

(پانچواں بند)

افسوس! دنیا میں بہت تم پر ہوئے جور و جفا
حق تلفیاں تم نے سہیں - بے مہریاں جھیلیں سدا

اکثر تمھارے قتل پر - قوموں نے باندھی ھے کمر
دیں تاکہ تم کو یک قلم - خود لوح ھستی سے مٹا
گاڑی گئیں تم مدتوں - متی میں جیتی جاگتی
حامی تمھارا تھا نہ یاور کوئی جز ذات خدا
زندہ سدا جلتی رھیں — تم مردہ خاوندوں کے ساتھہ
اور چین سے عالم رھا یہ سب تماشے دیکھتا
بیاھی گئیں اس وقت تم - جب بیاہ سے واقف نہ تھیں
جو عمر بھر کا عہد تھا وہ کچے تاگے سے بندھا
بیاھا تمھیں ماں باپ نے - اے بے زبانو! اس طرح
جیسے کسی تقصیر پر - مجرم کو دیتے ھیں سزا
گذری امید و بیم میں - جب تک رھا باقی سہاگ
بیوہ ھوئیں تو عمر بھر - پھر چین قسمت میں نہ تھا
تم سخت پر سخت امتحاں دیتی رھیں پر رائگاں
کیں تم نے جانیں تک فدا - کہلائیں لیکن بے وفا
گو صبر کا اپنے نہ کچھہ - تم کو ملا انعام یہاں
پرجو فرشتے سے نہ ھو' وہ کر گئیں تم کام یہاں

(چھٹا بند)

کی تم نے اس دارالمحن میں جس تحمل سے بسر
زیبا ھے گر کہئے تمھیں - فخر بنی نوع بشر
جو سنگ دل سفاک پیاسے تھے تمھارے خوں کے
اُن کی تو ھیں بے رحمیاں - مشہور عالم میں مگر
تم نے تو چین اپنے خریداروں سے بھی پایا نہ کچھہ
شوھر ھوں اس میں یا پدر - یا ھوں برادر یا پسر

الفت تمھاری کر گئی گھر دل میں حس بے دید کے
وہ بد گماں تم سے رہا اے بے نصیبو ! عمر بھر
گو نیک مرد اکثر تمھارے نام کے عاشق رہے
پر نیک ھوں یا بد - رہے سب متفق اس راے پر
جب تک جیو تم علم و دانش سے رھو محروم یہاں
آئی تھیں جیسی بے خبر - ویسی ھی جاؤ بے خبر
تم اس طرح مجھول اور گمنام دنیا میں رھو
ھو تم کو دنیا کی - نہ دنیا کو تمھاری ھو خبر
جو علم مردوں کے لئے سمجھا گیا آب حیات
ٹھیرا تمھارے حق میں وہ زھر ھلاھل سربسر
آتا ہے وقت انصاف کا - نزدیک ھے یوم الحساب
دنیا کو دینا ھو گا ان حق تلفیوں کا وھاں جواب

(ساتواں بند)

گذرے تھے جگ تم پر کہ ھمدردی نہ تھی تم سے کہیں
تھا منحرف تم سے فلک - برگشتہ تھی تم سے زمیں
دنیا کے دانا اور حکیم اس خوف سے لرزاں تھے سب
تم پر مبادا علم کی پڑ جاے پرچھائیں کہیں
ایسا نہ ھو مرد اور عورت میں رھے باقی نہ فرق
تعلیم پا کر آدمی بننا - تمھیں زیبا نہیں
یہاں تک تمھاری ھجو کے گائے گئے دنیا میں راگ
تم کو بھی دنیا کی کہن کا آگیا آخر یقیں
علم و ھنر سے رفتہ رفتہ ھو گئیں مایوس تم
سمجھا لیا دل کو کہ ھم خود علم کے قابل نہ تھیں

جو ذلتیں لازم ہیں دنیا میں جہالت کے لئے
وہ ذلتیں سب نفس پر - اپنے گوارا تم نے کیں
سمجھا نہ تم کو ایک دن - مردوں نے قابل بات کے
تم بیویاں کہلائیں لیکن لونڈیاں بن کر رہیں
آخر تمہاری چپ دلوں میں اہل دل کے چبھہ گئی
سچ ہے کہ چپ کی داد آخر بے ملے رہتی نہیں
بارے زمانہ نیند کے ماتوں کو لایا ہوش میں
آیا تمہارے صبر پر دریائے رحمت جوش میں

(آتھواں بند)

نوبت تمہاری حق رسی کی بعد مدت آئی ہے
انصاف نے دھندلی سی ایک اپنی جھلک دکھلائی ہے
گو ہے تمہارے حامیوں کو مشکلوں کا سامنا
پر حل ہر ایک مشکل یوں ہی دنیا میں ہوتی آئی ہے
اتکے ہیں روڑے چلتی گاڑی میں سچائی کی سدا
پر فتح جب پائی سچائی ہی نے آخر پائی ہے

(خطاب بہ حامیان تعلیم نسوان)

اے بے زبانوں کی زباں! اے بے بسوں کے بازو و!
تعلیم نسواں کی مہم - جو تم کو اب پیش آئی ہے
یہ مرحلہ آیا ہے' پہلے تم سے جن قوموں کو پیش
منزل پہ گاڑی اُن کی استقلال نے پہنچائی ہے
ہے رائی بھی پربت اگر - دل میں نہیں عزم درست
پر ٹھان لی جب جی میں پھر پربت بھی ہو تو رائی ہے

یہ جیت کیا کم ہے کہ خود حق ہے تمھاری پشت پر
جو حق پہ منہ آیا ہے - آخر اس نے منہ کی کھائی ہے
جو حق کے جانب دار ہیں بس ان کے بیڑے پار ہیں
( بھوپال ) کی جانب سے ہاتف کی یہ آواز آئی ہے
ہے جو مہم در پیش دست غیب ہے اس میں نہاں
تائید حق کا ہے نشاں امداد " سلطان جہاں "

---

## ننگ خدمت

یاد ایام کہ بے رنگ تھی تصویر جہاں
دست مشاطہ نہ تھا محرم زلف دوراں
گل خود رو سے بسا تھا چمن کون و مکاں
چار سو حسن خدا داد کا سکہ تھا رواں
وضع عالم میں نہ آیا تھا تغیر اب تک
خط قدرت کی وہی شان تھی اور نوک پلک
طفل معصوم کی مانند تھا یہ عالم پیر
تھے ہم ایک صنعت بے چون و چرا کی تصویر
ملک فطرت میں نہ تھی سلطنت نفس شریر
طبع نے مملکت روح نہ کی تھی تسخیر
خواب غفلت کی گھٹا دل پہ نہ چھائی تھی بہت
دن چھپا تھا ابھی اور رات نہ آئی تھی بہت

مال و دولت کی هوس میں نه گرفتار تھے هم
نه بلندی کے نه رفعت کے طلبگار تھے هم
آپ هی اپنے هر اک رنج میں غمخوار تھے هم
مدد غیر سے اصلا نه خبردار تھے هم

جو سبق آئے تھے استاد ازل سے لے کر
وهی هر منزل و هر راه میں تھا یہاں رهبر

اصل سے دور بہت هونے نه پائے تھے ابھی
دیس سے چھوٹ کے پردیس میں آئے تھے ابھی
دن جدائی کے نصیبوں نے دکھائے تھے ابھی
ڈال سے توڑ کے بازار میں لائے تھے ابھی

عرصه گزرا تھا مسافر کو نه غربت میں بہت
جی لگا تھا نه ابھی غیروں کی صحبت میں بہت

صاف آئینهٔ دل میں نظر آتا تھا کوئی
روبرو جس کے جگه دل میں نه پاتا تھا کوئی
جی وه جی تھا که نه جس جی کو لبھاتا تھا کوئی
آنکھه وه آنکھه تھی جس میں نه سماتا تھا کوئی

روح تھی بادهٔ دو شینه سے اپنی بدمست
تھا ترقی په ابھی نشهٔ صهبائے الست

اس قدر عمر دو روزه په نه مغرور تھے هم
عیش و عشرت کے طلسموں سے بہت دور تھے هم
کسی محنت سے ، مشقت سے نه معذور تھے هم
آپ هی راج تھے اور آپ هی مزدور تھے هم

تھے غلام آپ هی اور آپ هی آقا اپنے
خود هی بیمار تھے اور خود هی مسیحا اپنے

خود نمائی و نمود آرائی کا کچھ دھیان نہ تھا
کبر و پندار کا جاری کہیں فرمان نہ تھا
گھر میں ساماں نہ تھا، در پہ نگہباں نہ تھا
جی میں فرعون زماں بننے کا ارمان نہ تھا

آکے دنیا میں بہت پانوں نہ پھیلاتے تھے
اک مسافر کی طرح رہ کے چلے جاتے تھے

خاک کو نرم بچھونوں سے سوا جانتے تھے
روکھی چھانوں کو ہم ظل ہما جانتے تھے
مل گیا جو، اُسے انعام خدا جانتے تھے
نہ برا جانتے تھے اور نہ بھلا جانتے تھے

طاعت نفس فرومایہ سے آزاد تھے ہم
ساگ اور بھات پہ گزران تھی اور شاد تھے ہم

تھی سفر میں نہ سواری کی ضرورت زنہار
طے انھیں قدموں سے کرتے تھے ہر اک راہ گذار
کھانے پینے کو نہ تھے ظرف بلوریں در کار
انھیں ہاتھوں پہ خورو نوش کا تھا اپنی مدار

شرم آتی تھی نہ ہل جو تکے کھانے سے ہمیں
عیب لگتا تھا نہ کچھ ڈھور چرانے سے ہمیں

تھک کے محنت سے جو ہم بھوک میں کھاتے تھے طعام
دیتے تھے کلۂ بریاں کا مزا گندم خام
دست و بازو کی بدولت تھا ہمیں عیش مدام
خوب کٹتے تھے مشقت میں ہمارے ایام

پیٹ کے مارے کہیں سر نہ جھکاتے ہم تھے
آبرو نفس کی خاطر نہ گنواتے ہم تھے

کرنے پڑتے تھے ضیافت میں نہ بیجا سامان
نان جو کھاتے تھے خوش ہو کے ہمارے مہمان
تھا بناوٹ کا پتا اور نہ تکلف کا نشان
ایک قانون کے پابند تھے دل اور زبان
طبل ظاہر کے نمائش کے نہ بجتے تھے وہاں
جو برستے تھے زیادہ نہ گرجتے تھے وہاں

آبِ موسم گل میں تھا عجیب لطف ہوا
آندھیوں نے کئے انجام کو طوفان برپا
چشمہ نزدیک تھا منبع سے تو تھا عین صفا
جتنا بڑھتا گیا ہوتا گیا پانی گدلا
مٹتے مٹتے اثر صدق و صفا کچھ نہ رہا
آخری دور میں تلچھٹ کے سوا کچھ نہ رہا

اے جہاں، اے روشیں تازہ بدلنے والے
نت نئی چال، نئی ڈھال سے چلنے والے
موم کی طرح ہر اک سانچے میں ڈھلنے والے
روز اک سانگ نیا بھر کے نکلنے والے
آج کچھ اور ہے، کل اور تھی کچھ شان تری
ایک سے ایک نہیں ملتی کہیں آن تری

اک زمانہ تھا کہ ہم وزن تھے سب خرد و کلاں
لہلہاتی تھی بنی نوع کی کھیتی یکساں
ایک اسلوب پہ تھی گردش پرکار زماں
شہر و ویرانہ و آباد میں تھا ایک سماں
قدر و قیمت میں نہ تھا فرق کسی کی اصلا
کوئی پلہ تھا ترازو کا نہ اونچا نیچا

ایک سے ایک نہ کم تھا نہ زیادہ سر سو
سب تھے دم ایک ترائی کے درخت خود رو
حاجتیں لے کے کسی در پہ گئے تھے نہ کبھو
نہ زمیں بوس کی عادت تھی نہ تسلیم کی خو
دست قدرت کے سوا سر پہ کوئی ہاتھ نہ تھا
ایک قبلہ تھا کوئی قبلۂ حاجات نہ تھا

ناگہاں جور و تغلب کا اٹھا اک طوفان
جس کے صدمہ سے ہوئی زیر و زبر نظم جہاں
اقویا ہاتھ ضعیفوں پہ لگے کرنے رواں
بکریوں کو نہ رہی بھیڑیوں سے جائے اماں
تیز دندان ہرے جنگل میں غزالوں پہ پلنگ
مچھلیوں پر لگے منہ کھولنے دریا میں نہنگ

حق نے شائستۂ ہر باب بنایا تھا ہمیں
ایک ہی دام میں پھنسنا نہ سکھایا تھا ہمیں
رستہ ہر کوچہ و منزل کا بتایا تھا ہمیں
زینہ ہر بام پہ چڑھنے کا دکھایا تھا ہمیں
ایسا کچھ بادۂ غفلت نے کیا متوالا
طوق خدمت کا لیا اور گلے میں ڈالا

در مخلوق کو ہم ملجاؤ ماویٰ سمجھے
طاعت خلق کو اعزاز کا تمغہ سمجھے
پیشہ و حرفہ کو اجلاف کا شیوہ سمجھے
ننگ خدمت کو شرافت کا تقاضا سمجھے
عیب گننے لگے نبوّت و حدادی کو
بیچنے پھرنے لگے جوہر آزادی کو

نوکری ٹھہری ہے لے دیکھے اب اوقات اپنی
پیشہ سمجھے تھے جسے ہوگئی وہ ذات اپنی
اب نہ دن اپنا رہا اور نہ رہی رات اپنی
جا پڑی غیر کے ہاتھوں میں ہر اک بات اپنی

ہاتھ اپنے دل آزاد سے ہم دھو بیٹھے
ایک دولت تھی ہماری سو اُسے کھو بیٹھے

کرتے ہیں قصد تجارت تو گرہ میں نہیں دام
دستکاری کو سمجھتے ہیں کہ ہے کار عوام
نہیں ہل جوتنے میں راحت و آرام کا نام
بنتے پھرتے ہیں سو واسطے اک اک کے غلام

نظر آتی نہیں مطلب کی کوئی گھات ہمیں
وہ پڑا نقشہ کہ ہر چال میں ہے مات ہمیں

ایک آقا ہو تو خدمت کا ہو حق اُس کی ادا
ایک افسر ہو تو حکم اس کا کوئی لائے بجا
زید کی رائے جدا عمرو کی تجویز جدا
ایک بندہ کو بھگتنے کئی پڑتے ہیں خدا

بھاگو خدمت سے کہ اچھا نہیں انجام اس کا
جس کا پتھر کا کلیجہ ہو وہ لے نام اس کا

کہیں بہتان کا اندیشہ کہیں بیم گناہ
کہیں غماز کا دھڑکا کہیں خوف بد خواہ
جھیلنے روز وہ افسر کہ نہ ہو جن سے نباہ
خدمت اک بار گراں ہے کہ عیاذاً باللہ

پڑے پتھر پہ تو پتھر میں گرانی نہ رہے
گزرے دریا پہ تو دریا میں روانی نہ رہے

آتی ہیں نوکروں کے سر پہ بلائیں اکثر
بے سبب اُن پہ گزرتی ہیں جفائیں اکثر
ماننی پڑتی ہیں ناکردہ خطائیں اکثر
سامنے جاتے ہیں پڑھ پڑھ کے دعائیں اکثر

غیرت آئی جنہیں وہ ٹھیرنے پاتے نہیں یہاں
جوکہ عاقل ہیں کبھی کان ہلاتے نہیں یہاں

کیجئے فرض کہ ہے زید بڑا منصب دار
اور عمرو اس کا ہے ایک بندہ فرمانبردار
فرق دونوں میں نہیں اس کے سوا کچھ زنہار
کہ یہ میلا ہے وہ اُجلا یہ پیادہ وہ سوار

ورنہ انصاف سے دیکھو تو ہیں نوکر دونوں
زید میں عجز میں ذلت میں برابر دونوں

عمرو کرتا ہے اگر اس کا ادب اور تعظیم
کرنی پڑتی ہے اُسے بھی کہیں جھک کر تسلیم
زید کی جھڑکیوں سے گر ہے دل عمرو دونیم
جا کے سنتا ہے کہیں زید بھی الفاظ سقیم

پاجی احمق اُسے کہنے کا اگر ہے دستور
نام فول اس کو بھی سننا کہیں پڑتا ہے ضرور

رکھتے ہیں حضرت انساں جو بڑائی میں قدم
گاؤ و خر اُن سے ہیں کیا جانئے کہ کس بات میں کم
مالکوں کے اُنہیں گر جھیلنے پڑتے ہیں ستم
ذلتیں اُن کے لئے بھی ہیں مہیا ہر دم

ننگ خدمت کی حقیقت کو بشر گر سمجھے
چاکروں کو گدھے اور بیل سے بدتر سمجھے

بہت سے اپنے بچھڑنے کا ہے گر اُن کو ملال
مدتیں گزریں کہ لوٹا گیا یہاں عیش وصال
نوکری نے جو ہیں دکھلا یا طلسم اقبال
چھوڑ کر شہر و وطن کو ہوے جویائے معال
گھر چھٹا یار چھٹے خویش و یگانہ چھوٹا
ایک ذلت ملی اور سارا زمانہ چھوٹا
اِن کی گردن میں اگر قید کی رسی ہے پڑی
اپنی بے بال و پری کی بھی کہانی ہے بڑی
تازہ حکموں کی لگی رہتی ہے ہر وقت جھڑی
نہیں خالی کوئی ساعت کوئی پل کوئی گھڑی
مرغ بے پر کی طرح قیدیٔ صیاد ہیں ہم
کہتے پھر کون سی حجت ہے کہ آزاد ہیں ہم
ہوتے ہیں فرط مشقت سے اگر وہ رنجور
مالک اُن کی نگرانی میں نہیں کرتے قصور
دیکھ لیتے تھیں جب تک کہ ہوئے روک سے دور
رکھتے ہیں محنت و تکلیف سے اُن کو معزور
جانتے ہیں یہی دھن ہے یہی دولت اپنی
دم سے وابستہ اُنہیں کے ہے معیشت اپنی
اپنی گر جان پہ بن جائے مشقت سے یہاں
نہیں امید کہ گزرے کسی خاطر پہ گراں
مطمئن ہوں کہ ہے مزدوروں کا دنیا میں سماں
نہ ہوا ایک تو رکھتی نہیں تعمیر مکان
پھرتے ہیں پوت کئی یہاں دیتے دھائی لاکھوں
گر نہیں آپ تو ہیں آپ کے بھائی لاکھوں

حق کسی کا نہیں - ماتحت ہو یا ہو افسر
ایک سے کام لیا ایک کو سونپا دفتر
یہی گھر بھلیاں رہتی ہیں یہاں شام و سحر
فی المثل ایک کرایہ کی دوکان ہے نوکر
رہے جب تک کسی بنہاد میں آیا نہ خلل
جب لگی بیٹھنے لی جا کے کہیں اور بدل
نوکروں سے ہیں بہائم کہیں رتبہ میں سوا
کہ نہیں خدمت ہمجنس کا ان پر دھبا
گائے ہو بیل ہو گھوڑا ہو کہ ہو اس میں گدھا
ایک کا ایک کو تابع کہیں دیکھا نہ سنا
کسی مخلوق کو رتبہ نہ خدا نے بخشا
جو غلاموں کو شرف عقل رسا نے بخشا
اس سے بڑھ کر نہیں ذلت کی کوئی شان یہاں
کہ ہو ہمجنس کی ہمجنس کے قبضے میں عناں
ایک گلہ میں کوئی بھیڑ ہو اور کوئی شباں
نسل آدم میں کوئی ڈھور ہو کوئی انسان
ناتواں ٹھیرے کوئی - کوئی تنومند بنے
ایک نوکر بنے اور ایک خداوند بنے
ایک ہی تخم سے پیلو بھی ہو شمشاد بھی ہو
ایک ہی اصل سے خسرو بھی ہو فرہاد بھی ہو
ایک ہی ڈار میں آہو بھی ہو صیاد بھی ہو
ایک ہی نسل سے بندہ بھی ہو آزاد بھی ہو
ایک ہی سبزہ جو تازہ بھی ہو خشک بھی ہو
ایک ہی قطرۂ خوں یم بھی ہو مشک بھی ہو

ایک وہ ہیں کہ نہیں غیر کے فرماں بردار
اپنی ہر بات کے ہر کام کے خود ہیں مختار
نہیں سرکار سے دربار سے ان کو سروکار
جس جگہ بیٹھ گئے ہے وہی ان کا دربار
گر تونگر ہیں تو دس بیس ہیں ان کے محکوم
ورنہ خادم ہیں کسی کے نہ کسی کے مخدوم
حکم سے کوئی نہیں ان کا بلانے والا
جبر سے کوئی نہیں ان کا دبانے والا
بیٹھ جائیں تو نہیں کوئی اٹھانے والا
سو رہیں جب تو نہیں کوئی جگانے والا
اٹھ کے چلدیں تو نہیں روکنے والا کوئی
الٹے پھر جائیں جو ہو ٹوکنے والا کوئی
ایک و ہیں کہ زمانہ کرے انصاف اگر
اور کھل جائیں کمالات بھی ان کے سب پر
جوہری جو ہیں وہ سب ان کے پرکھ لیں جوہر
کامیابی نہیں ان کے لئے اس سے بڑھ کر
کہ صدا قید رہیں مرغ خوش الحاں کی طرح
جا کے بک جائیں کہیں یوسف کنعاں کی طرح
دیکھ لیں جب نہیں ہر علم و ہنر میں یکتا
صرف میں ذات میں اور اصل و گہر میں یکتا
زور بازو میں بلندیٔ نظر میں یکتا
الغرض جملہ کمالات بشر میں یکتا
اور پھر اس پہ مدد طالع بیدار کی ہو
تب نصیب ان کو غلامی کسی سرکار کی

ورنہ دن رات پھریں ٹھوکریں کھاتے در در
سندیں چٹھیاں پروانے دکھاتے در در
چاپلوسی سے دل ایک اک کا لبھاتے در در
ذائقہ نفس کو ذلت کا چکھاتے در در
تاکہ ذلت سے بسر کرنے کی عادت ہوجائے
نفس جس طرح بنے لایق خدمت ہوجائے

کوئی دفتر نہیں اور کوئی کچہری ایسی
کہ جہاں گزری ہو ایک آدھ نہ عرضی ان کی
سنتے مشرق میں ہیں گر کوئی اسامی خالی
قافلے ہوتے ہیں مغرب سے اسی دم راہی
برسوں اس پر بھی گزر جاتے ہیں بے ذیل ومرام
کوئی آقا نہیں ملتا کہ بنیں اس کے غلام

تنگ ہوتے ہیں تو تقدیر کا کرتے ہیں گلا
کبھی ٹھہراتے ہیں گردش کو زمانے کی برا
کبھی سرکار کو کہتے ہیں کہ ہے بے پروا
کبھی فرماتے ہیں یہ ہو کے مشیت سے خفا
وعدۂ رزق میں سنتے تھے کہ ہوتی نہیں دیر
پھر جو نوکر نہیں ہوتے تو یہ ہے کیا اندھیر

جانتے ہیں کہ ہے جس رزق کا ہم سے وعدہ
اس کا حیلہ نہیں یہاں کوئی غلامی کے سوا
اور دروازے ہوے بند سب ان پر گویا
اب فلک پر انہیں ملجا نہ زمیں پر ماوی
کام ہوتا کوئی اور ان سے سرانجام نہیں
جس طرح بیل کو جتنے کے سوا کام نہیں

جن کے اسلاف نے تھا قوم کا دیکھا اقبال
یاد کرتے ہیں جب اسلاف کا وہ جاہ و جلال
پاتے ہیں ان کو عنایات سے شاہوں کی نہال
مال و دولت سے انہیں دیکھتے ہیں مالا مال
ایک کی ایک سے پاتے ہیں فزوں تر توقیر
کوئی بخشی کوئی دیوان کوئی صدر کبیر
دیکھتے جب ہیں کہ دمساز تھے ان سے ایام
بادۂ عیش سے لبریز تھا جام ان کا مدام
کہتے ہیں خدمت سلطاں میں ہے اعزاز تمام
اس لئے ہم نے لیا پیشۂ آبائے کرام
دیکھیں منہ ڈال کے گر اپنے گریبان میں وہ
عمر برباد کریں پھر نہ اس ارمان میں وہ
ہنس کی چال حماقت سے چلا جو کوا
اپنی بھی چال گیا بھول بقول حکما
پیروی کرتے ہیں اسلاف کی اب جو دہقا
وہ نہیں جانتے رنگ آج زمانے کا ہے کیا
اپنا کیا حال ہے اسلاف کی حالت کیا تھی
اپنی تو تیر ہے کیا ان کی وجاہت کیا تھی
سلطنت کے وہی اعضا تھے وہی تھے ارکان
ان سے ہر حال میں دربار کو تھا اطمینان
رتق اور فتق کی ہاتھوں میں انہیں کے تھی عناں
طبل و نقارہ انہیں کا تھا اذیں کا تھا نشان
تھے وہی قائد لشکر وہی دفتر کے دبیر
تھے وہی شرع کے مفتی وہی دولت کے مشیر

مشورت ان سے ہر اک بات میں لی جاتی تھی
جستجو ان کی مہمات میں کی جاتی تھی
رخصت خلوت و جلوت انھیں دی جاتی تھی
سب چھپی اور ڈھکی ان سے کہی جاتی تھی
ڈھونڈ ڈھونڈ ان کو بلاتے تھے حکومت کے لئے
خدمت اُن کے لئے تھی اور وہ خدمت کے لئے

اُن کی نسلوں کی بھی کیا آج یہی ہے توقیر
نوکری کے لئے پھرتے ہیں جو کرتے تدبیر
کاش سوجھے انہیں جو پیٹ رہے ہیں وہ لکیر
کاش سمجھیں کہ ہیں کس وہم کے پھندے میں اسیر
بھاگوان آیا تھا جو قوم پہ وہ سال گیا
گئے منصب بھی جہاں قوم کا اقبال گیا

اب حسب اور نسب پر نہیں نازش کا محل
گردش دہر نے دی صورت احوال بدل
خاندانوں کی نجیبوں کے گئی ٹھیک نکل
کسی قابل نہ رہے شیخ نہ سید نہ مغل
گر گئے جو سئے پندار کے تھے متوالے
بڑھ گئے پیشہ و مزدوری و محنت والے

جن کو منظور ہے مشکل کو نہ دشوار کریں
چاہئے سعی و مشقت سے نہ وہ عار کریں
ہو میسر جنھیں وہ خدمت سرکار کریں
ورنہ مزدوری و محنت سر بازار کریں
آبرو اس میں ہے شان اس میں ہے عزت اس میں
فخر اس میں ہے شرف اس میں شرافت اس میں

پیشہ سیکھیں کوئی فن سیکھیں صناعت سیکھیں
کشتکاری کریں آئیں فلاحت سیکھیں
گھر سے نکلیں کہیں آداب سیاحت سیکھیں
الغرض مرد بنیں جرأت و ہمت سیکھیں
کہیں تسلیم کریں جا کے نہ آداب کریں
خود وسیلہ بنیں اور اپنی مدد آپ کریں

بیٹا عمران کا وہ فخر بنی اسرائیل
ہم سخن جس سے ہوا طور پہ خود رب جلیل
جس نے فرعون کے لشکر کو کیا خوار و ذلیل
جس کے خود دست عصا میں تھی رسالت کی دلیل
گلہ بانی کے لئے پایا جو ایمائے شعیب
بکریاں اُس نے چرانے میں نہ سمجھا کچھ عیب

انبیا پیشہ پہ گزران سدا کرتے رہے
اولیا خلق کی طاعت سے اِبا کرتے رہے
خدمت جنس سے نفرت حکما کرتے رہے
حاجتیں آپ ہی سب اپنی روا کرتے رہے
اپنے ہاتھوں سے ہر اک کام نبیڑا اپنا
کھینچ کر لے گئے خود موج سے بیڑا اپنا

کی ہے مردوں نے اسی طرح سے دنیا میں گزر
ہوئی تکلیف سے یا چین سے اوقات بسر
نہ ہوے غیر کے تا زیست کبھی دست نگر
جب پڑی اپنے ہی بازو پہ پڑی جا کے نظر
گئے دلجمع یہاں سے کہ پریشان گئے
پر زمانہ کے نہ شرمندہ احسان گئے

ہوں گے حالی سے نہ دنیا میں کہیں ہرزہ سرا
خود ہیں گمراہ مگر قوم کے ہیں راہنما

جھکتے جھکتے ہوئی پشت آپکی خدمت میں دوتا
اس پہ ہے غیر سے آزادہ روی کا دعویٰ

بات کہنی وہی زیبا ہے کہ ہو جس میں اثر
ورنہ بے صرفہ نصیحت سے خموشی بہتر

## حالی کی شاعری

میں بھی ہوں حسن طبع پر مغرور
مجھ سے اُٹھیں گے ان کے ناز ضرور

خاک ہوں اور عرش پر ہے دماغ
مجھ سے برتر ہے میری طبع غیور

خاکساری پہ میری کوئی نہ جائے
میرے دل میں بھرا ہوا ہے غرور

نہ گنو اہل عصر میں مجھکو
میں بہت کھینچتا ہوں آپ کو دور

چشمۂ آب خضر کی مانند
چشم اہل جہاں سے ہوں مستور

دل سے داد اپنی لے چکا ہوں بہت
مجھکو پروا نہیں کہ ہوں مشہور

مثل یوسف دکھاے جوہر ذات
جس کو بکنا ہو مفت یہاں منظور
جیسے شہباز ہو قفس میں اسیر
ہوں زمانہ کے ہاتھہ سے مجبور
جو نہ سمجھے مجھے کہ کیا ہوں میں
اُس سے شکوہ نہیں کہ ہے معذور
لذت مے سے جو نہو آگاہ
اس کو کیا قدر خوشۂ انگور
جس کے آنکھیں نہ ہوں وہ کیا جانے
روز روشن ہے یا شب دیجور
پہلے ہوگی کسی کو قدر ہنر
اُٹھہ گیا اب جہاں سے یہ دستور
درد دل کا بیاں کروں کس سے
بات کھونی نہیں مجھے منظور
سخن حق کی داد لوں کس سے
سن چکا ہوں فسانۂ منصور
ہم نے دیکھی تمیز اہل نظر
ہم نے دیکھا مذاق اہل شعور
ہے غرض ان کو صوت موزوں سے
نالۂ دل ہو یا نواے طیور
ہے فقط روشنی سے ان کو کام
موم ہو اصل شمع یا کافور
آپ اپنے سخن سے ہوں محظوظ
دل اصحاب گو نہ ہو مسرور

ہوں تماشاے شہر نابینہ
ہے برابر مرا خفاء و ظہور
در یکتا ہوں اور ہوں بے آب
ماہ کامل ہوں اور ہوں بے نور
چشمہ پیدا و کارواں تشنہ
بادہ پر زور انجمن مخمور

اس زمانے میں وہ غریب ہوں میں
جو وطن سے ہو لاکھہ منزل دور
کاش اس عہد میں مجھے پاتے
تھا سخن جب کہ قبلۂ جمہور
کون سمجھے مجھے کہ ہوں کیا چیز
انوری ہے نہ عرفی و شاپور
کون دیکھے مرے چمن کی بہار
مر گیا عندلیب نیشاپور
جس سے ہوتا ہے خستہ سینۂ ہوش
ہے زباں میری وہ دم ساطور
جس سے ہوتا ہے کور پروانہ
ہے مری شمع میں وہ لمعۂ نور
لوں ملائک سے داد حسن کلام
گر لکھوں نعت سرور جمہور
کرنے جاوں جو حق سے عذر گناہ
لے کے آوں نوید عفو قصور

## مٹی کا دیا

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سر رہ لا کے روشن کر دیا
تاکہ رہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آسان گزر جائے ہر اک چھوٹا بڑا
یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور اس لیمپ سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا
گر نکل کر اک ذرا محلوں سے باہر دیکھئے
ہے اندھیرا گھپ در و دیوار پر چھایا ہوا
سرخرو آفاق میں وہ رہنما مینار ہیں
روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں

---

## مرثیۂ عارف

(از مرزا اسد اللہ "غالب")

لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور
تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور
آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں
مانا کہ نہیں آج سے اچھا کوئی دن اور
ہاں اے فلک پیر جواں تھا ابھی عارف
کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور

جاتے ہوئے کہتے ہو قیامت میں ملیں گے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

تم ماہ شب چار دہم تھے مرے گھر کے
پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشہ کوئی دن اور

تم ایسے کہاں کے تھے کھرے داد و ستد کے
کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

مجھ سے تمہیں نفرت سہی نیر سے لڑائی
بچوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور

گزری نہ بہر حال یہ مدت خوش و ناخوش
کرنا تھا جواں مرگ گزارا کوئی دن اور

ناداں ہیں جو کہتے ہیں کہ کیوں جیتے ہو غالب
قسمت میں ہے مرنے کی تمنا کوئی دن اور

——*[ غزل ]*——

کوئی اُمید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

جانتا ہوں ثواب طاعت و زہد
پر طبیعت ادھر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

## مٹی کا دیا

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سر رہ لا کے روشن کردیا

تاکہ رہ گیر اور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آسان گزر جائے ہر اک چھوٹا بڑا

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور اس لیمپ سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

گر نکل کر اک ذرا محلوں سے باہر دیکھئے
ہے اندھیرا گھپ در و دیوار پر چھایا ہوا

سرخرو آفاق میں وہ رہنما مینار ہیں
روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں

---

## مرثیۂ عارف

(از مرزا اسد اللہ "غالب")

لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور
تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور

آئے ہو کل اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں
مانا کہ نہیں آج سے اچھا کوئی دن اور

ہاں اے فلک پیر جواں تھا ابھی عارف
کیا تیرا بگڑتا جو نہ مرتا کوئی دن اور

جاتے ہوے کہتے ہو قیامت میں ملیں گے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

تم ماہ شب چار دہم تھے مرے گھر کے
پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشہ کوئی دن اور

تم ایسے کہاں کے تھے کھرے داد و ستد کے
کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

مجھ سے تمھیں نفرت سہی نیر سے لڑائی
بچوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور

گزری کہ بہر حال یہ مدت خوش و ناخوش
کرنا تھا جواں مرگ گزارا کوئی دن اور

ناداں ہیں جو کہتے ہیں کہ کیوں جیتے ہو غالب
قسمت میں ہے مرنے کی تمنا کوئی دن اور

——*[ غزل ]*——

کوئی اُمید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

جانتا ہوں ثواب طاعت و زہد
پر طبیعت ادھر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

هم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی
مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی
موت آتی ہے پر نہیں آتی
کعبہ کس منہ سے جاؤگے 'غالب'
شرم تم کو مگر نہیں آتی

——*[ قصیدہ ]*——

ہاں مہ نو سنیں ہم اُس کا نام
جس کو تو جھک کے کر رہا ہے سلام
دو دن آیا ہے تو نظر دم صبح
یہی انداز اور یہی اندام
بارے دو دن کہاں رہا غائب
بندہ عاجز ہے گردش ایام
اڑ کے جاتا کہاں کہ تاروں کا
آسماں نے بچھا رکھا تھا دام
مرحبا اے سرور خاص خواص
حبذا اے نشاط عام عوام
عذر میں تین دن نہ آنے کے
لے کے آیا ہے عید کا پیغام
اُس کو بھولا نہ چاہئے کہنا
صبح جو جاے اور آئے شام
ایک میں کیا کہ سب نے جان لیا
تیرا آغاز اور ترا انجام

راز دل مجھ سے کیوں چھپاتا ہے
مجھ کو سمجھا ہے ، کیا کہیں نمام
جانتا ہوں کہ آج دنیا میں
ایک ہی ہے امید گاہ انام

میں نے مانا کہ تو ہے حلقه بگوش
غالب اس کا مگر نہیں ہے غلام
جانتا ہوں کہ جانتا ہے تو
تب کہا ہے بہ طرز استفہام

مہر تاباں کو ہو تو ہو اے ماہ
قرب ہر روز بر سبیل دوام
تجھکو کیا پایہ روشناسی کا
جز بہ تقریب عید ماہ صیام

جانتا ہوں کہ اس کے فیض سے تو
پھر بنا چاہتا ہے ماہ تمام
ماہ بن ماہتاب بن میں کون
مجھکو کیا بانٹ دے گا تو انعام

میرا اپنا جدا معاملہ ہے
اور کے لین دین سے کیا کام
ہے مجھے آرزوئے بخشش خاص
گر تجھے ہے امید رحمت عام

جو کہ بخشے گا تجھکو فر فروغ
کیا نہ دے گا مجھے مئے گل فام
جب کہ چودہ منازل فلکی
کر چکی قطع تیری تیزیٔ گام

تیرے پرتو سے ہوں فروغ پذیر
کوے و مشکوئے صحن منظر عام
دیکھنا میرے ہاتھہ میں لبریز
اپنی صورت کا ایک بلوری جام

---

# آم کی تعریف

(غالب)

ہاں دل درد مند زمزمہ ساز
کیوں نہ کھولے در خزینۂ راز
خامہ کا صفحہ پر رواں ہونا
شاخ گل کا ہے گلفشاں ہونا
مجھہ سے کیا پوچھتا ہے کیا لکھئیے
نکتہ ہائے خرد فزا لکھئیے
بارے آموں کا کچھہ بیان ہو جائے
خامہ نخل رطب فشاں ہو جائے
آم کا کون مرد میداں ہے
ثمر و شاخ گوے و چوگاں ہے
تاک کے جی میں کیوں رہے ارمان
آے یہ گوے اور یہ میدان
آم کے آگے پیش جاوے خاک
پھوڑتا ہے جلے پھپولے تاک

نہ چلا جب کسی طرح مقدور
بادۂ ناب بن گیا انگور

یہ بھی ناچار جی کا کھونا ہے
شرم سے پانی پانی ہونا ہے

مجھ سے پوچھو تمھیں خبر کیا ہے
آم کے آگے نے شکر کیا ہے

نہ گل اس میں نہ شاخ و برگ نہ بار
جب خزاں آئے تب ہو اس کی بہار

اور دوڑائیے قیاس کہاں
جان شیریں میں یہ مٹھاس کہاں

نظر آتا ہے یوں مجھے یہ ثمر
کہ دوا خانۂ ازل میں مگر

آتش گل پہ قند کا ہے قوام
شیرہ کے تار کا ہے ریشہ نام

یا یہ ہوگا کہ فرط رافت سے
باغبانوں نے باغ جنت سے

انگبیں کے بہ حکم رب الناس
بھر کے بھیجے ہیں سربہ مہر گلاس

یا خضر نے لگا کے شاخ نبات
مدتوں تک دیا ہے آب حیات

تب ہوا ہے ثمر فشاں یہ نخل
ہم کہاں ورنہ اور کہاں یہ نخل

رونق کارگاہ برگ و نوا
نازش دودمان آب و ہوا
رہرو راہ خلد کا توشہ
طوبیٰ و سدرہ کا جگر گوشہ
صاحب شاخ و برگ و بار ہے آم
ناز پروردۂ بہار ہے آم

---

## نیا شوالہ

از

(ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب)

سچ کہہ دوں اے برہمن گر تو برا نہ مانے
تیرے صنم کدوں کے بت ہوگئے پرانے
اپنوں سے بیر رکھنا تونے بتوں سے سیکھا
جنگ و جدل سکھایا واعظ کو بھی خدا نے
تنگ آکے میں نے آخر دیر و حرم کو چھوڑا
واعظ کا وعظ چھوڑا، چھوڑے ترے فسانے
پتھر کی مورتوں میں سمجھا ہے تو خدا ہے
خاک وطن کا مجھکو ہر ذرہ دیوتا ہے
آ، غیریت کے پردے اک بار پھر اٹھا دیں
بچھڑوں کو پھر ملادیں، نقش دوئی مٹا دیں

سونی پڑی ہوئی ہے مدت سے دل کی بستی
آ ، اک نیا شِوالہ اس دیس میں بنادیں
دنیا کے تیرتھوں سے اونچا ہو اپنا تیرتھ
داماں آسماں سے اس کا کلس ملادیں
ہر صبح اٹھ کے گائیں منتر وہ میٹھے میٹھے
سارے پجاریوں کو مے پیت کی پلادیں
شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے
دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

---

# نوحۂ ہندوستان

( انتخاب از تصویر درد )

عطا ایسا بیاں مجھ کو ہوا رنگیں بیانوں میں
کہ بام عرش کے طائر ہیں میرے ہمزبانوں میں
اثر یہ بھی ہے اک میرے جنوں فتنہ ساماں کا
مرا آئینۂ دل ہے قضا کے رازدانوں میں
رلاتا ہے ترا نظارہ اے ہندوستاں! مجھ کو
کہ عبرت خیز ہے تیرا فسانہ سب فسانوں میں
دیا رونا مجھے ایسا کہ سب کچھ دے دیا گویا
لکھا کلک ازل نے مجھ کو تیرے نوحہ خوانوں میں

نشان برگ گل تک بھی نہ چھوڑا باغ میں گلچیں!
تیری قسمت سے رزم آرائیاں ہیں باغبانوں میں
چھپا کر آستیں میں بجلیاں رکھی ہیں گردوں نے
عنادل باغ کے غافل نہ بیٹھیں آشیانوں میں
سن اے غافل صدا میری! یہ ایسی چیز ہے جس کو
وظیفہ جان کر پڑھتے ہیں طائر بوستانوں میں
وطن کی فکر کر ناداں! مصیبت آنے والی ہے
تری بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں
ذرا دیکھ اس کو جو کچھ ہو رہا ہے، ہونے والا ہے
دھرا کیا ہے بھلا عہد کہن کی داستانوں میں؟
یہ خاموشی کہاں تک؟ لذت فریاد پیدا کر!
زمیں پر تو ہو، اور تیری صدا ہو آسمانوں میں
نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤگے اے ہندوستاں والو
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں
یہی آئین قدرت ہے یہی اسلوب فطرت ہے
جو ہے راہ عمل میں گامزن، محبوب فطرت ہے
ہویدا آج اپنے زخم پنہاں کر کے چھوڑوں گا
لہو رو رو کے محفل کو گلستاں کر کے چھوڑوں گا
جلانا ہے مجھے ہر شمع دل کو سوز پنہاں سے
تری ظلمت میں، میں روشن چراغاں کر کے چھوڑوں گا
مگر غنچوں کی صورت ہو دل درد آشنا پیدا
چمن میں مشت خاک اپنی پریشاں کر کے چھوڑوں گا

پرونا ایک ھی تسبیح میں ان بکھرے دانوں کو
جو مشکل ھے ' تو اس مشکل کو آساں کرکے چھوڑوں گا

مجھے اے ھم نشیں ! رھنے دے شغل سینہ کاوی میں
کہ میں داغ محبت کو نمایاں کرکے چھوڑوں گا

دکھادوں گا جہاں کو جو مری آنکھوں نے دیکھا ھے
تجھے بھی صورت آئینہ حیراں کرکے چھوڑوں گا

جو ھے پردوں میں پنہاں چشم بینا دیکھہ لیتی ھے
زمانے کی طبیعت کا تقاضا دیکھہ لیتی ھے

## ایک پرندے کی فریاد

( اقبال )

آتا ھے یاد مجھکو گزرا ھوا زمانہ
وہ جھاڑیاں چمن کی وہ میرا آشیانہ

وہ ساتھہ سب کے اڑنا وہ سیر آسماں کی
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا مل کے گانا

پتوں کا ٹہنیوں پر وہ جھومنا خوشی میں
ٹھنڈی ھوا کے پیچھے وہ تالیاں بجانا

آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے جانا اپنی خوشی سے آنا

لگتی ھے چوٹ دل پر آتا ھے یاد جس دم
شبنم کا صبح آکر پھولوں کا منہ دھلانا

وہ پیاری پیاری صورت وہ کامنی سی مورت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانا

تڑپا رھی ھے مجھ کو رہ رہ کے یاد اس کی
تقدیر میں لکھا تھا پنجرے کا آب و دانہ

اس قید کا الٰہی دکھڑا کسے سناؤں
ڈر ھے یہی قفس میں ' میں غم سے مرنہ جاؤں

کیا بد نصیب ھوں میں 'گھر کو ترس رھا ھوں
ساتھی تو ھیں وطن میں 'میں قید میں پڑا ھوں

آئی بہار ' کلیاں پھولوں کی ھنس رھی ھے
میں اس اندھیرے گھر میں قسمت کو رو رھا ھوں

باغوں میں کنبے والے خوشیاں منا رھے ھیں
میں دل جلا اکیلا دکھ میں کراھتا ھوں

آتی نہیں صدائیں ان کی مری قفس میں
ھوتی مری رھائی اے کاش میرے بس میں

ارمان ھے یہ جی میں اڑکر چمن کو جاؤں
ٹہنی پہ گل کے بیٹھوں آزاد ھو کے گاؤں

بیری کی شاخ پر ھو ویسا ھی پھر بسیرا
اس اجڑے گھونسلے کو پھر جاکے میں بساؤں

چگتا پھروں چمن میں دانے ذرا ذرا سے
ساتھی جو ھیں پرانے ان سے ملوں ملاؤں

پھر دن پھریں ھمارے پھر سیر ھو وطن کی
اڑتے پھریں خوشی سے کھا ئیں ھوا چمن کی

جب سے چمن چھٹا ہے یہ حال ہوگیا ہے
دل غم کو کھا رہا ہے، غم دل کو کھا رہا ہے
گانا اسے سمجھ کر خوش ہوں نہ سننے والے
دکھے ہوے دلوں کی فریاد یہ صدا ہے
آزاد جس نے رہ کر دن اپنے ہوں گزارے
اس کو بھلا خبر کیا یہ قید کیا بلا ہے
آزاد مجھ کو کردے او قید کرنے والے
میں بے زباں ہوں قیدی تو چھوڑ کر دعا لے

---

## کنج عزلت

(از ڈاکٹر سر محمد اقبال)

دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب
کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شورش سے ہوں گریزاں دل ڈھونڈھتا ہے میرا
ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو
مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری
دامان کوہ میں ایک چھوٹا سا جھونپڑا ہو
لذت سرور کی ہو چڑیوں کے چہچہے میں
چشمے کی شورشوں میں باجا سا بج رہا ہو
آغوش میں زمیں کے سویا ہوا ہو سبزا
پھر پھر کے جھاڑیوں میں پانی چمک رہا ہو

گل کی کلی چٹک کر پیغام دے کسی کا
ساغر ذرا سا گویا مجھ کو جہاں نما ہو
صف باندھے دونوں جانب بوٹے ہرے ہرے ہوں
ندی کا صاف پانی تصویر لے رہا ہو
ہو دلفریب ایسا کہسار کا نظارہ
پانی بھی موج بن کر اُٹھ اُٹھ کے دیکھتا ہو
مہندی لگائے سورج جب شام کی دلہن کو
سرخی لئے سنہری ہر پھول کی قبا ہو
راتوں کے چلنے والے رہ جائیں تھک کے جس دم
امید اُن کی، میرا ٹوٹا ہوا دیا ہو
پچھلے پہر کی کوئل وہ صبح کی موذن
میں اُس کا ہم نوا ہوں وہ میری ہم نوا ہو
کانوں پہ ہو نہ میرے دیر و حرم کا احساں
روزن ہی جھونپڑی کا مجھ کو سحر نما ہو
پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے
رونا مرا وضو ہو نالہ مرا دعا ہو
دل کھول کر بہاؤں اپنے وطن پہ آنسو
سرسبز جن کی نم سے ہوتا امید کا ہو
اس خاموشی میں جائیں اتنے بلند نالے
تاروں کے قافلے کو میری صدا درا ہو
ہر درد مند دل کو رونا مرا رولا دے
بےہوش جو پڑے ہیں شاید انہیں جگا دے

# جگنو

(از ڈاکٹر سر محمد اقبال)

جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں
آیا ہے آسماں سے اُڑ کر کوئی ستارہ
یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں
یا شب کی سلطنت میں دن کا سفیر آیا
غربت میں آکے چمکا گمنام تھا وطن میں
تکمہ کوئی گرا ہے مہتاب کی قبا کا
ذرہ ہے یا نمایاں سورج کے پیرہن میں
حسن قدیم کی یہ پوشیدہ اک جھلک تھی
لے آئی جس کو قدرت خلوت سے انجمن میں
چھوٹے سے چاند میں تھی ظلمت بھی روشنی بھی
نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن میں
پروانہ اک پتنگا جگنو بھی اک پتنگا
وہ روشنی کا جویا یہ روشنی سراپا
ہر چیز کو جہاں میں قدرت نے دلبری دی
پروانہ کو تپش دی جگنو کو روشنی دی
رنگیں نوا بنایا مرغان بے زبان کو
گل کو زبان دے کر تعلیم خامشی دی
نظارۂ شفق کی خوبی زوال میں تھی
چمکا کے اس پری کو تھوڑی سی زندگی دی
رنگیں کیا سحر کو بانکی دلھن کی صورت
پہنا کے لال جوڑا شبنم کی آرسی دی

سایہ دیا شجر کو پرواز دی ہوا کو
پانی کو دی روانی موجوں کو بے کلی دی
اک مشت گل میں رکھا احساس کا شرارہ
انساں کو آگہی دی ظلمت کو چاندنی دی
یہ امتیاز لیکن اک بات ہے ہماری
جگنو کا دن وہی ہے جو رات ہے ہماری
حسن ازل کی پیدا ہر چیز میں جھلک ہے
انساں میں وہ سخن ہے غنچہ میں وہ چٹک ہے
یہ چاند آسماں کا شاعر کا دل ہے گویا
واں چاندنی ہے جو کچھ یاں درد کی کسک ہے
انداز گفتگو نے دھوکے دیے ہیں ورنہ
نغمہ ہے بوئے بلبل، بو پھول کی چہک ہے
کثرت میں ہوگیا ہے وحدت کا راز مخفی
جگنو میں جو چمک ہے وہ پھول میں مہک ہے
یہ اختلاف پھر کیوں ہنگاموں کا محل ہو
ہر شے میں جب کہ پنہاں خاموشیِ ازل ہو

---

## غزل

(از پنڈت برج نرائن چکبست)

زباں سے جوش قومی دل میں پیدا ہو نہیں سکتا
اُبلنے سے کنواں وسعت میں دریا ہو نہیں سکتا
بہت پنہاں رہی دل میں خلش خار تعصب کی
مگر اب امتحاں کے وقت پردہ ہو نہیں سکتا

جدا سینے سے دل ہو دست و بازو قوم کے شل ہوں
مگر دل سے جدا دم بھر یہ کا نٹا ہو نہیں سکتا

گراں ہے جنس اور نیت خریداروں کی ابتر ہے
اب اس بازار میں الفت کا سودا ہو نہیں سکتا

جسے ہے فکر مرہم کی اسے قاتل سمجھتے ہیں
الٰہی خیر ہو یہ زخم اچھا ہو نہیں سکتا

کہاں بزدلی ہے پست ہونا اپنی آنکھوں میں
اگر تھوڑی سی ہمت ہو تو پھر کیا ہو نہیں سکتا

ابھرنے ہی نہیں دیتی یہاں بے مائگی دل کی
نہیں تو کون قطرہ ہے جو دریا ہو نہیں سکتا

---

# غزل

از

(پنڈت برج نرائن چکبست)

دردِ دل، پاس وفا، جذبۂ ایماں ہونا
آدمیت ہے یہی اور یہی انساں ہونا

زندگی کیا ہے؟ عناصر میں ظہور ترتیب
موت کیا ہے؟ انہیں اجزا کا پریشاں ہونا

دفتر حسن پہ مہر ید قدرت سمجھو
پھول کا خاک کے تودے سے نمایاں ہونا

گل کو پامال نہ کر لعل و گہر کے مالک
ہے اسے طرۂ دستار غریباں ہونا

---

# رامائن کا ایک سین

از

( پنڈت برج نرائن چکبست )

رخصت ہوا وہ باپ سے ' لے کر خدا کا نام
راہ وفا کی منزل اول ہوئی تمام
منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام
دامن سے اشک پونچھ کے دل سے کیا کلام
آخر ہے کچھہ حد ستم و ظلم و جور بھی
ہمکو اُداس دیکھہ کے غم ہوگا اور بھی
دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ خوش خصال
خاموش ماں کے پاس گیا صورت خیال
دیکھا تو ایک در میں ہے بیٹھی وہ خستہ حال
سکتا سا ہو گیا ہے ، یہ ہے شدت ملال
تن میں لہو کا نام نہیں زرد رنگ ہے
گویا بشر نہیں ' کوئی تصویر سنگ ہے
کیا جانے کس خیال میں گم تھی وہ بے گناہ
نور نظر پہ دیدۂ حسرت سے کی نگاہ
جنبش ہوئی لبوں کو بھری ایک سرد آہ
لی گوشہ ہاے چشم سے اشکوں نے رخ کی راہ
چہرے کا رنگ حالت دل کھولنے لگا
ہر موے تن زباں کی طرح بولنے لگا

آخر اسیر یاس کا قفل دہن کھلا
افسانۂ شدائد رنج و محن کھلا
اک دفتر مظالم چرخ کہن کھلا
وا تھا دہان زخم کہ باب سخن کھلا
درد دل غریب جو صرف بیاں ہوا
خون جگر کا رنگ سخن سے عیاں ہوا
روکر کہا خموش کھڑے کیوں ہو میری جاں!
میں جانتی ہوں جس لئے آئے ہو تم یہاں
سب کی خوشی یہی ہے تو صحرا کو ہو رواں
لیکن میں اپنے منہ سے نہ ہرگز کہوں گی ہاں
کس طرح بن میں آنکھوں کے تارے کو بھیج دوں
جوگی بنا کے راج دلارے کو بھیج دوں
دنیا کا ہو گیا ہے یہ کیسا لہو سپید
اندھا کئے ہوے ہے زر و مال کی امید
انجام کیا ہو کوئی نہیں جانتا یہ بھید
سوچے بشر تو جسم ہو لرزاں مثال بید
لکھی ہے کیا حیات ابد ان کے واسطے
پھیلا رہے ہیں جال یہ کس دن کے واسطے
لیتی کسی فقیر کے گھر میں اگر جنم
ہوتے نہ میری جان کو سامان یہ بہم
ڈستا نہ سانپ بن کے مجھے شوکت و حشم
تم میرے لال تھے مجھے کس سلطنت سے کم
میں خوش ہوں پھونک دے کوئی اس تخت و تاج کو
تم ہی نہیں تو آگ لگاؤں گی راج کو!

کن کن ریاضتوں سے گزارے ہیں ماہ و سال
دیکھی تمہاری شکل جب اے میرے نونہال
لائے دلھن جو بیاہ کے، شادی ہوئی کہاں
آفت یہ آئی مجھ پہ ہوئے سب سفید بال
چھٹتی ہوں اُن سے، جوگ لیا جن کے واسطے
کیا سب کیا تھا میں نے اسی دن کے واسطے

ایسے بھی نامراد بہت آئیں گے نظر
گھر جن کے بے چراغ رہے آہ عمر بھر
رہتا مرا بھی نخل تمنا جو بے ثمر
یہ جائے صبر تھی کہ دعا میں نہیں اثر
لیکن یہاں تو بن کے مقدر بگڑ گیا
پھل پھول لا کے باغ تمنا اُجڑ گیا

سرزد ہوئے تھے مجھ سے خدا جانے کیا گناہ
منجدھار میں جو یوں مری کشتی ہوئی تباہ
آتی نظر نہیں کوئی امن و اماں کی راہ
اب یہاں سے کوچ ہو تو عدم میں ملے پناہ
تقصیر میری خالق عالم بحل کرے
آساں مجھ غریب کی مشکل اجل کرے

سن کر زباں سے ماں کی یہ فریاد درد خیز
اس خستہ جاں کے دل پہ چلی غم کی تیغ تیز
عالم یہ تھا قریب کہ آنکھیں ہوں اشک ریز
لیکن ہزار ضبط سے رونے سے کی گریز
سوچا یہی کہ جان سے بے کس گزر نہ جائے
ناشاد مجھکو دیکھ کے ماں اور مر نہ جائے

پھر عرض کی یہ مادر ناشاد کے حضور
مایوس کیوں ہیں آپ ، الم کا ہے کیوں وفور؟
صدمہ یہ شاق ، عالم پیری میں ہے ضرور
لیکن نہ دل سے کیجئے صبر و قرار دور
شاید خزاں سے شکل عیاں ہو بہار کی
کچھ مصلحت اسی میں ہو پروردگار کی

یہ جعل ، یہ فریب ، یہ سازش ، یہ شور و شر
ہوتا جو ہے سب اُس کے بہانے ہیں سر بسر
اسباب ظاہری ہیں ، نہ ان پر کرو نظر
کیا جانے کیا ہے پردۂ قدرت میں جلوہ گر
خاص اُس کی مصلحت کوئی پہچانتا نہیں
منظور کیا اُسے ہے کوئی جانتا نہیں

راحت ہو یا کہ رنج ، خوشی ہو کہ انتشار
واجب ہر ایک رنگ میں ہے شکر کردگار
تم ہی نہیں ہو کشتۂ نیرنگ روزگار
ماتم کدے میں دہر کے لاکھوں ہیں سوگوار
سختی سہی نہیں ، کہ اُٹھائی کڑی نہیں
دنیا میں کیا کسی پہ مصیبت پڑی نہیں

دیکھے ہیں اس سے بڑھ کے زمانے نے انقلاب
جن سے کہ بے گناہوں کی عمریں ہوئیں خراب
سوز دروں سے قلب و جگر ہوگئے کباب
پیری مٹی کسی کی ، کسی کا مٹا شباب
کچھ بن نہیں پڑا جو نصیبے بگڑ گئے
وہ بجلیاں گریں کہ بھرے گھر اُجڑ گئے

ماں باپ منہ ھی دیکھتے تھے جن کا ھر گھڑی
قائم تھیں جن کے دم سے اُمیدیں بڑی بڑی
دامن پہ جن کے گرد بھی اُڑ کر نہیں پڑی
ماری نہ جن کو خواب میں بھی پھول کی چھڑی
محروم جب وہ گل ھوے رنگ حیات سے
ان کو جلا کے خاک کیا اپنے ھات سے

کہتے تھے لوگ دیکھ کے ماں باپ کا ملال
ان پہ کسوں کی جان کا بچنا ھے اب محال
ھے کبریا کی شان گزرتے ھی ماہ و سال
خود دل سے درد ھجر کا مٹتا گیا خیال
ھاں کچھ دنوں تو نوحۂ و ماتم ھوا کیا
آخر کو رو کے بیٹھ رھے اور کیا کیا

پڑتا ھے جس غریب پہ رنج و محن کا بار
کرتا ھے اس کو صبر عطا آپ کردگار
مایوس ھوکے ھوتے ھیں انسان گناہ گار
یہ جانتے نہیں وہ ھے دانائے روزگار
انسان اُس کی راہ میں ثابت قدم رھے
گردن وھی ھے امر رضا میں جو خم رھے

اور آپ کو تو کچھ بھی نہیں رنج کا مقام
بعد سفر وطن میں ھم آئیں گے شاد کام
ھوتے ھیں بات کرنے میں چودہ برس تمام
قائم اُمید ھی سے ھے دنیا ھے جس کا نام

اور یوں کہیں ہوی رنج و بلا سے مفر نہیں
کیا ہوگا دو گھڑی میں کسی کو خبر نہیں

اکثر ریاض کرتے ہیں پھولوں پہ باغباں
ہے دن کی دھوپ رات کی شبنم انہیں گراں
لیکن جو رنگ باغ بدلتا ہے ناگہاں
وہ گل ہزار پردوں میں جاتے ہیں رائگاں
رکھتے ہیں جو عزیز انہیں اپنی جاں کی طرح
ملتے ہیں دست یاس وہ برگ خزاں کی طرح

لیکن جو پھول کھلتے ہیں صحرا میں بے شمار
موقوف کچھ ریاض پہ اُن کی نہیں بہار
دیکھو یہ قدرت چمن آرائے روزگار
وہ ابر و باد و برف میں رہتے ہیں برقرار
ہوتا ہے اُن پہ فضل جو رب کریم کا
موج سموم بنتی ہے جھونکا نسیم کا

اپنی نگاہ ہے کرم کارساز پر
صحرا چمن بنے گا وہ ہے مہرباں اگر
جنگل ہو یا پہاڑ، سفر ہو کہ ہو حضر
رہتا نہیں وہ حال سے بندے کے بے خبر
اس کا کرم شریک اگر ہے تو غم نہیں
دامان دشت، دامن مادر سے کم نہیں

---*---

# گورِ غریباں

از

(مولوی علی حیدر صاحب ' نظم ' طبا طبائی)

وداع روز روشن ہے گجر شام غریباں کا
چراگاہوں سے پلٹے قافلے وہ بے زبانوں کے
قدم گھر کی طرف کس شوق میں اٹھتا ہے دہقاں کا
یہ ویرانہ ہے ' میں ہوں ' اور طائر آشیانوں کے

---

اندھیرا چھا گیا ' دنیا نظر سے چھپتی جاتی ہے
جدھر دیکھو اُٹھا کر آنکھ اُدھر اک ہوکا ہے عالم
مگس لیکن کسی جا بھیرویں بے وقت گاتی ہے
جرس کی دور سے آواز آتی ہے کبھی پیہم

---

کبھی اک گنبد کہنہ پہ بوم خانماں ویراں
فلک کو دیکھ کر شکروں کا دفتر باز کرتا ہے
کہ " دنیا سے الگ اک گوشۂ عزلت میں ہوں پنہاں
کوئی پھر کیوں قدم اس کنج تنہائی میں دھرتا ہے "

---

قطار اک سامنے ہے مولسریوں کے درختوں کی
وہاں قبریں ہیں کچھ مٹی کے جیسے ڈھیر ہوتے ہیں
ہر اک نے مر کے بس دو گز کفن ' گز بھر زمیں پائی
بسانے والے جو اس گاؤں کے تھے ' سب وہ سوتے ہیں

---

نفس باد سحر کا ' نالۂ پر درد بلبل کا
هوے بیکار سب ' اِن کو اُٹھا سکتا نهیں کوئی
رهي بے فائدہ مستوں کی هوحق ' شور قلقل کا
هیں ایسے نیند کے ماتے ' جگا سکتا نهی کوئی

---

نه چولهے آگ روشن هے ' نه اب ان کے گھڑے پانی
نه گھر والوں کو اب کچھه کام هے فکر شبستاں سے
نه بی بی کو سر شام انتظار اب هے نه حیرانی
نه بچے دوڑتے هیں اب که لپٹیں آکے داماں سے

---

وهی هیں یه جنهیں وقت درومہلت نه تهی دم بهر
وهی هیں ' هاتهه چلتے رهتے هی تهے بیشتر جن کے
وهی هیں یه جنهوں نے هل چلائے گهت کا کا کر
بڑے سرکش درختوں کو گراتے تهے تبر جن کے

---

نه دیکهیں حال اں لوگوں کا ذلت کی نگاهوں سے
بهرا هے جن کے سر میں غرہ نوابی و خانی
یه اُن کا کاسۂ سر کهه رها هے کج کلاهوں سے
عجب ناداں هیں وہ جن کو هے عجب تاج سلطانی

---

نهیں شایان فخر و ناز نوبت اور نقارہ
جونازاں جاہ و ثروت پر هیں ' اُن پر موت هنستی هے

وہ ساعت آنے والی ہے ، نہیں جس سے کوئی چارہ
کہ فانی ہے جہاں ، ہر اوج کا انجام پستی ہے

نظر آتے نہیں کتبے مزاروں پر تو کیا غم کیا
چراغاں اور صندل اور گل و ریحاں نہ ہو تو کیا
نہیں نمگیر اور کمخواب کی چادر تو کیا غم ہے
جو خوش آہنگ کوئی قاریء قرآں نہ ہو تو کیا

بناتے ہوبہو تصویر اگر مدفن پہ رکھنے کو
پلٹ کر اس سے کچھ اٹکلی ہوئی سانس آ نہیں سکتی
دعا ہو ، فاتحہ ہو ، مرثیہ ہو ، آہ و زاری ہو ،
کوئی آواز اُن کے کان ہی تک جا نہیں سکتی

خدا جانے تھے ان لوگوں میں کیا کیا جوہر قابل
خدا معلوم رکھتے ہوں گے یہ ذہن رسا کیسے
خدا ہی کو خبر ہے کیسے کیسے ہوں گے صاحب دل
خدا معلوم ہو نگے بازوے زور آزما کیسے

زمانے نے مگر کوئی ورق ایسا نہیں اُلٹا
کہ بار فکر سے مہلت یہ پاتے سر اُٹھانے کی
مصیبت نے طبیعت کی روانی کو کیا پسپا
کہ بار آنے نہ پائی جوہر ذاتی دکھانے کی

بہت سے گوھر شہوار باقی رہ گئے ھوں گے
کہ جن کی خوبیاں سب مٹ گئیں تہ میں سمندر کی
ھزاروں پھول دشت و درمیں ایسے بھی کھلے ھوں گے
کہ جن کے مسکرانے میں ھے خوشبو مشک ازفر کی

---

یہ صاحب عزم ھیں ' گو رزم کی نوبت نہیں آئی
حکومت اپنے قریے میں کی ' لیکن دوست دشمن پر
وہ فردوسی یہ ھیں ' جن کی زباں کھلنے نہیں پائی
وہ رستم ھیں ' نہیں سہراب کا خوں جن کی گردن پر

---

مقدر نے انھیں مصروف رکھا قلبہ رانی میں
وگر نہ حکم رانی کا بھی جلوہ یہ دکھا دیتے
عجب کیا شہرۂ آفاق ھوتے خوش بیانی میں
اور اپنے کارنامے اھل عالم کو سنا دیتے

---

رھے محروم نیکی سے ' بچے ھر اک برائی سے
نہ زور مردم آزاری ' نہ شور فتنہ انگیزی
نہ دولت کی طمع میں بے گناھوں کے گلے کاٹے
نہ کی خلق خدا کے ساتھہ بیرحمی و خونریزی

---

نہ صحبت میں امیروں کی کبھی خون جگر کھایا
نہ اونٹایا لہو اپنا کبھی جھوٹی خوشامد سے

نہ مل کر روغنِ قاز آتشِ نخوت کو بھڑکایا
کہ جس سے خود پسندوں کا تبختر بڑھ چلے حد سے

---

الگ ہر نیک و بد سے، دور دنیا کے مکائد سے
نئے بیگانہ وار، اور خلق میں بیگانہ وار آئے
رہے محفوظ ابنائے زمانہ کے مفاسد سے
قدم راہ توکل سے کبھی ڈگنے نہیں پائے

---

نہ دیکھ ان استخواں ہائے شکستہ کو حقارت سے
یہ ہے گورِ غریباں، اک نظر حسرت سے کرتا جا!
نکلتا ہے یہ مطلب لوحِ تربت کی عبارت سے
جو اس رستے گذرتا ہے تو ٹھنڈی سانس بھرتا جا!

---

لکھے ہیں نام ان قبروں پہ گو کاواک حرفوں میں
مگر بھولے ہوے کو ٹھیک رستہ یہ بتاتے ہیں
افادہ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا اگر سوچیں
کہ جو مرنے سے ناواقف ہیں، رستہ سیکھ جاتے ہیں

---

جو آیا ہے جہاں میں یاں سے جانا ہے اُسے اِک دن
یہ ہوتا ہے کوئی، چاہے گا دل سے یا نہ چاہے گا
مگر جاتے ہوے پھر کر نہ دیکھے یہ نہیں ممکن
دلوں سے یاد بھی مٹ جائے، یہ حاشا نہ چاہے گا

کوئی زانو کسی کا ڈھونڈھتا ھے دم نکلنے کو
کہ دیکھے اشک گرتے چاھنے والے کے دامن میں
کسی کی ھے یہ خواهش دوست کاندھا دیں جنازے کو
پھر اس پر فاتحہ کی آرزو ھے کنج مدفن میں

---

حقیقت غور سے دیکھی جو ان سب مرنے والوں کی
تو ایسا ھی نظر آنے لگا انجام کار اپنا
انھیں کی طرح جیسے مل گئے ھیں خاک میں ھم بھی
یو نھیں پرسان حال آنکلا ھے اک دوست دار اپنا

---

یہ اس سے ایک دھقان کہن سال آکے کہتا ھے
کہ " ھاں ھاں خوب ھم واقف ھیں، دیکھا ھے اسے اکثر "
پھر اسکے بعد دل ھی دل میں کچھ غم کھاکے کہتا ھے
کہ " اب تک پھرتا ھے آنکھوں میں پھرنا اسکا سبزے پر "

---

" وہ اس کا نور کے تڑکے ادھر گلگشت کو آنا "
" وہ پو پھٹنے سے پہلے آکے پھرنا سبزہ زاروں میں "
" وہ کچھ کم دن رھے اس کالب جو کی طرف جانا "
" وہ اس کا مسکرانا دیکھ کر شور آبشاروں میں "

---

" کبھی ایسی ھنسی لب پر کہ ظاھر جس سے کچھ نفرت "
" اور اسکے ساتھ ھی کچھ زیر لب کہتے ھوے جانا "

"کبھی تیوری چڑھائے ' منہ بنائے رنج کی صورت"
"کہ جیسے دل پہ صدمہ ہے 'زباں جس سے ہے بیگانا"

---

"غرض کیا کیا کہوں ' اک روز کا یہ ذکر ہے صاحب
کہ "اس میدان میں پھرتے صبح دم اسکو نہیں دیکھا"
"ہوا پھر دوسرا دن اور نظر سے وہ رہا غائب"
"خیاباں میں اسے پایا ' نہ دریا پر کہیں دیکھا"

---

"پر اسکے تیسرے دن دیکھتا کیا ہوں ' جنازے کو"
"لئے آتے ہیں سب ' پڑھتے ہوے کلمہ شہادت کا"
"تمہیں پڑھنا تو آتا ہوگا ؟ آؤ پاس سے دیکھو"
"یہ اس کی قبر ہے ' اور یہ کتابہ سنگ تربت کا"

---

"اب آغوش لحد میں سو رہا ہے چین سے کیسا"
"گیا افسوس ! لیکن یہ جواں ناکام دنیا سے"
"دکھایا جاہ و شہرت نے نہ بھولے سے بھی منہ اپنا"
"پھر ایسے نامرادوں کو بھلا کیا کام دنیا سے"

---

"ہر اک کے درد دکھ سے اسکو رہتا تھا سدا مطلب"
"ہوا ممکن تو یاری کی ، نہیں تو اشکباری کی"
"دیا دستتھی کے ساتھ طینت میں کرم یا رب!"
"میں! تیری شان کے قربان کیا اچھی تلافی کی"

---

" خدا بخشے اسے، بس دوست کا رہتا تھا وہ جویا"
" تو نکلا دوست اک آخر خداوند کریم اس کا"
" اب اس کے نیک وبد کا ذکر کرنا ہی نہیں اچھا"
" کہ روشن ہے خدا پر حالِ امید وبیم اس کا "

## مناجات

از

( میر ببر علی 'انیس' )

یارب چمن نظم کو گلزار ارم کر
اے ابر کرم خشک زراعت پہ کرم کر
تو فیض کا مبدا ہے، توجہ کوئی دم کر
گمنام کو اعجاز بیانوں میں رقم کر
جب تک یہ چمک مہر کی پرتو سے نہ جائے
اقلیم سخن میرے قلمرو سے نہ جائے

اس باغ میں چشمے ہیں ترے فیض کے جاری
بلبل کی زباں پر ہے تری شکر گذاری
ہر نخل برومند ہے یا حضرت باری!
پھل ہمکو بھی مل جائے ریاضت کا ہماری!
وہ گل ہوں عنایت چمن طبع نکو کو
بلبل نے بھی سونگھا نہو جن پھولوں کی بو کو

غواص طبیعت کو عطا کر وہ لآلی
ھو جن کی جگہ تاج سر عرش پہ خالی
ایک ایک لڑی نظم ثریا سے ھو عالی
عالم کی نگاھوں سے گرے قطب شمالی
سب ھوں در یکتا نہ علاقہ ھو کسی سے
نذر اُن کے یہ ھوں گے' جنھیں رشتہ ھے نبی سے

بھر دے در مقصود سے اس درج دھاں کو
دریائے معانی سے بڑھا طبع رواں کو
آگاہ کر انداز تکلم سے زباں کو
عاشق ھو فصاحت بھی وہ دے حسن بیاں کو
تحسیں کا سموات سے غل تابہ سمک ھو
ھر گوش بنے کان ملاحت' وہ نمک ھو

ساقی کے کرم سے ھو وہ دور اور چلیں جام
جس میں عوض نشۂ ھو کیفیت انجام
ھر مست فراموش کرے گردش ایام
صوفی کی زباں بھی نہ رھے فیض سے ناکام
ھاں بادہ کشو! پوچھہ لو مینا نہ نشیں سے
کوثر کی یہ موج آگئی ھے خلد بریں سے

آؤں طرف رزم ابھی چھوڑ کے گر بزم
خیبر کی خبر لائے مری طبع الولعزم
قطع سر اعدا کا ارادہ ھو جو بالجزم
دکھلائے یہیں سب کو زباں معرکۂ رزم
جل جائیں عدو آگ بھڑکتی نظر آئے
تلوار پہ تلوار چمکتی نظر آئے

ہو ایک زباں ماہ سے تا مسکن ماہی
عالم کو دکھا دے برش سیف الٰہی
جرأت کا دھنی تو ہے ' یہ چلائیں سپاہی
لاریب ترے نام پہ ہے سکۂ شاہی
ہر دم یہ اشارہ ہو دوات اور قلم کا
تو مالک و مختار ہے اس طبل و علم کا

---

## گھوڑا

از

( میر ببر علی ' انیس ' )

وہ جست و خیز و سرعت و چالاکیٔ سمند
سانچے میں تھے ڈھلے ہوئے سب اُس کے جوڑ بند
سم قرص ماہتاب سے روشن ہزار چند
نازک مزاج و شوخ و سیہ چشم و سر بلند
کرھل گئی ہوا سے ذرا باگ ' اُڑ گیا
پتلی سوار کی نہ پھری تھی کہ مڑ گیا
آہو کی جست ' شیر کی آمد ' پری کی چال
کبک دری خجل ' دل طاؤس پائمال
سبزہ سبک روی میں قدم کے تلے نہال
اک دو قدم میں بھول گئے چوکڑی غزال

راکب نے سانس لی کہ وہ کوسوں روانہ تھا
تار نفس بھی اُس کے لئے تازیانہ تھا
بجلی کبھی بنا ' کبھی رہوار بن گیا
آیا عرق تو ابر گُہر بار بن گیا
گہ قطب ' گاہ گنبد دوّار بن گیا
نقطہ کبھی بنا ' کبھی پرکار بن گیا
حیراں تھے اس کی گشت پہ لوگ اس ہجوم کے
تھوڑی سی جامیں پھرتا تھا کیا جھوم جھوم کے

---

## گرمی کی شدت

از

( میر ببر علی ' انیس ' )

کوسوں کسی شجر میں نہ گل تھے ' نہ برگ و بار
ایک ایک نخل جل رہا تھا صورت چنار
ہنستا تھا کوئی گل ' نہ لہکتا تھا سبزہ زار
کانٹا ہوئی تھی سوکھ کے ہر شاخ باردار
گرمی نہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے
پتے بھی مثل چہرۂ مدقوق زرد تھے
شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے
آہو نہ منہ نکالتے تھے سبزہ زار سے

آئینہ مہر کا تھا مکدر غبار سے
گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بخار سے
گرمی سے مضطرب تھا ' زمانہ زمین پر
بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

---

# غزل

## از

( بہادر شاہ ' ظفر ' )

ہمیں عشق میں اس کا تو رنج نہیں کہ قرار و شکیب ذرا نہ رہا
غم عشق تو اپنا رفیق رہا ' کوئی اور بلا سے رہا نہ رہا
دیا اپنی خودی کو جو ہم نے اُٹھا وہ جو پردہ سا بیچ میں تھا نہ رہا
رہی پردے میں اب نہ وہ پردہ نشیں ' کوئی دوسرا اسکے سوا نہ رہا
نہ تھی حال کی جب ہمیں اپنے خبر' رہے دیکھتے اوروں کے عیب وہنر
پڑی اپنی برائیوں پر جو نظر ' تو نگاہ میں کوئی برا نہ رہا
ترے رخ کے خیال میں کون سے دن' اُٹھے مجھپہ نہ فتنہ روزجزا
تری زلف کے دھیان میں کون سی شب مرے سرپہ ہجوم بلا نہ رہا
ہمیں ساغر بادہ کے دینے میں اب کرے دیرجو ساقی تو ہائے غضب
کہ یہ عہد نشاط ' طرب نہ رہے گا جہاں میں سدا نہ رہا
کئی روز میں آج وہ مہرلقا ہوا سامنے امرے جو جلوہ نما
مجھے صبر و قرار ذرا نہ رہا ' اُسے پاس حجاب ذرا نہ رہا

اُسے چاہا تھا میں نے کہ روک رکھوں ' مری جان بھی جائے تو جانے نہ دوں
کئے لاکھہ فریب ' کروڑ فسوں ' نہ رہا ' نہ رہا ' نہ رہا ' نہ رہا

لگے یوں تو ہزاروں ہی تیر ستم کہ تڑپتے رہے پڑے خاک پہ ہم
ولے ناز و کرشمہ کی تیغ دو دم لگی ایسی کہ تسمہ لگا نہ رہا

ظفر ' آدمی اُس کو نہ جانئے گا وہ ہو کیسا ہی صاحب فہم و ذکا
جسے عشق میں یاد خدا نہ رہی ' جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا

---

# غزل

از

( بہادر شاہ ' ظفر ' )

یا مجھے افسر شاہانہ بنایا ہوتا
یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا

اپنا دیوانہ بنایا مجھے ہوتا تونے
کیوں خرد مند بنایا ' نہ بنایا ہوتا

خاکساری کے لئے گرچہ بنایا تھا مجھے
کاش خاک در جانانہ بنایا ہوتا

تشنۂ عشق کا گر ظرف دیا تھا مجھکو
عمر کا تنگ نہ پیمانہ بنایا ہوتا

تھا جلانا ہی اگر دوریٔ ساقی سے مجھے
تو چراغ در میخانہ بنایا ہوتا

روز معمورۂ دنیا میں خرابی ہے ' ظفر ! '
ایسی بستی سے تو ویرانہ بنایا ہوتا

# غزل

از

(انشاء اللہ خاں ' انشا ')

کمر باندھے ہوے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں
بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں
نہ چھیڑ اے نگہت باد بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں
تصور عرش پر ہے اور سر ہے پاے ساقی پر
غرض کچھ اور دھن میں اس گھڑی مے خوار بیٹھے ہیں
یہ اپنی چال ہے اُفتادگی سے اب کہ پہروں تک
نظر آیا جہاں پر سایۂ دیوار بیٹھے ہیں
بھلا گردش فلک کی چین دیتی ہے کسے ' انشا '
غنیمت ہے کہ ہم صورت یہاں دو چار بیٹھے ہیں

---

# بھٹکی ہوئی نیکی

از

(شبیر حسن خاں صاحب ' جوش ')

ہر شے کو مسلسل جنبش ہے راحت کا جہاں میں نام نہیں
اس عالم سعی و کاوش میں ' دم بھر بھی ہمیں آرام نہیں
چھائی ہے فضا پر تشنہ لبی ' مفقود یہاں سیرابی ہے
ہر جسم میں ایک بے چینی ہے ' ہر روح میں ایک بے تابی ہے

اس بزم عمل کا ہر ذرہ بے چینیوں کے انبوہ میں ہے
اک رعشۂ پیہم کاہ میں ہے، اک لرزش پنہاں کوہ میں ہے
ہستی کی سماعت مضطر ہے، عشرت کے ترانے سننے کو
ہر نقص کا دامن پھیلا ہے تکمیل کی کلیاں چننے کو
طوفان ہے قلب پستی میں کیا بام فلک پر چڑھنے کا
ایک روح ہے ترقی کرنے کی، اک جوش ہے آگے بڑھنے کا
ہر موم کو دھن ہے شمع بنے، مضطر ہے پگھل جانے کے لئے
ہر سنگ کا سینہ جلتا ہے، پارس میں بدل جانے کے لئے
انگاروں پہ شعلے اوٹتے ہیں، بجلی پہ تفرق پانے کو
چنگاریاں مرغ بسمل ہیں، تاروں کی جگہ کھل جانے کو
بے چین بگولا رقصاں ہے، آندھی پہ شرف پانے کے لئے
جو موج ہے پیچ و تاب میں ہے، دھارے سے اُلجھ جانے کے لئے
ہر قطرۂ دریا غلطاں ہے، موتی پہ تسلط پانے کو
ہر ذرۂ خاکی اڑتا ہے، خورشید سے ٹکر کھانے کو
ہر دل میں خلش ہے پھولوں سے اُمید کا دامن بھرنے کی
ہر شے کی تڑپتی فطرت میں خواہش ہے ترقی کرنے کی

—— ( ۲ ) ——

فطرت کی ندا ہے یہ خواہش، ہمت جو دلوں میں بھرتی ہے
انساں کو بلندی کی جانب ہر وقت پکارا کرتی ہے
ہر قلب میں یوں ہی یہ جذبہ رفعت کی تمنا بھرتا ہے
جس طرح زمین کا زور کشش اجسام کو کھینچا کرتا ہے
خواہش ہی تقاضا کرتی ہے، ہستی کی مہم سر کرنے کا
خواہش ہی اشارہ کرتی ہے، دنیا کو مسخر کرنے کا

(۳)

ہر چند یہ " خواہش " نادر ہے لیکن ، یہ عجب نظارہ ہے
یہ حور بہشتی دنیا میں بے عقل سلیم آوارہ ہے
گو عقل کا استدلال غلط ، تدبیر کو اُلجھا دیتا ہے
ہر حال میں لیکن " خواہش " اک شفاف درخشاں دریا ہے
اُس وقت بھی جب عصیاں کی بدولت دل میں کثافت رہتی ہے
انسان کے سینے میں " خواہش ،، لبریز لطافت رہتی ہے

—— (۴) ——

وہ چور جو شب کے پردے میں سرقے کی غرض سے آتا ہے
جی کھول کے جو بے رحمی سے اسباب اُٹھا لے جاتا ہے
ایک ایسی ہی خواہش اُس کو بھی چوری کے لئے اکساتی ہے
جس طرح کی " خواہش ،، نورانی دیوتاؤں میں پائی جاتی ہے
سارق بھی فرشتوں ہی کی طرح تسکین دلی کا جویا ہے
سارق نے مگر نادانی میں تسکین کا رستہ کھویا ہے
رہبر ہو ، کہ رہزن ' دونوں میں تسکین کی خواہش یکساں ہے
قسمت سے وہ سیدھی راہ پہ ہے ' یہ راہ بھٹک کر حیراں ہے
عارف نے یہ سمجھا یک سوئی اشکوں کو گرا کر ملتی ہے
قاتل نے یہ سمجھا انسان کا وہ خون بہا کر ملتی ہے
صوفی نے یہ سمجھا وہ دل کے پیمانے میں مل جائے گی
مے کش کی سمجھ میں یہ آیا مے خانے میں جائے گی
پس ذوق طرب میں جو انساں رہتا ہے سدا مے خانوں میں
ہے اصل میں وہ بھی دنیا کے معصوم ترین انسانوں میں

—— ( ۵ ) ——

جاں اُس پہ نہ تال اے صید فگن وہ بام حرم کا طائر ہے
آیا ہے بھٹک کر دیر میں جو ' گمراہ نہیں ہے زائر ہے

جتنے بھی زمیں پر مجرم ہیں ,, خواہش '' ہی کے زیرفرماں ہیں
ہر جرم سیہ کے محضر پر '' خواہش ہی ,, کی مہریں تاباں ہیں

المختصر اِن تشریحوں سے ہم پر یہ حقیقت کھلتی ہے
کہتے ہیں جسے دنیا میں '' بدی ,, بھٹکی ہوئی وہ اک نیکی ہے

---

# ہوس

از

( ' جوش ، ملیح آبادی )

تو راز فراغت کیا جانے محدود تری آگاہی ہے
اپنے کو پریشاں حال سمجھنا عقل کی یہ کوتاہی ہے

دولت کیا اِک روگ ہے دل کا حرص نہیں گمراہی ہے
دنیا سے بے پروا رہنا یہ سب سے بڑی بادشاہی ہے

اس قول کا میرے جانے گا جو صاحب دل ہے دانا ہے
کہتے ہیں جسے شاہنشاہی حاجت کا روا ہو جانا ہے

پینے کو میسر پانی ہے کھانے کے لئے ہے عمدہ غذا
تفریح کو سایہ جنگل کا صحت کی محافظ صاف ہوا

پوشش کے لئے ملبوس بھی ہے رہنے کو مکاں بھی ستھرا سا
اور اس کے سوا کیا حاجت ہے انصاف تو کر تو دل میں ذرا

راحت کے لئے جو ساماں ہیں قدرت نے بہم پہنچائے ہیں
اے بندۂ زر پھر تیری ہوس نے پاؤں یہ کیوں پھیلائے ہیں
دولت کا نتیجہ کلفت ہے ساماں امارت ذلت ہے
جس دل میں ہوس کی کثرت ہے دور اس سے حقیقی راحت ہے
ارمان بہت ہیں کم کر دے ہستی یہ نہیں اک غفلت ہے
آغاز سراپا دھوکا ہے انجام سراسر عبرت ہے
تاریخ تمہیں بتلائیگی " دنیا میں خوشی کا نام نہیں
جس دل پہ ہوس کا سکہ ہے اس دل کے لئے آرام نہیں
صحت میں تری کچھ ہرج نہیں اعضامیں ترے نقصان نہیں
پھر بھی یہ شکایت تجھکو ہے اسباب نہیں سامان نہیں
انعام خدا کا منکر ہے اللہ پر اطمینان نہیں
تو حرص و ہوا کا بندہ ہے مضبوط ترا ایمان نہیں
دنیا کی حکومت تیری ہے اپنے کو گرا کیوں کہتا ہے
ساماں فراغت حاضر ہے بے کار پریشاں رہتا ہے
یہ ابر یہ وادی یہ گلشن یہ کوہ بیاباں یہ صحرا
یہ پھول یہ کلیاں یہ سبزہ یہ موسم گل یہ سرد ہوا
یہ شام کی دلکش تفریحیں یہ رات کا گہرا سناٹا
یہ پچھلے پہر کی رنگینی یہ نور سحر یہ موج ضیا
معبود کی کس کس بخشش کو مکرے کا چھپائے جائے کا
اللہ کی کس کس نعمت کو اے منکر دیں جھٹلائے کا
اللہ کی رحمت عام ہے سب پہ شاہ ہو اس میں یا ہو گدا
یہ چاند یہ سورج یہ تارے یہ نغمۂ بلبل یہ دریا

دونوں کے لئے یہ تحفے ہیں کچھ فرق اگر ہے تو اتنا
ان جلووں سے لذت پاتا ہے آزاد کا دل منعم کے سوا
شاہوں کے سروں میں تاج گراں سے دردسا اکثر رہتا ہے
جو اہل صفا ہیں ان کے دل میں نور کا چشمہ بہتا ہے
آگاہ ہو جو تو چاہتا ہے دنیا میں نہیں وہ ہونے کا
اسباب طرب کا جو جانو سامان یہاں ہے رونے کا
دولت کو صلہ کیا سمجھا ہے اخلاق کی قوت کھونے کا
ایمان کے دل کا داغ ہے یہ سکہ یہ نہیں ہے سونے کا
کیا کرتا ہے ناداں بھاگ ادھر ہے نار ہے او دیناروں میں
یوں ہاتھ نہ ڈال ان دوزخ کے تو دہکتے ہوئے انگاروں میں
اسباب تمول زنجیریں ایوان حکومت زنداں ہے
دلچسپ جسے تو سمجھا ہے وحشت کا وہ ساز و ساماں ہے
سکوں کی چمک پر مرتا ہے دولت کے لئے سرگرداں ہے
تو راز نہ پا معلوم تو کر دنیا کے لئے کیوں حیراں ہے
اس شے سے تعلق ہے کیسا جو چیز کہ جانے والی ہے
سامان تعیش جمع کئے جا موت بھی آنے والی ہے
آراستہ ہو کر جلووں میں جب سامنے دنیا آتی ہے
راحت کے ترانے گاتی ہے دولت کی چمک دکھلاتی ہے
جب آنکھ پہ قبضہ کرتی ہے سینہ میں ہوس بھڑکاتی ہے
ایمان و یقیں کی شمع درخشاں بن کے دھواں اڑ جاتی ہے
ملتا ہی نہیں ہے جسم سے پھر جب عضو کوئی کٹ جاتا ہے
بس یو نہیں ہوس کے بندے کا معبود سے دل ہٹ جاتا ہے
شاہوں کی امارت جسمانی ، قانع کی حکومت روحانی
ظاہر کی حسرت سلطانی ، آزاد کی لذت وجدانی

دنیا کے تماشے عبرت زا عقبیٰ کے مناظر لاثانی
مرنے میں حقیقی آزادی جینے میں سرا سر حیرانی
بندے جو ذرا بھی عقل ہو تجھ میں نام جہاں میں کر جانا
اللہ اگر توفیق تجھے دے موت سے پہلے مر جانا
آرام کی خواہش مہمل ہے یہ قبر نہیں ہے دنیا ہے
یہ زیست نہیں ہے کلفت ہے یہ سانس نہیں ہے ایذا ہے
آگاہ ہو اے نادان کدھر تو پیاس بجھانے جاتا ہے
ذروں کی چمک کا یہ چشمہ یہ ریگ رواں کا دریا ہے
سن "جوش" کی باتیں غور سے تو مشتاق نہ بن اس اردل کا
اے دوست یہ دنیا سایہ ہے گرمی کے پریشاں بادل کا

---

# ندی کا راگ

از

(مولوی ظفر علی خاں صاحب)

بگلوں اور چیلوں کے نشیمن سے میں نکل کر آتا ہوں
چشم زدن میں سیل بلا کی طرح جھپٹ کر آتی ہوں
کتنی گھاٹیوں کے دامن کو راہ میں آتی جھٹک کر میں
کتنے ٹیکروں اور ٹیلوں کے تلوے میں سہلاتی ہوں
بیسیوں گاؤں اور قصبوں کے پہلو سے نکلی مٹک کر میں
سیکڑوں پل ہیں مٹھی میں دل جن کا چرا کر لاتی ہوں

زید کے کھیت کے نیچے بہ کر تھوڑی سی دور پہ آخر کار
جاکے چھلکتے دریا کو میں شربت وصل پلاتی ہوں
عمرو زید کی ہستی ہی کیا ہے صبح آئے گئے شام سدھار
مجھکو دیکھو کہ ایک روش پہ صبح و مسا چلی جاتی ہوں

پاؤں پہ جھانجھ بھنور کی پہلے اوڑھے لطافت کی چادر
چھم چھم کرتی ہوئی آپ اپنے حسن میں اتراتی ہوں
بن کر میں مشاطہ کبھی الجھاتی ہوں گیسوئے ساحل کو
کھیتوں کا دھو آتی ہوں ۔۔ میدانوں کو نہلاتی ہوں
اور کبھی ساقی بن کے مرتب کرتی ہوں سبزہ کی محفل کو
ساغر نامیہ بھر کے بنفشہ اور سمن کو پلاتی ہوں
گاتی بجاتی جشن مناتی تھوڑی سی دور پہ آخر کار
جاکے چھلکتے دریا کو میں شربت وصل پلاتی ہوں
عمرو و زید کی ہستی ہی کیا ہے صبح آئے گئے شام سدھار
مجھکو دیکھو کہ ایک روش پر صبح و مسا چلی جاتی ہوں

زیب بدن کر کے آب رواں کا پاک اور صاف لباس
ساحت ہاموں پر جس دم بل کھاتی ہوئی اٹھلاتی ہوں
اپنے آنچل میں بھر لاتی ہوں کہیں پھول اور کہیں گھاس
گودیوں میں رودھو کر کبھی جھینگے کو کبھی میں کھلاتی ہوں
لوٹتے لوٹتے میں بستر پہ سنہری کنکروں کے
میں ٹکرا کے کسی پتھر سے روپہلی چھینٹیں اڑاتی ہوں
بہتی بس اس انداز سے تھوڑی سی دور پہ آخر کار
جاکے چھلکتے دریا کو میں شربت وصل پلاتی ہوں
عمرو و زید کی ہستی ہی کیا ہے صبح آئے گئے شام سدھار
مجھکو دیکھو کہ ایک روش پر صبح مسا چلی جاتی ہوں

سورج کی کرنوں کو اپنے ریت کے ٹاپوؤں پر پیہم
رقص میں لا کر زہرہ کو افلاک پہ میں شرماتی ہوں
جھاڑوں میں جھنکاروں میں صحراؤں میں ویرانوں میں سدا
چاند کو اور تاروں کو میں اپنا میٹھا راگ سناتی ہوں
اپنی ریت کی میناروں میں کچھ دیر کو لیتی ہوں ستا
اپنے کنارے کی بوٹیوں سے دم بھر کو میں دل بہلاتی ہوں
کاٹتی ہوں اک چکر پھر اور تھوڑی سی دور پہ آخر کار
جا کے چھلکتے دریا کو میں شربت وصل پلاتی ہوں
عمرو زید کی ہستی ہی کیا ہے صبح آئے گئے شام سدھار
مجھ کو دیکھو کہ ایک روش پر صبح و مسا چلی جاتی ہوں

---

# بارش

از

(مولوی ظفر علی خاں صاحب)

ابر تھا چھایا ہوا اور فصل تھی برسات کی
تھی زمیں پہنے ہوئے وردی ہری باغات کی
آفتاب اوڑھے ہوئے تھا چادر ابر سیاہ
برق کی چشمک زنی سے خیرہ ہوتی تھی نگاہ
بادل اتنے میں در ناسفتہ برسانے لگے
داستان قلزم و عمان کو دہرانے لگے

جھوم کر اٹھی گھٹا، برسی، برس کر پھٹ گئی
گرد کی چادر زمیں کے منہ سے فوراً ھٹ گئی
بادلوں سے نور خورشید اس طرح چھننے لگا
سائباں قوس قزح کا اس طرح تننے لگا
سبزہ زاروں میں کلیلیں کرتے پھرتے تھے ھرن
تھا سہاون کا سماں کا کرنا ختن اندر ختن
جنگلوں میں مست ھو کر ناچتے پھرتے تھے مور
کوھساروں میں چکوروں نے مچا رکھا تھا شور
ڈھل کے پہنچا تھا افق کے آسماں تک آفتاب
تھی شفق کی اس کے منہ پر ایک نارنجی نقاب
یہ نظر ارا مناظر تھے کچھ ایسے دل فریب
ھاتھ سے جاتا رہا دل میرے اور دل سے شکیب
عالم از خود رفتگی کا مجھ پہ طاری ھوگیا
جوش مستی کا مری ھر رگ میں ساری ھوگیا

---

# پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

از

( مولوی محمد عظمت اللہ خاں صاحب )

[ نوٹ :- روپامتی کا احوال ایک دلکش فسانہ ھے - یہ عہد اکبر کی ایک ھندو خاتون تھی اور باز بہادر کی بیوی ، باز بہادر مالوہ کا آخری خود مختار مسلمان حکمران تھا - روپامتی نے

سات برس اپنے شوہر کے ساتھ چین سے گذارے
باز بہادر کو موسیقی سے عشق تھا، اور روپامتی
سریلے گیت لکھتی تھی - سنہ ۱۵۶۰ ع میں
اکبر نے آدم خاں کی سر کردگی میں ایک
لشکر مالوہ پر قبضہ کرنے کے لئے بھیجا،
باز بہادر نے بھی مقابلے کے لئے فوجیں اکٹھی
کیں لیکن لشکر کا لشکر اس کو تنہا چھوڑ ر
تتر بتر ہوگیا - باز بہادر نے اس کمزوری کو
دیکھا تو خود بھی بھاگ کھڑا ہوا - روپا متی
کی موت کے بارے میں مختلف روایتیں ہیں
ایک تو یہ ہے کہ وہ آدم خاں سے راضی ہوگئی تھی لیکن
وقت مقررہ پر کیا دیکھتے ہیں کہ جھم جھم کا
لباس پہنے پلنگ پر خواب عدم میں ہے۔
اس نے زہر پی لیا تھا۔ دوسری روایت یہ ہے کہ
باز بہادر نے حکم دیا تھا کہ اس کی حرم کی
سب بیویاں بصورت شکست تہ تیغ کردی
جائیں - سپاہیوں نے اس حکم کے مطابق
روپا متی کو بھی اوروں کے ساتھ ہلاک کردیا
تھا۔ روپا متی زخمی ہوئی تھی۔ لیکن آدم خان
کے پہنچنے تک زندہ تھی۔ روپامتی نے اپنے
زخم کی مرہم پٹی کرنے دی - خیال
تھا کہ اسے بازبہادر کے پاس بھیجدیا جائے گا —
جب سے یہ معلوم ہوا کہ آدم خاں اس کو اپنی
حرم میں رکھنا چاہتا ہے تو اس نے زہر کھا
لیا - ایک اور روایت یہ ہے کہ روپا متی
نے اپنے آپ خنجر مار لیا تھا - باز بہادر پہاڑوں

میں جا چھپا اور تھوڑے دنوں کے بعد دہلی پہنچا - اور اکبر کے دربار میں حاضر ہوا — اکبر مراحم خسروانہ سے پیش آیا اور بازبہادر کو فوج میں منصب جلیلہ عطا کیا - روپا متی کے کلام کے کسی مجموعے کا ابھی تک پتہ نہیں چلا ہے حالانکہ اس کے گیت مالوہ میں بہت مقبول ہیں]

—(۱)—

کامنی کو مل تھی تو حسن رسیلا ترا
کوکتی کویل تھی تو شبد سریلا ترا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—(۲)—

عشق کی دیوی تھی تو شعر میں یکتا تھی تو
حسن کی پتلی تھی تو ایک کویتا تھی تو
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—(۳)—

باز بہادر ترا حسن کا شیدا رہا
تو نے اسے دل دیا ایک سراپا وفا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپامتی

—(۴)—

خوب تھی قسمت تری سات برس عیش تھے
شعر و سخن موسیقی حسن، حکومت، مزے
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپامتی

—— ( ۵ ) ——

دکھہ کی جو آئی گھڑی　　اور چڑی راگنی
دن تھا نہ وہ رات تھی　　عیش کی محفل اُٹھی
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— ( ۶ ) ——

اکبری لشکر کی موج　　ایسی اُمنڈ آئی تھی
باز بہادر کی فوج　　بکھری پھٹی کائی سی
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— ( ۷ ) ——

باز بہادر ڈرا　　جان چھپا اُڑ گیا
آنچ میں ڈالا گیا　　تیرا دل با وفا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— ( ۸ ) ——

باز بہادر کا تھا　　تیرا جو دل ہوچکا
اور کسی کا بھلا　　ہوسکے ممکن نہ تھا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— ( ۹ ) ——

ایک طرف تھی وفا　　ایک طرف جان تھی
سچ کا تقاضا یہ تھا　　جان ہی قربان کی
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— ( ۱۰ ) ——

موت تری موت تھی　　عشق کی دیوی تری

موت وہ تھی جاں بھی جس پہ ہے قرباں کی
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— (۱۱) ——

کوئی زبردست ہاتھہ تیری کڑی جھیلتا
دل کوئی مردانہ ساتھہ جان پہ یوں کھیلتا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

—— (۱۲) ——

چاہ کا اپنی دیا ایسا دیا ہے جلا
اور بھی دے گا جلا سانس اسے وقت کا
پیت کی ماری ستی شاعرہ روپا متی

---

## بلبل اسیر

از

( احمد علی صاحب شوق قدوائی )

چھاتی قفس میں داغ سے ہو کیوں نہ رشک باغ
جوش بہار تھا کہ ہم آئے اسیر ہو

---

مجھہ کو نہ دے ہمصفیر مژدۂ فصل بہار
آہ کہ صیاد کے دل پہ نہیں اختیار
یاد ہیں وہ دن کہ جب باغ میں تھا آشیاں
آہ وہ طرف چمن اور وہ سر شاخسار

نور کا تڑکا ہوا' اور یہ عالم ہوا
آئی نسیم سحر باغ میں مستانہ وار
یوں دہن غنچہ سے' قطرۂ شبنم گرے
دود اُگلنے لگے جیسے کوئی شیر خوار
آئی کسی شاخ سے' ایسی سریلی صدا
جیسے بجائے کہیں' بین کوئی بین کار
بھیرویں اُڑنے لگی' باغ میں چاروں طرف
تانے اُڑانے لگی اونچے سروں میں ہزار
مرغ چمن اُڑکے سب نغمہ سرا جس طرح
کوک دے ارگن کوئی اور الاپے بہار
تجھ سے کہاں تک کہوں قصۂ درد و راز
ہم اسی حیرت میں اتنے میں اک دامدار
لے کے کوئی دام سخت' آگیا گلزار میں
ہم جو ہیں اُڑنے لگے ہوگئے اُس کے شکار
آہ وہ آزادیاں راس نہ آئیں ہمیں
عہد مسرت مگر ہم سے نہ تھا استوار
اس کو ہوئیں مدتیں ہم ہیں اسیر قفس
اب ہیں نہ وہ چہچہے اور نہ باغ و بہار
سامنے ہے یہ قفس اور یہی تیلیاں
ہے یہی آب و ہوا اور یہی لیل و نہار
قید میں گزری ہے عمر چھوٹنے سے یاس ہے
مرگ کی ہے آرزو موت کا ہے انتظار
آہ کہ طبع چمن ہم سے موافق نہ تڑی
آہ مزاج بہار ہم سے نہ تھا سازوار

حالت مرغ اسیر تجھ سے کہوں کیا جگر
دیدۂ عبرت ہوں اشک رواں بار بار

## پھول کی فریاد

از

(احمد علی صاحب شوق قدوائی)

کیا خطا میری تھی ظالم تونے کیوں توڑا مجھے
کیوں نہ میری عمر ہی تک شاخ میں چھوڑا مجھے
جانتا گر اس ہنسی کے دردناک انجام کو
میں ہوا کے گدگدانے سے نہ ہنستا نام کو
شاخ نے آغوش میں کس لطف سے پالا مجھے
تونے مالنے کے لئے بستر پہ لا ڈالا مجھے
میری خشبو سے بسائے گا بچھونا رات بھر
صبح ہوگی تو مجھے تو پھینک دے گا خاک پر
پتیاں اڑتی پھریں گی منتشر ہو جائیں گی
رفتہ رفتہ خاک میں ملجائیں گی کھوجائیں گی
تونے میری جان لی دم بھر کی زینت کے لئے
کی جفا مجھ پر فقط تھوڑی سی فرحت کے لئے
دیکھ میرے رنگ کی حالت بدل جانے پہ ہے
پتی پتی ہو چلی بے آب مرجھانے پہ ہے
پیڑ کے وہ سبز پتے رنگ میرا اُن میں لال
جس طرح کا ہی دوپٹے میں کسی گلرو کے گال

جس کی رونق تھا میں بے رونق وہ ڈالی ہوگئی
حیف ہے بچے سے ماں کی گود خالی ہوگئی

تتلیاں بے چین ہوں گی جب نہ مجھکو پائیں گی
غم سے بھونرے روئیں گے اور بلبلیں چلائیں گی

دودھ شبنم نے پلایا تھا ملا وہ خاک میں
کیا خبر تھی یہ کہ ہے بے رحم گلچیں تاک میں

مہر کہتا ہے مری کرنوں کی سب محنت گئی
ماہ کو غم ہے کہ میری دی ہوئی رنگت گئی

دیدہ حیراں ہے کیاری باغباں کے دل پہ داغ
شاخ روتی ہے کہ ہے ہے گل ہوا میرا چراغ

میں بھی فانی تو بھی فانی سب ہیں فانی دہر میں
اک قیامت ہے مگر مرگ جوانی دہر میں

شوق کیا کہتے ہیں تو سن لے سمجھ لے مان لے
دل کسی کا توڑنا اچھا نہیں تو جان لے

---

## ماتم بلبل

[ ایک مسلمان خاتون کے قلم سے ]

"یہ بلبل کا غم ہے نہ مضمون خیالی"

ذرا دیکھ اپنے چمن کو تو مالی
نظر آرہا ہے یہ کچھ خالی خالی

نہ پھولوں کا ہنسنا نہ بلبل کا رونا
نہ رنگیں جمالی نہ شیریں مقالی

پڑی مردہ کُنجِ قفس میں ھے بلبل
وہ ھر دل کی پیاری وہ نازوں کی پالی
نشاں ضرب کے ھیں تن نازنیں پر
یہ گلچیں نے جان اسکی کیوں بے خطالی
یقیناً جب اس نے گل تر کو توڑا
تو شیون سے اس نے اک آندھی اٹھا لی
یہی ھاں یہی ننھی منی سی چڑیا
کہ کل جس نے یوں راہ ملک بقا لی
نظر اس پہ رکھتی تھی جس کے مکاں تک
گیا ھے نہ جاے گا پیک خیالی
زمانے میں تھا شور اس کی فغاں کا
ثنا گر تھے اس کے ادانی اعالی
طیور چمن مرتے تھے اس کی لے پر
غرض جان گلزار تھی مرنے والی
برے وقت میں کوئی آڑے نہ آیا
کہاں تھے یہ گل کے اھالی موالی
یہ سوسن نے گونگے کا کھا یا تھا کیوں گُڑ
نہ کچھ بات اس نے زباں سے نکالی
یہ کہتی کہ ظالم ذرا ڈر خدا سے
یہ تھی بات سیدھی نہ طعنہ نہ گالی
رھیں مہر برلب نہ کچھ منہ سے پھوٹیں
یہ ایسی بھی کلیاں نہ تھیں ننی بالی
نہ سمجھو کہ ھے بیخبر اس ستم سے
خداوند قدوس کی ذات عالی

ستم کا عوض لے گا اور جلد لے گا
وہ بیکس کا وارث وہ بیکس کا والی
مگر شان قہر خدا وند کے ہیں
کرشمے انوکھے ادائیں نرالی
شکنجے میں کستا ہے وہ ڈھیل دے کر
کہ ہے بے پناہ اس کی شان جلالی
بہت جلد خوں رنگ لائے گا اس کا
نہ فریاد بلبل کی جائے گی خالی
پڑیں گے اسے اپنے جینے کے لالے
چھٹے گی نہ گلچیں کے دامن کی لالی

# بلبل کا ذوق آزادی

از

(مولوی غلام بھیک صاحب نیرنگ)

قفس میں بلبل نالاں کی بیتابیاں دیکھیں
تو از راہ عنایت ایک دن صیاد یوں بولا
یہ بیتابی تری اے مشت پر ہے سخت نادانی
یہ راحت ہے سراسر جس کو تو نے قید ہے سمجھا
وہ تیرا آشیانہ جس کو تو دن رات روتی ہے
وہ آخر کیا تھا اک تنکوں کا بے ڈھنگا سا ڈھیر تھا

قفس کو دیکھہ کاریگر نے کیا اچھا بنایا ہے
تناسب کا نہو نہ خوبصورت خوشنما ستھرا
عبث اس وحشیانہ زندگی کو یاد کرتی ہے
نہیں افسوس تجھہ پر کچھہ اثر عہد ترقی کا
کبھی صر صر کے حملے تھے کبھی تھے برق کے دھاوے
وہ تیرا آشیا نہ آفتوں کا اک نشانہ تھا
محافظ کون تیری جان کا تھا صحن گلشن میں
کوئی طائر شکاری تجھہ کو چپکے سے جھپٹ لیتا
قفس کیا ہے حصار عافیت ہے تو اگر سمجھے
نہ اندر سے کوئی ڈر ہے نہ باہر سے کوئی کھٹکا
ہوا اور روشنی اور دانہ پانی سب میسر ہے
مزے سے چہچہا اور حمد خالق کے ترانے گا
یہ فریاد و فغاں ہر دم ناشکروں کی باتیں ہیں
اری ناداں! تجھے ممنون ہونا چاہئے میرا
کہا بلبل نے اے صیاد مشفق سچ کہا تو نے
تری راحت میں کیا شک ہے تری شفقت کا کیا کہنا
مگر حب وطن اور ذوق آزادی عجب شے ہے
چمن کی یاد دل سے جا نہیں سکتی کبھی اصلا
پرائے دل کا دکھہ اے مہرباں ایسا ہی ہوتا ہے
کسی کو کیا خبر ہے دوسرے پر کیا قلق گذرا
حقیقت میری بیتابی کی تجھہ پر تب عیاں ہوتی
کہ میں صیاد ہوتی تو گرفتار قفس ہوتا

———

# بلبل کی فریاد

از

(منشی تلوک چند محروم)

صیاد نے چھڑایا جس دن سے آشیانہ
پہلو میں دل کے بدلے غم نے کیا ٹھکانہ
گلزار سے نکالا قید قفس میں ڈالا
بیداد کچھ نہ سمجھا ظالم نے کچھ نہ جانا

آزاد تھا کبھی میں دل شاد تھا کبھی میں
تھے وہ بھی دن الٰہی وہ بھی تھا اک زمانہ
روتا ہوں خوں کے آنسو آتا ہے یاد جس دم
غنچوں کا مسکرانا پھولوں کا کھلکھلانا

موج صبا کا تھم تھم کے ہر روش پر
شاخوں کا جھوم جانا سبزے کا لہلہانا
وہ جانفزا ہوائیں وہ دل کشا گھٹائیں
مرغان ہمنوا کا ساون کے گیت گانا

بارش کی وہ پھواریں برسات کی بہاریں
پتلی سی ٹہنیوں پر وہ جھولنا جھلانا
صحن چمن میں پھرنا وہ شب کو چاندنی میں
دل میں سرور آنا آنکھوں میں نور آنا

وہ شام کے نظارے جگنو وہ پیارے پیارے
وہ صبح کے ستارے اُن کا وہ جھلملانا
اس قید بیکسی میں کب تھا خیال مجھکو
مل جائیں کاش واپس وہ ماہ و سال مجھکو

ایام کے ستم کی کڑیاں اٹھا رہا ہوں
بیداد سہ رہا ہوں دکھ درد پا رہا ہوں

مجھ بے زباں کی بولی کوئی نہیں سمجھتا
ہر چند چیخ کر میں دکھڑا سنا رہا ہوں

قسمت کو رو رہا ہوں میں اور یہ ستمگر
دل میں سمجھ رہا ہے خوش ہو کے گا رہا ہوں

ایک آگ سی لگی ہے یاد وطن کی دل میں
رو رو کے آنسوؤں سے اس کو بجھا رہا ہوں

سب ہمصفیر میرے خوشیاں منا رہے ہیں
تن تن کے اڑ رہے ہیں اڑ اڑ کے گا رہے ہیں

میرا نصیب مجھ سے گر سازگار ہوتا
میں بھی ترانہ سنج فصل بہار ہوتا

پھولوں کی انجمن سے ہوتی اگر نہ دوری
یہ دل مرا نہ ہرگز یوں داغدار ہوتا

شبنم کے وہ نظارے آنکھوں سے گر نہ چھپتے
کیوں زار زار روتا کیوں اشکبار ہوتا

اس قید سے رہائی ممکن اگر نہیں ہے
میرا بھی کچھ تو چارا پروردگار ہوتا

شاخ نہال پر یا پنجرا مرا لٹکتا
پنجرے میں یا ہجوم سرو چنار ہوتا

پنجرے کا آب و دانہ یارب ہے زہر مجھکو
کھانا عذاب جاں ہے پینا ہے قہر مجھکو

اے کاش جاکے بیٹھوں پھر کنج دلنشیں میں
گاتا پھروں ترانے گلشن کی سر زمیں میں
سوز نہاں بجھاؤں جوئے چمن پہ جاکر
پھر جا ملوں میں اپنے یاران دانہ چیں میں
یہ تیلیاں قفس کی اے کاش پھونک ڈالوں
اتنا اثر تو یارب ! ہو آہ آتشیں میں
اُجڑا ہوا نشیمن پھر جا بساؤں اپنا
اب کے جو تھا بسایا گلہائے یاسمیں میں
کب ہو مجھے رہائی کب آشیاں میں پہنچوں
اپنے وطن میں پہنچوں اپنے مکاں میں پہنچوں

---

## کالي ناگن

از

( مولوی سہد ہاشمی صاحب )

جو آدھی رات کی رانی ہے اور پر جا جس کي جاتی ہے
ایک بانکا تاج دھرے سر پر وہ کالی ناگن آتی ہے
ہے اس کی ایک ایک ہال میں گت ، ہے اُس کی ساری چال ، نرت
ہر جنبش پر بالی کی کمر بل کھاتی لچکی جاتی ہے

---

یا ہے وہ اُمنگ جوانی کی اور باہیں پھیلی ترتی ہے
یا موج ہے بہتے پانی کی اور اھلی گھلی پھرتی ہے

کچھہ شرم ھے کچھہ خود آرائی ' ھے نشۂ مے کی انگڑائی
بن بن البیلی کھلتی ھے اُٹھہ اُٹھہ متوالی گرتی ھے

دو نین کٹورے زھر بھرے آنکھوں آنکھوں میں ڈستی ھے
جو آیا زد میں پھرند ھلا ' وہ ظالم سحر کی بستی ھے
قاتل تیور کافر چتون ایک کالی بجلی سارا بدن
یا کرشن کا اودا جوبن یا پاربتی کی مستی ھے

وہ حسن سیہ کی بن کے سناں سینوں کے پار گزرتی ھے
پر آپ مہک پر ھے قربان اور اچھے راگ پہ مرتی ھے
کف منہ میں ھیں مجنو نانہ اور ساری ادائیں مستانہ
بے تاب ھے عشق کی سوزش سے دم دم پھنکارے بھرتی ھے

## جوگن

از

(جناب خوشی محمد خان صاحب ' ناظر ')

کل صبح کے مطلع تاباں سے جب عالم بقعۂ نور ھوا
سب چاند ستارے ماند ھوئے خورشید کا نور ظہور ھوا
مستانہ ھوائے گلشن تھی جانانہ ادائے گلبن تھی
ھر وادی وادئی ایمن تھی ھر کوہ پر جلوہ طور ھوا

جب باد صبا مضراب بنی ہر شاخ نہال رباب بنی
شمشاد و چنار ستار بنے ہر سرو چمن طنبور ہوا
سب طائر مل کر گانے لگے عرفان کی تانیں اُڑانے لگے
اشجار بھی وجد میں آنے لگے دلکش وہ سماع طیور ہوا
سبزے نے بساط بچھائی تھی اور بزم سرور سجائی تھی
بن میں گلشن میں آنگن میں فرش سنجاب وسمور ہوا

---

تھا دلکش منظر دشت و جبل اور چال صبا کی مستانہ
اس حال میں ایک پہاڑی پر جا نکلا , ناظر ' دیوانہ

---

چیلوں نے جھنڈے گاڑے تھے پربت پہ چھاؤنی چھائی تھی
تھے خیمے ڈیرے بادل کے کُہر نے قنات لگائی تھی
یاں برف کے تودے لگتے تھے چاندی کے فوارے چلتے تھے
چشمے سیماب اگلتے تھے نالوں نے دھوم مچائی تھی
یاں قلۂ کوہ پہ رہتا تھا اک مست قلندر بیراگی
تھی راکھ جٹوں میں جوگی کے اور انگ بھبوت رمائی تھی
تھا راکھ کا جوگی کا بستر اور راکھ کا پیراھن تن پر
تھی ایک لنگوٹی زیب کمر جو گھٹنوں تک لٹکائی تھی
سب خلق خدا سے بیگانہ وہ مست قلندر دیوانہ
بیٹھا تھا جوگی مستانہ آنکھوں میں مستی چھائی تھی

---

جوگی سے آنکھیں چار ہوئیں اور جھک کے میں نے سلام کیا
تب آنکھ اُٹھا کر ' ناظر ' سے یوں بن باسی نے کلام کیا

---

کیوں بابا ناحق جوگی کو تم کس لئے آکے ستاتے ہو
میں پنکھہ پکھیرو بن باسی تم جال میں آن پھنساتے ہو
کوئی جھگڑا دال چپاتی کا کوئی دعویٰ گھوڑے ہاتھی کا
کوئی شکوہ سنگی ساتھی کا تم ہم کو آکے سناتے ہو
ہم حرص و ہوا کو چھوڑ چکے اس نگری سے منہ موڑ چکے
ہم جو زنجیریں توڑ چکے تم لاکے وہی پہناتے ہو
تم پوجا کرتے ہو دھن کی ہم سیوا کرتے ساجن کی
ہم جوت لگاتے ہیں من کی تم اس کو آکے بجھاتے ہو
سنسار سے یاں مکھہ پھیرا ہے من میں ساجن کا ڈیرا ہے
یاں آنکھہ لڑائی پیتم سے تم کس سے آنکھہ ملاتے ہو
اس مست قلندر جوگی نے جب 'ناظر' کو یہ عتاب کیا
کچھہ دیر تو ہم خاموش رہے پھر جوگی سے یہ خطاب کیا

---

ہم ہیں پردیسی سیلانی مت ناحق جوش میں آ جوگی
ہم آئے تھے تیرے درشن کو چتون پر میل نہ لا جوگی
آبادی سے منہ پھیرا کیوں پربت میں رکھا ہے ڈیرا کیوں
ہر محفل میں ہر منزل میں ہر دل میں نور خدا جوگی
کیا مندر میں کیا مسجد میں سب جلوہ ہے وجہ اللہ کا
پربت میں نگر میں ساگر میں ہر اترا ہے ہر جا جوگی
جی شہر میں خوب بہلتا ہے واں حسن پہ عشق مچلتا ہے
واں پریم کا ساغر چلتا ہے چل دل کی پیاس بجھا جوگی
واں دل کا غنچہ کھلتا ہے ہر رنگ میں موہن ملتا ہے
چل شہر میں سنکھہ بجا جوگی بازار میں دھونی رما جوگی

---

ان چکنی چپڑی باتوں سے مت جوگی کو پھسلا با با
جو آگ بجھائی چتون سے مت اس پہ تیل گرا با با

ھے شہروں میں غل شور بہت اور حوس و ھوا کا شور بہت
ھے نگری تگری کثرت کی بن وحدت کا دریا با با

ہم جنگل کے پھل کھاتے ھیں چشموں سے پیاس بجھاتے ھیں
راجہ کے نہ دوارے جاتے ھیں پر جا کی نہیں پروا با با

سر پر آکاس کا منڈل ھے دھرتی پہ سہانی مخمل ھے
دن کو سورج کی محفل ھے شب کو ستاروں کی سبھا با با

جب جھوم کے یاں گھن آتے ھیں مستی کا رنگ جماتے ھیں
چشمے طنبور بجاتے ھیں گاتی ھے ملار ھوا با با

یاں پنچھی مل کر گاتے ھیں پیتم کی سندیس سناتے ھیں
یاں روپ انوپ دکھاتے ھیں پھل پھول اور برگ و گیا با با

ھے پیت کاھر دم دھیان تمہیں اور یاد نہیں بھگوان تمہیں
سل پتھر اینٹ مکان تمہیں دیتے ھیں سکھی سے چھڑا با با

تن من کو دھن میں لگاتے ھو پیتم کو دل سے بھلاتے ھو
ماٹی میں لعل گنواتے ھو تم بندۂ حرص و ھوا با با

دھن دولت آنی جانی ھے یہ دنیا رام کہانی ھے
یہ عالم عالم فانی ھے باقی ھے ذات خدا با با

(——‡‡•‡‡——)

# مروجه شاعري

از

(مولوی محمد اسمعیل صاحب)

سخنوران زماں کی بھی ہے یہی حالت
کہ اس قدیم ڈگر کو نہ چھوڑیے زنہار
سوائے عشق نہیں سوجھتا انہیں مضمون
سو وہ بھی محض خیالی گھڑت کا اک طومار
تمام اگلے زمانہ کا ہے یہ پس خوردہ
کہ کر رہے ہیں جگالی وہ جس کو سو سو بار
نہ لکھتے ہیں کبھی نیرنگ حکمت و قدرت
نہ واقعات کے وہ کھینچتے ہیں نقش و نگار
ہے شاعری میں یہ پہلا اصول موضوعہ
کہ جھوٹ موٹ کے بن جائیں ایک عاشق زار
صفت ہے دوست کی جلاد و ظالم و غدار
ستم شعار، دل آزار بے وفا، مکار
ہے دلبروں کی بھی شامت نہ منہ رہا نہ کمر
بجائے زلف کے دو اژدھوں کی ہے پھنکار
یہ آپ کے گل عارض وہی ہیں باسی پھول
پڑی ہے نزع کی حالت میں نرگس بیمار
جو خون ہال کی محراب ہے خم ابرو
تو ہے مژہ بھی پولس کے سپاہیوں کی قطار
زنخ کنواں ہے کہ جس میں ڈبو چکے لاکھا
بھنور ہے ناف کہ جس سے نہ ہوگا بیڑا پار

شب فراق کا دکھڑا اگر کریں تحریر
تو ایشیا کو ڈبو دیوے دیدۂ خونبار
جو ناصحوں سے ہے کھٹ پٹ تو زاہدوں سے چخ
جو ساقیوں سے لگاوٹ تو مغبچوں سے پیار
غریب شیخ پہ ہر دم دولتیاں جھاڑیں
کریں مساجد و کعبہ سے دم دبا کے فرار
کہاں ہے ان کا ٹھکانا کدھر ہے ان کا مقام
وہی ہے بیت صنم اور خانۂ خمار
بگھارتے ہیں تصرف تو کون دے گا داد
کہاں ہیں سعدی و حافظ - سنائی و عطار
کریں گے اس قدر ایمان و دین کی تفضیح
کہ گویا ہیں کوئی ہفتاد پشت کے کفار
اگر چہ ہاتھ میں تسبیح لب پہ ہو توبہ
بنیں گے شعر میں ہاں مے پرست و بادہ گسار
جمال یوسف و اعجاز عیسی و موسی
ہیں ان کی گندہ دہانی کے سامنے سب خوار
نہ کچھ خدا کا لحاظ اور نہ انبیا کا ادب
یہ ان کی نور بھری شاعری خدا کی مار

# اُردو

یہ انجمن کا سہ ماہی رسالہ ہے جس میں ادب اور زبان کے ہر پہلو پر بحث کی جاتی ہے اور محققانہ اور تنقیدی مضامین درج ہوتے ہیں ہندوستان بھر میں یہی ایک خالص ادبی رسالہ ہے جو اس اہم خدمت کو خاص حیثیت سے انجام دے رہا ہے ۔ اُردو مطبوعات اور رسالوں پر اس کے تبصرے امتیازی شان رکھتے ہیں ۔

چندہ سالانہ مع محصول ڈاک آٹھ روپے سکۂ انگریزی

[ نو روپے سکۂ عثمانیہ ]

# سائنس

انجمن ترقی اردو کا سہ ماہی رسالہ

جس کا مقصد یہ ہے کہ سائنس کے مسائل اور خیالات کو اردو دانوں میں مقبول کیا جائے ۔ دنیا میں سائنس کے متعلق جو نئی نئی بحثیں یا ایجادیں اور اختراعیں ہو رہی ہیں یا جو جدید انکشافات وقتاً فوقتاً ہونگے ' اُن کو کسی قدر تفصیل سے بیان کیا جائے ۔ ان تمام مسائل کو حتی الامکان صاف اور سلیس زبان میں بیان کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔ اُس سے اُردو زبان کی ترقی اور اہل وطن کے خیالات میں روشنی اور وسعت پیدا کرنا مقصود ہے ۔

سالانہ چندہ آٹھ روپے سکۂ انگریزی ( نو روپے چار آنے سکۂ عثمانیہ )

اُمید ہے کہ اُردو زبان کے بہی خواہ اور علم کے شائق اس کی سرپرستی فرمائیں گے ۔

اُمـــــــشتہر

انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد ( دکن )